इस नम्बर के ख़ास लेख

कहाँ भटक ?
—डाक्टर भगवानदास

चीन का भूमि सुधार आन्दोलन
—श्री हरिवल्लभ परीख

एलबर्ट आइन्सटाइन
—महात्मा भगवानदीन

मेरा मा वाली का रूप
—श्री मदनगोपाल

लम्बई का एक धुन भरा नज़ारा
—पंडित सुन्दरलाल

प्रेम, वियोग और वर्षा
—विश्वम्भरनाथ पांडे

इसके अलावा

اِس نمبر کے خاص لیکھ

کہاں بھٹکے ؟
—ڈاکٹر بھگوان داس

چین کا بھومی سدھار آندولن
—[illegible]

ایلبرٹ آئنسٹائن
—مہاتما بھگوان دین

میری ماں والی کا روپ
—شری مدن گوپال

بمبئی کا ایک دھن بھرا نظارہ
—پنڈت سندر لال

پریم، ویوگ اور ورشا
—وشوم بھر ناتھ پانڈے

اس کے علاوہ

इस विदेश के मसलों पर हमारी राय में ज़रूरी सम्पादकी नोट

دیس دیس کے معاملوں پر ہماری رائے میں ضروری سمپادکی نوٹ

कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद

کلچر سوسائٹی، الہ آباد

जुलाई 1955 جولائی

NAYA HIND

Monthly Journal of the Hindustani Culture Society

Editorial Board

Dr. Tara Chand M.A., D. Phil. (Oxon)
Mahatma Bhagwan Din
Dr. Syed Mahmud, M.A., Ph.D., Bar-at-Law
Pandit Sundarlal
Bishambhar Nath Pande

Editor-in-Charge

Bishambhar Nath Pande

Asst. Editors

Suresh Rambhai
Mujib Rizvi

Annual Subscription

Inland Rs. 6/-
Foreign Rs. 10/-
Single Copy As. /10/- only

Can be had from

Manager, NAYA HIND

145, MUTTHIGANJ, ALLAHABAD-3.

नया हिन्द

نیا ہند

خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

जिल्द 20 جلد नम्बर 1 نمبر

5 AUG 1955

जुलाई 1955 جولائی

हिन्दुस्तानी कलचर सोसायटी ہندستانی کلچر سوسائٹی

145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद 145، مٹھی گنج، الہ آباد

जुलाई 1955 جولائی

किस से	सफ़ा	کیا کس سے	صفحہ
कहाँ भटके ? —डाक्टर भगवानदास	1	1. کہاں بھٹکے ؟ —ڈاکٹر بھگوان داس	
चीन का भूमि सुधार आन्दोलन —श्री हरिवल्लभ परीख ...	6	2. چین کا بھومی سدھار آندولن —شری ہری ولبھ پریکھ	
एलबर्ट आइन्सटाइन —महात्मा भगवानदीन ...	16	3. ایلبرٹ آئنس ٹائین —مہاتما بھگوان دین	
मेरी माँ बोली का रूप —श्री मदन गोपाल ...	21	4. میری ماں بولی کا روپ —شری مدن گوپال	
बम्बई का एक दुखभरा नज़ारा —पंडित सुन्दरलाल ...	27	5. بمبئی کا ایک دکھ بھرا نظارہ —پنڈت سندر لال	
उच्च जीवन —लेखक—स्व० डा० हरिप्रसाद देसाई —अनुवादक—श्री गुनवंत मेहता ...	32	6. اُچ جیون —لیکھک—سورگیہ ڈاکٹر ہری پرساد دیسائی —انوادک—شری گنونت مہتا	
प्रेम, वियोग और वर्षा —विश्वम्भरनाथ पांडे ...	37	7. پریم، ویوگ اور ورشا —وشومبھر ناتھ پانڈے	
हमारी राय— एटमी जंग के ख़िलाफ़ साइन्सदानों की अपील—गोआ का सत्याग्रह और उससे सबक़—बी. सी. जी. का टीका—कानपुर के मज़दूरों की हड़ताल —सुन्दरलाल.	45	8. ہماری رائے— ایٹمی جنگ کے خلاف سائنس دانوں کی اپیل— گووا کا ستیاگرہ اور اُس سے سبق— بی. سی. جی. کا ٹیکا—کانپور کے مزدوروں کی ہڑتال—سندر لال .	

34913

कहां भटके ?

डाक्टर भगवान दास

हम दो छोटी और सुन्दर कहानियाँ नीचे देते हैं, एक हिन्दू धर्म की किताबों से और दूसरी इसलामी किताबों से. छः अंधे एक ऐसी जगह पहुंचे जहाँ एक हाथी खड़ा हुआ था. वह हाथी के रूप के बारे में एक दूसरे से झगड़ने लगे. एक ने हाथी की दुम को टटोलकर कहा कि हाथी एक झाड़ू की तरह है. दूसरे ने हाथी की सूँड़ को टटोलकर कहा कि हाथी एक बड़े अजगर की तरह है. तीसरे का हाथ हाथी के कान पर पड़ा. वह कहने लगा कि हाथी एक बड़े छाज की तरह है. चौथे ने हाथी के पेट को टटोलकर कहा कि हाथी एक बड़े ढोल की तरह है. पाँचवें ने हाथी की टांग को थपथपा कर देखा और कहा कि हाथी एक मोटे खंभे की तरह है. छटे ने हाथी के एक दाँत को छूकर कहा कि हाथी एक बड़े सोटे की तरह है. सबको अपनी अपनी बात का पक्का विश्वास था. हर एक दूसरे की बात को ग़लत मान रहा था. हठ और झगड़ा बढ़ने लगा. इतने में एक सातवाँ आदमी उधर से निकला. उसके आँखें थीं. वह देख और समझ सकता था. उसने उनमें से हरेक को समझाया कि हाथी उन सबके अलग अलग ख़यालों का मेल है. उसने उन्हें यह भी बतलाया कि हाथी कोई बेजान मिट्टी या लकड़ी की चीज़ नहीं है. वह एक प्राणी है जो अपने इन सब अंगों से काम लेता है.

इसी तरह हमारी सब अलग अलग माद्दी साइंसें इस माद्दी (भौतिक) दुनिया के किसी एक पहलू से वास्ता रखती हैं. दुनिया का हरम ज़हब आत्मा या परमात्मा की किसी एक सिफ़त या एक पहलू पर ज़ोर देता है. लेकिन वह चीज़ जिसे हम तसव्वुफ़, वेदान्त और ज़िन्दगी की असली फ़िलोसोफ़ी कहते हैं और जिसे मज़हबी साइन्स या साइन्सी मज़हब भी कहा जा सकता है वह इन सब धर्मों के अलग अलग पहलुओं को मिलाकर उनका संगम या समन्वय करती है.

दूसरी कहानी यह है—चार मुसाफ़िर, एक रूमी, एक अरब, एक ईरानी और एक तुर्क ज़िन्दगी की सड़क पर साथ साथ चले जा रहे थे. रेतीली, पथरीली, कंटीली, कहीं बरफ़ की तरह ठंडी और कहीं जलती हुई राहों पर चलते चलते उन चारों को भूख और प्यास सताने लगी. उन्हें किसी ऐसे खाने की ज़रूरत थी जिससे उन्हें शांति और

کہاں بھٹکے ؟

ڈاکٹر بھگوان داس

ہم دو چھوٹی اور سندر کہانیاں نیچے دیتے ہیں، ایک ہندو دھرم کی کتابوں سے اور دوسری اسلامی کتابوں سے .

چھ اندھے ایک ایسی جگہ پہونچے جہاں ایک ہاتھی کھڑا ہوا تھا . وہ ہاتھی کے روپ کے بارے میں ایک دوسرے سے جھگڑنے لگے . ایک نے ہاتھی کی دم کو ٹٹول کر کہا کہ ہاتھی ایک جھاڑو کی طرح ہے . دوسرے نے ہاتھی کی سونڈ کو ٹٹول کر کہا کہ ہاتھی ایک بڑے اجگر کی طرح ہے . تیسرے کا ہاتھ ہاتھی کے کان پر پڑا . وہ کہنے لگا کہ ہاتھی ایک بڑے چھاج کی طرح ہے . چوتھے نے ہاتھی کے پیٹ کو ٹٹول کر کہا کہ ہاتھی ایک بڑے ڈھول کی طرح ہے . پانچویں نے ہاتھی کی ٹانگ کو تھپ تھپا کر دیکھا اور کہا کہ ہاتھی ایک موٹے کھمبے کی طرح ہے . چھٹے نے ہاتھی کے ایک دانت کو چھو کر کہا کہ ہاتھی ایک بڑے سوٹے طرح ہے . سب کو اپنی اپنی بات کا پکا وشواس تھا . ہر ایک دوسرے کی بات کو غلط مان رہا تھا . ہٹ اور جھگڑا بڑھنے لگا . اتنے میں ایک ساتواں آدمی اُدھر سے نکلا . اُسکے آنکھیں تھیں . وہ دیکھ اور سمجھ سکتا تھا . اُسنے اُن میں سے ہر ایک کو سمجھایا کہ ہاتھی اُن سب کے الگ الگ خیالوں کا میل ہے . اُسنے اُنھیں یہ بھی بتلایا کہ ہاتھی کوئی بیجان مٹی یا لکڑی کی چیز نہیں ہے . وہ ایک پرانی ہے جو اپنے اِن سب انگوں سے کام لیتا ہے .

اِسی طرح ہماری سب الگ الگ مادی سائنسیں اِس مادی (بھوتک) دنیا کے کسی ایک پہلو سے واسطہ رکھتی ہیں . دنیا کا ہر مزہب آتما یا پرماتما کی کسی ایک صفت یا ایک پہلو پر زور دیتا ہے . لیکن وہ چیز جسے ہم تصوف، ویدانت اور زندگی کی اصلی فلاسفی کہتے ہیں اور جسے مذہبی سائنس یا سائنسی مذہب بھی کہا جا سکتا ہے وہ اِن سب دھرموں کے الگ الگ پہلوؤں کو ملاکر اُنکا سنگم یا سمنوے کرتی ہے .

دوسری کہانی یہ ہے—چار مسافر، ایک رومی، ایک عرب، ایک ایرانی اور ایک ترک زندگی کی سڑک پر ساتھ ساتھ چلے جا رہے تھے . ریتیلی، پتھریلی، کنٹیلی، کہیں برف کی طرح ٹھنڈی اور کہیں جلتی ہوئی راہوں پر چلتے چلتے اُن چاروں کو بھوک اور پیاس ستانے لگی . اُنھیں کسی ایسے کھانے کی ضرورت تھی جس سے اُنھیں شانتی اور

शक्ति मिले. वह एक दूसरे की बोली नहीं समझते थे. उंगलियों से इशारा करके उन्होंने अपने चारों के पास के सब दाम दिरम जमा किए, इसलिए कि उससे कुछ खाना खरीदें. पर सवाल हुआ कि क्या चीज़ खरीदी जाय. अरब ने कहा कि 'अनब' खरीदा जाय. तुर्क ने गुर्राकर कहा 'उज़म' खरीदो. ईरानी ने कहा 'अंगूर' खरीदना चाहिए. रूमी ने कड़क कर कहा 'अस्ताफ़ील' लिये जायें. वे झगड़ने लगे. आँखें लाल हो गईं. मुट्ठियाँ भिचने लगीं. हाथापाई की नौबत आ गई. इतने में एक फेरी लगाकर फल बेचने वाला पास से निकला. इस तरह के फेरी लगाने वाले आम तौर पर बहुत सी ज़बानों के ख़ास ख़ास शब्दों से वाक़िफ़ होते हैं. उन्हें तरह तरह के गाहकों से वास्ता पड़ता है. उन चारों के बीच में जाकर उसने अपना टोकरा जिसमें जीवन का मेवा भरा हुआ था उनके सामने खोलकर रख दिया. मुट्ठियाँ ढीली पड़ गईं. आँखें नरमा गईं. आवाज़ में मिठास आ गई, चेहरे मुस्कुराने लगे. चारों को उस टोकरे के अंदर अपनी दिल चाही चीज़ दिखाई दे गई. अरबी अनब, तुर्की उज़म, ईरानी अंगूर, रूमी अस्ताफ़ील, पहलवी दाख, संस्कृत द्राक्ष और अंग्रेज़ी ग्रेप सबके एक ही मानी हैं, सब एक ही मीठे फल को ज़ाहिर करते हैं.

हम में से हरेक ने दूसरों को बाहर रखने के लिए अपने चारों तरफ़ एक दायरा खींच लिया है. हमारे अपने दायरे से बाहर सब हमें नास्तिक, क़ाफ़िर, मलेच्छ और ग़ैर दिखाई देते हैं. प्रेम ने ज्ञान के साथ मिलकर एक बड़ा दायरा खींचा जिसके अंदर सब छोटे दायरे समा गए. सूफ़ी कहता है कि :—

फ़क़त तफ़ावत है नाम ही का,
दर अस्ल सब एक ही हैं, यारो !
जो आबे साफ़ी कि मौज में है,
उसी का जलवा हबाब में है !

यानी केवल नामों का फ़रक़ है. ऐ यारो ! हक़ीक़त में सब एक हैं. जो साफ़ पानी दरिया की लहर में चमक रहा है उसी की चमक बुलबुले के अंदर भी है.

प्यारे भाइयो और बहनो ! कहाँ कहाँ से, कोई दूर से और कोई नज़दीक से आकर हम यहाँ ज़िन्दगी की राह पर मिल गए हैं. हम सब भूखे और प्यासे हैं. सबको उस खाने और उस पानी की ज़रूरत है जो हमें सच्ची ज़िन्दगी दे सके. वह खाना और पानी 'प्रेम' है. यह प्रेम आदमी के अपने अंदर उबलता है, पर उस समय उबलता है जब आदमी इस बात को महसूस करने लगे कि एक ही जान, एक ही परमात्मा सब जगह और घट घट के अंदर मौजूद है. पर हममें से बहुत सों के अंदर अभी सच्ची प्यास की कमी है.

شکتی ملے . وہ ایک دوسرے کی بولی نہیں سمجھتے تھے . آنکھوں سے اِشارہ کر کے اُنھوں نے اپنے چاروں کے پاس کے سب دام درم جمع کئے . اس لئے کہ اِس سے کچھ کھانا خریدیں . پر سوال ہوا کہ کیا چیز خریدی جائے . عرب نے کہا کہ 'عنب' خریدا جائے . ترک نے غرا کر کہا 'عظم' خریدو . ایرانی نے کہا 'انگور' خریدنا چاہئے . رومی نے کڑک کر کہا اُسطافیل لئے جائیں . وہ جھگڑنے لگے . آنکھیں لال ہو گئیں . مٹھیاں بھچنے لگیں . ہاتھاپائی کی نوبت آگئی . اِتنے میں ایک پھیری لگا کر پھل بیچنے والا پاس سے نکلا . اِس طرح کے پھیری لگانے والے عام طور پر بہت سی زبانوں کے خاص خاص شبدوں سے واقف ہوتے ہیں . اُنھیں طرح طرح کے گاہکوں سے واسطہ پڑتا ہے . اُن چاروں کے بیچ میں جاکر اس نے اپنا ٹوکرا جس میں جیون کا میوہ بھرا ہوا تھا اُن کے سامنے کھول کر رکھ دیا . مٹھیاں ڈھیلی پڑ گئیں . آنکھیں نرماگئیں . آواز میں مٹھاس آگئی' چہرے مسکرانے لگے . چاروں کو اُس ٹوکرے کے اندر اپنی دل چاہی چیز دکھائی دے گئی . عربی عنب ' ترکی عظم' ایرانی انگور' رومی اسطافیل' پہلوی داکھ' سنسکرت دراکش اور انگریزی گریپ سب کے ایک ہی معنی ہیں' سب ایک ہی میٹھے پھل کو ظاہر کرتے ہیں .

ہم میں سے ہر ایک نے دوسروں کو باہر رکھنے کے لئے اپنے چاروں طرف ایک دائرہ کھینچ لیا ہے . ہمارے اپنے دائرے سے باہر سب ہمیں ناستک' کافر' ملیچھ اور غیر دکھائی دیتے ہیں . پریم نے گیان کے ساتھ مل کر ایک بڑا دائرہ کھینچا جس کے اندر سب چھوٹے دائرے سما گئے .

صوفی کہتا ہے کہ:—

فقط تفاوت ہے نام ہی کا'
دراصل سب ایک ہیں' یارو !
جو آب صافی کہ موج میں ہے'
اُسی کا جلوہ حباب میں ہے !

یعنی کیول نامو کا فرق ہے . اے یارو ! حقیقت میں سب ایک ہیں. جو صاف پانی دریا کی لہر میں چمک رہا ہے اُسی کی چمک بلبلے کے اندر بھی ہے .

پیارے بھائیو اور بہنو ! کہاں کہاں سے' کوئی دور سے اور کوئی نزدیک سے آکر ہم یہاں زندگی کی راہ پر مل گئے ہیں . ہم سب بھوکے اور پیاسے ہیں . سب کو اُس کھانے اور اُس پانی کی ضرورت ہے جو ہمیں سچی زندگی دے سکے . وہ کھانا اور پانی 'پریم' ہے . یہ پریم آدمی کے اپنے اندر اُبلتا ہے' پر اُس سمے اُبلتا ہے جب آدمی اس بات کو محسوس کرنے لگے کہ ایک ہی پرماتما سب جگہ اور گھٹ گھٹ کے اندر موجود ہے . پر ہم میں سے بہت سوں کے اندر ابھی سچی پیاس کی کمی ہے .

मौलाना रूम ने कहा है :—

"पानी मत ढूँढ़, पहले अपने अंदर प्यास पैदा कर. जब सच्ची प्यास पैदा होगी तो पानी अपने आप तेरे आगे और पीछे, ऊपर और नीचे फ़व्वारों की तरह फूटने लगेगा."

बड़े लोग जिनके दिल दया और प्रेम से लबालब भरे थे, जिनके लिए कोई ग़ैर न था, बड़े बड़े धर्मों की पाक किताबों को लिखने और तरतीब देनेवाले, जो अब भी हमेशा प्रेम के साथ मनुष्य जाति पर उसी तरह निगाह रखते हैं जिस तरह माएं अपने छोटे बच्चों पर निगाह रखती हैं, वे बड़े लोग हमारे लिए जीवन के अच्छे से अच्छे मेवों और मीठे से मीठे फलों के बाग़ लगाकर छोड़ गए हैं, उनकी लगाई हुई अंगूरों की बेलें बारहमासी बेलें हैं. उनके अंगूर जितने अधिक तोड़े जावें उतने ही फलते और बढ़ते रहते हैं. उनकी इन सदा-बहार बेलों से हमने कुछ गुच्छे चुनकर जमा कर दिए हैं, ताकि सब उनमें बराबर का हिस्सा बटा सकें, सब उनका आनन्द ले सकें. और जब कभी हम बाहर परदेस जावें या अपने अपने घरों को लौटें तो इन फलों की मिठास हमारी ज़बानों और हमारे होठों पर बनी रहे. हम जहाँ जावें इस एकता और प्रेम के सुन्दर बीज हमारे साथ हों और हम यहाँ वहाँ और सब जगह इन बीजों को बिखेरते रहें.

एक हिन्दुस्तानी संत ने कहा है :—

"अब हौं कासौं बैर करौं,
"कहत पुकारत प्रभु निज मुखते
"घट घट हौं विहरौं,
"आप समान सबै जग लेख्यों,
"भक्तन अधिक डरौं,
"अब हौं कासौं बैर करौं"

कबीर साहब ने कहा है :—

"घट घट रमता राम रमैया
"कटुक बचन मत बोल ! तोहे राम मिलेंगे."

एक अंग्रेज़ कवि ने कहा है :—

"So many castes, so many creeds,
"So many paths that wind and wind,
"when all, the sad world needs,
"Is the art of being kind !"

यानी बहुत सी जात पात हैं, बहुत से अलग अलग धर्म हैं, बहुत से रास्ते हैं जिन पर लोग चक्कर खाते रहते हैं. पर इस दुखी दुनिया को जिस एक चीज़ की ज़रूरत है वह है सब के साथ प्रेम का बरताव !

सब के साथ प्रेम का बरताव करना तभी आ सकता है जब हम मेहनत के साथ इस बड़ी सच्चाई को अपने दिलों

مولانا روم نے کہا ہے :—

پانی مت ڈھونڈھ، پہلے اپنے اندر پیاس پیدا کر . جب سچی پیاس پیدا ہوگی تو پانی اپنے آپ تیرے آگے اور پیچھے، اوپر اور نیچے فواروں کی طرح پھوٹنے لگے گا ."

بڑے لوگ جنکے دل دیا اور پریم سے لبالب بھرے تھے، جن کے لئے کوئی غیر نہ تھا، بڑے بڑے دھرموں کی پاک کتابوں کو لکھنے اور ترتیب دینے والے، جو اب بھی ہمیشہ پریم کے ساتھ منشیہ جاتی پر اُسی طرح نگاہ رکھتے ہیں جس طرح مائیں اپنے چھوٹے بچوں پر نگاہ رکھتی ہیں، وہ بڑے لوگ ہمارے لئے جیون کے اچھے سے اچھے میوں اور میٹھے سے میٹھے پھلوں کے باغ لگاکر چھوڑ گئے ہیں . اُن کی لگائی ہوئی انگوروں کی بیلیں بارہ ماسی بیلیں ہیں . اُن کے انگور جتنے ادھک توڑے جاویں اُتنے ہی پھلتے اور بڑھتے رہتے ہیں. اُن کی اِن سدا بہار بیلوں سے ہم نے کچھ گچھے چن کر جمع کر دیئے ہیں، تاکہ سب اُن میں برابر کا حصہ بٹا سکیں، سب اُن کا آنند لے سکیں . اور جب کبھی ہم باہر پردیس جاویں یا اپنے اپنے گھروں کو لوٹیں تو اِن پھلوں کی مٹھاس ہماری زبانوں اور ہمارے ہونٹوں پر بنی رہے . ہم جہاں جاویں اِس ایکتا اور پریم کے سندر بیج ہمارے ساتھ ہوں اور ہم یہاں وہاں اور سب جگہ اِن بیجوں کو بکھیرتے رہیں .

ایک ہندستانی سنت نے کہا ہے :—

"اب ہوں کاسوں بیر کروں،
"کہت پکارت پربھو نج مکھ تے
"گھٹ گھٹ ہوں وہروں،
"آپ سمان سبے جگ لیکھیئوں،
"بھکتن ادھک ڈروں،
"اب ہوں کاسوں بیر کروں ."

کبیر صاحب نے کہا ہے :—

"گھٹ گھٹ رمتا رام رمیا .
کٹک بچن مت بول، ! تو ہے رام ملیں گے ."

ایک انگریز کوی نے کہا ہے :—

"So many castes, so many creeds,
"So many paths that wind and wind,
"When all, the sad world needs,
"Is the art of being kind !"

یعنی بہت سی جات پات ہیں، بہت سے الگ الگ دھرم ہیں، بہت سے راستے ہیں جن پر لوگ چکر کھاتے رہتے ہیں . پر اس دکھی دنیا کو جس ایک چیز کی ضرورت ہے وہ ہے سب کے ساتھ پریم کا برتاؤ !

سب کے ساتھ پریم کا برتاؤ کرنا تبھی آسکتا ہے جب ہم محنت کے ساتھ اس بڑی سچائی کو اپنے دلوں

और दिमाग़ों में जमा लें कि एक ही बे-अंत, अनंत और व्यापक आत्मा हमारे अपने और सबके अंदर रमी हुई है. जीवन का एक समन्दर है जो लगातार बह रहा है. वही प्रेम है, वही ईश्वर है, प्रेम ही ईश्वर है, ईश्वर प्रेम है, क्योंकि ईश्वर सबके अंदर मौजूद है. इस एकता को अनुभव करना ही ईश्वर भक्ति या इश्क़े हक़ीक़ी है.

उपनिषद् में लिखा है :—

"यदा चर्मवदाकाशं वेष्टयिष्यंति मानवाः
"तदा देवं अविज्ञाय दुखस्यांतो भविष्यति"

यानी जिस दिन लोग सारे आकाश को एक चटाई की तरह लपेट कर अपने हाथ में ले लेंगे उस दिन ही बिना सबके अंदर एक ईश्वर को देखे दुनिया के दुख का अंत हो सकेगा.

सूफ़ी कहता है :—

"शाद बाश ! ऐ इश्क़ ख़ुश सौदाए मा !
"ऐ दवाए जुम्ला इल्लतहाए मा !
"ऐ इलाजे नख़वतो नामूसे मा !
"ऐ तू अफ़लातूनो जालीनूसे मा !
"वेद, अवस्ता, अलक़ुरान, इंजीलनीज़,
"काबओ, बुतख़ानओ, आतशकदा,
"क़ल्बे मन, मक़बूल करदा जुमला चीज़,
"चूं मरा जुज़ इश्क़ नै दीगर ख़ुदा !"

यानी ऐ मेरे प्यारे पागलपन, ऐ प्रेम ! ख़ुश रहो. तुम ही मेरी सारी बीमारियों की दवा हो ! तुम ही मेरे घमंड और मेरी ख़ुदी का इलाज हो ! मेरे अंदर के रोगों के लिए तुम अफ़लातून फ़िलोसाफ़र हो और तुम ही मेरी बाहर की बीमारियों के लिए जालीनूस हकीम हो ! वेद, ज़िंद अवस्ता, क़ुरान, इंजील, काबा, बुतख़ाना और आतशकदा, मेरे दिल ने इन सब को अपना लिया है, चूंकि मेरे लिए अब सिवा 'प्रेम' के और कोई मज़हब ही नहीं रहा.

शेख़ सादी ने अपनी मशहूर किताब 'मामुक़ीमां' में लिखा है :—

"ताबे आमोख़्तेम अबजदे इश्क़
"रक़मे ग़ैर अज़ीं नमी दानेम
"कि बचश्माने दिल मर्बी जुज़ दोस्त
"हरचे बीनी बिदां कि मज़हरे ओस्त
"चूंकि वाक़िफ़ शुदेम ज़ परदयेराज़
"दम बदम ईं तराना मी गोयेम
"कि बचश्माने दिल मर्बी जुज़ दोस्त
"हर चे बीनी बिदां कि मज़हरे ओस्त !"

यानी जब से हमने प्रेम की अलिफ़, बे, ते पढ़ी है तब से सिवाय इसी एक बात के और कोई बात हम जानते ही नहीं कि दिल की आँखों से किसी को भी सिवाय दोस्त के

اور دماغوں میں جمالیں کہ ایک ہی بے انت' انانت اور ویاپک آتما ہمارے اپنے اور سب کے اندر رمی ہوئی ہے . جیون کا ایک سمندر ہے جو لگاتار بہ رہا ہے. وہی پریم ہے' وہی ایشور ہے' پریم ہی ایشور ہے' ایشور پریم ہے' کیوں کہ ایشور سب کے اندر موجود ہے. اِس ایکتا کو انوبھو کرنا ہی ایشور بھکتی یا عشق حقیقی ہے .

اُپنشد میں لکھا ہے :—

"یدا چرموآکاشم . ویشٹ اِشیئنتی مانواہ
"تدا دیوم آوگیائے دکھسیہ انتو بھوشیتی ."

یعنی جس دن لوگ سارے آکاش کو ایک چٹائی کی طرح لپیٹ کر اپنے ہاتھ میں لے لینگے اُس دن یہی بنا سب کے اندر ایک ایشور کو دیکھے دنیا کے دکھ کا انت ہو سکیگا .

صوفی کہتا ہے :—

"شاد باش ! اے عشق ! خوش سودائے ما !
"اے دوائے جملہ علتہائے ما !
"اے علاج نخوت وناموس ما !
"اے تو افلاطون وجالینوس ما !
"وید اوستا' القران' انجیل نیز'
"کعبہ و' بتخانہ و' آتشکدہ'
"قلب من' مقبول کردہ جملہ چیز'
"چوں مراجز عشق نے دیگر خدا !"

یعنی اے میرے پیارے پاگل پن ! اے پریم ! خوش رہو. تم ہی میری ساری بیماریوں کی دوا ہو ! تم ہی میرے گھمنڈ اور میری خودی کا علاج ہو ! میرے اندر کے روگوں کے لئے تم افلاطون فلاسفر ہو اور تم ہی میری باہر کی بیماریوں کے لئے جالینوس حکیم ہو ! وید' زند اوستا' قران' انجیل' کعبہ' بتخانہ اور آتشکدہ' میرے دل نے اِن سب کو اپنا لیا ہے' چونکہ میرے لئے اب سوا 'پریم' کے اور کوئی مذہب ہی نہیں رہا.

شیخ سعدی نے اپنی مشہور کتاب 'ماملقیماں' میں لکھا ہے :—

"تابہ آموختیم ابجد عشق
"رقم غیر ازیں نمی دانیم
"کہ بہ چشمان دل مبیں جز دوست
"ہرچہ بینی بداں کہ مظہر اوست !
"چوں کہ واقف شدیم زپردۂ راز
دم بدم این ترانہ میگوئیم
"کہ بہ چشمان دل مبیں جز دوست
"ہر چہ بینی بداں کہ مظاہر اوست !"

یعنی جب سے ہم نے پریم کی الف' بے' تے' پڑھی ہے تب سے سوا اسی ایک بات کے اور کوئی بات ہم جانتے ہی نہیں کہ دل کی آنکھوں سے کسی کو بھی سوائے دوست کے

और कुछ नहीं देखना चाहिए. जो कुछ तू देखता है समझ ले कि सब उसी एक ईश्वर का जलवा है. जब से हम भेद के परदे से वाक़िफ़ हुए हैं तब से हर दम हम यही राग गा रहे हैं कि दिल की आँखों से किसी को भी सिवाय दोस्त के और कुछ नहीं देखना चाहिए. जो कुछ तू देखता है समझ ले कि सब उसी एक ईश्वर का जलवा है.

'वर्ल्ड फ़ेलोशिप आफ़ फ़ेथ्स' में जो गाना सब धर्मों की तरफ़ से गाया गया था उसका मतलब यह है :—

"दुनिया के सब रहनेवाले भाई भाई हैं !
"सबके भले में हरेक का भला है.
"सबका निकास एक से है, एक ईश्वर सबका ईश्वर है.
"एक क़ानून सबके ऊपर है.
"एक मंज़िल सबके सामने है.
"एक जीवन सबको लपेटे है.
"सबका रास्ता प्रेम है.
"लोभ, लालच, डर, घमंड और नफ़रत
"इन्होंने बहुत दिनों हमें वीरान किए रक्खा,
"इनका राज अब ख़तम हुआ.
"नसल, रंग, संप्रदाय और जात पात,
"सब एक बीते हुए बुरे सपने की तरह मुरझा गए.
"आदमी ने आख़िर जागकर यह सीख लिया
"कि सबके अंदर एक ही जान है !"

उस जलसे में सबकी तरफ़ से नीचे लिखी प्रार्थना की गई थी :—

"अमन और ख़ुशहाली लोगों में फिर से वापस आ जाएँ !
"सब मिलकर काम करें, एक प्रेम सबको बाँधे हुए हो !
"एक भाई चारा सबको लिए हुए हो, सबको धीरज हो !
"सबमें आत्म संयम का बल हो !
"सब एक दूसरे की पिछली बातों को भूल जाएँ,
"सब सबके भविष्य को बनाना अपना पाक फ़र्ज़ समझें,
"अमन और ख़ुशहाली सब में लौट आवें !"

क़ुरान में ईश्वर से प्रार्थना की गई है :—

"एहदेनस् सिरातल् मुस्तक़ीम"

यानी हे ईश्वर ! हम सबको सीधी राह दिखला.

वेद में लिखा है :—

"अग्ने ! नय सुपथा !"

यानी हे ईश्वर हमें सीधे रास्ते पर ले चल !

महाभारत में लिखा है :—

"सर्वस्तरतु दुर्गाणि सर्वो भद्राणि पश्यतु !
"सर्वः सद् बुद्धिमाप्नोतु सर्वः सर्वत्र नंदतु !"

यानी सब अपनी अपनी कठिनाइयों को पार कर सकें, सबको भलाई ही भलाई दिखाई दे, सबको नेक समझ हो, और सब सब जगह ख़ुश रहें ! यही सीधा रास्ता है.

ओम् ! आमीन ! एमन !

اور کچھ نہیں دیکھنا چاہئے. جو کچھ تو دیکھتا ہے سمجھ لے کہ سب اُسی ایک ایشور کا جلوہ ہے. جب سے ہم بھید کے پردے سے واقف ہوئے ہیں تب سے ہردم ہم یہی راگ گا رہے ہیں کہ دل کی آنکھوں سے کسی کو بھی سوائے دوست کے اور کچھ نہیں دیکھنا چاہئے. جو کچھ تو دیکھتا ہے سمجھ لے کہ سب اُسی ایک ایشور کا جلوہ ہے.

'ورلڈ فیلوشپ آف فیتھس' میں جو گانا سب دھرموں کی طرف سے گایا گیا تھا اُوسکا مطلب یہ ہے :—

"دنیا کے سب رہنے والے بھائی بھائی ہیں !
"سب کے بھلے میں ہر ایک کا بھلا ہے.
"سب کا نکاس ایک سے ہے' ایک ایشور سب کا ایشور ہے.
"ایک قانون سب کے اوپر ہے.
"ایک منزل سب کے سامنے ہے.
"ایک جیون سب کو لپیٹے ہے.
"سب کا راستہ پریم ہے.
"لوبھ' لالچ' ڈر' گھمنڈ اور نفرت
"اِنھوں نے بہت دنوں ہمیں ویران کئے رکھا'
"اِن کا راج اب ختم ہوا.
"نسل' رنگ' سمپردائے اور جات پات'
"سب ایک بیتے ہوئے بُرے سپنے کی طرح مرجھا گئے.
"آدمی نے آخر جاگ کر یہ سیکھ لیا
"کہ سب کے اندر ایک ہی جان ہے !"

اُس جلسے میں سب کی طرف سے نیچے لکھی پرارتھنا کی گئی تھی :—

"امن اور خوشحالی لوگوں میں پھر سے واپس آجائیں !
"سب مل کر کام کریں' ایک پریم سب کو باندھے ہوئے ہو !
"ایک بھائی چارہ سب کو لئے ہو' سب کو دھیرج ہو !
"سب میں اتم سنیم کا بل ہوا !
"سب ایک دوسرے کی پچھلی باتوں کو بھول جائیں !
"سب سب کے بھوشیہ کو بنانا اپنا پاک فرض سمجھیں !
"امن اور خوشحالی سب میں لوٹ آویں !"

قرآن میں ایشور سے پرارتھنا کی گئی ہے :—

"اھدنا الصراط المستقیم !"

یعنی ہے ایشور ! ہم سب کو سیدھی راہ دکھا !

وید میں لکھا ہے :—

"اگنے ! نئے سپتھا !"

یعنی ہے ایشور ہمیں سیدھے راستے پر لے چل !

مہابھارت میں لکھا ہے :—

"سروستر تو درگانی' سروبھدرانی پشیتو !
"سروہ سدبدھم آپنو تو' سروہ سروترنند تو !"

یعنی سب اپنی اپنی کٹھنائیوں کو پار کر سکیں' سب کو بھلائی ہی بھلائی دکھائی دے' سب کو نیک سمجھ ہو' اور سب سب جگہ خوش رہیں ! یہی سیدھا راستہ ہے.

اوم ! آمین ! ایمن !

चीन का भूमि सुधार आन्दोलन

श्री हरिवल्लभ परीख

[लेखक सितम्बर 1954 में शुभेच्छु मंडल के सदस्य की हैसियत से चीन गये थे. इस लेख में उनका आँखों देखा वर्णन है—एडीटर]

आपके पास कितनी जमीन है ? 2·6 माउ के हिसाब से 15 माउ जमीन है. मुस्कुराते हुये दक्षिण चीन के एक बौध मठाधीश ने कहा. चीन में आप कहीं भी चले जाइये पूर्व से पश्चिम तक और उत्तर से दक्षिण तक जमीन के बारे में आप चाहे किसान से पूछें, जमीनदार से पूछें, संत या महंत से पूछें—एक ही जवाब मिलेगा, 2·6 माउ. इस 2·6 माउ में क्या कमाल है, यह हमें विस्तार से समझना होगा.

चीन के भूमि सुधार आन्दोलन को हमें दो हिस्सों में बांटना होगा—एक जमीन का फिर से समान बटवारा और दूसरा ज्यादा पैदावार. अब हम इन दोनों सवालों पर सिलसिले वार विचार करें.

चीन भारत की तरह खेती प्रधान देश है. चीन की 60-70 फ़ीसदी जनता खेती पर ही गुजारा करती है. स्वाभाविक रूप से चीन के नेताओं ने जमीन के सवाल को सबसे पहले हाथ में लिया. उनका ऐसा करना मुनासिब और जरूरी था. किसी भी लोकशाही सरकार के अपने बहुजन समुदाय की मांगों को उनके सुख दुःख को समझने व सुलझाने की कोशिश सबसे पहले करनी ही चाहिये.

जनता का जीवन जमीन के साथ जुड़ा हुआ था. जमीन अधिकतर जमीनदारों के हाथ में थी. जमीन पर मजदूरी करने वाले किसानों को तबाह करने व शोषण करने के अनेक अधिकार भी जमीनदारों को हासिल थे. गरज यह कि साधन सम्पत्ति और हुकूमत पर जमीनदारों का कब्जा था. यही जरिया था जिससे वह चीन की मेहनतकश जनता का बेरोक टोक शोषण कर सकते थे.

1949 में लोकराज क़ायम हुआ. उसने अपनी जमीन सम्बन्धी नीति साफ़ की. जमीनदारों की सदियों से चली आती ताक़त को यह सबसे बड़ी चुनौती थी. सियासी ताक़त लोगों के हाथ में आ चुकी थी. हुकूमत पर जनता ने अधिकार पा लिया था. अब सवाल साधन और दौलत

چین کا بھومی سدھار آندولن

شری ہریولبھ پریکھ

[لیکھک ستمبر 1954 میں شوبھیچھو منڈل کے سدسیہ کی حیثیت سے چین گئے تھے . اس لیکھ میں ان کا آنکھوں دیکھا ورنن ہے—اڈیٹر .]

آپ کے پاس کتنی زمین ہے ؟ 2.6 ماؤ کے حساب سے 15 ماؤ زمین ہے مسکراتے ہوئے دکھن چین کے ایک بودھ متھا دھیش نے کہا . چین میں آپ کہیں بھی چلے جائیے پورب سے پچھم تک اور اتر سے دکھن تک زمین کے بارے میں آپ چاہے کسان سے پوچھیں' زمیندار سے پوچھیں' سنت یا مہنت سے پوچھیں' ایک ہی جواب ملے گا—2.6 ماو . اس 2.6 ماؤ میں کیا کمال ہے' یہ ہمیں وستار سے سمجھنا ہو گا .

چین کے بھومی سدھار آندولن کو ہمیں دو حصوں میں بانٹنا ہوگا— ایک زمین کا پھر سے سمان بٹوارہ اور دوسرا زیادہ پیداوار . اب ہمان دونوں سوالوں پر سلسلے وار وچار کریں .

چین بھارت کی طرح کھیتی پردھان دیش ہے . چین کی 60-70 فیصدی جنتا کھیتی پر ہی گذارہ کرتی ہے . سوابھاوک روپ سے چین کے نیتاؤں نے زمین کے سوال کو سب سے پہلے ہاتھ میں لیا . ان کا ایسا کرنا مناسب اور ضروری تھا . کسی بھی لوک شاہی سرکار کے اپنے بہوجن سمودایہ کی مانگوں کو ان کے سکھ دکھ کو سمجھنے و سلجھانے کی کوشش سب سے پہلے کرنی ہی چاہئے .

جنتا کا جیون زمین کے ساتھ جوڑا ہوا تھا . زمین اکثر تر زمینداروں کے ہاتھ میں تھی . زمین پر مزدوری کرنے والے کسانوں کو تباہ کرنے و شوشن کرنے کے انیک ادھیکار بھی زمینداروں کو حاصل تھے . غرض یہ کہ سادھن ' سمپتی اور حکومت پر زمینداروں کا قبضہ تھا . یہی ذریعہ تھا جس سے وہ چین کی محنت‌کش جنتا کا بےروک ٹوک شوشن کرسکتے تھے .

1949 میں لوک راج قائم ہوا . اس نے اپنی زمین سمبندھی نیتی صاف کی . زمینداروں کی صدیوں سے چلی آتی طاقت کو یہ سب سے بڑی چنوتی تھی . سیاسی طاقت لوگوں کے ہاتھ میں آچکی تھی . حکومت پر جنتا نے ادھیکار پا لیا تھا. اب سوال سادھن اور دولت

को जनता के हाथ में पहुंचाने का था. 1949 से ही चीनी अगुवाओं ने जमीन के प्रश्न पर जनमत तैयार करना शुरू कर दिया था. 1950 में जमीन सुधार कानून बना दिया. इस कानून में जमीन सम्बन्धी सारे प्रश्नों पर क्रान्तिकारी तरीके से विचार किया गया. जमीन पर जोतने वाले का अधिकार, समान रूप से माना गया. आज तक के जमीन सम्बन्धी पुश्तैनी अधिकारों को इससे जबरदस्त चोट पहुंची. यहां एक महत्वपूर्ण सवाल खड़ा होता है. 1950 में इसे क़ानून का रूप देने में चीनी अगुवाओं ने जल्दबाजी से काम लिया है क्योंकि एक वर्ष में जनमत तैयार होना संभव नहीं माना जाता. यह प्रश्न सब को सूझेगा. हमने भी इस सवाल की सफ़ाई मांगी. इसकी सफ़ाई मैं आपको चीन के महान किसान नेता और मौजूदा लोकराज के कृषि मंत्री के मुख से सुनाउंगा. कृषि मंत्री श्री लियाओ-हू-मेन ने बताया :--

"लोगों का मन बदले बिना कोई कानून कारगर साबित नहीं हो सकता, और इस जमीन सम्बन्धी क़ानून को तो उन सदियों पुरानी परम्परा का विरोध करना था जो अबाधित रूप से आज तक सत्ता पर आसीन थी. इसका मुक़ाबला जन जाग्रति के बिना असंभव था. सिर्फ़ क़ानून बनाकर हम इस सवाल का हल नहीं पा सकते थे. मैं यहां एक चीज साफ़ करना चाहूँगा. ज़मीन सुधार क़ानून के लिये लोकमत अनुकूल था काफ़ी से ज्यादा. मैं आगे चलकर यह भी कहना चाहूँगा कि लोक या जनता का अर्थ जिस देश के शब्दकोश में आम जनता, करोड़ों मेहनतकश किसान मजदूर होता हो, उन सब देशों में जीवन के इस बुनियादी हक़ को हासिल करने के लिये जनमत एकदम अनुकूल है. यह दूसरा सवाल है कि कहीं इसे हल करने वाला नेतृत्व ज़ोरदार रहा हो, कहीं कमज़ोर, कहीं इस अधिकार में रुकावट डालने वाले सत्ताधारी हैं, कहीं इनकी सत्ता टूटती जा रही है. प्यासों की जमात को यह पूछना कि आपका मत पानी पीने का हो तो आपको पानी दिया जायेगा, इसमें जितनी अक़्लमन्दी है, उतनी ही अक़्लमन्दी इस दलील में है कि जनमत तैयार होने पर जोतने वाले मेहनतकश मजदूरों को ज़मीन दिलाने का क़दम उठाया जायेगा. रोटी जन साधारण की बुनियादी ज़रूरत है. इसे पूरा करने के लिये ज़मीन का जोतने वाले के पास होना भी उतना ही ज़रूरी है. जब उसे ज़मीन मिलती है तो जनता का ख़ुश होना और उसके उत्साह में बढ़ती होना स्वाभाविक ही है. इसीलिये हमने एक वर्ष में ही क़ानून बनाया. इसका इतिहास बहुत पुराना है. जन आन्दोलन के इतिहास के साथ साथ इसका इतिहास चला है. इस प्रश्न पर हमारा नज़रिया बरसों पहले तय हो चुका था. जनता के

کو جنتا کے ہاتھوں میں پہنچانے کا تھا . 1949 سے ہی چینی اگواؤں نے زمین کے پرشن پر جنمت تیار کرنا شروع کر دیا تھا . 1950 میں زمین سدھار قانون بنا دیا . اس قانون میں زمین سمبندھی سارے پرشنوں پر کرانتکاری طریقے سے وچار کیا گیا . زمین پر جوتنے والے کا ادھیکار' سمان روپ سے مانا گیا . آج تک کے زمین سمبندھی پشتینی ادھیکاروں کو اس سے زبردست چوٹ پہنچی . یہاں ایک مہتوپورن سوال کھڑا ہوتا ہے . 1950 میں اسے قانون کا روپ دینے میں چینی اگواؤں نے جلدی بازی سے کام لیا ہے کیونکہ ایک برس میں جنمت تیار ہونا سمبھو نہیں جانا جاتا . یہ پرشن سب کو سوجھے گا. ہمنے بھی اس سوال کی صفائی مانگی . اس کی صفائی میں آپ کو چین کے مہان کسان نیتا اور موجودہ لوک راج کے کرشی منتری کے مکھ سے سناؤں گا . کرشی منتری شری لیا او. ہو. مین نے بتایا: —

"لوگوں کا من بدلے بنا کوئی قانون کارگر ثابت نہیں ہو سکتا' اور اس زمین سمبندھی قانون کو تو ان صدیوں پرانی پرمپرا کا وِرودھ کرنا تھا جو ابادت روپ سے آج تک ستا پر آسین تھی . اس کا مقابلہ جن جاگرتی کے بنا اسمبھو تھا . صرف قانون بناکر ہم اس سوال کا حل نہیں پا سکتے تھے . میں یہاں ایک چیز صاف کرنا چاہوں گا . زمین سدھار قانون کے لئے لوک مت انوکول تھا کافی سے زیادہ . میں آگے چل کر یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ لوک یا جنتا کا ارتھ جس دیش کے شبدکوش میں عام جنتا' کروڑوں محنت کش کسان مزدور ہوتا ہو' ان سب دیشوں میں جیون کے اس بنیادی حق کو حاصل کرنے کے لئے جنمت ایک دم انوکول ہے . یہ دوسرا سوال ہے کہ کہیں اسے حل کرنے والا نیتر تو زوردار رہا ہو کہیں کمزور' کہیں اس ادھیکار میں رکاوٹ ڈالنے والے ستادھاری ہیں' کہیں ان کی ستا ٹوٹتی جا رہی ہے . پیاسوں کی جماعت کو یہ پوچھنا کہ آپ کا مت پانی پینے کا ہو تو آپ کو پانی دیا جائے گا' اس میں جتنی عقلمندی ہے' اتنی ہی عقلمندی اس دلیل میں ہے کہ جنمت تیار ہونے پر جوتنے والے محنت کش مزدوروں کو زمین دلانے کا قدم اٹھایا جائے گا . روٹی جن سادھارن کی بنیادی ضرورت ہے . اسے پورا کرنے کے لئے زمین کا جوتنے والے کے پاس ہونا بھی اتنا ہی ضروری ہے . جب اسے زمین ملتی ہے تو جنتا کا خوش ہونا اور اس کے اتساہ میں بڑھتی ہونا سوابھاوک ہی ہے . اس لئے ہمنے ایک برس میں ہی قانون بنا یا . اس کا اتیہاس بہت پرانا ہے . جن آندولن کے اتیہاس کے ساتھ ساتھ اس کا اتیہاس چلا ہے . اس پرشن پر ہمارا نظریہ برسوں پہلے طے ہو چکا تھا . جنتا کے

सामने साफ़ था. इसीलिये जमीन बंटवारे का क़ानून इतना सफ़ल हो सका और लोकप्रिय बना. जनमत हमारे साथ है, यही इसका सबसे बड़ा प्रमाण है."

इस चतुर लोकनायक की बात से हमें चीन की भूमि क्रान्ति की पूर्व भूमिका मिल जाती है. अब हम इस भूमिका की रोशनी में उन सारी बातों की जांच पड़ताल कर सकेंगे जो इस आन्दोलन के कारण उपस्थित हुईं; मसलन् जमीनदारों के ऊपर क्या प्रतिक्रिया हुई ? धनी किसानों ने किसका साथ दिया ? ग़रीब किसानों, मजदूरों व उद्योग-धन्धे वालों ने किस तरह संगठित होकर कोशिश की ? शहर के बुद्धि-जीवियों ने देहाती श्रमजीवियों के इस आन्दोलन को कैसे अपनाया ? 11 करोड़ 50 लाख एकड़ जमीन किस तरह बे जमीन व कम जमीन किसानों में बाँटी गई ?

सबसे पहले चीन के अगुवाओं ने मुल्क के सामने एक बात पेश की. उसमें उन्होंने साफ़ बताया कि जब तक ग़ल्ले की पैदावार देश में बढ़ेगी नहीं तब तक देश में औद्योगीकरण कभी सफल नहीं हो सकेगा. देश की ख़ुशहाली का पूरा दारोमदार ग़ल्ले की पैदावार पर है. अन्न उत्पादन बढ़ेगा तो ही देश का जीवन मान बढ़ेगा. जीवन मान के बढ़ने से आम जनता की मांगें बढ़ेंगी और उन्हें पूरा करने के लिये औद्योगीकरण जरूरी होगा और सफल भी. इसलिये जमीन सुधार आन्दोलन को सफल बनाने में हमें जी जान से जुट जाना चाहिये. इस अपील का चीनी जनता ने स्वागत किया और हृदय से इस काम को पूरा करने में सब कंधे से कंधा मिलाकर जुट गये. पांच-पचीस नहीं, सौ-हजार नहीं, 30-30 लाख मर्द-औरतों ने, जिनमें मिल मजदूर से लगाकर मिल के मैनेजर भी शामिल थे, विद्वान थे, प्रोफ़ेसर थे, प्रधान और प्रधान की पत्नियां भी थीं, हरेक तबक़े के बुद्धि जीवी लोग थे, इस तरह सब कोई जमाने की मांग को पूरा करने के लिये मैदान में आ खड़े हुये. इन 30 लाख सैनिकों को कोरिया के लड़ाई के मोरचे पर नहीं भेजा गया. इस महा फ़ौज को देहातों की ओर कूच करवाया गया. इस फ़ौज को नाम दिया गया, "भूमि सुधार दल." इन दलों को अनेक टुकड़ों में बांटा गया. सूबा, ज़िला, तहसील व देहात तक की योजना बनाई गई. हर टोली को योजना पूर्वक हिस्सा सौंप दिया गया. भूमि सुधार दलों का मुख्य काम था देहातों में किसान सभाओं की रचना करना. इन किसान सभाओं को अपने अधिकार व फ़र्ज़ का भान करवाना. वर्षों से दबे कुचले देहातों में हिम्मत पैदा करके उन्हें आगे बढ़ाना, और जमीनदारों के दांव पेंच से बचाना.

बहुत बड़े जमीनदार चांग-काई शेक के साथ भाग चुके

سامنے صاف تھا۔ اسی لئے زمین بٹوارے کا قانون اتنا سپھل ہو سکا اور لوک پریہ بنا۔ جنمت ہمارے ساتھ ہے' یہی اس کا سب سے بڑا پرمان ہے"

اس چتر لوک نایک کی بات سے ہمیں چین کی بھومی کرانتی کی پورو بھومکا مل جاتی ہے۔ اب ہم اس بھومکا کی روشنی میں اُن ساری باتوں کی جانچ پڑتال کر سکیں گے جو اِس اندولن کے کارن اُپستھت ہوئیں؛ مثلاً زمینداروں کے اُوپر کیا پرتکریا ہوئی ؟ دھنی کسانوں نے کسکا ساتھ دیا ؟ غریب کسانوں' مزدوروں و اُدیوگ دھندھے والوں نے کس طرح سنگٹھت ہوکر کوشش کی ؟ شہر کی بدھ جیویوں نے دیہاتی شرم جیویوں کے اس اندولن کو کیسے اپنایا؟ 11 کروڑ 50 لاکھ ایکڑ زمین کس طرح بے زمین وکم زمین کسانوں میں بانٹی گئی ؟

سب سے پہلے چین کے اگواؤں نے ملک کے سامنے ایک بات پیش کی۔ اس میں اُنہوں نے صاف بتایا کہ جب تک غلے کی پیداوار دیش میں بڑھے گی نہیں تب تک دیش میں اودیوگی کرن کبھی سپھل نہیں ہو سکے گا۔ دیش کی خوشحالی کا پورا دارومدار غلے کی پیداوار پر ہے۔ ان اناجوں بڑھے گا تو ہی دیش کا جیون مان بڑھے گا۔ جیون مان کے بڑھنے سے جنتا کی مانگیں بڑھیں گی اور اُنہیں پورا کرنے کے لئے اودیوگی کرن ضروری ہوگا اور سپھل بھی۔ اس لئے زمین سدھار اندولن کو سپھل بنانے میں ہمیں جی جان سے جٹ جانا چاہئے اس اپیل کا چینی جنتا نے سواگت کیا اور ہردئے سے اس کام کو پورا کرنے میں سب کندھے سے کندھا ملا کر جٹ گئے۔ پانچ پچیس نہیں' سو ہزار نہیں' 30-30 لاکھ مرد عورتوں نے' جن میں مل مزدور سے لگا کر مل کے منیجر بھی شامل تھے' ودوان تھے' پروفیسر تھے' پردھان اور پردھان کی پتنیاں بھی تھیں' ہر ایک طبقے کے بدھجیوی لوگ تھے' اس طرح سب کوئی زمانے کی مانگ کو پورا کرنے کے لئے میدان میں آ کھڑے ہوئے۔ ان 30 لاکھ سینکوں کو کوریا کے لڑائی کے مورچے پر نہیں بھیجا گیا۔ اس مہا فوج کو دیہاتوں کی اور کوچ کروایا گیا۔ اس فوج کا نام دیا گیا "بھومی سدھار دل"۔ ان دلوں کو انیک ٹکڑیوں میں بانٹا گیا۔ صوبہ' ضلع' تحصیل و دیہات تک کی یوجنا بنائی گئی۔ ہر ٹولی کو یوجنا پوروک حصہ سونپ دیا گیا۔ بھومی سدھار دلوں کا مکھیہ کام تھا دیہاتوں میں کسان سبھاؤں کی رچنا کرنا۔ ان کسان سبھاؤں کو اپنے ادھکار و فرض کا بھان کروانا۔ برسوں سے دبے' کچلے دیہاتوں میں ہمت پیدا کرکے انہیں آگے بڑھانا' اور زمینداروں کے دانوں پیچ سے بچانا۔

بہت بڑے زمیندار چانگ-کائی-شیک کے ساتھ بھاگ چکے

थे. जो बचे थे उन्होंने शुरू शुरू में अपनी शक्ति भर जमीन सुधार आन्दोलन को नाकामयाब बनाने की कोशिश की. तरह तरह के प्रपंच रचे. कहीं कहीं किसान सभा के कार्यकर्ताओं को पैसे और स्त्रियों द्वारा खरीद लिया. यह सब बाढ़ की तेज धार को लाठी से रोकने जैसा मूर्ख प्रयत्न साबित हुआ. वहां की जनता जाग उठी थी. उसे बोध हो चुका था. पुरानी समाज व्यवस्था को खतम करने के लिये 30 लाख समाज सेवकों का दल बादल की तरह गरज कर टूट पड़ा था. प्रेम और शक्ति का मानवता रूपी महासागर आज आशा के आकाश पर से उमड़ पड़ा था. आज तक की निर्बल जनता इन 30 लाख साथियों के सहारे चलने के लिये सबल हो उठी थी.

जमीन सुधार दल के सैनिक तीन तीन महीने तक देहातों में बारी से ठहरते थे. अनेक कष्ट झेलते थे. जनता में नव जागृति फैलाते थे. सरकार की भूमि सुधार नीति का पूरा साथ देते थे. मुल्क किस राह पर जा रहा है, जाना चाहता है, इसकी पूरी तस्वीर जनता के सामने पेश करते थे.

शुरू के दिनों की कुछ गड़बड़ी को छोड़ कर अधिकतर जमींदारों ने जमाने की मांग को समझ लिया. हवा के अनुकूल अपने को बनाने की कोशिश करने लगे. कुछ जमींदार अब भी ऐसे बाकी थे जिनका अस्तित्व किसानों को अखर रहा था. जिनको देखकर किसानों के दिल आग बगूला हो उठते थे. ये वो जमींदार थे जिन्होंने किसानों की बहिन बेटियों की इज्जत लूटी थी. आज भी ऐसी अनेक बेटियां इन लोगों के घर में दास कन्याओं के रूप में नरकागार काट रही थीं, इनमें से कुछ जमींदारों ने अनेक माताओं से उनके पुत्र छीन लिये थे. अनेक सधवाओं को विधवा बनाया था; दो दो चार चार साल के मासूम बच्चों से उनके मां बाप छीन लिये थे. बच्चों को सदा के लिये अनाथ बना दिया था. ऐसे कुछ जमींदारों का अस्तित्व मुक्ति के बाद लोगों को हद से ज्यादा खटकने लगा. इन्हों ने नये लोकराज के सामने धूल उड़ाने का दुःसाहस करके अपने सर्वनाश को न्यौता दिया. जनता और नेताओं ने महसूस किया कि जन विकास के मार्ग में यह बहुत बड़ी अड़चने खड़ी कर रहे हैं. आगे बढ़ने से पहले जनता के दिलों से दर्द और डर को निकाल भगाना होगा. चीनी नेताओं ने ऐसे कुछ जालिम जमींदारों को आम सभा के सामने पेश किया. किसानों को कहा कि निडर होकर अपनी बातें पेश करो.

एक स्त्री ने जमींदार की तरफ उंगुली उठाकर कहा—"बताओ तुमने ही मेरी पांच माप जमीन छीन ली थी न ? जब मेरा पति बिस्तरे पर बीमार पड़ा था, तुमने ही जापानियों को इसे महारानी बताकर जिन्दा जला दिया ! बोलो

تھے . جو بچے تھے انہوں نے شروع شروع میں اپنی شکتی بھر زمین سدھار آندولن کو ناکامیاب بنانے کی کوشش کی. طرح طرح کے پرپنچ رچے . کہیں کہیں کسان سبھا کے کاریہ کرتاؤں کو پیسے اور استریوں دوارا خرید لیا . یہ سب باڑھ کی تیز دھار کو لاٹھی سے روکنے جیسا مورکھ پریتن ثابت ہوا. وہاں کی جنتا جاگ اٹھی تھی . اسے بوگیہ پتھ مل چکا تھا . پرانی سماج ویوستھا کو ختم کرنے کے لئے 30 لاکھ سماج سیوکوں کا دل بادل کی طرح گرج کر ٹوٹ پڑا تھا . پریم اور شکتی کا مانوتا روپی مہاساگر آج آشا کے آکاش پر سے اُمڑ پڑا تھا . آج تک کی نربل جنتا 30 لاکھ ساتھیوں کے سہارے چلنے کے لئے سبل ہو اٹھی تھی .

زمین سدھار دل کے سینک تین تین مہینے تک دیہاتوں میں باری باری سے ٹھہرتے تھے . انیک کشٹ جھیلتے تھے . جنتا میں نوجاگرتی پھیلاتے تھے. سرکار کے بھومی سدھار نیتی کا پورا ساتھ دیتے تھے. ملک کس راہ پر جا رہا ہے' جانا چاہتا ہے' اس کی پوری تصویر جنتا کے سامنے پیش کرتے تھے .

شروع کے دنوں کی کچھ گڑبڑی کو چھوڑ کر ادھکتر زمینداروں نے زمانے کی مانگ کو سمجھ لیا . ہوا کے انوکول اپنے کو بنانے کی کوشش کرنے لگے . کچھ زمیندار اب بھی ایسے باقی تھے جن کا استیتو کسانوں کو اکھر رہا تھا . جن کو دیکھ کر کسانوں کے دل آگ بگولا ہو اٹھتے تھے . یہ وہ زمیندار تھے جنھوں نے کسانوں کی بہن بیٹیوں کی عزت لوٹی تھی . آج بھی ایسی انیک بیٹیاں ان لوگوں کے گھر میں داس کنیاؤں کے روپ میں نرکاگار کاٹ رہی تھیں' ان میں سے کچھ زمینداروں نے انیک ماتاؤں سے اُن کے پتر چھین لئے تھے . انیک سدھواؤں کو ودھوا بنایا تھا؛ دو دو چار چار سال کے معصوم بچوں سے ان کے ماں باپ چھین لئے تھے . بچوں کو سدا کے لئے اناتھ بنا دیا تھا. ایسے کچھ زمینداروں کا استیتو مکتی کے بعد لوگوں کو حد سے زیادہ کھٹکنے لگا . انہوں نے نئے لوک راج کے سامنے دھول اڑانے کا دوساہس کر کے اپنے سروناش کو نیوتا دیا . جنتا اور نیتاؤں نے محسوس کیا کہ جنم وکاس کے مارگ میں یہ بہت بڑی اڑچن کھڑی کر رہے ہیں . آگے بڑھنے سے پہلے جنتا کے دلوں سے درد اور ڈر کو نکال بھگانا ہوگا . چینی نیتاؤں نے ایسے کچھ ظالم زمینداروں کو عام سبھا کے سامنے پیش کیا . کسانوں کو کہا کہ نڈر ہو کر اپنی باتیں پیش کرو .

ایک استری نے زمیندار کی طرف انگلی اٹھا کر کہا—"بتاؤ تم نے ہی میری پانچ ماپ زمین چھین لی تھی نہ ؟ جب میرا پتی بستر پر بیمار پڑا تھا' تم نے ہی جاپانیوں کو اسے مہارانی بتا کر زندہ جلا دیا ! بولو

यह सच है या नहीं ?" ऐसे कुछ विशेष अत्याचारियों को मौत के घाट उतारा गया. ज्यादा तर जमीनदारों को सुधरने का मौक़ा दिया गया. उनको भी 2·6 माउ के हिसाब से जमीन दी गई ताकि वे भी मेहनत करके गुजारा कर सकें. समझदार और अच्छे जमीनदारों का ग्राम विकास योजनाओं में उपयोग कर लिया गया.

जमीनदारों की अधिकतर जायदाद को बेजमीन किसानों में बांटा गया. जरूरत से ज्यादा जो साधन सम्पत्ति थी वह भी जरूरतमंदों के पास पहुंचाई गई. बंटवारे में मझोले किसानों को न बहुत लाभ हुआ और न नुक़सान. ग़रीब किसान और बेजमीन मजदूरों को जिनकी तादाद काफ़ी बड़ी है, काफ़ी लाभ पहुंचा. इस प्रकार 11 करोड़ 55 लाख एकड़ जमीन 30 करोड़ किसानों में बांटी गई. बेकारी व बे रोजगारी की एक बहुत बड़ी समस्या इस से हल हो गई. लेन देन व भूमि संबंधी जो भी काग़ज़ी दस्तावेज मौजूद थे उन सब की आम जगह पर होली जलाई गई.

पूरे चीन में किसान सभाओं की रचना ने नया उत्साह व साहस पैदा किया, जनता को अपनी शक्ति का ख्याल हुआ और यह विश्वास भी पैदा हुआ कि हम भी कुछ कर सकते हैं. अब इन किसान सभाओं का सब से पहला काम था गांव में वर्गीकरण करने का. गांव को मोटे तौर पर पांच वर्गों में बांटा गया. जमीन की समस्या हल करने के लिये वर्गीकरण आवश्यक था :—

1. जमीनदार :—वह जो खुद काश्त न करता हो, किंतु ज्यादा जमीन का मालिक हो.

2. धनी किसान :—वह जो खुद काश्त करता हो, किन्तु अधिक जमीन दूसरों को उठवाता हो.

3. मझोला किसान :—जिसके पास जमीन अपनी हो, और किसी तरह गुजारा कर लेता हो.

4. ग़रीब किसान :—नाम मात्र की जमीन हो, काश्त करने पर भी जो भूखा रहता हो.

5. जो दूसरों की जमीन पर मजदूरी करते हों और पूरी मेहनत करने पर भी जिन्हें भर पेट रोटी न मिलती हो.

इसके आधार पर ग्राम सभाओं ने 1950 में बने जमीन सुधार क़ानून के अनुसार बंटवारे का कार्य शुरू किया. यह 1953 तक चलता रहा. आज पूरे चीन में जमीन का समान रूप से बंटवारा हो गया है. 2·6 माउ जमीन हर व्यक्ति को मिली जो बंटवारे के दिन तक जिन्दा था या पैदा हो चुका था. इस 2.6 माउ ने जादू का काम किया. यही वह जादू है जिसने चीन की जनता के मुरझाये हुये चेहरों में फिर से जान भर दी. इस क्रान्ति ने जनता में उत्साह पैदा किया. उत्पादन काफ़ी से ज्यादा बढ़ने लगा. 1949 से 1952 में 45 फ़ीसदी उत्पादन बढ़ा. लड़ाई से

یہ سچ ہے یا نہیں ؟" ایسے کچھ وشیش اتیاچاریوں کو موت کے گھاٹ اُتارا گیا۔ زیادہ تر زمینداروں کو سدھرنے کا موقع دیا گیا۔ ان کو بھی 2·6 ماو کے حساب سے زمین دی گئی تا کہ وہ بھی محنت کر کے گذارہ کر سکیں۔ سمجھدار اور اچھے زمینداروں کا گرام وکاس یوجنا میں اپیوگ کر لیا گیا۔

زمینداروں کی ادھکتر جائداد کو بے زمین کسانوں میں بانٹا گیا۔ ضرورت سے زیادہ جو سادھن سمپتی تھی وہ بھی ضرورتمندوں کے پاس پہنچائی گئی۔ بٹوارے میں مجھولے کسانوں کو نہ بہت لابھ ہوا اور نہ نقصان۔ غریب کسان اور بے زمین مزدوروں کو جن کی تعداد کافی بڑی ہے، کافی لابھ پہنچا۔ اِس پرکار 11 کروڑ 55 لاکھ ایکڑ زمین 30 کروڑ کسانوں میں بانٹی گئی۔ بیکاری و بے روزگاری کی ایک بہت بڑی سمسیا اس سے حل ہوگئی۔ لین دین و بھومی سمبندھی جو بھی کاغذی دستاویز موجود تھے اُن سب کی عام جگہ پر ہولی جلائی گئی۔

پورے چین میں کسان سبھاؤں کی رچنا نے نیا اُتساہ و ساہس پیدا کیا، جنتا کو اپنی شکتی کا خیال ہوا اور یہ وشواس بھی پیدا ہوا کہ ہم بھی کچھ کر سکتے ہیں۔ اب اُن کسان سبھاؤں کا سب سے پہلا کام تھا گاؤں میں ورگی کرن کرنے کا۔ گاؤں کو موٹے طور پر پانچ ورگوں میں بانٹا گیا۔ زمین کی سمسیا حل کرنے کے لئے ورگی کرن آوشیک تھا :—

1. زمیندار :—وہ جو خودکاشت نہ کرتا ہو، کنتو زیادہ زمین کا مالک ہو۔

2. دھنی کسان :—وہ جو خود کاشت کرتا ہو، کنتو ادھک زمین دوسروں کو اُٹھواتا ہو۔

3. مجھولا کسان :—جس کے پاس زمین اپنی ہو، اور کسی طرح گزارہ کر لیتا ہو۔

4. غریب کسان :—نام ماتر کی زمین ہو، کاشت کرنے پر بھی جو بھوکا رہتا ہو۔

5. جو دوسروں کی زمین پر مزدوری کرتے ہوں اور پوری محنت کرنے پر بھی جنھیں بھر پیٹ روٹی نہ ملتی ہو۔

اِس کے آدھار پر گرام سبھاؤں نے 1950 میں بنے زمین سدھار قانون کے انوسار بٹوارے کا کاریہ شروع کیا۔ یہ 1953 تک چلتا رہا۔ آج پورے چین میں زمین کا سمان روپ سے بٹوارہ ہو گیا ہے۔ 2.6 ماو زمین ہر ویکتی کو ملی جو بٹوارے کے دن تک زندہ تھا یا پیدا ہوچکا تھا۔ اس 2.6 ماو نے جادو کا کام کیا۔ یہی وہ جادو ہے جس نے چین کی جنتا کے مرجھائے ہوئے چہروں میں پھر سے جان بھر دی۔ اس کرانتی نے جنتا میں اُتساہ پیدا کیا۔ اُتپادن کافی سے زیادہ بڑھنے لگا۔ 1949 سے 1952 میں 45 فیصدی اُتپادن بڑھا۔ لڑائی سے

पहले के 1937 के अंकों को लें तो भी 1952 में 9 फ़ीसदी उत्पादन बढ़ा. इससे किसानों की ख़रीद करने की शक्ति में 76 फ़ीसदी की बढ़ोतरी हुई. जिन दूकानों पर सिवा जमीन-दारों के कोई नजर नहीं आता था वहां आज किसानों के झुंड के झुंड जाते हैं.

अब आन्दोलन का दूसरा हिस्सा शुरू होता है जिसे हम भूमि सुधार व उत्पादन बढ़ाने वाला हिस्सा कहेंगे. हां, तो जमीन का बंटवारा हो जाने से जमीन के बहुत छोटे छोटे टुकड़े हो गये. भारत में भूदान आन्दोलन के कारण जमीन के टुकड़े टुकड़े हो जायेंगे, और फलस्वरूप देश के उत्पादन को नुक़सान पहुंचेगा, यह दलील हमारे भारत के अर्थ शास्त्रियों ने की थी और बड़ा शोर मचा दिया था. चीन के बंटवारे ने यह साबित कर दिया कि बड़े पैमाने पर भी छोटे टुकड़े होने से उत्पादन घटता नहीं बढ़ता है. भारत के भूमि आन्दोलन का भी यही अनुभव हो रहा है.

समाजवाद का आधार योजना है. वह योजनापूर्वक आगे बढ़ता है. जमीन के बंटवारे के मौक़े पर उसने समाज को पांच वर्गों में बांटा. ठीक वैसे ही उत्पादन बढ़ाने के लिये भी उसने किसानों को चार विभागों में बांट दिया.

व्यक्तिगत खेती :—जिनके पास पूरे साधन हों, जो खुद काश्त करते हों, इसमें धनी किसानों का क़रीब क़रीब सारा वर्ग शामिल हुआ. उसके लिये यह अनुकूल योजना थी.

सहयोगी दल खेती :—इसे मिच्युअल एड टीम्स के नाम से प्रचारित किया. पुराने छोटे किसान व मजदूरों के पांच पांच दस दस कुटुम्बों को इकट्ठा करके उनकी सहयोगी टोलियां बनाई गईं. क्योंकि बंटवारे में सब को सब प्रकार के साधन व जानवर नहीं मिल सके थे इन टोलियों द्वारा वह कमी पूरी की गई. शुरू में गांव में ऐसी एक दो टोलियां मुश्किल से बनी थीं. मगर इसकी शान देखकर गांव गांव में टोलियों की धूम सी मच गई. कहीं कहीं तो ऐसी 15-20 टोलियां एक ही देहात में बन गई हैं. जमीन और साधनों पर का अधिकार इन दोनों क़िस्म की खेती में किसान का ही रहता है. चीन में 60 फ़ीसदी किसान आज इन सहयोगी दलों की खेती में शामिल हैं. व्यक्तिगत खेती से इस सहयोगी दल खेती में 20 फ़ीसदी उत्पादन अधिक बढ़ा है.

खेती उत्पादक सहकारी मंडलियां :—इसमें मझोले किसान व पुराने जमींदार ज्यादा शरीक हुए. जो आज के पहले खुद काश्त नहीं करते थे उनके लिये इसमें शरीक होना लाभदायक था. 10, 15 और कहीं कहीं अधिक कुटुम्बों की ऐसी मंडलियां हैं. खाद बीज आदि सारी खेती संबंधी बातों का ख्याल मंडली का व्यवस्थापक मंडल करता है. शामिल खेती होती है. उत्पादन को तीन हिस्सों में बांटा जाता है. (1) रिजर्व फंड, जो नये मशीन साधन व ख़रीदने के काम

لے کے 1937 کے انکوں کو لیں تو بھی 1952 میں 9 فیصدی
پادن بڑھا. اِس سے کسانوں کی خرید کرنے کی شکتی میں 76
یصدی کی بڑھوتری ہوئی . جن دوکانوں پر سوا زمینداروں کے
ئی نظر نہیں آتا تھا، وہاں آج کسانوں کے جھنڈ کے جھنڈ
تے ہیں .

اب آندولن کا دوسرا حصہ شروع ہوتا ہے جسے ہم بھومی
دھار و اُتپادن بڑھانے والا حصہ کہیں گے . ہاں، تو زمین کا
نٹوارہ ہوجانے سے زمین کے بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوگئے .
بھارت میں بھودان آندولن کے کارن زمین کے ٹکڑے ٹکڑے ہو
جائیں گے، اور پھل سروپ دیش کے اُتپادن کو نقصان پہونچے گا،
یہ دلیل ہمارے بھارت کے ارتھ شاستریوں نے کی تھی اور بڑا
ہورمچا دیا تھا . چین کے بنٹوارے نے یہ ثابت کر دکھایا کہ بڑے
پیمانے پر بھی چھوٹے ٹکڑے ہونے سے اُتپادن بڑھتا نہیں گھٹتا ہے.
بھارت کے بھومی آندولن کا بھی یہی انوبھو ہو رہا ہے .

سماج واد کا آدھار یوجنا ہے. وہ یوجنا پوروک آگے بڑھتا ہے.
چین کے بنٹوارے کے موقع پر اُسنے سماج کو پانچ ورگوں میں
بانٹا . ٹھیک ویسے ہی اُتپادن بڑھانے کے لئے بھی اُسنے کسانوں
کو چار وبھاگوں میں بانٹ دیا .

ویکتی گت کھیتی :—جن کے پاس پورے سادھن ہوں،
جو خود کاشت کرتے ہوں، اِسمیں دھنی کسانوں کا قریب قریب
سارا ورگ شامل ہوا. اُسکے لئے یہ انوکول یوجنا تھی.

سہیوگی دل کھیتی :—اُسے موچوئیل ایڈ ٹیمس کے نام سے
پرچارت کیا . پرانے چھوٹے کسان و مزدوروں کے پانچ پانچ دس
دس کٹمبوں کو اِکٹھا کر کے اُنکی سہیوگی ٹولیاں بنائی گئیں .
کیونکہ بنٹوارے میں سب کے سب پرکار کے سادھن و جانور نہیں
مل سکے تھے اِن ٹولیوں دوارا وہ کمی پوری کی گئی . شروع
میں گاؤں میں ایسی ایک دو ٹولیاں مشکل سے بنی تھیں . مگر
اُسکی شان دیکھ گاؤں گاؤں میں ٹولیوں کی دھوم سی مچ گئی .
کہیں کہیں تو ایسی 15-20 ٹولیاں ایک ہی دیہات میں بن
گئی ہیں .زمین اور سادھنوں پر کا ادھکار اِن دونوں قسم کی کھیتی
میں کسان کا ہی رہتا ہے . چین میں 60 فیصدی کسان آج
اِن سہیوگی دلوں کی کھیتی میں شامل ہیں . ویکتی گت کھیتی
سے اِس سہیوگی دل کھیتی میں 20 فیصدی اُتپادن ادھک
بڑھا ہے .

کھیتی اُتپادک سہکاری منڈلیاں :—اِسمیں مجھولے کسان و
پرانے زمیندار زیادہ شریک ہوئے. جو آج کے پہلے خود کاشت نہیں
کرتے تھے اُنکے لئے اِسمیں شریک ہونا لابھدایک تھا. 10-15 اور کہیں
کہیں ادھک کٹمبوں کی اِیسی منڈلیاں ہیں. کھاد، بیج آدی
ساری کھیتی سمبندھی باتوں کا خیال منڈلی کا ویوستھاپک منڈل
کرتا ہے . شامل کھیتی ہوتی ہے. اُتپادن کو تین حصوں میں بانٹا
جاتا ہے . (1) رزرو فنڈ، جو نئے مشین سادھن و خریدنے کے کام

ाता है. (2) एक हिस्सा सभासदों को ज़मीन, जानवर व
ाधन के अनुपात में बांटा जाता है. (3) तीसरा हिस्सा
जदूरी के रूप में बंटता है. स्त्री पुरुष सब की समान
जदूरी मानी गई है. शुरू में उत्पादन का आधा हिस्सा
मीन के हिस्सेदारों के लिये अलग कर दिया जाता था.
किन्तु अब नये साधनों से उत्पादन बढ़ने लगा है. तब से
मीन का हिस्सा (Land Share) कम किया जा रहा
. मजदूरी का हिस्सा बढ़ाया जा रहा है. सहकारी दलों
ी अपेक्षा सहकारी उत्पादन मंडलियों में 15 फ़ीसदी
यादा उत्पादन हुआ है. चीन के ग्राम-अर्थशास्त्रियों के
थनानुसार ज़मीन का हिस्सा अब धीरे धीरे घटता जायेगा.
ौर वह दिन दूर नहीं जब लैन्ड शेयर खतम हो जायेगा
ौर तब ही व्यक्तिगत ज़मीन पर अधिकार जमाये रखने का
ोह किसान छोड़ देंगे. मगर आज सरकार इस दिशा में
ल्दबाज़ी करना नहीं चाहती. इसके लिये किसान खुद जब
क तैयार नहीं होता, तब तक धीरज धरने का चीनी
ागुवाओं ने फ़ैसला किया है. एक लाख से ज्यादा ऐसी
हकारी उत्पादन मंडलियां बन चुकी हैं.

संयुक्त खेती :—Collectivefarming

राज्य फार्म :—State Farm

इनकी संख्या आज बहुत कम है. क़रीब 250 से 300
युक्त खेती मन्डलियां हैं. अब छोटे किसानों में संयुक्त
ती की ओर उत्साह बढ़ने लगा है. उन्हें यह महसूस होने
गा है कि ज़मीन का हिस्सा बांट देने से हमें मजदूरी
धिक मिलेगी. यहां थोड़ा संघर्ष मझोले किसानों व धनी
ानों के साथ आता है. मैंने आगे बताया कि इस दिशा
जल्दबाज़ी करने के लिये चीनी नेता तैयार नहीं हैं. जन-
ामति फैलाकर ही सच्चे ज्ञान व प्रत्यक्ष परिणामों के
ाधार पर ही इस समस्या का हल किया जायेगा. आज तो
हां संयुक्त खेती चल रही है वहां कुछ किसान इससे अलग
हते हैं, तो भी उन पर दबाव नहीं डाला जाता.

सरकारी सहायता :—सरकार किसानों को और
हयोगी मन्डलियों को खेती के साधन खरीदने के लिये,
ोटी मोटी जल सिंचाई योजना बनाने के लिये, छोटी व लम्बी
स्तों का क़रज़ा देती है. ब्याज का दर 3-4 फ़ीसदी से
यादा नहीं होता. बड़े सरल तरीक़े से यह क़र्ज़ा किसानों
क पहुँचाया जाता है. पीपुल्स बैंक (चीन की जनता बैंक)
ी शाखाओं द्वारा चार वर्ष में 600 करोड़ रुपये का क़र्ज़ा
ानों को दिया गया है. कोई भी किसान बड़ी सरलता से
र्ज़ा उठा सकता है. अकाल या कम फ़सल के मौक़े पर बैंक
री की पूरी क़िस्त माफ़ कर देता है. विशेषता यह है कि
सल का निर्णय ग्राम सभा करती है. ग्राम सभा के फ़ैसले
ो स्थानीय सरकार (तहसील गवर्नमेंट) इस मामले में
ाखरी मानती है.

آتا ہے . (2) ایک حصہ سبھاسدوں کو زمین، جانور و
ساتھن کے انوپات میں بانٹا جاتا ہے . (3) تیسرا حصہ
مزدوری کے روپ میں بنٹتا ہے . استری پرش سبکی سمان
مزدوری مانی گئی ہے . شروع میں اتپادن کا آدھا حصہ زمین
کے حصہداروں کے لئے الگ کر دیا جاتا تھا. کنتو اب نئے سادھنوں
سے اتپادن بڑھنے لگا ہے ، تب سے زمین کا حصہ (Land
Share) کم کیا جا رہا ہے . سہکاری دلوں کی اپیکشا سہکاری
اتپادن منڈلیوں میں 15 فیصدی زیادہ اتپادن ہوا ہے . چین
کے گرام ارتھ شاستریوں کے کہنا ہے کہ زمین کا حصہ اب دھیرے
دھیرے گھٹتا جائیگا . اور وہ دن دور نہیں جب لینڈ شیئر
ختم ہو جائیگا اور تب ہی ویکتی گت زمین پر ادھیکار جمائے
رکھنے کا موہ کسان چھوڑ دینگے . مگر آج سرکار اس دشا میں
جلدبازی کرنا نہیں چاہتی . اس کے لئے کسان خود جب تک
تیار نہیں ہوتا تب تک دھیرج دھرنے کا چینی اگواؤں نے
فیصلہ کیا ہے . ایک لاکھ سے زیادہ ایسی سہکاری اتپادن منڈلیاں
بن چکی ہیں .

سنیکت کھیتی :—Collective Farming

راجیہ فارم :—State Farm

اِنکی سنکھیا آج بہت کم ہے . قریب 250 سے 300
سنیکت کھیتی منڈلیاں ہیں . اب چھوٹے کسانوں میں سنیکت
کھیتی کی اور اُتساہ بڑھنے لگا ہے. انہیں یہ محسوس ہونے لگا ہے
کہ زمین کا حصہ بانٹ دینے سے ہمیں مزدوری ادھک ملیگی .
یہاں تھوڑا سنگھرش مجھولے کسانوں و دھنی کسانوں کے ساتھ آتا
ہے . میں نے آگے بتایا کہ اِس دشا میں جلدبازی کرنے کے لئے چینی
نیتا تیار نہیں ہیں . جن جاگرتی پھیلا کر ہی سچے گیان و
پرتیکش پرنامو کے آدھار پر ہی اِس سمسیا کا حل کیا جائیگا .
آج تو جہاں سنیکت کھیتی چل رہی ہے وہاں کچھ کسان اس سے
الگ رہتے ہیں، تو بھی ان پر دباؤ نہیں ڈالا جاتا .

سرکاری سہایتا — سرکار کسانوں کو اور سہیوگی منڈلیوں
کو کھیتی کے سادھن خریدنے کے لئے، چھوٹی موٹی جل سنچائی
یوجنا بنانے کے لئے، چھوٹی و لمبی قسطوں کا قرضہ دیتی ہے .
بیاج کا در 3-4 فیصدی سے زیادہ نہیں ہوتا. بڑے سرل طریقے سے
یہ قرضہ کسانوں تک پہونچایا جاتا ہے . پیپلس بینک (چین
کی جنتا بینک) کی شاخاؤں دوارا چار ورش میں 600 کروڑ
روپئے کا قرضہ کسانوں کو دیا گیا ہے . کوئی بھی کسان بڑی
سرلتا سے قرضہ اُٹھا سکتا ہے . اکال یا کم فصل کے موقع پر بینک
پوری کی پوری قسط معاف کر دیتا ہے . وشیشتا یہ ہے کہ
فصل کا نرنئے گرام سبھا کرتی ہے گرام سبھا کے فیصلے کو اِستھانیہ
سرکار (تحصیل گورنمنٹ) اس معاملے میں آخری
مانتی ہے .

जमीन पर एक ही प्रकार का टेक्स लिया जाता है. यह टेक्स अनाज के रूप में इकट्ठा किया जाता है. यह टेक्स उत्पादन के रूप में इकट्ठा किया जाता है. यह टेक्स उत्पादन के 7 से 10 फीसदी तक होता है.

चीनी गांव की झांकी :—किसी भी चीज की सच्ची कसौटी उसके परिणामों पर से ही हो सकती है. चीन के भूमि सुधार आंदोलन का क्या नतीजा हुआ, इसे समझने के लिये हमें चीन के देहातों की जांच करनी होगी. जेनचेन गाँव में 332 कुटुम्ब हैं. गांव की कुल आबादी 1542 व्यक्तियों की है. कुल जमीन 4300 माउ यानी 715 एकड़ है. 20 जमीनदार 22 मालदार किसान, 60 मझोले किसान, 110 गरीब किसान और 120 खेत मजदूर हैं. बंटवारे से पहले 95 फीसदी जमीन 45 कुटुम्बों के पास थी. बाकी के 290 कुटुम्ब सिर्फ 5 फीसदी जमीन पर गुजारा करते थे. 50 फीसदी मकान और 10 फीसदी खेती के साधन भी 42 कुटुम्बों के पास ही थे. बँटवारे के बाद सारा नक्शा बदल गया. सब को 2.6 माउ के हिसाब से फी व्यक्ति जमीन मिली. अधिक मकान व साधनों का बंटवारा भी बेजमीन किसानों के बीच किया गया. बंटवारे का सारा काम ग्राम सभा ने ही पूरा किया.

मुक्ति से पहले यहाँ 1 माउ जमीन में 200 केटी: 1 1/4 रवल अनाज पैदा होता था. बटवारे के बाद 1952 में एक माउ जमीन में 340 केटी अनाज हुआ. 1953 में 469 केटी. 1951 में 7 सहकारी दल थे. 1952 में 18 बने. 1943 में खेती उत्पादक मन्डली की स्थापना की गयी. उसमें 34 कुटुम्ब शरीक हुए. मन्डली ने 7 मकान पशुओं के लिये बनाये. 12 मकान गल्ला जमा करने के गोदाम के लिये बनाये. मुक्ति से पहले गाँव में 7 कमरे थे, मुक्ति के बाद आज 22 कमरे हैं. 7 वर्ष से उपर के बच्चे स्कूल में पढ़ते हैं. रात्री वर्ग में जवान और बूढ़े भी. एक गाँव सभा है जो हर साल निश्चित सदस्यों द्वारा गाँव का कारोबार चलाती है. गाँव का सारा कारोबार गाँव सभा ही कर लेती है. जमीनदारों को ग्रामसभा में वोट देने का अधिकार नहीं है. किन्तु गाँव सभा ऐसा अधिकार दे सकती है, जब उसे यह महसूस हो कियह व्यक्ति समाज के हित में ही काम करेगा. जेनचेन गाँव सभा ने 22 में से 10 जमीनदारों को ऐसा अधिकार दे रखा है.

सहकारी उत्पादन खेती मन्डली के पास 1400 माउ जमीन है। सहकारी दलों के पास 180 माउ जमीन है. 2720 माउ व्यक्तिगत किसानों के पास है.

गाँव में एक स्त्री मंडल है. वह मंडल गाँव की स्त्री सुधार आन्दोलन को संचालन करता है. निरक्षर स्त्रियों को पढ़ाने का काम मंडल करता है. छोटे छोटे घरेलू उद्योगों की तालीम भी यही मंडल देता है. सेना में जिन के पति गये हुए हैं, या जिनके बेटे सेना में गये है

زمین پر ایک ہی پرکار کا ٹیکس لیا جاتا ہے ۔ یہ ٹیکس اناج کے روپ میں اکٹھا کیا جاتا ہے ۔ یہ ٹیکس اتپادن کے روپ میں اکٹھا کیا جاتا ہے ۔ یہ ٹیکس اتپادن کے 7 سے 10 فیصدی تک ہوتا ہے ۔

और तब फिर अपने को मलामत करती हुई कहती है—

दरस दिखा कर जो छिप जाये,
कौन ऐसे से प्रीत लगाये,
क्यों अपनी कोई दशा सुनाये,
छोड़ मोहब्बत का खटराग !
आग लगे इस मन को आग ?

मगर ताना देकर क्या कभी वियोगन के मन को शान्ति मिलती है ? सूना घर और उदास रातें उसे खाये जाती हैं. वह कहती है—

घर है सूना रात उदास !
दीरघ दिन अँधियारी रातें,
कैसे गुज़रेंगी बरसातें,
झूटी थीं सब उनकी बातें,
रहता है अब यह विश्वास !

मैं दुखियारी प्रीत की मारी,
पड़ गई मुझ पै विपदा भारी,
मन में सुलग रही चिनगारी,
कौन बुझाए दिल की प्यास !

छाई हैं घनघोर घटायें,
चलती हैं पुरशोर हवायें,
मन का मीत अगर आजाये,
तो पूरी हो मन की आस—घर है सूना रात उदास !

بجھائے ؟ وہ اپنے کو کوستی ہوئی کہتی ہے—

آگ لگے اِس من کو آگ !
لو پھر رات برہ کی آئی ،
چاروں اور اُداسی چھائی ،
جان مری تن میں گھبرائی ،
اپنی قسمت اپنے بھاگ !

کالی اور برساتی رین ،
اُس بن نیند کو ترسیں نین ،
جسکے ساتھ گیا سکھ چین ،
اُسکی یاد کہے اب جاگ !

جس دن سے وہ پاس نہیں ہے ،
کوئی خوشی کی راس نہیں ہے ،
جینے تک کی آس نہیں ہے ،
جان کو ہے اب تن سے لاگ !

کون جیئے اور کس کے سہارے ،
میٹھے میٹھے بول سدھارے ،
گیت کہاں وہ پیارے پیارے ،
اب وہ تان نہ اب وہ راگ !

اور تب پھر اپنے کو ملامت کرتی ہوئی کہتی ہے—

درس دکھا کر جو چھپ جائے ،
کون ایسے سے پریت لگائے ،
کیوں اپنی کوئی دشا سنائے ،
چھوڑ محبت کا کھٹراگ !
آگ لگے اِس من کو آگ !

مگر طعنہ دیکر کیا کبھی ویوگن کے من کو شانتی ملتی ہے ؟ سونا گھر اور اُداس راتیں اُسے کھائے جاتی ہیں . وہ کہتی ہے—

گھر ہے سونا رات اُداس !
دیرگھ دن اندھیاری راتیں ،
کیسے گذرینگی برساتیں ،
جھوٹی تھیں سب اُنکی باتیں ،
رہتا ہے اب یہ وشواس !

میں دکھیاری پریت کی ماری ،
پڑگئی مجھ پے وپدا بھاری ،
من میں سلگ رہی چنگاری ،
کون بجھائے دل کی پیاس !

چھائی ہیں گھنگھور گھٹائیں ،
چلتی ہیں پرشور ہوائیں ،
من کا میت اگر آجائے ،
تو پوری ہو من کی آس—گھر ہے سونا رات اُداس !

और उसका प्रियतम भी कैसा बेदर्द है जो सुध ही नहीं लेता ! वेदना की लम्बी रातें उसे बेचैन कर देती हैं. वह निराश होकर कहती है—

सीस नवा कर झरना रोये,
छोड़ के उत्तम देस.
उसकी चिन्ता रामहि जाने,
जिसका पी परदेस.
सावन और फिर काली बदली,
बूँदनियों के तार.
रीत जगत की प्रीत से ख़ाली,
सपना है संसार !

वियोगन के मन में एक प्रतिक्रिया पैदा होती है. वह माही मोहब्बत का खटराग छोड़कर और सपने के संसार की माया तोड़कर गोकुल और बिन्द्राबन की सैर करती है. वह कुंज बनों और कुंज गलियों में घूमती है. वह कन्हैया की बंसी-ध्वनि सुनना चाहती है. वह अब मनुष्य नहीं, भगवान से प्रीत का रिश्ता जोड़ना चाहती है. मगर कन्हैया क्या सहज मिलने वाला है ? उसने तो ब्रज की गोपियों को रुला रुलाकर हलाकान कर डाला. वियोग के उस इम्तहान में अब यह नई गोपी भी उतरी है. सुबह होती है, सूरज निकलता है. शाम होती है, दिन ढलता है. मगर इस नई गोपी को भी कन्हैया का पैग़ाम नहीं मिलता—

तड़प तड़प कर भोर हुई,
पर ना आया पैग़ाम, कन्हैया उजड़ चला मन-ग्राम !
बादल गरजे बिजली चमके,
उठी घटायें श्याम, कन्हैया उजड़ चला मन-ग्राम !
आँख में आँसू, कसक हृदय में,
भर आई है शाम, कन्हैया उजड़ चला मन-ग्राम !

बरसात का मौसम है. कजरारे बादल चारों ओर छाये हुए हैं. उन्हें आँख भर कर देखती हुई वियोगन कहती है—

घटायें घिर आईं घनघोर,
हवायें चलती हैं पुरशोर.
मस्त पपीहा, बेसुध कोयल,
और पागल है मोर, घटायें घिर आईं घनघोर !
बिजली चमके बादल बरसे,
आन मिलो चितचोर, घटायें घिर आईं घनघोर !

आख़ीर में इस नई गोपी की तपस्या अपना फल लाती है और बिन्द्राबन के कुंज बन से, यमुना के तट से, कदम्ब के बट से वियोगन के कानों में चितचोर कन्हैया की बाँसुरी की धुन सुनाई पड़ती है—

बरसात का यह मौसम, यह नीलगूँ घटाएँ,
यह बाग़ो बन का आलम, यह गुलफ़िशाँ फ़िज़ाएँ,

اور اُسکا پریتم بھی کیسا بے درد ہے جو سدھ ہی نہیں لیتا ! ویدنا کی لمبی راتیں اُسے بے چین کر دیتی ہیں . وہ نراش ہو کر کہتی ہے—

سیس نوا کر جھرنا روئے ،
چھوڑ کے اُتم دیس .
اُس کی چنتا رام ہی جانے ،
جسکا پی پردیس .
ساون اور پھر کالی بدلی ،
بوندنیوں کے تار .
ریت جگت کی پریت سے خالی ،
سپنا ہے سنسار !

ویوگن کے من میں ایک پرتیکریا پیدا ہوتی ہے . وہ مادی محبت کا کھٹراگ چھوڑ کر اور سپنے کے سنسار کی مایا توڑ کر گوکل اور بندرا بن کی سیر کرتی ہے . وہ کنج بنوں اور کنج گلیوں میں گھومتی ہے . وہ کنھیا کی بنسی دھن سننا چاہتی ہے . وہ اب منشیہ نہیں ، بھگوان سے پریت کا رشتہ جوڑنا چاہتی ہے . مگر کنھیا کیا سہج ملنے والا ہے ؟ اُسنے تو برج کی گوپیوں کو رلا رلا کر ہلاکان کر ڈالا . ویوگ کے اِس اِمتحان میں اب یہ نئی گوپی بھی اُتری ہے. صبح ہوتی ہے ، سورج نکلتا ہے . شام ہوتی ہے ، دن ڈھلتا ہے . مگر اِس نئی گوپی کو بھی کنھیا کا پیغام نہیں ملتا—

تڑپ تڑپ کر بھور ہوئی ،
پر نا آیا پیغام ، کنھیا اُجڑ چلا من گرام !
بادل گرجے بجلی چمکے ،
اُٹھی گھٹائیں شیام ، کنھیا اُجڑ چلا من گرام !
آنکھ میں آنسو ، کسک ہردئے میں ،
بھر آئی ہے شام ، کنھیا اُجڑ چلا من گرام !

برسات کا موسم ہے . کجرارے بادل چاروں اور چھائے ہوئے ہیں . اُنہیں آنکھ بھر کر دیکھتی ہوئی ویوگن کہتی ہے—

گھٹائیں گھر آئیں گھنگھور ،
ہوائیں چلتی ہیں پرشور .
مست پپیہا ، بے سدھ کویل ،
اور پاگل ہے مور ، گھٹائیں گھر آئیں گھنگھور !
بجلی چمکے بادل برسے ،
آن ملو چت چور ، گھٹائیں گھر آئیں گھنگھور !

آخیر میں اِس نئی گوپی کی تپسیا اپنا پھل لاتی ہے اور بندرابن کے کنج بن سے ، یمونا کے تٹ سے ، کدمب کے بٹ سے ویوگن کے کانوں میں چت چور کنھیا کی بانسری کی دھن سنائی پڑتی ہے—

برسات کا یہ موسم ، یہ نیلگوں گھٹائیں ،
یہ باغ و بن کا عالم ، یہ گلفشاں فضائیں ،

यह रसभरी हवाएँ.
यह रंगो बू के तूफ़ाँ, यह बिरज के नज़ारे,
यह जलती खियाबाँ, जमुना के यह किनारे,
यह स्वप्न प्यारे-प्यारे.
यह कोयलों की कू-कू, यह मोर की सदाएँ,
यह नाज़नीने आहू, और यह ग़रीब गाएँ,
यह नशाग़ूँ फ़िज़ाएँ.
सब्ज़ा निखर रहा है, वादी महक रही है,
नशा बिखर रहा है, बुलबुल चहक रही है,
फ़ितरत बहक रही है.
यह कौन इस समय में, बंसी बजा रहा है,
इस दर्जा मस्त लय में, उल्फ़त लुटा रहा है,
नरमे बहा रहा है.
शायद कोई रिशी है, सन्यास की लगन में,
शायद कोई मुनी है, मसरूफ़ कीर्तन में,
तौहीद के भजन में.
हाँ, आओ पास चलकर, पूछें कि नाम क्या है,
तलवों से आँखें मलकर, पूछें कि काम क्या है,
उसका पयाम क्या है.
ठहरो ज़रा निगाहें, पहचानती हैं उसको,
फ़ितरत की जलवागाहें, सब जानती हैं उसको,
और मानती हैं उसको.
हाँ-हाँ ये बन्सी वाला, चूकी नज़र हमारी,
यह बिरज का ग्वाला, है नन्द का मुरारी,
और आर्ज़ू हमारी.
बंसी में से परीशाँ, नरमे मचल रहे हैं,
या सैंकड़ों गुलिस्ताँ, करवट बदल रहे हैं,
और फूल उगल रहे हैं.

सावन और वर्षा जिस तरह से प्रियतमा और वियोगनों को वियोग में व्याकुल कर देती हैं उसी तरह वह नव विवाहता वधू को अपने मैके और अपने माँ बाप की याद में भर देती हैं. ग़रीबों की इस दुनिया में चक्की की सदा पर गाँव की एक दुल्हन वियोग का गीत गाती है. उस कसक भरे तराने को सुनकर शायर कहता है—

सुनो यह कैसी आवाज़ आ रही है,
कोइ गाँव की लड़की गा रही है.
सेहर के धुँधले-धुँधले मन्ज़रों को,
शराबे नरमा पिला रही है.
उठी है शायद आटा पीसने को,
कि चक्की की सदा भी आ रही है.
ग़मों से चूर अपने नन्हे दिल को,
तराना छेड़ कर बहला रही है.

یہ رس بھری ہوائیں .
یہ رنگ و بو کے طوفاں، یہ برج کے نظارے،
یہ جلتی خیاباں، جمنا کے یہ کنارے،
یہ سو پن پیارے پیارے .
یہ کویلوں کی کو کو، یہ مور کی صدائیں،
یہ نازنین آہو، اور یہ غریب گائیں،
یہ نشہ گیں فضائیں .
سبزہ نکھر رہا ہے، وادی مہک رہی ہے،
نشہ بکھر رہا ہے، بلبل چہک رہی ہے،
فطرت بہک رہی ہے .
یہ کون اس سمے میں، بنسی بجا رہا ہے،
اِس درجہ مست لے میں، الفت لٹا رہا ہے،
نغمے بہا رہا ہے .
شاید کوئی رشی ہے، سنیاس کی لگن میں،
شاید کوئی منی ہے، مصروف کیرتن میں،
توحید کے بھجن میں .
ہاں، آؤ پاس چل کر، پوچھیں کہ نام کیا ہے،
تلووں سے آنکھیں مل کر، پوچھیں کہ کام کیا ہے،
اُسکا پیام کیا ہے .
ٹھہرو ذرا نگاہیں، پہچانتی ہیں اُسکو،
فطرت کی جلوہ گاہیں، سب جانتی ہیں اُسکو،
اور مانتی ہیں اُسکو .
ہاں ہاں یہ بنسی والا، چوکی نظر ہماری،
یہ برج کا گوالا، ہے نند کا مراری،
اور آرزو ہماری .
بنسی میں سے پریشاں، نغمے مچل رہے ہیں،
یا سینکڑوں گلستاں، کروٹ بدل رہے ہیں،
اور پھول اُگل رہے ہیں .

ساون اور ورشا جس طرح سے پریتما اور ویوگنوں کو ویوگ میں ویاکل کر دیتی ہیں اُسی طرح وہ نو وواہتا بدھو کو اپنے میکے اور اپنے ماں باپ کی یاد میں بھر دیتی ہیں . غریبوں کی اِس دنیا میں چکی کی صدا پر گاؤں کی ایک دلہن ویوگ کا گیت گاتی ہے . اُس کسک بھرے ترانے کو سن کر شاعر کہتا ہے—

سنو یہ کیسی آواز آرہی ہے،
کوئی گاؤں کی لڑکی گا رہی ہے.
سحر کے دھندلے دھندلے منظروں کو،
شراب نغمہ پلا رہی ہے .
اُٹھی ہے شاید آٹا پیسنے کو،
کہ چکی کی صدا بھی آرہی ہے .
غموں سے چور اپنے ننھے دل کو،
ترانہ چھیڑ کر بہلا رہی ہے .

क़िला पर, बस्तियों पर, जंगलों पर,
धुआँधार एक बदली छा रही है.
छमाछम मेंह की बूँदें पड़ रही हैं,
कि सावन की परी कुछ गा रही है.
यह बादल हैं कि हैं सावन के सपने ?
हवा जिनको उड़ाकर ला रही है.
यह बिजली है कि इक मरमर की नागिन ?
धुएँ के झील पर लहरा रही है.
यह बूँदें हैं कि बिजली आसमाँ से ?
सितारे तोड़कर बरसा रही है.
मगर वह रामज़दा मासूम लड़की,
बराबर गीत गाए जा रही है.
यह घर सुसराल होगा शायद इसका,
जभी माँ-बाप की सुध आ रही है.
जभी मसरूफ़ है आहो फ़ुग़ाँ में,
जभी ग़मगीन लय में गा रही है.
और वह गाँव की दुलहन क्या गा रही है ?—
यह बरखा रुत भी बीती जा रही है !
हवा जो गाँव को महका रही है,
मेरे मैके से शायद आ रही है.
घटा की ऊदी-ऊदी चुनरियों से,
मेरी सखियों की बू-बास आ रही है.
मुझे लेने न आए अच्छे बादल,
तुम्हारी याद आफ़त ढा रही है.
मेरी अम्माँ को हो इसकी ख़बर क्या,
कि 'चम्पा' इस जगह घबरा रही है.
न ली भैया ने भी सुध-बुध हमारी,
जहाँ से चाह उठती जा रही है.
भला क्योंकर थमें आँसू कि जी पर,
उदासी की बदरिया छा रही है.
गया पेंगें बढ़ाने का ज़माना,
वह अमरुयों पै कोयल गा रही है.
योंही वह अपनी ग़मगीं रागिनी से,
दरो दीवार को तड़पा रही है.

सावन इसी तरह आता है और आता रहेगा. साजन की वियोगन और माँ-बिछुड़ी बेटी को वह युगों से इसी प्रकार तड़पाता रहा है और तड़पाता रहेगा. कालिदास से लेकर तुलसीदास तक और हफ़ीज़ जलन्धरी से लेकर इन्द्रजीत तक नए और पुराने शायरों के मन को वह इसी तरह ग़म और वियोग के हिंडोले में झुलाता रहा है. सीता के वियोग पर रामचन्द्र जी की व्यथा का वर्णन तुलसीदास ने भरी बरसात के पट पर कितनी मार्मिकता से किया है. बरसात कवियों और शायरों को लुभाती रही है और हमेशा लुभाती रहेगी.

فضا پر، بستیوں پر، جنگلوں پر،
دھواں دھار ایک بدلی چھا رہی ہے.
چھما چھم مینہ کی بوندیں پڑ رہی ہیں،
کہ ساون کی پری کچھ گا رہی ہے.
یہ بادل ہیں کہ ہیں ساون کے سپنے ؟
ہوا جن کو اُڑا کر لا رہی ہے.
یہ بجلی ہے کہ اک مرمر کی ناگن ؟
دھوئیں کے جھیل پر لہرا رہی ہے.
یہ بوندیں ہیں کہ بجلی آسماں سے ؟
ستارے توڑ کر برسا رہی ہے.
مگر وہ غمزدہ معصوم لڑکی،
برابر گیت گائے جا رہی ہے.
یہ گھر سسرال ہوگا شاید اُسکا،
جبھی ماں باپ کی سدھ آ رہی ہے.
جبھی مصروف ہے آہ و فغاں میں،
جبھی غمگین لے میں گا رہی ہے.
اور وہ گاؤں کی دلہن کیا گا رہی ہے ؟—
یہ برکھا رت بھی بیتی جا رہی ہے !
ہوا جو گاؤں کو مہکا رہی ہے،
مرے میکے سے شاید آ رہی ہے.
گھٹا کی اُودی اُودی چنریوں سے،
میری سکھیوں کی بو باس آ رہی ہے.
مجھے لینے نہ آئے اچھے بادل،
تمہاری یاد آفت ڈھا رہی ہے.
میری اماں کو ہو اِسکی خبر کیا،
کہ 'چمپا' اِس جگہ گھبرا رہی ہے.
نہ لی بھیا نے بھی سدھ بدھ ہماری،
جہاں سے چاہ اُٹھتی جا رہی ہے.
بھلا کیونکر تھمیں آنسو کہ جی پر،
اُداسی کی بدریا چھا رہی ہے.
گیا پینگیں بڑھانے کا زمانہ،
وہ امریوں پر کویل گا رہی ہے.
یونہی وہ اپنی غمگیں راگنی سے،
در و دیوار کو تڑپا رہی ہے.

ساون اِسی طرح آتا ہے اور آتا رہے گا. ساجن کی ویوگن اور ماں بچھڑی بیٹی کو وہ یگوں سے اِسی پرکار تڑپاتا رہا ہے اور تڑپاتا رہیگا. کالیداس سے لے کر تلسی داس تک اور حفیظ جالندھری سے لے کر اندرجیت تک نئے اور پرانے شاعروں کے من کو وہ اِسی طرح غم اور ویوگ کے ہنڈولے میں جھلاتا رہا ہے. سیتا کے ویوگ پر رامچندر جی کی ویتھا کا ورنن تلسی داس نے بھری برسات کے پٹ پر کتنی مارمکتا سے کیا ہے. برسات کویوں اور شاعروں کو لبھاتی رہی ہے اور ہمیشہ لبھاتی رہیگی.

ऐटमी जंग के खिलाफ़ साइन्सदानों की अपील.

9 जुलाई सन् 55 को जनता और अखबारों के प्रतिनिधियो से खचाखच भरे हुए लन्दन के एक हाल में इंगलैन्ड के बयासी बरस की उमर के मशहूर फ़िलासफ़र श्री बरट्रेन्ड रसल ने अपनी और दुनिया के बड़े से बड़े साइन्सदानों की तरफ़ से दुनिया की सब शक्तिशाली सरकारों के नाम एक ऐलान पढ़कर सुनाया. जिन साइन्सदानों के उस ऐलान पर दस्तखत थे उनमें सबसे बड़ा नाम प्रोफ़ेसर आइन्सटाइन का है. प्रोफ़ेसर आइन्सटाइन ने 18 अपरैल सन् 1955 को अपनी मौत से ठीक पहले इस ऐलान पर दस्तखत किये थे. ऐलान के खास खास वाक्य यह हैं :—

"हम आप से इस क़ौम या उस क़ौम, इस महाद्वीप या उस महाद्वीप, या इस मजहब या उस मजहब के आदमियों की हैसियत से बात नहीं कर रहे हैं. हम साइन्स के सेवक हैं और केवल मनुष्यों की हैसियत से, उस इनसानी नसल के लोगों की हैसियत से जिसका रहना न रहना इस समय खतरे में है, आप से बात कर रहे हैं.

"इसमें कोई शक नहीं कि हाइड्रोजिन बमों की लड़ाई में बड़े बड़े शहर बिलकुल मिट जायंगे. पर यह तो एक बहुत छोटी सी दुर्घटना होगी जिसका हमें सामना करना पड़ेगा. अगर लन्दन, न्युयार्क और मास्को के सब लोग खतम हो जायं तब भी हो सकता है कि कुछ सदियों के अन्दर दुनिया फिर इस सदमे से पनप जावे.

"पर खासकर बीकीनी के तजरबे के बाद हमें यह मालूम है कि इस तरह के बमों से जितनी दूर तक हमने सोच रखा था उससे अब कहीं ज्यादा दूर तक तबाही फैल सकती है.

"सब जानने वालों की राय है और सब एक आवाज से कहते हैं कि हाइड्रोजिन बमों की लड़ाई से बहुत मुमकिन है कि इनसानी नसल ही हमेशा के लिये खतम हो जावे.

ایٹمی جنگ کے خلاف سائنس دانوں کی اپیل

9 جولائی سن 55' کو جنتا اور اخباروں کے پرتی ندھیوں سے کھچا کھچ بھرے ہوے لندن کے ایک ہال میں انگلینڈ کے بیاسی برس کی عمر کے مشہور فلاسفر شری برٹرینڈ رسل نے اپنی اور دنیا کے بڑے سے بڑے سائنسدانوں کی طرف سے دنیا کی سب شکتی شالی سرکاروں کے نام ایک اعلان پڑھکر سنایا . جن سائنسدانوں کے اُس اعلان پر دستخط تھے اُن میں سب سے بڑا نام پروفیسر آئنسٹائن کا ہے . پروفیسر آئنسٹائن نے 18 اپریل سن 1955 کو اپنی موت سے ٹھیک پہلے اس اعلان پر دستخط کئے تھے . اعلان کے خاص خاص واکیہ یہ ہیں :—

"ہم آپ سے اِس قوم یا اُس قوم' اِس مہادیپ یا اُس مہادیپ' یا اِس مذہب یا اُس مذہب کے آدمیوں کی حیثیت سے بات نہیں کر رہے ہیں . ہم سائنس کے سیوک ہیں اور کیول منشیوں کی حیثیت سے' اُس انسانی نسل کے لوگوں کی حیثیت سے جس کا رہنا نہ رہنا اِس سمے خطرے میں ہے' آپ سے بات کر رہے ہیں .

"اِس میں کوئی شک نہیں کہ ہائڈروجن بموں کی لڑائی میں بڑے بڑے شہر بالکل مٹ جاوینگے . پر یہ تو ایک بہت چھوٹی سی دُرگھٹنا ہوگی جس کا ہمیں سامنا کرنا پڑیگا . اگر لندن' نیویارک اور ماسکو کے سب لوگ ختم ہو جائیں تب بھی ہو سکتا ہے کہ کچھ صدیوں کے اندر دنیا پھر اِس صدمہ سے پنپ جاوے .

"پر خاص کر بیکینی کے تجربہ کے بعد ہمیں یہ معلوم ہے کہ اِس طرح کے بموں سے جتنی دور تک ہم نے سوچ رکھا تھا اُس سے اب کہیں زیادہ دور تک تباہی پھیل سکتی ہے .

"سب جاننے والوں کی رائے ہے اور سب ایک آواز سے کہتے ہیں کہ ہائڈروجن بموں کی لڑائی سے بہت ممکن ہے کہ انسانی نسل ہی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے .

इस बात का डर है कि अगर बहुत से हाइड्रोजिन बम इस्तेमाल किये गए तो सब आदमी मर जायंगे—उनमें से थोड़े से फ़ौरन् मरकर छूट जायंगे और बाक़ी अधिकतर तरह तरह की बीमारियों से गल गल कर धीरे धीरे बड़ी तकलीफ़ों के साथ मरेंगे. इस बारे में जो लोग सबसे अधिक जानकार हैं वही सबसे अधिक दुखी और निराश हैं.

"दुनिया के आम लोग इस बात को पूरी तरह समझ भी नहीं सकते कि वह ख़ुद और उनके सब सगे सम्बन्धी जिन्हें वह प्यार करते हैं इस ख़तरे में हैं कि वह सबके सब रित रित कर बड़ी तकलीफ़ों के साथ मरें और यह ख़तरा उनकी बिलकुल आँखों के सामने है.

"हम दुनिया को आगाह करना चाहते हैं कि यह आशा करना कि जंग में अगर ऐटम बम और हाइड्रोजिन बम जैसे नए हथियारों पर बंदिश लगा दी गई तो सम्भव है कि दुनिया बाक़ी रह जावे, बहुत बड़ा धोका है. यदि किसी तरह भी एकबार जंग शुरू हो गई तो इस तरह की बंदिश किसी को भी नहीं रोक सकेगी और जंग के छिड़ते ही दोनों तरफ़ के लोग हाइड्रोजिन बम तैयार करना शुरु कर देंगे.

"हम बहुत अच्छी सनद के साथ कह सकते हैं कि जिस तरह के बम ने हीरोशिमा के पूरे शहर को मिटा दिया था उससे अब ढाई हज़ार गुना अधिक शक्ति वाला बम तैयार किया जा सकता है.

"इस तरह का बम अगर कहीं भी ज़मीन के ऊपर या पानी के अन्दर फटा तो सारी ज़मीन के ऊपर की हवा में उससे रेडियो ऐक्टिव परमाणु भर जायंगे. वहां से फिर वह धीरे धीरे एक ऐसी गर्द या बारिश के रूप में ज़मीन पर उतरेंगे जो सबको मार कर ख़तम कर देगी. यही गर्द थी जिसने जापानी मछियारों और उनकी पकड़ी हुई मछलियों को सड़ाकर ख़तम कर दिया था.

"इस बात को ध्यान में रखते हुए कि भविष्य की किसी भी जंग में ऐटम बम और हाइड्रोजिन बम जैसे हथियार ज़रूर काम में लाए जायंगे और इस बात को भी जानते बूझते हुए कि इस तरह के हथियारों से सारी इनसानी नसल के ख़तम हो जाने का डर है, हम दुनिया की सरकारों पर ज़ोर देते हैं कि वह इस बात को समझें और खुले इसे स्वीकार करें कि किसी भी आलमगीर जंग से उनका कोई मतलब या उनकी कोई ग़रज़ पूरी नहीं हो सकती. इसीलिये हम दुनिया की सरकारों पर ज़ोर देते हैं कि उनके एक दूसरे के साथ जो भी झगड़े बाक़ी हैं उन सबको तय करने के लिये वह शान्ति के तरीक़े ही काम में लाएँ.

"हम इनसानों की हैसियत से सब इनसानों से अपील करते हैं कि आप अपनी इनसानियत को याद रखिये और

اِس بات کا ڈر ہے کہ اگر بہت سے ہائڈروجن بم استعمال کئے گئے تو سب آدمی مر جائینگے—اُن میں سے تھوڑے سے فوراً مر کر چھوٹ جاوینگے اور باقی ادھک تر طرح طرح کی بیماریوں سے گل گل کر دھیرے دھیرے بڑی تکلیفوں کے ساتھ مرینگے۔ اِس بارے میں جو لوگ سب سے ادھک جانکار ہیں وہی سب سے ادھک دکھی اور نراش ہیں۔

"دنیا کے عام لوگ اِس بات کو پوری طرح سمجھ بھی نہیں سکتے کہ وہ خود اور اُن کے سب سگے سمبندھی جنہیں وہ پیار کرتے ہیں اِس خطرے میں ہیں کہ وہ سب کے سب رت رت کر بڑی تکلیفوں کے ساتھ مریں اور یہ خطرہ اُن کی بالکل آنکھوں کے سامنے ہے۔

"ہم دنیا کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ یہ آشا کرنا کہ جنگ میں اگر ایٹم بم اور ہائڈروجن بم جیسے نئے ہتھیاروں پر بندش لگادی گئی تو سمبھو ہے کہ دنیا باقی رہ جاوے' بہت بڑا دھوکا ہے۔ یدی کسی طرح بھی ایک بار جنگ شروع ہو گئی تو اِس طرح کی بندش کسی کو بھی نہیں روک سکے گی اور جنگ کے چھڑتے ہی دونوں طرف کے لوگ ہائڈروجن بم تیار کرنا شروع کر دینگے۔

"ہم بہت اچھی سند کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ جس طرح کے بم نے ہیروشیما کے پورے شہر کو مٹا دیا تھا اُس سے اب ڈھائی ہزار گنا ادھک شکتی والا بم تیار کیا جا سکتا ہے۔

"اِس طرح کا بم اگر کہیں بھی زمین کے اوپر یا پانی کے اندر پھٹا تو ساری زمین کے اوپر کی ہوا میں اُس سے ریڈیو ایکٹیو پرمانو بھر جائینگے۔ وہاں سے پھر وہ دھیرے دھیرے ایک ایسی گرد یا بارش کے روپ میں زمین پر اُترینگے جو سب کو مار کر ختم کر دیگی۔ یہی گرد تھی جس نے جاپانی مچھیاروں اور اُن کی پکڑی ہوئی مچھلیوں کو سڑا کر ختم کر دیا تھا۔

"اِس بات کو دھیان میں رکھتے ہوئے کہ بھوشیہ کی کسی بھی جنگ میں ایٹم بم اور ہائڈروجن بم جیسے ہتھیار ضرور کام میں لائے جائینگے اور اِس بات کو بھی جانتے بوجھتے ہوئے کہ اِس طرح کے ہتھیاروں سے ساری انسانی نسل کے ختم ہو جانے کا ڈر ہے' ہم دنیا کی سرکاروں پر زور دیتے ہیں کہ وہ اِس بات کو سمجھیں اور کھلے اِسے سویکار کریں کہ کسی بھی عالمگیر جنگ سے اُن کا کوئی مطلب یا اُن کی کوئی غرض پوری نہیں ہو سکتی۔ اِسی لئے ہم دنیا کی سرکاروں پر زور دیتے ہیں کہ اُن کے ایک دوسرے کے ساتھ جو بھی جھگڑے باقی ہیں اُن سب کو طے کرنے کے لئے وہ شانتی کے طریقے ہی کام میں لائیں۔

"ہم انسانوں کی حیثیت سے سب انسانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ آپ اپنی انسانیت کو یاد رکھئے اور

बाक़ी सब बातें भूल जाइये. अगर आप ऐसा कर सकें तो एक नए स्वर्ग के लिये दरवाज़ा आपके सामने खुला हुआ है. अगर आप यह नहीं कर सकते तो सारी इनसानी नसल की मौत का डर आपके सामने है.

"यही साफ़ और दर्दनाक सवाल हम आपके सामने रख रहे हैं. दुनिया इस सवाल से बच नहीं सकती. सवाल यह है कि हम इनसानी नसल को खतम कर देंगे या हम मिलकर जंग को हमेशा के लिये छोड़ देंगे ?"

श्री बरट्रेन्ड रसल ने 9 जुलाई को लन्दन के उस जलसे में कहा कि वह उसी दिन ऊपर के इस ऐलान की कापियां रूस, अमरीका, चीन, कनेडा, फ्रान्स और इंगलैंड की सरकारों के मुखियों के पास भेज चुके थे.

ऐलान के साथ एक एक चिट्ठी थी जिसमें इन सरकारों के मुखियों से और भी जोरदार शब्दों में अपील की गई है कि वह खुले इस ऐलान का जवाब दें क्योंकि "इससे ज्यादा गहरा सवाल आज तक कभी इनसानी नसल के सामने नहीं आया."

ऐलान की कापियां एशिया और योरप सब जगह के बड़े बड़े साइन्सदानों के पास भी भेजी गई हैं.

प्रोफ़ेसर आइन्सटाइन और श्री बरट्रेंड रसल के अलावा दुनिया के जिन और बड़े बड़े साइन्सदानों के इस ऐलान पर दस्तख़त हैं वह यह हैं :—

(1) प्रोफ़ेसर पी. डबलू. ब्रिजमैन, अमरीका की हारवर्ड यूनीवर्सिटी के प्रोफ़ेसर जिन्हें फ़िज़िक्स में नोबुल प्राइज़ मिल चुका है.

(2) प्रोफ़ेसर एल. इनफ़ेल्ड, वारसा यूनीवर्सिटी के प्रोफ़ेसर, जिन्होंने प्रोफ़ेसर आइन्सटाइन के साथ मिल कर "दी एवोल्यूशन आफ़ फ़िज़िक्स ऐन्ड आफ़ दी प्राबलम आफ़ मोशन" नाम की मशहूर किताब लिखी है.

(3) प्रोफ़ेसर जे. मूलर, जो मास्को और भारत में दोनों जगह प्रोफ़ेसर रह चुके हैं और अब अमरीका की इन्डियाना यूनीवर्सिटी में प्रोफ़ेसर हैं. इन्हें भी फ़िज़ियालोजी और मेडिसिन में नोबुल प्राइज़ मिल चुका है.

(4) प्रोफ़ेसर सी. एफ़. पावल, ब्रिस्टल यूनीवर्सिटी के प्रोफ़ेसर, इन्हें भी फ़िज़िक्स में नोबुल प्राइज़ मिल चुका है.

(5) लन्दन यूनीवर्सिटी के फ़िज़िक्स के प्रोफ़ेसर जाफ़ राथलैट.

(6) प्रोफ़ेसर हाई की योकावा, जो जापान की क्योतो यूनीवर्सिटी में प्रोफ़ेसर हैं, इन्हें भी फ़िज़िक्स में नोबुल प्राइज़ मिल चुका है.

और (7) फ्रांस के मशहूर प्रोफ़ेसर फ़रैडरिक जूलियो क्युरी.

باقی سب باتیں بھول جائیے۔ اگر آپ ایسا کر سکیں تو ایک نئے سورگ کے لئے دروازہ آپکے سامنے کھلا ہوا ہے ۔ اگر آپ یہ نہیں کر سکتے تو ساری انسانی نسل کی موت کا ڈر آپکے سامنے ہے ۔

"یہی صاف اور دردناک سوال ہم آپکے سامنے رکھ رہے ہیں ۔ دنیا اس سوال سے بچ نہیں سکتی ۔ سوال یہ ہے کہ ہم انسانی نسل کو ختم کر دینگے یا ہم ملکر جنگ کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ دینگے ؟"

شری برٹرینڈ رسل نے 9 جولائی کو لندن کے اُس جلسے میں کہا کہ وہ اُسی دن اوپر کے اِس اعلان کی کاپیاں روس، امریکہ، چین، کنیڈا، فرانس اور انگلینڈ کی سرکاروں کے مکھیوں کے پاس بھیج چکے تھے ۔

اعلان کے ساتھ ایک ایک چٹھی تھی جس میں اِن سرکاروں کے مکھیوں سے اور بھی زوردار شبدوں میں اپیل کی گئی ہے کہ وہ کھلے اِس اعلان کا جواب دیں کیونکہ "اِس سے زیادہ گہرا سوال آج تک کبھی انسانی نسل کے سامنے نہیں آیا ۔"

اعلان کی کاپیاں ایشیا اور یورپ سب جگہ کے بڑے بڑے سائنس دانوں کے پاس بھیجی گئی ہیں ۔

پروفیسر آئنسٹائین اور شری برٹرینڈ رسل کے علاوہ دنیا کے جن اور بڑے بڑے سائنسدانوں کے اِس اعلان پر دستخط ہیں وہ یہ ہیں :—

(1) پروفیسر پی. ڈبلو. برج مین، امریکہ کی ہارورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر جنھیں فزکس میں نوبل پرائز مل چکا ہے ۔

(2) پروفیسر ایل ۔ اِنفلڈ، وارسا یونیورسٹی کے پروفیسر جنھوں نے پروفیسر آئنسٹائن کے ساتھ ملکر "دی ایوولیوشن آف فزکس اینڈ آف دی پرابلم آف موشن" نام کی مشہور کتاب لکھی ہے ۔

(3) پروفیسر جے ۔ مولر، جو ماسکو اور بھارت میں دونوں جگہ پروفیسر رہ چکے ہیں اور اب امریکہ کی انڈیانا یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں ۔ اُنھیں بھی فزیالوجی اور میڈیسن میں نوبل پرائز مل چکا ہے ۔

(4) پروفیسر سی. ایف. پاول، برسٹل یونیورسٹی کے پروفیسر، اِنھیں بھی فزکس میں نوبل پرائز مل چکا ہے ۔

(5) لندن یونیورسٹی کے فزکس کے پروفیسر جافر رائٹ لیٹ ۔

(6) پروفیسر ہائی کی یوکاوا، جو جاپان کی کیوتو یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں ۔ اِنھیں بھی فزکس میں نوبل پرائز مل چکا ہے ۔

اور (7) فرانس کے مشہور پروفیسر فریڈرک جولیو کیوری ۔

श्री बरट्रेंड रसल ने कहा कि "प्रोफेसर .फ्रैडरिक जूलियो क्युरी के दस्तखतों से मुझे खास तौर पर खुशी हुई क्योंकि वह एक मशहूर कम्युनिस्ट हैं." प्रोफेसर .फ्रैडरिक जूलियो क्युरी वर्ल्ड पीस कौंसिल के यानी दुनिया भर की शान्ति परिषद् के सदर हैं और दुनिया से जंग को खतम करने और शान्ति क़ायम करने के सबसे बड़े कोशिश करने वालों में से हैं.

प्रोफेसर आइन्सटाइन के दस्तखतों पर भी खास खुशी जाहिर करते हुए श्री बरट्रेंड रसल ने कहा कि इस ऐलान पर दस्तखत करना प्रोफेसर आइन्सटाइन की जिन्दगी का सबसे आखिरी काम था और उन्होंने मुझे लिखा कि "वह इस ऐलान के एक एक शब्द से सहमत हैं."

श्री बरट्रेंड रसल ने यह भी कहा कि यह ऐलान साइन्सदानों की तरफ़ से केवल पहला क़दम है. उनका इरादा है कि इसके बाद सब देशों और सब क़ौमों के साइन्सदानों की एक कानफ़रेंस की जावे जिसमें दस्तखत करने वालों की तरफ़ से इस तरह का प्रस्ताव पेश किया जावे. उन्होंने यह भी कहा कि "अब एक बहुत बड़े पैमाने पर आम जनता में इसके लिये आन्दोलन करना आवश्यक है." पर इस तरह के आन्दोलन का श्रीगणेश वह साइन्सदानों से ही कराना चाहते हैं. उन्होंने यह भी कहा कि :—"दुनिया की जनता की राय का असर अमरीका की सरकार पर भी पड़ा है और वह समझदारी की बात करने लगी है. मेरा ख्याल है कि अगर अमरीका की आम जनता पर इतना अच्छा असर न होता तो पूरबी एशिया की समस्याओं को हल करने में अमरीका की सरकार अब तक कुछ ऐसी ग़लतियां कर बैठी होती जो बरबादकुन होतीं."

सारी दुनिया के अमन पसन्द लोगों के साथ मिलकर हम साइन्सदानों के इस ऐलान और इस अपील का दिल से स्वागत करते हैं. ऐटम बमों और हाइड्रोजिन बमों की ईजाद और दुनिया के पढ़े लिखे और समझदार समझे जाने वाले लोगों का उन्हें दुनिया की जनता पर इस्तेमाल करने की सोचना और बार बार धमकी देना इस बात को दिखा रहा है कि हमारी आजकल की सभ्यता नैतिक यानी इख़लाक़ी निगाह से कितनी नीचे गिर चुकी है. हमें विश्वास है कि दुनिया की आम जनता के अन्दर जिस आन्दोलन की श्री बरट्रेंड रसल ने चरचा की है उसे जब भी दुनिया के साइन्सदां शुरु करेंगे दुनिया की जनता और हमारे देश की जनता उसमें पूरा पूरा सहयोग देगी. दुनिया के साइन्सदानों का यह ऐलान साइन्स के ऊपर से सबसे बड़े कलंक को धो देने वाला और साइन्स और साइन्सदानों की इज्ज़त और उनकी कीर्ति को सैकड़ों गुना बढ़ा देने वाला है. दुनिया की आजकल की सबसे बड़ी मुसीबत में यह ऐलान

شری برٹرینڈ رسل نے کہا کہ "پروفیسر فریڈرک جولیوکیوری کے دستخطوں سے مجھے خاص طور پر خوشی ہوئی کیونکہ وہ ایک مشہور کمیونسٹ ہیں۔" پروفیسر فریڈرک جولیو کیوری ورلڈ پیس کونسل کے یعنی دنیا بھر کی شانتی پریشد کے صدر ہیں اور دنیا سے جنگ کو ختم کرنے اور شانتی قائم کرنے کے سب سے بڑے کوشش کرنے والوں میں سے ہیں۔

پروفیسر آئنسٹائن کے دستخطوں پر بھی خاص خوشی ظاہر کرتے ہوئے شری برٹرینڈ رسل نے کہا کہ اِس اعلان پر دستخط کرنا پروفیسر آئنسٹائن کی زندگی کا سب سے آخری کام تھا اور اُنہوں نے مجھے لکھا کہ "وہ اِس اعلان کے ایک ایک شبد سے سہمت ہیں۔"

شری برٹرینڈ رسل نے یہ بھی کہا کہ یہ اعلان سائنس دانوں کی طرف سے کیول پہلا قدم ہے۔ اُن کا ارادہ ہے کہ اِس کے بعد سب دیشوں اور سب قوموں کے سائنس دانوں کی ایک کانفرنس کی جاوے جس میں دستخط کرنے والوں کی طرف سے اِس طرح کا پرستاؤ پیش کیا جاوے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ "اب ایک بہت بڑے پیمانے پر عام جنتا میں اِس کے لئے آندولن کرنا آوشیک ہے۔" پر اِس طرح کے آندولن کا شری گنیش وہ سائنس دانوں سے ہی کرانا چاہتے ہیں۔ اِنہوں نے یہ بھی کہا کہ:—"دنیا کی جنتا کی رائے کا اثر امریکہ کی سرکار پر بھی پڑا ہے اور وہ سمجھداری کی بات کرنے لگی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر امریکہ کی عام جنتا پر اتنا اچھا اثر نہ ہوتا تو پوربی ایشیا کی سمسیاؤں کو حل کرنے میں امریکہ کی سرکار اب تک کچھ ایسی غلطیاں کر بیٹھی ہوتی جو برباد کن ہوتیں۔"

ساری دنیا کے امن پسند لوگوں کے ساتھ ملکر ہم سائنس دانوں کے اِس اعلان اور اِس اپیل کا دل سے سواگت کرتے ہیں۔ ایٹم بموں اور ہائڈروجن بموں کی ایجاد اور دنیا کے پڑھے لکھے اور سمجھدار سمجھے جانے والے لوگوں کا اُنہیں دنیا کی جنتا پر استعمال کرنے کی سوچنا اور بار بار دھمکی دینا اِس بات کو دکھا رہا ہے کہ ہماری آجکل کی سبھیتا نیتک یعنی اخلاقی نگاہ سے کتنی نیچے گر چکی ہے۔ ہمیں وشواس ہے کہ دنیا کی عام جنتا کے اندر جس آندولن کی شری برٹرینڈ رسل نے چرچا کی ہے اُسے جب بھی دنیا کے سائنس داں شروع کرینگے دنیا کی جنتا اور ہمارے دیش کی جنتا اُس میں پورا پورا سہیوگ دے گی۔ دنیا کے سائنس دانوں کا یہ اعلان سائنس کے اوپر سے سب سے بڑے کلنک کو دھو دینے والا اور سائنس اور سائنس دانوں کی عزت اور اُن کی کیرتی کو سینکڑوں گنا بڑھا دینے والا ہے۔ دنیا کی آجکل کی سب سے بڑی مصیبت میں یہ اعلان

प्रेम और अहिंसा के उन उपदेशों की गूँज मालूम होता है जो महात्मा बुद्ध से लेकर गाँधी जी तक संसार के अनेक सच्चे मार्ग दर्शक दुनिया को देते रहे हैं. हम आशा करते हैं कि दुनिया की सरकारें साइन्सदानों की इस अपील पर पूरा पूरा ध्यान देंगी. इनसानी नसल के भले और उसकी सलामती के नाम पर हम चाहते हैं कि यह अपील पूरी तरह सफल हो.

13-7-55 —सुन्दरलाल

गोआ का सत्याग्रह और उससे सबक़

आज भी दुनिया में इस तरह के लोग मौजूद हैं जो दूसरों की राजकाजी या क़ौमी आज़ादी के हक़ को स्वीकार नहीं करते ! क़ौमों की आज़ादी के हक़ के ख़िलाफ़ लड़ना आज ऐसा ही है जैसा क़ुदरत के अटल क़ानूनों से लड़ना या आँधी से भिड़ना. पर तुच्छ और तात्कालिक स्वार्थ हमें अन्धा कर देता है. छोटा सा पुर्तगाल शायद इस मामले में लड़ने की हिम्मत न करता लेकिन दुनिया के साम्राज-वादियों यानी दूसरों को ग़ुलाम रखने की इच्छा रखने वालों का गुट्ट अभी टूटा नहीं है. क़ुदरत के क़ानूनों या इतिहास की शक्तियों को कोई उलट नहीं सकता. पर पुर्तगाल के इस रुख़ का यह मतलब ज़रूर है कि अपनी अपनी और दुनिया की आज़ादी चाहने वालों को अभी कुछ और क़ुरबानियां करनी होंगी.

ज़ाहिर है कोई भारतवासी ऐसा नहीं हो सकता जिसे गोआ के सत्याग्रह के साथ पूरी हमदर्दी न हो. उन वीरों को जो गोआ के पवित्र और शानदार सत्याग्रह में शरीक हुए हैं और हो रहे हैं, जिनमें से कुछ शहीद भी हो चुके और सैकड़ों ने अकथनीय शारीरिक और मानसिक कष्ट झेले, हम आदर के साथ नमस्कार करते हैं. पुर्तगाली शासकों ने जिस तरह के अमानुषिक अत्याचारों को इन निहत्थे और अहिंसात्मक सत्याग्रहियों पर रवा रक्खा है उनके लिये हमें पुर्तगालियों से कुछ नहीं कहना. हमें विश्वास है कि हमारे देशवासी, पुर्तगाली समझे जाने वाले इलाक़े के अन्दर के हों या उससे बाहर के, इन अत्याचारों के कारन अपने संकल्प में और भी पक्के साबित होते रहेंगे.

गोआ के सत्याग्रह में सबसे अधिक ख़ुशी की बात यह हुई कि देश की सब पोलिटिकल पार्टियों के लोग कम्युनिस्ट, जनसंघी, प्रजा सोशलिस्ट और कांगरेसी उसमें कंधे से कंधा मिला कर भाग लेने के लिये बेचैन हैं और ले रहे हैं. यह सुन्दर घटना दो बातें साबित करती है. एक यह कि विचारों और आदर्शों के थोड़े बहुत फ़रक़ के होते हुए भी सब पार्टियों के लोग सच्चे, त्यागी और देश भक्त हैं.

پریم اور اہنسا کے اُن اُپدیشوں کی گونج معلوم ہوتا ہے جو مہاتما بدھ سے لے کر گاندھی جی تک سنسار کے انیک سچے مارگ درشک دنیا کو دیتے رہے ہیں . ہم آشا کرتے ہیں کہ دنیا کی سرکاریں سائنس دانوں کی اِس اپیل پر پورا پورا دھیان دینگی. انسانی نسل کے بھلے اور اُس کی سلامتی کے نام پر ہم چاہتے ہیں کہ یہ اپیل پوری طرح سپھل ہو .

13 .7 .55 —سندرلال

گووا کا ستیاگرہ اور اُس سے سبق

آج بھی دنیا میں اِس طرح کے لوگ موجود ہیں جو دوسروں کی راج‌کاجی یا قومی آزادی کے حق کو سویکار نہیں کرتے ! قوموں کی آزادی کے حق کے خلاف لڑنا آج ایسا ہی ہے جیسا قدرت کے اٹل قانونوں سے لڑنا یا آندھی سے بھڑنا . پر تچھ اور تات‌کالک سوارتھ ہمیں اندھا کر دیتا ہے. چھوٹا سا پرتگال شاید اِس معاملے میں لڑنے کی ہمت نہ کرتا لیکن دنیا کے سامراج‌وادیوں یعنی دوسروں کو غلام رکھنے کی اِچھا رکھنے والوں کا گٹ ابھی ٹوٹا نہیں ہے . قدرت کے قانونوں یا اتہاس کی شکتیوں کو کوئی اُلٹ نہیں سکتا . پر پرتگال کے اِس رخ کا یہ مطلب ضرور ہے کہ اپنی اپنی اور دنیا کی آزادی چاہنے والوں کو ابھی کچھ اور قربانیاں کرنی ہونگی .

ظاہر ہے کوئی بھارت واسی ایسا نہیں ہوسکتا جسے گووا کے ستیاگرہ کے ساتھ پوری ہمدردی نہ ہو . اُن ویروں کو جو گووا کے پوتر اور شاندار ستیاگرہ میں شریک ہوئے ہیں اور ہو رہے ہیں، جن میں سے کچھ شہید بھی ہو چکے اور سیکڑوں نے اَکتھنیہ شاریرک اور مانسک کشٹ جھیلے، ہم آدر کے ساتھ نمسکار کرتے ہیں . پرتگالی شاسکوں نے جس طرح کے امانشک اتیاچاروں کو اِن نہتھے اور اہنساتمک ستیاگرہیوں پر روا رکھا ہے اُن کے لئے ہمیں پرتگالیوں سے کچھ نہیں کہنا . ہمیں وشواس ہے کہ ہمارے دیش واسی، پرتگالی سمجھے جانے والے علاقے کے اندر کے ہوں یا اُس سے باہر کے، اِن اتیاچاروں کے کارن اپنے سنکلپ میں اور بھی پکے ثابت ہوتے رہینگے .

گووا کے ستیاگرہ میں سب سے ادھک خوشی کی بات یہ ہوئی کہ دیش کی سب پولیٹکل پارٹیوں کے لوگ کمیونسٹ، جن سنگھی، پرجا سوشلسٹ اور کانگریسی اُس میں کندھے سے کندھا ملا کر بھاگ لینے کے لئے بےچین ہیں اور لے رہے ہیں . یہ سندر گھٹنا دو باتیں ثابت کرتی ہے . ایک یہ کہ وچاروں اور آدرشوں کے تھوڑے بہت فرق کے ہوتے ہوئے بھی سب پارٹیوں کے لوگ سچے، تیاگی اور دیش بھگت ہیں .

दूसरी यह कि किसी भी काम में अगर हम मिल जावें और मिल कर काम करें तो हम देश को बहुत अधिक ऊँचा उठा सकते हैं.

हमारी शुरु से यह राय है कि यह अलग अलग पार्टियां देश के लिये जरूरी नहीं हैं. कम से कम राजनीतिक चुनाव इन पार्टियों के आधार पर लड़ना एक बीमारी है जो हमें योरप से लगी है. अंगरेजी पढ़े भारत वासियों ने आँख बन्द करके उसे इंगलैंड जैसे देशों से नक़ल कर लिया है. हमें इससे काफी नुक़सान पहुंचा है और पहुंच रहा है. हमें इस बात का भी पूरा विश्वास है कि इन पार्टियों के एक दर्जे तक रहते हुए भी हम में अगर हिम्मत और समझ हो तो हम अपनी विधान सभाओं के लिये इस तरह के आदमी सबकी मिली हुई राय से चुन सकते हैं जिनके लिये हमें चुनाव लड़ने, करोड़ों रुपये बरबाद करने और देश के अन्दर कड़वापन बढ़ाने की जरूरत न हो. सेन्टर में और प्रान्तों में हम इस तरह की सरकारें भी बना सकते हैं जिनमें सब पार्टियों के अच्छे से अच्छे और ऊँचे से ऊँचे समझदार और चरित्रवान लोग शामिल हों. इस तरह की गवरमेंटों के सामने हम देश के भले के इस तरह के प्रोग्राम भी आसानी से रख सकते हैं जिन पर सब सहमत हों और हम जिन्हें मिलकर पूरा कर सकें. गवरमेंट चलाने के लिये एक सरकार पक्ष और एक विरोधी पक्ष जरूरी हैं यह एक अन्ध विश्वास, एक पागलपन है जो हमने दूसरों से सीख लिया है. नए चीन में हमें सबसे अच्छी बात यही लगी कि नया चीन लगभग इसी रास्ते पर चला है. रूस के पिछले आम चुनाव में वहां की कम्युनिस्ट पार्टी ने जिन लोगों को नामजद किया और वोट दिये दिलाए उनमें साठ फ़ीसदी ग़ैर कम्युनिस्ट थे. हम इस मामले में चीन या रूस से कहीं बढ़कर चल सकते हैं बशर्तेकि हमें इतनी समझ हो कि भलाई और बुराई सबके अन्दर एक बराबर है, अच्छे और बुरे सब में हैं, एक भगवान सबके अन्दर है. जो लोग मतभेदों से शुरु करते हैं उन्हें मतभेद ही दिखाई देते हैं. जो एकता देखना चाहते हैं उनकी आँखें एकता की ही सामग्री ढूँढ निकालती हैं. भावी भारत के लिये हमें यही सबसे अच्छा रास्ता दिखाई देता है.

2-7-55 —सुन्दरलाल

बी. सी. जी का टीका

हम इससे इनकार नहीं करते कि हमारी आजकल की सरकार ने जो डेढ़ सौ बरस के विदेशी राज के बाद हमारी पहली देशी सरकार है कई अच्छे काम किये हैं और कर रही है. खासकर अपने प्रधान मंत्री पंडित जवाहर लाल

دوسری یہ کہ کسی بھی کام میں اگر ہم مل جاویں اور ملکر کام کریں تو ہم دیش کو بہت ادھک اونچا اُٹھا سکتے ہیں .

ہماری شروع سے یہ رائے ہے کہ یہ الگ الگ پارٹیاں دیش کے لئے ضروری نہیں ہیں. کم سے کم راج نیتک چناؤ اِن پارٹیوں کے آدھار پر لڑنا ایک بیماری ہے جو ہمیں یورپ سے لگی ہے . انگریزی پڑھے بھارت واسیوں نے آنکھ بند کر کے اِسے انگلینڈ جیسے دیشوں سے نقل کر لیا ہے . ہمیں اِس سے کافی نقصان پہنچا ہے اور پہنچ رہا ہے . ہمیں اِس بات کا بھی پورا وشواس ہے کہ اِن پارٹیوں کے ایک درجے تک رہتے ہوئے بھی ہم میں اگر ہمت اور سمجھ ہو تو ہم اپنی ودھان سبھاؤں کے لئے اِس طرح کے آدمی سب کی ملی ہوئی رائے سے چن سکتے ہیں جن کے لئے ہمیں چناؤ لڑنے ' کروڑوں روپئے برباد کرنے اور دیش کے اندر کڑواپن بڑھانے کی ضرورت نہ ہو . سینٹر میں اور پرانتوں میں ہم اِس طرح کی سرکاریں بھی بنا سکتے ہیں جن میں سب پارٹیوں کے اچھے سے اچھے اور اونچے سے اونچے سمجھدار اور چرتروان لوگ شامل ہوں . اِس طرح کی گورنمنٹوں کے سامنے ہم دیش کے بھلے کے اِس طرح کے پروگرام بھی آسانی سے رکھ سکتے ہیں جن پر سب سہمت ہوں اور ہم جنہیں ملکر پورا کر سکیں . گورنمنٹ چلانے کے لئے ایک سرکار پکش اور ایک وِرودھی پکش ضروری ہیں یہ ایک اندھ وشواس' ایک پاگل پن ہے جو ہم نے دوسروں سے سیکھ لیا ہے . نئے چین میں ہمیں سب سے اچھی بات یہی لگی کہ نیا چین لگ بھگ اِسی راستے پر چلا ہے . روس کے پچھلے عام چناؤ میں وہاں کی کمیونسٹ پارٹی نے جن لوگوں کو نامزد کیا اور ووٹ دئے دلائے اُن میں ساٹھ فی صدی غیر کمیونسٹ تھے . ہم اِس معاملے میں چین یا روس سے کہیں بڑھکر چل سکتے ہیں بشرطیکہ ہمیں اتنی سمجھ ہو کہ بھلائی اور برائی سب کے اندر ایک برابر ہے' اچھے اور برے سب میں ہیں' ایک بھگوان سب کے اندر ہے . جو لوگ مت بھیدوں سے شروع کرتے ہیں اُنہیں مت بھید ہی دکھائی دیتے ہیں . جو ایکتا دیکھنا چاہتے ہیں اُن کی آنکھیں ایکتا کی ہی سامگری ڈھونڈھ نکالتی ہیں . بھاوی بھارت کے لئے ہمیں یہی سب سے اچھا راستہ دکھائی دیتا ہے .

2. 7. 55 —سندرلال

بی. سی. جی. کا ٹیکہ

ہم اِس سے انکار نہیں کرتے کہ ہماری آجکل کی سرکار نے جو ڈیڑھ سو برس کے ودیشی راج کے بعد ہماری پہلی دیشی سرکار ہے کئی اچھے کام کئے ہیں اور کر رہی ہے . خاص کر اپنے پردھان منتری پنڈت جواہرلال

नेहरू की उन कोशिशों को, जो वह देश के अन्दर अमन बनाए रखने, तंग साम्प्रदायिक प्रवृत्तियों, जात पात, छुआ छूत, ग़लत क़िस्म की प्रांतीयता आदि को ख़तम करने, एक सच्चे सेकुलर यानी मज़हब के मामले में ग़ैर जानिब-दार राज की जड़ों को मज़बूत करने, दुनिया के दूसरे देशों के साथ प्रेम सम्बन्ध क़ायम करने और सारी इनसानी क़ौम के लिये जंग के ख़तरों को कम करने और धीरे धीरे ख़तम करने की कर रहे हैं, हमारी ज़बान और लेखनी कभी भी सराहते नहीं थकती. इन सब बातों में उन्होंने पिछले सात बरस के अन्दर हमारे देश को ऊँचा उठाया है और एक बड़े दरजे तक गाँधी जी के बताए आदर्शों को क़ायम रक्खा है. लेकिन कई बातों में हमारे आजकल के शासक ग़लत भी गए हैं और जा रहे हैं. देश की जनता के भले के लिये हमारा यह फ़र्ज़ है कि हम सच्चाई और प्रेम के साथ उन बातों के बारे में भी अपने विचार प्रकट करते रहें.

इस तरह की ग़लतियों की एक मिसाल हमारे सेहत विभाग के कुछ काम हैं. गाँधी जी हमेशा कहा करते थे कि हमारे देश को अंगरेज़ी राज से इतना ख़तरा नहीं है जितना अंगरेज़ियत यानी पच्छिम के अन्ध अनुकरण से. गाँधी जी अपने इन विचारों को तफ़सील के साथ बार बार बयान कर चुके हैं. हम उन देश भक्तों की जो हमारे सेहत विभाग के चार्ज में हैं नीयत पर शक नहीं करते पर पच्छिमी तरीक़ों का उचित से अधिक प्रेम उनसे कई काम ऐसे करा रहा है जो देश के लिये हानिकर हैं.

देश भर के अन्दर बी. सी. जी. का ज़ोरों के साथ प्रचार ऐसा ही एक काम है. बी. सी. जी. से आज भारत के लोग काफ़ी परिचित हैं. यह कुछ पले हुए कीड़े हैं जो सुई के ज़रिये आदमियों और बच्चों के ख़ून में दाख़िल कराए जाते हैं ताकि उस ख़ून के अन्दर जो ख़ास ख़ास बीमारियों के कीड़े हों या आइन्दा कभी पैदा हो जायं उन्हें यह बाहर के कीड़े मारकर ख़तम कर सकें और जिसके सुई भोंकी गई है उसे उन बीमारियों से बचा सकें. बी. सी. जी. का यह टीका लोगों को ख़ासकर तपेदिक़ से बचाने के लिये लगाया जाता है. करोड़ों रुपये के यह टीके योरप से ख़रीद कर लाए जा रहे हैं और देश के बच्चों पर आज़माए जा रहे हैं.

इस तरह के टीके बहुत सी बीमारियों के लिये लगाए जाते हैं. इनसे बहुत सी सूरतों में एक दरजे तक लाभ भी होता है. इनमें शुरु की एक मिसाल चेचक के टीके की है. जब कोई इस तरह की बीमारी किसी ख़ास इलाक़े में ज़ोर के साथ फैली हुई हो तो इस तरह के टीके कई बार उसे रोकने में मदद देते हैं. पर धीरे धीरे योरप के समझदार डाक्टरों ने ही यह पता लगाया और दुनिया को बताना

نہرو کی اُن کوششوں کو جو، وہ دیش کے اندر امن بنائے رکھنے، تنگ سامپردائک پرورتیوں، جات پات، چھوا چھوت، غلط قسم کی پرانتیتا آدی کو ختم کرنے، ایک سچے سیکولر یعنی مذہب کے معاملے میں غیر جانب دار راج کی جڑوں کو مضبوط کرنے، دنیا کے دوسرے دیشوں کے ساتھ پریم سمبندھ قائم کرنے اور ساری انسانی قوم کے لئے جنگ کے خطروں کو کم کرنے اور دھیرے دھیرے ختم کرنے کی کر رہے ہیں، ہماری زبان اور لیکھنی کبھی بھی سراہتے نہیں تھکتی. اِن سب باتوں میں اُنہوں نے پچھلے سات برس کے اندر ہمارے دیش کو اونچا اُٹھایا ہے اور ایک بڑے درجے تک گاندھی جی کے بتائے آدرشوں کو قائم رکھا ہے. لیکن کئی باتوں میں ہمارے آجکل کے شاسک غلط بھی گئے ہیں اور جا رہے ہیں. دیش کی جنتا کے بھلے کے لئے ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم سچائی اور پریم کے ساتھ اُن باتوں کے بارے میں بھی اپنے وچار پرگٹ کرتے رہیں.

اِس طرح کی غلطیوں کی ایک مثال ہمارے صحت وبھاگ کے کچھ کام ہیں. گاندھی جی ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ ہمارے دیش کو انگریزی راج سے اتنا خطرہ نہیں ہے جتنا انگریزیت یعنی پچھم کے آنوکرن سے. گاندھی جی اپنے اِن وچاروں کو تفصیل کے ساتھ بار بار بیان کر چکے ہیں. ہم اُن دیش بھکتوں کی جو ہمارے صحت وبھاگ کے چارج میں ہیں نیت پر شک نہیں کرتے پر پچھمی طریقوں کا اُچت سے ادھک پریم اُن سے کئی کام ایسے کرا رہا ہے جو دیش کے لئے ہانیکر ہیں.

دیش بھر کے اندر بی. سی. جی. کا زوروں کے ساتھ پرچار ایسا ہی ایک کام ہے. بی. سی. جی. سے آج بھارت کے لوگ کافی پریچت ہیں. یہ کچھ پلے ہوئے کیڑے ہیں جو سوئی کے ذریعہ آدمیوں اور بچوں کے خون میں داخل کرائے جاتے ہیں تاکہ اُس خون کے اندر جو خاص خاص بیماریوں کے کیڑے ہوں یا آئندہ کبھی پیدا ہو جائیں اُنہیں یہ باہر کے کیڑے مار کر ختم کر سکیں اور جس کے سوئی بھونکی گئی ہے اُسے ان بیماریوں سے بچا سکیں. بی. سی. جی. کا یہ ٹیکہ لوگوں کو خاص کر تپ دق سے بچانے کے لئے لگایا جاتا ہے. کروڑوں روپئے کے یہ ٹیکے یورپ سے خرید کر لائے جا رہے ہیں اور دیش کے بچوں پر آزمائے جا رہے ہیں.

اِس طرح کے ٹیکے بہت سی بیماریوں کے لئے لگائے جاتے ہیں. اِن سے بہت سی صورتوں میں ایک درجے تک لابھ بھی ہوتا ہے. اِن میں شروع کی ایک مثال چیچک کے ٹیکے کی ہے. جب کوئی اِس طرح کی بیماری کسی خاص علاقے میں زور کے ساتھ پھیلی ہوئی ہو تو اِس طرح کے ٹیکے کئی بار اُسے روکنے میں مدد دیتے ہیں. پر دھیرے دھیرے یورپ کے سمجھدار ڈاکٹروں نے ہی یہ پتہ لگایا اور دنیا کو بتانا

शुरु किया कि यह जरूरी नहीं है कि किसी खास बीमारी के टीके से वह बीमारी रुक ही जाय, और बहुत बार टीका लगाने के बाद अगर वह बीमारी होती है तो कहीं अधिक खतरनाक साबित होती है. चेचक के टीके के बारे में इसकी सैकड़ों मिसालें देखने को मिली हैं. योरप ही के बहुत से देशों में जनता की तरफ़ से और खुद डाक्टरों की तरफ़ से इस तरह के टीकों के खिलाफ़ आन्दोलन भी हुए. चेचक के टीके के खिलाफ़ इंगलैण्ड में अरसा हुआ एक 'नेशनल एण्टी वैक्सीनेशन लीग' क़ायम हुई और उसे पूरी कामयाबी मिली. वहाँ चेचक का टीका सब बच्चों के लिये लाज़मी नहीं रहा. कम या ज्यादह इसी तरह की तहरीकें योरप के और देशों में भी चेचक के और दूसरे इसी तरह के टीकों के खिलाफ़ शुरु हुईं और एक न एक दरजे तक कामयाब हुईं.

दुनिया के बड़े से बड़े डाक्टरों की यह भी राय है कि इस तरह की बीमारियों का असली कारन आर्थिक होता है. ग़रीबी सब बीमारियों की जड़ है—यानी खाने की और खास कर पुष्टिकर खाने की कमी और जीवन की मोटी मोटी ज़रूरी सहूलियतों का न मिलना. इसीलिये डाक्टरों की राय है कि इन बीमारियों का असली इलाज और इनकी रोकथाम का असली तरीक़ा जनता की ग़रीबी को दूर करना है. सबको अच्छा और काफ़ी मात्रा में खाना मिले और जीवन की मामूली सहूलियतें मिलें तो बीमारियां अपने आप भाग जाती हैं. बड़े बड़े साइन्सदानों की राय है कि इस तरह की बीमारियों का असली इलाज कमज़ोर जिस्म के अन्दर बाहर से बीमारियों के ज़हरीले कीड़ों का दाख़िल करना नहीं है बल्कि ख़ून के अन्दर के क़ुदरती कीड़ों को खूराक और आराम के ज़रिये मज़बूत करना है. इस विषय पर अमरीका, इंगलैन्ड, जरमनी आदि देशों में हज़ारों किताबें छप चुकी हैं जिनमें से काफ़ी भारत के बाज़ारों में भी मिल सकती हैं. पर हमारी हालत यह है कि कभी कभी एक रूसी विद्वान के शब्दों में जिससे हमारी पीकिंग में मुलाक़ात हुई थी "तरह तरह के कपड़ों से तजरबे करते करते योरप वाले जिन कपड़ों को ग़लत समझ कर उतार कर फेंक देते हैं उन्हे हमारे पच्छिम प्रेमी भारतवासी बड़े शौक़ से ओढ़ते हैं और ओढ़े फिरते हैं." पच्छिम के व्यापारी भी इस बारे में बहुत होशियार हैं. जो चीज़ योरप में पुरानी पड़ जाने के कारन नहीं बिकती उसे हमारे जैसे देशों में खपाकर वह आसानी से करोड़ों बना लेते हैं. लगभग यही मामला आजकल कई तरह की बीमारियों के टीकों का है.

पचास साल से ऊपर हुआ जब हमारे अंगरेज़ हाकिमों ने ज़बरदस्ती हर हिन्दुस्तानी के प्लेग का टीका लगाने की

شروع کیا کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ کسی خاص بیماری کے ٹیکے سے وہ بیماری رک ہی جائے' اور بہت بار ٹیکہ لگانے کے بعد اگر وہ بیماری ہوتی ہے تو کہیں ادھک خطرناک ثابت ہوتی ہے . چیچک کے ٹیکے کے بارے میں اِس کی سیکڑوں مثالیں دیکھنے کو ملی ہیں . یورپ ہی کے بہت سے دیشوں میں جنتا کی طرف سے اور خود ڈاکٹروں کی طرف سے اِس طرح کے ٹیکوں کے خلاف آندولن بھی ہوئے . چیچک کے ٹیکے کے خلاف انگلینڈ میں عرصہ ہوا ایک 'نیشنل اینٹی ویکسی نیشن لیگ' قائم ہوئی اور اُسے پوری کامیابی ملی . وہاں چیچک کا ٹیکہ سب بچوں کے لئے لازمی نہیں رہا. کم یا زیادہ اِسی طرح کی تحریکیں یورپ کے اور دیشوں میں بھی چیچک کے اور دوسرے اِسی طرح کے ٹیکوں کے خلاف شروع ہوئیں اور ایک نہ ایک درجہ تک کامیاب ہوئیں .

دنیا کے بڑے سے بڑے ڈاکٹروں کی یہ بھی رائے ہے کہ اِس طرح کی بیماریوں کا اصلی کارن ارتھک ہوتا ہے . غریبی سب بیماریوں کی جڑ ہے—یعنی کھانے کی اور خاص کر پشٹی کر کھانے کی کمی اور جیون کی موٹی موٹی ضروری سہولتوں کا نہ ملنا . اِسی لئے ڈاکٹروں کی رائے ہے کہ اِن بیماریوں کا اصلی علاج اور انکی روک تھام کا اصلی طریقہ جنتا کی غریبی کو دور کرنا ہے . سب کو اچھا اور کافی ماترا میں کھانا ملے اور جیون کی معمولی سہولتیں ملیں تو بیماریاں اپنے آپ بھاگ جاتی ہیں . بڑے بڑے سائنسدانوں کی رائے ہے کہ اِس طرح کی بیماریوں کا اصلی علاج کمزور جسم کے اندر باہر سے بیماریوں کے زہریلے کیڑوں کا داخل کرنا نہیں ہے بلکہ خون کے اندر کے قدرتی کیڑوں کو خوراک اور آرام کے ذریعہ مضبوط کرنا ہے . اِس وشے پر امریکہ' انگلینڈ' جرمنی آدی دیشوں میں ہزاروں کتابیں چھپ چکی ہیں جن میں سے کافی بھارت کے بازاروں میں بھی مل سکتی ہیں. پر ہماری حالت یہ ہے کہ کبھی کبھی ایک روسی ودوان کے شبدوں میں جس سے ہماری پیکنگ میں ملاقات ہوئی تھی "طرح طرح کے کپڑوں سے تجربے کرتے کرتے یورپ والے جن کپڑوں کو غلط سمجھکر اتار کر پھینک دیتے ہیں انہیں ہمارے پچھم پریمی بھارت واسی بڑے شوق سے اوڑھتے ہیں اوڑھے پھرتے ہیں ." پچھم کے بیا پاری بھی اس بارے میں بہت ہوشیار ہیں . جو چیز یورپ میں پرانی پڑ جانے کے کارن نہیں بکتی اُسے ہمارے جیسے دیشوں میں کھپا کر وہ آسانی سے کروڑوں بنا لیتے ہیں . لگ بھگ یہی معاملہ آجکل کئی طرح کی بیماریوں کے ٹیکوں کا ہے .

پچاس سال سے اُوپر ہوا جب ہمارے انگریز حاکموں نے زبردستی ہر ہندستانی کے پلیگ کا ٹیکہ لگانے کی

कार्रवाई शुरू की थी. लोकमान्य तिलक की कोशिशों और कुछ नौजवानों की क़ुरबानियों ने देश की जनता को शुरू ही में इस ख़तरे से बचा लिया.

बी. सी. जी. का टीका अब पूरे ज़ोरों के साथ देश के बच्चों पर आज़माया जा रहा है. जिन समझदार देश भक्तों ने इसके ख़िलाफ़ आवाज़ उठाई है उनमें सबसे चमकता नाम श्री सी. राजा गोपालाचारी का है. हाल में मदरास में लेकचर देते हुए उन्होंने कहा कि—"बी. सी. जी. का प्रचार देश के बच्चों के ऊपर बीमारी के कीड़ों की जंग को आज़माना है." उन्होंने यह भी कहा कि—"बी. सी. जी. के ख़िलाफ़ मैं जो रुख़ ले रहा हूँ वह किसी रोज़गारी दुश्मनी के कारन नहीं है. मेरा विरोध किसी भावनाओं के आधार पर भी नहीं है. मेरे विरोध के साइन्सी कारन हैं. मैंने इस विषय पर बहुत किताबें ध्यान से पढ़ी हैं और उन्हें पढ़कर इस नतीजे पर पहुंचा हूँ कि बी. सी. जी. का प्रचार बहुत बड़ी ग़लती है और ख़तरनाक है·····सरकार ने तय कर लिया है कि इसके प्रचार को जनता में बढ़ावे और लाखों बच्चों के जिस्म में एक जाना बूझा ज़हर दाख़िल करे·····अब यह मामला हमारी क़ानून सभाओं से सम्बन्ध रखता है. यह उन सब लोगों से सम्बन्ध रखता है जो हमारे शासन के लिये ज़िम्मेदार हैं. इसका सम्बन्ध आम जनता से है, बच्चों के मां बाप से है और सब समझदार आदमियों से है·····हमारे इस ग़लत काम से जितना नुक़सान होता है उतना अन्तर्राष्ट्रीय बदमाशियों से भी नहीं होता. हम जनता में बी. सी. जी. का प्रचार इसलिये कर रहे हैं क्योंकि हम एक ख़्याल के पीछे पागल हो गए हैं. हमें अगर सच्चाई की खोज है तो हमें एक योगी की तरह बेलाग होना चाहिये. हमें सोचना यह है कि क्या बी. सी. जी. के टीके लगाना मुफ़ीद है और क्या इन टीकों से कोई नुक़सान नहीं होता ? इससे कोई फ़ायदा नहीं कि हम लाखों बच्चों के सुइयां भोंकते फिरें इसलिये कि शायद उनमें से कुछ किसी बीमारी से बच जावें. यह सोचना बिलकुल ग़लत है कि बी. सी. जी. हिन्दुस्तान के लिये ज़रूरी है. बड़े बड़े माहिर और साइन्सदां यह राय ज़ाहिर कर चुके हैं कि ख़ासकर जिन देशों में लोगों को अच्छा और काफ़ी मात्रा में खाना नहीं मिलता उनमें बी. सी. जी. का इस्तेमाल ख़तरनाक है·····"

श्री राजा गोपालाचारी ने कोयमबेटूर के सात बच्चों का हाल सुनाया जिनके बी. सी. जी. लगाया गया था. उनमें कहा जाता है कि दो उसी टीके से मर गए. मदरास ही की तरफ़ से बी. सी. जी. के कारन कुछ बच्चों के अन्धे हो जाने की ख़बर भी अख़बारों में छप चुकी है. इसपर सरकार ने अपने डाक्टरों की एक कमेटी मुक़र्रर की. कमेटी की रिपोर्ट पर सरकार ने एक प्रेस नोट निकाल दिया कि

کارروائی شروع کی تھی . لوک مانیہ تلک کی کوششوں اور کچھ نوجوانوں کی قربانیوں نے دیش کی جنتا کو شروع ہی میں اُس خطرے سے بچا لیا .

بی. سی. جی. کا ٹیکہ اب پورے زوروں کے ساتھ دیش کے بچوں پر آزمایا جا رہا ہے . جن سمجھدار دیش بھکتوں نے اِس کے خلاف آواز اُٹھائی ہے اُن میں سب سے چمکتا نام شری سی. راجا گوپالا چاری کا ہے . حال میں مدراس میں لکچر دیتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ—"بی. سی. جی. کا پرچار دیش کے بچوں کے اُوپر بیماری کے کیڑوں کی جنگ کو آزمانا ہے ." اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ—"بی. سی. جی. کے خلاف میں جو رخ لے رہا ہوں وہ کسی روزگاری دشمنی کے کارن نہیں ہے . میرا وِرودھ کسی بھاوناؤں کے آدھار پر بھی نہیں ہے . میرے وِرودھ کے سائنسی کارن ہیں . میں نے اِس وشے پر بہت کتابیں دھیان سے پڑھی ہیں اور اُنہیں پڑھکر اِس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ بی. سی. جی. کا پرچار بہت بڑی غلطی ہے اور خطرناک ہے... سرکار نے طے کر لیا ہے کہ اِس کے پرچار کو جنتا میں بڑھاوے اور لاکھوں بچوں کے جسم میں ایک جانا بوجھا زہر داخل کرے... اب یہ معاملہ ہماری قانون سبھاؤں سے سمبندھ رکھتا ہے . یہ اُن سب لوگوں سے سمبندھ رکھتا ہے جو ہمارے شاسن کے لئے ذمہ دار ہیں . اِس کا سمبندھ عام جنتا سے ہے، بچوں کے ماں باپ سے ہے اور سب سمجھدار آدمیوں سے ہے..... ہمارے اِس غلط کام سے جتنا نقصان ہوتا ہے اُتنا انتر راشٹریہ بدمعاشیوں سے بھی نہیں ہوتا . ہم جنتا میں بی. سی. جی. کا پرچار اِس لئے کر رہے ہیں کیونکہ ہم ایک خیال کے پیچھے پاگل ہوگئے ہیں . ہمیں اگر سچائی کی کھوج ہے تو ہمیں ایک یوگی کی طرح بے لاگ ہونا چاہئے . ہمیں سوچنا یہ ہے کہ کیا بی. سی. جی . کے ٹیکے لگانا مفید ہے اور کیا اِن ٹیکوں سے کوئی نقصان نہیں ہوتا ؟ اِس سے کوئی فائدہ نہیں کہ ہم لاکھوں بچوں کے سوئیاں بھونکتے پھریں اِس لئے کہ شاید اُن میں سے کچھ کسی بیماری سے بچ جاویں . یہ سوچنا بالکل غلط ہے کہ بی. سی. جی. ہندستان کے لئے ضروری ہے . بڑے بڑے ماہر اور سائنس داں یہ رائے ظاہر کر چکے ہیں کہ خاص کر جن دیشوں میں لوگوں کو اچھا اور کافی ماترا میں کھانا نہیں ملتا اُن میں بی. سی. جی. کا استعمال خطرناک ہے..."

شری راجا گوپالاچاری نے کوئمبتور کے سات بچوں کا حال سنایا جن کے بی. سی. جی. لگایا گیا تھا . اُن میں کہا جاتا ہے کہ دو اُسی ٹیکے سے مر گئے . مدراس ہی کی طرف سے بی. سی. جی. کے کارن کچھ بچوں کے اندھے ہوجانے کی خبر بھی اخباروں میں چھپ چکی ہے . اِس پر سرکار نے اپنے ڈاکٹروں کی ایک کمیٹی مقرر کی . کمیٹی کی رپورٹ پر سرکار نے ایک پریس نوٹ نکال دیا کہ

जिन बच्चों को नुक़सान पहुँचा है उनके उस नुक़सान का बी. सी. जी. के टीके से कोई सम्बन्ध नहीं. श्री राजा गोपालाचारी ने कहा कि—"सरकार के इस प्रेस नोट से मुझे बड़ी निराशा हुई है. मैं उसे नहीं मानता....."

श्री राजा गोपालाचारी की इस साफ़ राय के बाद हमें इस विषय पर कुछ अधिक कहने की आवश्यकता नहीं है. हाल में बड़े बड़े हिन्दुस्तानी रूस जा चुके हैं. कहा जाता है कि एक बड़े हिन्दुस्तानी ने रूस के सेहत मिनिस्टर से पूछा—"क्या आप अमरीका से दवाइयां ख़रीद कर अपने यहां नहीं मंगाते ?" उन्होंने जवाब दिया—'हम न उनकी दवाइयां मँगाते हैं और न उनकी बीमारियां." यह जवाब केवल एक मज़ाक़ ही का जवाब न था. इसमें काफ़ी सच्चाई छिपी हुई है. हम बी. सी. जी. जैसे टीकों को देश की जनता, देश के बच्चों, आइन्दा आने वाली नसलों और उन सबकी तन्दुरुस्ती के लिये बहुत बुरा और ख़तरनाक मानते हैं. जनता की बीमारियों का असली इलाज उनमें गन्दी और ख़तरनाक दवाएं ठूँसना और मुल्क का पैसा बरबाद करना नहीं है. असली इलाज है एक एक झोंपड़े के अन्दर काम पहुँचाना, रोज़ी पहुँचाना और जीवन की वह सहूलियतें पहुँचाना जो तन्दुरुस्ती का सबसे बड़ा बीमा होती हैं.

2-7-55 —सुन्दरलाल

पंजाब का मेडिकल प्रेक्टिशनर्स बिल और इलाज के अलग अलग तरीक़े

हमारे सेहत विभाग की ग़लतियों में से एक और बड़ी ग़लती यह है कि वह एलोपैथिक इलाज का जिसे आम तौर पर डाक्टरी कहते हैं इतना शैदा है कि उसके सामने वह वैद्यक, यूनानी, होमियोपैथी, नेचरोपैथी आदि इलाजों और उनके वैद्यों, हकीमों और डाक्टरों को बस चले तो नहीं रहने देना चाहता. यह भी एक ख़तरनाक ख़ब्त है. दुनिया की सारी साइन्स इनडेक्शन यानी तजरबों पर क़ायम है. गाँव गाँव और गली गली में हमारा और हमारे जैसे लाखों आदमियों का यह तजरबा है कि पुराने देसी तरीक़ों के इलाजों से, होमियोपैथिक दवाओं से और क़ुदरती इलाज के तरीक़ों से देश के लाखों बीमार अच्छे होते हैं और आसानी से और कम ख़र्च में अच्छे होते हैं. हमें यह भी मालूम है कि ऐलोपैथिक इलाज जबकि और सब इलाजों की तरह बहुतों को कुछ फ़ायदा भी करता है लाखों को उससे काफ़ी नुक़सान भी पहुँचा है. देशवासियों को यह भी अच्छी तरह मालूम है कि ऐलोपैथी का इलाज आम तौर पर इतना मंहगा पड़ता है कि न केवल आम जनता के लिये ही बल्कि लाखों बीच के दरजे के लोगों के लिए भी यह

جن بچوں کو نقصان پہنچا ہے اُن کے اُس نقصان کا بی. سی. جی. کے ٹیکے سے کوئی سمبندھ نہیں. شری راجا گوپالاچاری نے کہا کہ—"سرکار کے اِس پریس نوٹ سے مجھے بڑی نراشا ہوئی ہے. میں اُسے نہیں مانتا....."

شری راجا گوپالاچاری کی اِس صاف رائے کے بعد ہمیں اِس وشے پر کچھ ادھک کہنے کی آوشیکتا نہیں ہے. حال میں بڑے بڑے ہندستانی روس جا چکے ہیں. کہا جاتا ہے کہ ایک بڑے ہندستانی نے روس کے صحت منتری سے پوچھا—"کیا آپ امریکہ سے دوائیاں خرید کر اپنے یہاں نہیں منگاتے ؟" اُنہوں نے جواب دیا—"ہم نہ اُن کی دوائیاں منگاتے ہیں اور نہ اُن کی بیماریاں." یہ جواب کیول ایک مزاق ہی کا جواب نہ تھا. اِس میں کافی سچائی چھپی ہوئی ہے. ہم بی. سی. جی. جیسے ٹیکوں کو دیش کی جنتا، دیش کے بچوں، آئندہ آنے والی نسلوں اور اُن سب کی تندرستی کے لئے بہت برا اور خطرناک مانتے ہیں. جنتا کی بیماریوں کا اصلی علاج اُن میں گندی اور خطرناک دوائیں ٹھونسنا اور ملک کا پیسہ برباد کرنا نہیں ہے. اصلی علاج ہے ایک ایک جھونپڑے کے اندر کام پہنچانا، روزی پہنچانا اور جیون کی وہ سہولیتیں پہنچانا جو تندرستی کا سب سے بڑا بیمہ ہوتی ہیں.

2. 7. 55 —سندرلال

پنجاب کا میڈیکل پریکٹیشنرس بل اور علاج کے الگ الگ طریقے

ہمارے صحت وبھاگ کی غلطیوں میں سے ایک اور بڑی غلطی یہ ہے کہ وہ ایلوپیتھک علاج کا جسے عام طور پر ڈاکٹری کہتے ہیں اتنا شیدا ہے کہ اُس کے سامنے وہ ویدک، یونانی، ہومیو پیتھی، نیچروپیتھی آدی علاجوں اور اُن کے ویدیوں، حکیموں اور ڈاکٹروں کو بس چلے تو نہیں رہنے دینا چاہتا. یہ بھی ایک خطرناک خبط ہے. دنیا کی ساری سائنس انڈیکشن یعنی تجربوں پر قائم ہے. گاؤں گاؤں اور گلی گلی میں ہمارا اور ہمارے جیسے لاکھوں آدمیوں کا یہ تجربہ ہے کہ پرانے دیسی طریقوں کے علاجوں سے، ہومیوپیتھک دواؤں سے اور قدرتی علاج کے طریقوں سے دیش کے لاکھوں بیمار اچھے ہوتے ہیں اور آسانی سے اور کم خرچ میں اچھے ہوتے ہیں. ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ ایلوپیتھک علاج جبکہ اور سب علاجوں کی طرح بہتوں کو کچھ فائدہ بھی کرتا ہے لاکھوں کو اُس سے کافی نقصان بھی پہنچا ہے. دیش واسیوں کو یہ بھی اچھی طرح معلوم ہے کہ ایلوپیتھی کا علاج عام طور پر اتنا مہنگا پڑتا ہے کہ نہ کیول عام جنتا کے لئے ہی بلکہ لاکھوں بیچ کے درجے کے لوگوں کے لئے بھی یہ

विटेमिन सी—की बढ़ते हुए बच्चों की खूराक़ में बेहद अहमियत है. यह मजबूत दांतों के बनाने और शरीर की बढ़ती के लिये जरूरी है. खाल इससे मुलायम और स्वस्थ रहती है और यह रक्त वाहिनी नसों को दुरुस्त रखता है.

خلاف ایک گارنٹی ہے۔ ترکاریوں میں بہت بڑی ماترا میں فولاد ہوتا ہے۔ میتھی کا ساگ، پودینہ، دھنیا کی پتی، سلاد، سہجن کے ڈنٹھل، چھوٹی گول لوکی، ہرے آم، پیاز کے ڈنٹھل آدی میں فولاد بہت کافی ہوتا ہے۔ یوں تو ہر ہرے ساگ میں فولاد ہوتا ہے لیکن ساگ کا پتہ جتنا ہرا، ملایم اور پتلا ہوگا اُسی انوپات میں اُسمیں فولاد اور وٹیمن بھی زیادہ ہونگے۔ یدی ہم کافی مقدار میں ترکاریاں کھاویں تو ہمارے شریر میں کیلسیم، فاسفورس اور فولاد کا ابھاؤ نہ رہے اور نہ انکے ابھاؤ میں پیدا ہونے والی بیماریوں کے ہی ہم شکار بنیں۔

وٹیمن اور ترکاریاں

کھانج دروبیوں کی طرح ترکاریوں میں وٹیمن بھی بہت قیمتی چیز ہے۔ ترکاریوں میں 'اے' اور 'سی' وٹیمن کافی ماترا میں ہوتے ہیں اور کچھ حد تک 'بی' گروپ کے وٹیمن بھی ہوتے ہیں۔ وٹیمن جسم کے مختلف انگوں کو ٹھیک اور سچارو روپ سے کام کرنے لایق رکھتے ہیں۔

وٹیمن اے—شریر کو زکام، پھیپھڑے کی بیماریوں اور چھئے روگ سے بچاتا ہے، شریر کی بڑھتی کرتا ہے اور شریر کی مشین کو درست رکھتا ہے۔ اچھے دانتوں کے بنانے اور اچھے تنتوں کے لئے بھی وہ ضروری ہے۔ یہی ایک اکیلا وٹیمن ہے جو شریر کی چربی میں اور جگر میں جمع کرکے رکھا جاسکتا ہے۔ اس وٹیمن کی کمی نہ ہونے پائے اِس لئے کافی مقدار میں سہجن، ہرا دھنیا، میتھی کا ساگ، پودینہ کی پتی، پالک کا ساگ، سلاد، کرم کلہ اور پیلے اور نارنگی رنگ کی ترکاریاں جیسے گاجر، پکا کدو اور دوسری ترکاریاں جیسے چقندر، ہری مٹر، سیم، لوکی، رتالو آدی کھانے چاہئیں۔ ہری مرچ میں بھی کافی مقدار میں یہ وٹیمن ہوتا ہے۔

وٹیمن بی—کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ شریر کی اُنتی، کھلی ہوئی بھوک، ٹھیک ہاضمہ اور سوستھ نروس سسٹم کے لئے بےحد ضروری ہیں۔ ترکاریوں میں یہ وٹیمن ادھک ماترا میں نہیں ہوتے۔ پھر بھی یدی کافی مقدار میں ترکاریاں کھائی جائیں تو کئی طرح کے اِن بی وٹیمنوں کی پورتی ہوسکتی ہے۔ جڑ والی ترکاریوں میں بی وٹیمن کافی ہوتے ہیں جیسے گاجر، چقندر آدی۔ اِن کے علاوہ ٹماٹر، کرم کلہ، پالک، گوبھی، سلاد، میتھی کا ساگ، مٹر اور شلجم میں بھی تھوڑی بہت ماترا میں بی وٹیمن ہوتے ہیں۔

وٹیمن سی—کی بڑھتے ہوئے بچوں کی خوراک میں بےحد اہمیت ہے۔ یہ مضبوط دانتوں کے بنانے اور شریر کی بڑھتی کے لئے ضروری ہے۔ کھال اس سے ملایم اور سوستھ رہتی ہے اور یہ رکت واہنی نسوں کو درست رکھتا ہے۔

टमाटर, सहजन, बथुये की पत्ती, शकरकन्द की पत्ती, पालक, करमकल्ला और हरी मीठी मिर्च, आदि चीजें, सी विटेमिन की मात्रा में, साइट्रस फलों यानी सन्तरा, मौसम्बी मीठा नींबू आदि का मुकाबला करती हैं. सेम, हरी मटर, लोबिया, तुम्बी लौकी, करमकल्ला और शलजम आदि में और कच्ची प्याज में सी विटेमिन काफी होता है.

कारबोहाइड्रेट और तरकारियाँ

खनिज द्रव्यों और विटेमिन के अलावा कुछ तरकारियों में काफी स्टार्च और शक्कर भी होती है. इनसे मेहनत करने की ताक़त और चैतन्यता बढ़ती है. इस तरह की तरकारियों में हरी मटर, करेला, ककड़ी, टिन्डा, परवल, कच्चा पपीता, जिमीकन्द, अरवी, बन्डा, रतालू, कच्चे केले, गाजर, चुकन्दर, आलू, शकरकन्द, कुम्हड़ा आदि हैं. जिन लोगों को अपने भोजन की मात्रा कम करने की धुन है उन्हें वे तरकारियां अधिक मात्रा में नहीं खानी चाहिएं जिनमें कारबोहाइड्रेट अधिक है. कारबोहाइड्रेट से जिस्म के पट्ठे बनते हैं.

प्रोटीन और तरकारियाँ

मटर, सेम और जितनी फलियों वाली तरकारियां हैं उन सब में काफी मात्रा में प्रोटीन रहता है. कहा जाता है कि तरकारियों का प्रोटीन दूध और मांस आदि के प्रोटीन की तरह पौष्टिक नहीं है. उसमें वे सब एसिड नहीं होते जो तन्दुरुस्ती को अच्छा रखते हैं. इसके लिए तरकारियों के साथ दूध या दूध से बनी चीजें खाने से यह कमी पूरी हो सकती है.

सेलुलोज़ और तरकारियाँ

तरकारियों में सेलुलोज़ यानी फ़ुज़ला भी होता है जो आंतों को क़ब्ज़ से बचाता है; किन्तु पकी हुई तरकारियों का फ़ुज़ला कच्ची तरकारियों के फ़ुज़ले से ज़्यादा मुफ़ीद होता है. पत्ते वाले सागों में बहुत अधिक फ़ुज़ला होता है. दुबला होने के लिए अधिक सेलुलोज़ वाली तरकारियां खानी चाहियें क्योंकि उनमें कारबोहाइड्रेट की मिक़दार ज़्यादा होने से तसल्ली जल्दी हो जाती है.

कुछ ख़ास तरकारियों की विशेषतायें

टमाटर हमेशा ताज़गी लाता है. लज़ीज़ होने के साथ साथ वह आरोग्यवर्धक भी है. उसे कच्चा या पक्का चाहे जैसा खाया जा सकता है. उसका रस बच्चों के लिये बड़ा हितकर है. विटेमिन सी की पूर्ति दूध के अभाव में टमाटर के रस से कर सकते हैं. विटेमिन सी आग में पकाने से नष्ट हो जाता है. केवल टमाटर ही ऐसी चीज़ है जिसका विटेमिन सी एसिड के कारण पकाने से भी नष्ट नहीं होता.

ٹماٹر، سہجن، دھنیے کی پتی، شکرقند کی پتی، پالک، کرم کلہ اور ہری میٹھی مرچ، آدی چیزیں، سی وٹیمن کی ماترا میں، سائٹرس پھلوں یعنی سنترہ، موسمبی، میٹھا نیبو آدی کا مقابلہ کرتی ہیں۔ سیم، ہری مٹر، لوبیا، توبی لوکی، کرم کلہ اور شلجم آدی میں اور کچی پیاز میں سی وٹیمن کافی ہوتا ہے۔

کاربوہائی ڈریٹ اور ترکاریاں

کھنج دروبیں اور وٹیمن کے علاوہ کچھ ترکاریوں میں کافی اسٹارچ اور شکر بھی ہوتی ہے۔ ان سے محنت کرنے کی طاقت اور چیتنیتا بڑھتی ہے۔ اِس طرح کی ترکاریوں میں ہری مٹر، کریلا، کاکڑی، ٹنڈا، پرول، کچا پپیتا، زمین قند، اروی، بنڈا، رتالو، کچے کیلے، گاجر، چقندر، آلو، شکرقند، کمڑھا آدی ہیں۔ جن لوگوں کو اپنے بھوجن کی ماترا کم کرنے کی دھن ہے اُنھیں وے ترکاریاں ادھک ماترا میں نہیں کھانی چاہئیں جن میں کاربوہائی ڈریٹ ادھک ہے۔ کاربوہائی ڈریٹ سے جسم کے پٹھے بنتے ہیں۔

پروٹین اور ترکاریاں

مٹر، سیم اور جتنی پھلیوں والی ترکاریاں ہیں اُن سب میں کافی ماترا میں پروٹین رہتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ترکاریوں کا پروٹین دودھ اور مانس آدی کے پروٹین کی طرح پوشٹک نہیں ہے۔ اُس میں وے سب ایسڈ نہیں ہوتے جو تندرستی کو اچھا رکھتے ہیں۔ اِس کے لئے ترکاریوں کے ساتھ دودھ یا دودھ سے بنی چیزیں کھانے سے یہ کمی پوری ہوسکتی ہے۔

سیلولوز اور ترکاریاں

ترکاریوں میں سیلولوز یعنی فضلہ بھی ہوتا ہے جو آنتوں کو قبض سے بچاتا ہے؛ کنتو پکی ہوئی ترکاریوں کا فضلہ کچی ترکاریوں کے فضلے سے زیادہ مفید ہوتا ہے۔ پتے والے ساگوں میں بہت ادھک فضلہ ہوتا ہے۔ دبلا ہونے کے لئے ادھک سیلولوز والی ترکاریاں کھانی چاہئیں کیونکہ اُن میں کاربوہائی ڈریٹ کی مقدار زیادہ ہونے سے تسلی جلدی ہوجاتی ہے۔

کچھ خاص ترکاریوں کی وشیشتائیں

ٹماٹر ہمیشہ تازگی لاتا ہے۔ لذیذ ہونے کے ساتھ ساتھ وہ اروگیہ وردھک بھی ہے۔ اُسے کچا یا پکا چاہے جیسا کھایا جا سکتا ہے۔ اُس کا رس بچوں کے لئے بڑا ہتکر ہے۔ وٹیمن سی کی پورتی دودھ کے ابھاؤ میں ٹماٹر کے رس سے کرسکتے ہیں۔ وٹیمن سی آگ میں پکانے سے نشٹ ہوجاتا ہے۔ کیول ٹماٹر ہی ایسی چیز ہے جس کا وٹیمن سی ایسڈ کے کارن پکانے سے بھی نشٹ نہیں ہوتا۔

गाजर भी बड़ी पौष्टिक चीज है. उसमें विटेमिन ए बड़ी मिक़दार में रहता है. करमकल्ला, हरी मटर और सेम भी बड़ी स्वास्थ्यवर्धक और पौष्टिक तरकारियाँ हैं. पत्तियों के साग भी बड़े फ़ायदे के होते हैं. मूली, शलजम, चुक़न्दर और गांठ गोभी की पत्तियां भी अच्छी होती हैं. प्याज भी अत्यन्त गुणकारक चीज है और हाजमे को दुरुस्त रखने में बहुत मदद देती है. आलू में स्टार्च, खनिज द्रव्य और विटेमिन काफ़ी होते हैं. भिंडी और लौकी दिमाग़ी काम करने योग्य खास तरकारियां हैं.

तरकारियां अधिकतर ताज़ी ही इस्तेमाल करनी चाहियें. तरकारियों का विटेमिन सी बहुत जल्दी नष्ट हो जाता है. तरकारियां हमेशा ठंडी जगह में रखी जानी चाहियें. कुछ तरकारियां जैसे कद्दू आदि में रखने से ही अच्छी होती हैं. तरकारियां छिलके समेत ही उबालनी चाहियें. जिस पानी में तरकारी उबाली जाय उसे रसे की तरह काम में ले आना चाहिये. साग़ों को कम से कम पकाना चाहिये. सोडा डालकर कभी तरकारी न पकानी चाहिये. बजाय पानीके दूध या मट्ठे में तरकारी पकाने से उसके पौष्टिक तत्व बढ़ जाते हैं. जहां तक हो सके तरकारियां छीलनी न चाहियें. यदि छीलना ज़रूरी ही हो तो केवल खराश लेना काफ़ी होगा. तरकारियों में मिर्च, मसाले और चिकनाई जहां तक हो सके कम से कम डालना चाहिये. हमारी गृह देवियां यदि तरकारियों के पौष्टिक और स्वास्थ्य वर्धक महत्व को ठीक ठीक समझ लें तो परिवार के स्वास्थ्य में 100 फ़ीसदी सुधार कर सकती हैं.

"वह धन को उसके सिंहासन से हटा कर ईश्वर के लिये थोड़ी जगह ख़ाली करे. मेरा ख़याल है कि अमरीका का भविष्य उज्जवल है. लेकिन अगर वह धन की ही पूजा करता रहा तो उसका भविष्य अंधकारमय है. फिर लोग चाहे जो कहें, धन आख़ीर तक किसी का सगा नहीं रहा. वह हमेशा बेवफ़ा दोस्त साबित हुआ है."

—महात्मा गांधी

گاجر بھی بڑی پوشٹک چیز ہے۔ اُس میں وٹمن اے بڑی مقدار میں رہتا ہے۔ کرم کلا، ہری مٹر اور سیم بھی بڑی سواستھ وردھک اور پوشٹک ترکاریاں ہیں۔ پتیوں کے ساگ بھی بڑے فائدے کے ہوتے ہیں۔ مولی، شلجم، چقندر اور گانٹھ گوبھی کی پتیاں بھی اچھی ہوتی ہیں۔ پیاز بھی اتینت گن کارک چیز ہے اور ہاضمہ کو درست رکھنے میں بہت مدد دیتی ہے۔ آلو میں اسٹارچ، کھنج درویہ اور وٹمن کافی ہوتے ہیں۔ بھنڈی اور لوکی دماغی کام کرنے والوں کے کھانے یوگیہ خاص ترکاریاں ہیں۔

ترکاریاں ادھک تر تازی ہی استعمال کرنی چاہئیں۔ ترکاریوں کا وٹمن سی بہت جلدی نشٹ ہوجاتا ہے۔ ترکاریاں ہمیشہ ٹھنڈی جگہ میں رکھی جانی چاہئیں۔ کچھ ترکاریاں جیسے کدو آدی رکھنے سے ہی اچھی ہوتی ہیں۔ ترکاریاں چھلکے سمیت ہی اُبالنی چاہئیں۔ جس پانی میں ترکاری اُبالی جائے اُسے رسے کی طرح کام میں لے آنا چاہئے۔ ساگوں کو کم سے کم پکانا چاہئے۔ سوڈا ڈالکر کبھی ترکاری نہ پکانی چاہئے۔ بجائے پانی کے دودھ یا مٹھے میں ترکاری پکانے سے اُس کے پوشٹک تتو بڑھ جاتے ہیں۔ جہاں تک ہوسکے ترکاریاں چھیلنی نہ چاہئیں۔ یدی چھیلنا ضروری ہی ہو تو کیول خراش لینا کافی ہوگا۔ ترکاریوں میں مرچ، مسالے اور چکنائی جہاں تک ہوسکے کم سے کم ڈالنا چاہئے۔ ہماری گرہ دیویاں یدی ترکاریوں کے پوشٹک اور سواستھ وردھک مہتو کو ٹھیک ٹھیک سمجھ لیں تو پریوار کے سواستھ میں 100 فیصدی سدھار کرسکتی ہیں۔

"وہ دھن کو اُس کے سنگھاسن سے ہٹاکر ایشور کے لئے تھوڑی جگہ خالی کرے۔ میرا خیال ہے کہ امریکہ کا بھوشیہ اُجول ہے۔ لیکن اگر وہ دھن کی ہی پوجا کرتا رہا تو اُس کا بھوشیہ اندھکار مے ہے۔ پھر لوگ چاہے جو کہیں، دھن آخیر تک کسی کا سگا نہیں رہا۔ وہ ہمیشہ بیوفا دوست ثابت ہوا ہے۔"

—مہاتما گاندھی

उन्नीसवीं सदी के एक फ़क़ीर की डायरी

पण्डित सुन्दरलाल

ग़ौसअलीशाह इस देश के पिछली सदी के एक बहुत बड़े और मशहूर मुसलमान फ़क़ीर थे. सन् 1857 के कुछ पहले से लेकर उसके कुछ बाद तक का ज़माना उनका ख़ास ज़माना था. हिन्दुस्तान भर में ख़ूब घूमे. बाहर भी हज्ज वग़ैरह के सिलसिले में गए. बाद के दिनों में उन्होंने अपनी ज़िन्दगी के बहुत से हालात अपने चेलों को सुनाए जो लिख लिए गए. इनसे उस ज़माने के हिन्दू मुसलमानों के आपसी मेल जोल पर ख़ासी रोशनी पड़ती है. एक तरह से ये ग़ौस-अलीशाह की डायरी के कुछ पन्ने हैं, ऐसी डायरी जो दूसरों ने उनसे सुनकर लिख ली थी.

[1]

एक दिन बचपन में हमें एक सन्यासी ने जड़ ताड़ी कपाली चढ़ाना सिखाया. इस कपाली में ज़ाहिरा होश जाता रहता है और रूह दिमाग़ में आ जाती है. जिस ख़याल में आदमी बैठता है उसी में रहता है. जब हमें इसका अभ्यास हो गया तो एक दिन ख़याल आया कि देखें दूसरे पर भी इसका असर होता है या नहीं. हमने अपने सौतेले भाई को कपाली चढ़वाई. वह बिलकुल बेहोश होकर मुर्दे की तरह ज़मीन पर गिर पड़े. उतारना हमें आता नहीं था. हम बड़े घबराए कि अब क्या इलाज करें. हमने अपनी सौतेली माँ को ख़बर दी. वे घबराई हुई आईं और कहने लगीं,—"एक तो गया ही अब दूसरा भी चला. लोग यही शक करेंगे कि इसने सौतेले भाई को मार डाला." यह कह कर वे एक प्याला दही का लाईं और बेटे के सामने गिरा दिया. जो आकर पूछता उससे कहतीं—"कि न जाने क्या हुआ दही खा कर क़ै की है." मैं घबरा कर उस सन्यासी के पास गया और सारा हाल कह सुनाया. उन्होंने बहुत नाराज़ होकर मुझसे कहा,—"क्या तुमको इस वास्ते यह क्रिया सिखलाई थी कि लोगों का तमाशा देखो. हमने तो इसलिये सिखलाया था कि ईश्वर की याद में लगे रहोगे. ख़बरदार फिर ऐसा काम न करना." यह कहकर हमारे घर आए और भाई के सर पर पानी की मश्कें छुड़वाईं. जब तीसरी मश्क छोड़ी गई तो उठ बैठे. फिर हमने भाई से बेहोशी की हालत का हाल पूछा. उसने कहा—"मैं तो ज़िन्दा था और तुम सब को पुकार पुकार कर कहता था कि मैं ज़िन्दा हूँ,

اُنیسویں صدی کے ایک فقیر کی ڈایری

پنڈت سندر لال

غوث علی شاہ اس دیش کے پچھلی صدی کے ایک بہت بڑے اور مشہور مسلمان فقیر تھے. سن 1857 کے کچھ پہلے سے لیکر اُسکے کچھ بعد تک کا زمانہ اُن کا خاص زمانہ تھا. ہندستان بھر میں خوب گھومے. باہر بھی حج وغیرہ کے سلسلے میں گئے. بعد کے دنوں میں اُنھوں نے اپنی زندگی کے بہت سے حالات اپنے چیلوں کو سنائے جو لکھ لئے گئے. ان سے اُس زمانے کے ہندو مسلمانوں کے آپسی میل جول پر خاصی روشنی پڑتی ہے. ایک طرح سے یہ غوث علی شاہ کی ڈایری کے کچھ پنّے ہیں، ایسی ڈایری جو دوسروں نے اُن سے سن کر لکھ لی تھی.

[1]

ایک دن بچپن میں ہمیں ایک سنیاسی نے جڑ تاڑی کپالی چڑھانا سکھایا. اِس کپالی میں ظاہرہ ہوش جاتا رہتا ہے اور روح دماغ میں آجاتی ہے. جس خیال میں آدمی بیٹھتا ہے اُسی میں رہتا ہے. جب ہمیں اِسکا ابھیاس ہو گیا تو ایک دن خیال آیا کہ دیکھیں دوسرے پر بھی اس کا اثر ہوتا ہے یا نہیں. ہمنے اپنے سوتیلے بھائی کو کپالی چڑھوائی. وہ بالکل بیہوش ہو کر مردے کی طرح زمین پر گر پڑے. اُتارنا ہمیں آتا نہیں تھا. ہم بڑے گھبرائے کہ اب کیا علاج کریں. ہمنے اپنی سوتیلی ماں کو خبر دی. وے گھبرائی ہوئی آئیں اور کہنے لگیں،—"ایک تو گیا ہی اب دوسرا بھی چلا. لوگ یہی شک کریںگے کہ اِس نے سوتیلے بھائی کو مارڈالا." یہ کہہ کر وے ایک پیالہ دھی کا لائیں اور بیٹے کے سامنے گرادیا. جو آکر پوچھتا اُس سے کہتیں—"کہ نہ جانے کیا ہوا دھی کھا کر قے کی ہے." میں گھبرا کر اُس سنیاسی کے پاس گیا اور سارا حال کہہ سنایا. اُنھوں نے بہت ناراض ہوکر مجھسے کہا،—"کیا تمکو اِس واسطے یہ کریا سکھلائی تھی کہ لوگوں کا تماشہ دیکھو. ہمنے تو اِسلئے سکھلایا تھا کہ ایشور کی یاد میں لگے رہوگے. خبردار پھر ایسا کام نہ کرنا." یہ کہہ کر ہمارے گھر آئے اور بھائی کے سر پر پانی کی مشکیں چھڑوائیں. جب تیسری مشک چھوڑی گئی تو اُٹھ بیٹھے. پھر ہمنے بھائی سے بیہوشی کی حالت کا حال پوچھا. اُس نے کہا—"میں تو زندہ تھا اور تم سب کو پکار پکار کر کہتا تھا کہ میں زندہ ہوں،

तुम घबराओ मत. मैं कुएं में पड़ा हूँ. मुझको निकाल लो. लेकिन तुम सुनते न थे. और मुझे किसी तरह की तकलीफ़ न थी." उस दिन से हमने तोबा कर ली कि फिर ऐसा काम कभी न करेंगे.

[2]

एक दिन हम बाबरी से हरिद्वार को चले कि कुम्भ का स्नान और ब्रह्म गायत्री का पाठ करें, क्योंकि हमारे रज़ाई बाप* पण्डित रामसनेही जी ने घर से चलते वक़्त हमें गायत्री सिखा कर कह दिया था कि हरिद्वार में गंगा के किनारे इसका जाप कर लेना. जब कनखल में पहुंचे तो वहां दो हिन्दू परमहंस देखे. किसी निर्दयी ने उनकी जाँघों पर दहकते हुए अंगारे रख दिये थे. एक की जाँघ तो जल गई थी और दूसरे पर कुछ असर न था. हमने झटपट अंगारे अलग किए और उनको डोली में सवार करा कर ज्वालापुर के थाने में लाए. थानेदार से हमारी जान पहचान थी. उसने जले हुए की मरहम पट्टी करवाई.

कुछ दिनों बाद एक दिन यह क़िस्सा अपने कुछ चेलों को सुना कर ग़ौसअलीशाह ने उनसे पूछा कि—"इन दोनों परमहंसों में से कौन बढ़कर था?" एक चेले ने जवाब दिया कि—"जिसकी जाँघ नहीं जली थी." आपने कहा कि—"नहीं, जिसकी जांघ नहीं जली थी वह अभी अपने बदन की हिफ़ाज़त करने की ताक़त रखता था. लेकिन दूसरे का इनहमाक (ध्यान में डूबा हुआ होना) ज्यादा ऊंचे दरजे का था कि तन बदन का भी होश बाक़ी न रहा था. अगर उसके इस कामिल इनहमाक का इसलाम के बड़े बड़े लोगों से मुक़ाबला करें तो लोग बुरा मानें. 'अलहक़्क़ो मुर्रून' यानी सच्चाई कड़वी होती है. लेकिन सच यह है कि ऐसा इनहमाक करोड़ों में से किसी एक को हासिल होता है. हर एक इसके क़ाबिल नहीं.

"इसरारे मुहब्बत रा हर दिल न बुवद क़ाबिल,
दुर नेस्त बहर दरिया, ज़र नेस्त बहर काने.

यानी—हर दिल प्रेम के रहस्यों को समझने के क़ाबिल नहीं होता. न हर दरिया में मोती होते हैं और न हर खान में सोना होता है.

लेकिन मुबारिक वह इनहमाक (तल्लीनता) कि न हम सेवा करने वालों से ख़ुश और न अंगारा रखने वाले से नाराज़, जिस हालत में थे उसी में रहे."

تم گھبراؤ مت . میں کوئیں میں پڑا ہوں . مجھکو نکال لو . لیکن تم سنتے نہ تھے. اور مجھے کسی طرح کی تکلیف نہ تھی ." اُس دن سے ہم نے توبہ کرلی کہ پھر ایسا کام کبھی نہ کرینگے .

[2]

ایک دن ہم بابری سے ہری‌دوار کو چلے کہ کمبھ کا اسنان اور برہم گایتری کا پاٹھ کریں' کیونکہ ہمارے رضائی باپ* پنڈت رام سنیہی جی نے گھر سے چلتے وقت ہمیں گایتری سکھا کر کہہ دیا تھا کہ ہری‌دوار میں گنگا کے کنارے اس کا جاپ کر لینا . جب کنکھل میں پہونچے تو وہاں دو ہندو پرم ہنس دیکھے . کسی نردئی نے اُنکی جانگھوں پر دھکتے ہوئے انگارے رکھ دیئے تھے . ایک کی جانگھ تو جل گئی تھی اور دوسرے پر کچھ اثر نہ تھا . ہم نے جھٹ پٹ انگارے الگ کئے اور اُنکو ڈولی میں سوار کرا کر جوالا پور کے تھانے میں لائے . تھانیدار سے ہماری جان پہچان تھی . اُس نے جلے ہوئے کی مرہم پٹی کروائی .

کچھ دنوں بعد ایک دن وہ قصہ اپنے کچھ چیلوں کو سنا کر غوث علی شاہ نے اُن سے پوچھا کہ—"اِن دونوں پرم ہنسوں میں سے کون بڑھکر تھا ؟" ایک چیلے نے جواب دیا کہ— "جس کی جانگھ نہیں جلی تھی ." آپ نے کہا کہ—"نہیں' جس کی جانگھ نہیں جلی تھی وہ ابھی اپنے بدن کی حفاظت کرنے کی طاقت رکھتا تھا . لیکن دوسرے کا انہماک (دھیان میں ڈوبا ہوا ہونا) زیادہ اونچے درجہ کا تھا کہ تن بدن کا بھی ہوش باقی نہ رہا تھا . اگر اُس کے اس کامل اِنہماک کا اِسلام کے بڑے بڑے لوگوں سے مقابلہ کریں تو لوگ برا مانیں . 'الحق و مرعون' یعنی سچائی کڑوی ہوتی ہے . لیکن سچ یہ ہے کہ ایسا انہماک کروڑوں میں سے کسی ایک کو حاصل ہوتا ہے . ہر ایک اِس کے قابل نہیں .

اسرار محبت را ہر دل نہ بود قابل'
در نیست بہر دریا' زر نیست بہر کانے .

یعنی ہر دل پریم کے رہسیوں کو سمجھنے کے قابل نہیں ہوتا . نہ ہر دریا میں موتی ہوتے ہیں اور نہ ہر کھان میں سونا ہوتا ہے .

لیکن مبارک وہ انہماک (تلینتا) کہ نہ ہم سیوا کرنے والوں سے خوش اور نہ انگارا رکھنے والے سے ناراض' جس حالت میں تھے اُسی میں رہے .

* मां के अलावा यदि कोई स्त्री बच्चे को दूध पिला कर पाले तो उसका पति बालक का 'रज़ाई बाप' कहलाता है.
ماں کے علاوہ یدی کوئی اِستری بچے کو دودھ پلا کر پالے تو اُسکا پتی بالک کا 'رضائی باپ' کہلاتا ہے .

एक दिन जब हम ज्वालापुर से चलकर हरिद्वार पहुंचे तो सरबननाथ जी से भेंट हुई. बड़ा आदर सत्कार किया. अपने मकान पर ठैहराया. दोनों वक़्त बढ़िया खाना खिलाया. जब परबी का वक़्त आया तो हम धोती बाँध तिलक लगा कमण्डल हाथ में ले हर की पैड़ी पर जा मौजूद हुए. बाबरी के एक ब्राह्मण ने ठीक स्नान के वक़्त पहचान लिया और दांतों के तले उंगली देकर चुप रह गया. हम नहाकर बाहर निकले तो वह ब्राह्मण हमें अलग ले गया और कहने लगा—"मियाँ साहब! यहाँ और वहां कुछ फ़रक़ है जो आप स्नान करने आए? अगर कोई पहचान लेता तो बड़ी ख़राबी होती. ख़ुदा तो सब जगह एक है, यह भी एक तमाशा है कि हर एक फ़िरक़े का मज़हब जुदा है, हर एक दूसरे को झूटा कहता है और अपने आपको सच्चा बताता है. अगर सच्चाई की राह से देखो तो मक़सद दोनों का एक ही है.

पढ़ा बुतख़ाने* में हो या तवाफ़े-काबा❀ करता हो,
यहाँ क्या और वहाँ क्या है कहीं हो तेरा जोया† हो.

यह मिसाल उस ब्राह्मण ने हमें सुनाई. चार मुसाफ़िर सफ़र में साथ थे मगर बोलियां चारों की अलग अलग थीं. चारों भूके थे. चारों ने अपनी अपनी ज़बान में अंगूर ख़रीदने का इरादा ज़ाहिर किया. लेकिन 'अंगूर' का नाम चारों ज़बानों में अलग अलग था. इसलिये एक की बात को दूसरा न समझ पाया, आपस में लड़ने लगे. इत्तफ़ाक़ से एक आदमी जो उन चारों की ज़बानों को जानता था, आ निकला. उसने एक का मतलब दूसरे को समझा दिया. तब शरमिन्दा हुए कि क्या फ़ज़ूल का झगड़ा था. मतलब तो सब का एक ही था. यानी जब तक कोई असलियत का जानने वाला नहीं मिलता, यह दुई नहीं मिटती.

जब वे ब्राह्मण हमें समझा चुके तो हमने कहा कि साहब यह स्नान हमने अपने रजाई बाप पण्डित रामसनेही जी की तरफ़ से और उनकी आज्ञा से किया. फिर हमने ब्रह्मगायत्री का पाठ शुरू किया. ब्रह्मगायत्री यह है—

ओ३म भूर्भुवः स्वः तत्सवितुर्वरेण्यम् भर्गो देवस्य धीमहि धियो यो नः प्रचोदयात्; ओ३म्.

लफ़्ज़ी माइने गायत्री के यह हैं—ओ३म् यानी अल्लाह. यह अल्लाह के नामों में सबसे बढ़कर है, भूर यानी पहला आसमान यानी अपने भक्तों को सब दुखों से आज़ाद करके हमेशा आनन्द में रखने वाला, भुवः—दूसरा आसमान जो

ایک دن جب ہم جوالا پور سے چل کر ہری دوار پہونچے تو سربن ناتھ جی سے بھینٹ ہوئی۔ بڑا آدر ستکار کیا۔ اپنے مکان پر ٹھہرایا۔ دونوں وقت بڑھیا کھانا کھلایا۔ جب پربی کا وقت آیا تو ہم دھوتی باندھ تلک لگا کمنڈل ہاتھ میں لے ہر کی پیڑی پر جا موجود ہوئے۔ بابری کے ایک براہمن نے ٹھیک اسنان کے وقت پہچان لیا اور دانتوں کے تلے انگلی دیکر چپ رہ گیا۔ ہم نہا کر باہر نکلے تو وہ براہمن ہمیں الگ لے گیا اور کہنے لگا—"میاں صاحب! یہاں اور وہاں کچھ فرق ہے جو آپ اسنان کرنے آئے؟ اگر اور کوئی پہچان لیتا تو بڑی خرابی ہوتی۔ خدا تو سب جگہ ایک ہے' یہ بھی ایک تماشہ ہے کہ ہر ایک فرقے کا مذہب جدا ہے' ہر ایک دوسرے کو جھوٹا کہتا ہے اور اپنے آپ کو سچا بتاتا ہے۔ اگر سچائی کی راہ سے دیکھو تو مقصد دونوں کا ایک ہی ہے۔

پڑا بتخانے* میں ہو یا طواف کعبہ❀ کرتا ہو'
یہاں کیا اور وہاں کیا ہے کہیں ہو تیرا جویا† ہو۔

یہ مثال اُس براہمن نے ہمیں سنائی۔ چار مسافر سفر میں ساتھ تھے' مگر بولیاں چاروں کی الگ الگ تھیں۔ چاروں بھوکے تھے۔ چاروں نے اپنی اپنی زبان میں انگور خریدنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ لیکن 'انگور' کا نام چاروں زبانوں میں الگ الگ تھا۔ اِس لئے ایک کی بات کو دوسرا نہ سمجھ پایا' آپس میں لڑنے لگے۔ اتفاق سے ایک آدمی جو اُن چاروں کی زبانوں کو جانتا تھا' آنکلا۔ اُس نے ایک کا مطلب دوسرے کو سمجھا دیا۔ تب شرمندہ ہوئے کہ کیا فضول کا جھگڑا تھا۔ مطلب تو سب کا ایک ہی تھا۔ یعنی جب تک کوئی اصلیت کا جاننے والا نہیں ملتا' یہ دوئی نہیں مٹتی۔

جب وے براہمن ہمیں سمجھا چکے تو ہمنے کہا کہ صاحب یہ اسنان ہمنے اپنے رضائی باپ پنڈت رام سنیہی جی کی طرف سے اور اُنکی آگیا سے کیا۔ پھر ہم نے برہم گایتری کا پاٹھ شروع کیا۔ برہم گایتری یہ ہے—

اوم بھور بھوہ سوہ تتس وتورو ریلم بھرگو دیوسیہ دھیمہی دھیویو نہ پر چودیات؛ اوم۔

لفظی معنے گایتری کے یہ ہیں—اوم یعنی اللہ۔ یہ اللہ کے ناموں میں سب سے بڑھکر ہے' بھور یعنی پہلا آسمان یعنی اپنے بھکتوں کو سب دکھوں سے آزاد کر کے ہمیشہ آنند میں رکھنے والا' بھوہ:—دوسرا آسمان جو

*—देवालय
❀—काबे की परिक्रमा
†—ढूँढ़ने वाला

دیوالئے
کعبہ کی پریکرما
ڈھونڈھنے والا

समस्त जानदारों में रोशन होकर सब को अपनी अपनी राह पर चलाता है. स्वः—तीसरा आसमान यानी जिन्दगी, तत्—यानी उस, सवितुर—यानी पैदा करने वाला यानी जो आत्मिक और इल्मत का देने वाला है, वरेण्यम्-यानी जो बहुत मानने के क़ाबिल है, भर्गो यानी ज्योति यानी जो पाक है, देवस्य—रोशन—यानी जो सब जानों का रोशन करने वाला और आराम का देने वाला है, धीमहि—यानी हम ध्यान करते हैं, यानी हम लोग हमेशा अपने पूरे यक़ीन से एतक़ाद (विश्वास) करके मान लें, धियो—यानी इन्द्रियां, मन और बुद्धि, यो—जो, नः—हमारी, प्रचोदयात—यानी हिदायत करे यानी अपनी मेहरबानी से हमें सब बुरे कामों से अलग करके हमेशा अपनी तरफ़ लगाए रखे, ओ३म्—यानी अल्लाह. तरजुमा—अल्लाह ताला जो सब जानदारों में मौजूद है और पूजने के क़ाबिल है, उस पैदा करने वाले का नूर सब जानों में रोशन है, हम फ़रमांबरदार बन्दे सच्चे यक़ीन के साथ एतक़ाद करते हैं कि जो हमारी इन्द्रियां और मन बुद्धि हैं उनको वह अपनी तरफ़ लगाए रखे, अल्लाह.

जिस रोज़ हमारा पाठ पूरा हुआ तो आख़री रात को हमने यह सपना देखा कि ठीक गंगा के बीच में एक तरफ़ इसलाम के पैग़म्बर मोहम्मद साहब अपने साथियों को लिए आए और एक मजलिस सजाई गई और दूसरी तरफ़ महाराज श्रीकृष्ण जी अपने प्रेमियों को लिए पधारे और एक सभा जम गई. कृष्ण जी ने मोहम्मद साहब से कहा कि—"आप इनको समझाइये कि ये क्या करते हैं." मोहम्मद साहब ने कहा कि—"महाराज आप ही समझाइये." फिर महाराज ने मुझको बुलाया और कहा कि—"सुनो बेटा, तुम्हारे यहाँ क्या कुछ नहीं जो दूसरी जगह ढूँढते हो, क्या तुमने दुई समझी है ? यहाँ और वहां सब एक बात है, गोकि पन्थ जुदा जुदा हैं."

कुफ़्रो इसलाम दर राहे तो पायाँ
वहीदुल्ला शरीकुल गोयाँ.

यानी—कुफ़्र और इसलाम सब उसी की राह में दौड़ रहे हैं और सब यही कह रहे हैं कि उस एक के सिवा दूसरा कोई नहीं है.

[4]

एक दिन जब हम देहरादून को गए वहां एक हिन्दू फ़क़ीर की ख़बर सुनकर पहाड़ पर पहुंचे. उनकी मुलाक़ात से दिल बड़ा ख़ुश हुआ. जैसा सुना था वैसा ही पाया. चार पांच दिन ठहरे. एक दिन हम अकेले में उनके पास गए तो बाबा जी राम गीता लिख रहे थे. हमने कहा 'नमोनारायण !"

م جانداروں میں روشن ہو کر سب کو اپنی اپنی
پر چلاتا ہے. سوہ—تیسرا آسمان یعنی زندگی،
ت—یعنی اُس، سویتور—یعنی پیدا کرنے والا یعنی جو
اق اور عزت کا دینے والا ہے، وریئیم—یعنی جو بہت مانلے
، قابل ہے، بھرگو یعنی جیوتی یعنی جو پاک ہے، دیوسیہ—
شن—یعنی جو سب جانوں کا روشن کرنے والا اور آرام کا دینے
و ہے، دھیمہی—یعنی ہم دھیان کرتے ہیں، یعنی ہم لوگ ہمیشہ
نے پورے یقین سے اعتقاد (وشواس) کر کے مان لیں، دھیو—
یعنی اندریاں، من اور بدھی، یو—جو، نہ—ہماری، پرچود
ت—یعنی ہدایت کرے یعنی اپنی مہربانی سے ہمیں سب
رے کاموں سے الگ کرکے ہمیشہ اپنی طرف لگائے رکھے، اوم—
یعنی اللہ . ترجمہ—اللہ تعالیٰ جو سب جانداروں میں موجود
ے اور پوجنے کے قابل ہے، اُس پیدا کرنے والے کا نور سب جانوں
میں روشن ہے، ہم فرمانبردار بندے سچے یقین کے ساتھ اعتقاد
کرتے ہیں کہ جو ہماری اندریاں اور من بدھی ہیں اُنکو وہ
اپنی طرف لگائے رکھے، اللہ .

جس روز ہمارا پاٹھ پورا ہوا تو آخری رات کو ہمنے یہ سپنا دیکھا کہ ٹھیک گنگا کے بیچ میں ایک طرف اِسلام کے پیغمبر محمد صاحب اپنے ساتھیوں کو لئے آئے اور ایک مجلس سجائی گئی اور دوسری طرف مہاراج شری کرشن جی اپنے پریمیوں کو لئے پدھارے اور ایک سبھا جم گئی . کرشن جی نے محمد صاحب سے کہا—"آپ اِن کو سمجھائیے کہ یہ کیا کرتے ہیں ." محمد صاحب نے کہا کہ—"مہاراج آپ ہی سمجھائیے ." پھر مہاراج نے مجھکو بلایا اور کہا کہ—"سنو بیٹا، تمہارے یہاں کیا کچھ نہیں جو دوسری جگہہ ڈھونڈھتے ہو، کیا تم نے دوئی سمجھی ہے ؟ یہاں اور وہاں سب ایک بات ہے، گو کہ پنتھ جدا جدا ہیں ."

کفر و اسلام در راہ تو پایاں
وحید اللہ شریک گویاں

یعنی—کفر اور اسلام سب اُسی کی راہ میں دوڑ رہے ہیں اور سب یہی کہہ رہے ہیں کہ اُس ایک کے سوا دوسرا کوئی نہیں ہے .

[4]

ایک دن جب ہم دھرادون کو گئے وہاں ایک ہندو فقیر کی خبر سن کر پہاڑ پر پہونچے. اُن کی ملاقات سے دل بڑا خوش ہوا. جیسا سنا تھا ویسا ہی پایا . چار پانچ دن ٹھہرے . ایک دن ہم اکیلے میں اُن کے پاس گئے تو بابا جی رام گیتا لکھ رہے تھے . ہم نے کہا "نمو نارائن !"

बोले—"जी ! अस्सलामअलेकुम कहो." यह फ़िक़रा सुनकर हम चौंके. उन्होंने अपना हाल सुनाया और कहने लगे—"मैं सय्यद हूँ, मेरा नाम मोहम्मद हुसेन है, पहले तो मैंने शाह अब्दुल अज़ीज़ साहब से गुरुमन्त्र लिया, फिर वेद और शास्त्रों को पढ़ने का शौक़ हुआ, बनारस में आकर यह भी पढ़ा. ख़ानदान क़ादरिया का चेला हूँ. अब योग के लिए यहां आ रहा हूँ. चेले काम करते हैं, मैं ख़ुदा की याद में लगा हूँ."

हमने पूछा कि "हिन्दुओं और मुसलमानों की फ़क़ीरी में आपने क्या फ़रक़ देखा ?" जवाब दिया—"फ़क़ीरी की बात तो दोनों जगह एक सी है, सिर्फ़ कुछ लफ़्ज़ और इस्तलाहें (परिभाषाएं) अलग अलग हैं.

हिन्दियां रा इस्तलाहे हिन्द मद्ह
सिन्धियां रा इस्तलाहे सिन्ध मद्ह.

यानी—सब के लिए हम्द (स्तुति) करने का अपना अपना तरीक़ा है, हिन्दुस्तानियों के लिए हिन्दुस्तानियों का तरीक़ा ठीक है और सिन्धियों के लिए सिन्धियों का तरीक़ा.

न मन बर आं गुले आरिज़ ग़ज़ल सरायमो बस,
के अन्दलीबे तो अज़ हर तरफ़ हज़ारां अन्द.

यानी—तेरे उस फूल से चेहरे की हम्द (स्तुति) गाने वाला सिर्फ़ एक मैं ही नहीं हूँ, हर तरफ़ से हज़ारों बुलबुलें तेरी हम्द (स्तुति) गा रही हैं.

[5]

एक दिन हम देहरादून के पहाड़ की सैर करते हुए श्रीनगर में पहुंचे. एक पहाड़ पर एक बाबा जी रहते थे. उनसे भेंट हुई. बड़ी आवभगत से मिले. हमें एक अलग मकान दिया. चारपाई मंगाई. हमने बहुतेरा इनकार किया कि आप ज़मीन पर सोते हैं, हम भी इसी तरह आराम करेंगे. लेकिन उन्होंने न माना और ज़िद की कि नहीं तुम को चारपाई ज़रूर चाहिए. आहिस्ता आहिस्ता उनसे मेल जोल बढ़ गया. एक दिन उसके किसी चेले को पद्मनाग ने, जो हाथ भर का और बड़ा ज़हरीला सांप होता है, काट लिया. दूसरे चेले ने सांप को पत्थर के कूंडे से ढांक दिया और आकर गुरू जी को ख़बर दी. उन्होंने कहा कि जल्दी से भभूत यानी अकसीर ला. इतने में चेले का मुंह बन्द हो गया और गरदन का मनका ढल गया. गुरू जी ने कहा कि जिस तरह हो सके इसके गले से भभूत उतार दो. बड़ी मुश्किल से जवाखारा के एक दाने के बराबर वह राख सींक से उसको खिला दी. दवा का कन्ठ से उतरना ही था कि चेला कुरकुरी लेकर सीधा हो गया. दूसरे चेलों को हुक्म दिया कि अब इसे बैठाओ. थोड़ी देर में उसने भूक ज़ाहिर

بولے—"جی ! اسلام علیکم کہو." یہ فقرہ سن کر ہم چونکے. اُنھوں نے اپنا حال سنایا اور کہنے لگے—"میں سید ہوں، میرا نام محمد حسین ہے، پہلے تو مجھے شاہ عبدالعزیز صاحب سے گرومنتر لیا، پھر وید اور شاستروں کو پڑھنے کا شوق ہوا، بنارس میں جا کر یہ بھی پڑھا. خاندان قادریہ کا چیلا ہوں. اب یوگ کے لئے یہاں آرہا ہوں. چیلے کام کرتے ہیں، میں خدا کی یاد میں لگا ہوں."

ہم نے پوچھا کہ—"ہندوؤں اور مسلمانوں کی فقیری میں آپ نے کیا فرق دیکھا ؟" جواب دیا—"فقیری کی بات تو دونوں جگہ ایک سی ہے، صرف کچھ لفظ اور اصطلاحیں (پریبھاشائیں) الگ الگ ہیں.

ہندیاں را اصطلاح ہند مدح
سندھیاں را اصطلاح سندھ مدح

یعنی—سب کے لئے حمد (استوتی) کرنے کا اپنا اپنا طریقہ ہے، ہندستانیوں کے لئے ہندستانیوں کا طریقہ ٹھیک ہے اور سندھیوں کے لئے سندھیوں کا طریقہ.

نہ من ہر آں گل عارض غزل سرایم و بس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزاراں اند

یعنی—تیرے اُس پھول سے چہرے کی حمد (استوتی) گانے والا صرف ایک میں ہی نہیں ہوں، ہر طرف سے ہزاروں بلبلیں تیری حمد (استوتی) گا رہی ہیں.

[5]

ایک دن ہم دھرادون کے پہاڑ کی سیر کرتے ہوئے شری نگر میں پہونچے. ایک پہاڑ پر ایک بابا جی رہتے تھے. اُن سے بھینٹ ہوئی. بڑی آؤبھگت سے ملے. ہمیں ایک الگ مکان دیا. چارپائی منگائی. ہم نے بہتیرا اِنکار کیا کہ آپ زمین پر سوتے ہیں، ہم بھی اِسی طرح پر آرام کریں گے. لیکن اُنھوں نے نہ مانا اور ضد کی کہ نہیں تم کو چارپائی ضرور چاہئے. آہستہ آہستہ اُن سے میل جول بڑھ گیا. ایک دن اُن کے کسی چیلے کو پدمناگ نے، جو ہاتھ بھر کا اور بڑا زہریلا سانپ ہوتا ہے، کاٹ لیا. دوسرے چیلے نے سانپ کو پتھر کے کونڈے سے ڈھانک دیا اور آکر گروجی کو خبر دی. اُنھوں نے کہا کہ جلدی سے بھبھوت یعنی اکسیر لا. اِتنے میں چیلے کا منھ بند ہوگیا اور گردن کا منکا ڈھل گیا. گروجی نے کہا کہ جس طرح ہوسکے اِس کے گلے سے بھبھوت اُتار دو. بڑی مشکل سے جواخارا کے ایک دانے برابر وہ راکھ سینک سے اس کو کھلا دی. دوا کا کنٹھ سے اُترنا ہی تھا کہ چیلا جھرجھری لیکر سیدھا ہوگیا. دوسرے چیلوں کو حکم دیا کہ اب اِسے بیٹھاؤ. تھوڑی دیر میں اُس نے بھوک ظاہر

ने तो दो सेर घी उसे पिलवा दिया और फिर टहलाना शुरू किया. जब उसे फिर उबाहिरा हुई तो फिर घी पिलाया गया. कुछ देर पीछे उसे खून का दस्त हुआ. फिर घी पिला कर टहलाया तो कचलहू का दस्त आया. इसके बाद मामूली पाखाना आया और भला चंगा हो गया. अब गुरू जी ने कहा कि उस सांप को लाओ. चेले पकड़ लाए. एक सींक से उसके मुंह में भी वही भभूत डाल दी. उसी दम ऐंठ कर रह गया और थोड़ी सी देर में पानी हो कर बह गया और वह भस्म पानी पर तैरने लगी. बाबा जी ने कहा कि—"देखिये इसका विष इसके लिए तो अकसीर है, लेकिन आदमी के लिए मुहलिक (घातक) है और आदमी की अकसीर इसके लिए हलाहल है.

आं यके रा मदह दर हक़े तो जम,
आं यके रा शहद दर हक़े तो सम.

यानी—जो एक के लिए स्तुति है वह दूसरे के लिए निन्दा और जो एक के लिए शहद है वह दूसरे के लिए जहर.

इसके बाद बाबा जी ने कहा कि आओ तुम को एक और तमाशा दिखावें. एक कड़ाही दूध की भरी हुई मंगाई, उसमें सिरका और नमक डाल कर दूध को फाड़ दिया. मुझसे बोले कि—"भला अब कोई चीज इसे दुरुस्त कर सकती है ?" मैंने कहा कि "नहीं." फिर वही भस्म एक चावल भर उसमें डाल कर लकड़ी से हिलाना शुरू किया. फौरन दूध असली हालत पर आ गया. फिर कितना ही सिरका और नमक डाला उस पर कुछ असर न हुआ, जैसा था वैसा ही रहा. बाबा जी ने चेलों को हुक्म दिया कि गड्ढा खोद कर इस दूध को दबा दो. हमने कहा कि महाराज इन चेलों को क्यों नहीं पिला देते ? कहने लगे कि ये पिएंगे तो कामी हो जावेंगे. फिर हमसे प्यार के साथ कहा कि अगर तुम खाओ तो हम खिलावें. सात पीढ़ी तक इसका असर रहेगा. मैंने कहा बहुत अच्छा, लेकिन इसका उतार भी तो बता दीजिये नहीं तो पांच सेर घी रोज कहां से लावेंगे. कहने लगे मियां खुदा मालिक है. हमने कहा अच्छे रहे. दवा खिलाने को तो आप मालिक हैं और खाना खिलाने के लिये खुदा मालिक है. मैं ऐसी दवा से बाज आया. यह सुन कर बाबा जी चुप हो रहे. इन बाबा जी की उमर चार सौ बरस की थी. हर सत्तर बरस में कायाकल्प करते थे. उसकी विधि यह थी कि छै महीने तक एक कोठरी में बैठ कर जहां हवा न पहुँच सके एक दवा खाते थे. पहला जिस्म फट जाता था और उसके अन्दर से एक दूसरा बारह बरस के लड़के का सा नया जिस्म निकल आता था. जिन दिनों हम गए थे वह दवा तैयार हो रही थी. यह बाबा जी अकसीर के खिलाने में बड़े उस्ताद थे. कुछ दिनों के बाद मीर आज़म अली साहब हमें ढूंढते ढूंढते वहां जा पहुंचे. उन्हें देखकर बाबाजी

ی تو دو سیر گھی اُسے پلوا دیا اور پھر ٹہلانا شروع کیا. جب اُسے
ہر خواہش ہوئی تو پھر گھی پلایا گیا . کچھ دیر پیچھے اُسے
خون کا دست ہوا . پھر گھی پلاکر ٹہلایا تو کچھ لہو کا دست آیا.
س کے بعد معمولی پاخانہ آیا اور بھلا چنگا ہوگیا . اب گرو جی
نے کہا کہ اُس سانپ کو لاؤ . چیلے پکڑ لائے . ایک سینک سے
س کے منہ میں بھی وہی بھبوت ڈال دی . اُسی دم اینٹھ کر
ہ گیا اور تھوڑی سی دیر میں پانی پانی ہوکر بہ گیا اور وہ
بھسم پانی پر تیرنے لگی . بابا جی نے کہا کہ—"دیکھئے اِس کا
بھی اِس کے لئے تو اکسیر ہے' لیکن آدمی کے لئے مہلک
(گھاتک) ہے اور آدمی کی اکسیر اِس کے لئے ہلاہل ہے .

آں یکرا مدح درحق تو زم'
اں یکے را شہد درحق تو سم.

یعنی—جو ایک کے لئے اُستوتی ہے وہ دوسرے کے لئے نندا
اور جو ایک کے لئے شہد ہے وہ دوسرے کے لئے زہر .

اِس کے بعد بابا جی نے کہا کہ آؤ تم کو ایک اور تماشا دکھاویں . ایک کڑاھی دودھ کی بھری ہوئی منگائی' اُس میں سرکہ اور نمک ڈال کر دودھ پھاڑ دیا . مجھ سے بولے کہ—"بھلا اب کوئی چیز اِسے درست کرسکتی ہے؟" میں نے کہا کہ—"نہیں." پھر وہی بھسم ایک چاول بھر اُس میں ڈال کر لکڑی سے ہلانا شروع کیا . فوراً دودھ اصلی حالت پر آگیا . پھر کتنا ہی سرکہ اور نمک ڈالا اُس پر کچھ اثر نہ ہوا' جیسا تھا ویسا ہی رہا . بابا جی نے چیلوں کو حکم دیا کہ گڈھا کھودکر اِس دودھ کو دبا دو . ہم نے کہا کہ مہاراج اِن چیلوں کو کیوں نہیں پلا دیتے ؟ کہنے لگے کہ یہ پئیں گے تو کامی ہوجاوینگے . پھر ہم سے پیار کے ساتھ کہا کہ اگر تم کھاؤ تو ہم کھلاویں . سات پیڑھی تک اِس کا اثر رہیگا . میں نے کہا بہت اچھا' لیکن اس کا اُتار بھی تو بتا دیجئے' نہیں تو پانچ سیر گھی روز کہاں سے لاوینگے . کہنے لگے میاں خدا مالک ہے . ہم نے کہا اچھے رہے . دوا کھلانے کو تو آپ مالک ہیں اور کھانا کھلانے کے لئے خدا مالک ہے . میں ایسی دوا سے باز آیا . یہ سنکر بابا جی چپ ہو رہے . اِن بابا جی کی عمر چار سو برس کی تھی . ہر ستر برس میں کایا کلپ کرتے تھے . اس کی ودھی یہ تھی کہ چھ مہینے تک ایک کوٹھری میں بیٹھکر جہاں ہوا نہ پہونچ سکے ایک دوا کھاتے تھے . پہلا جسم پھٹ جاتا تھا اور اُس کے اندر سے ایک دوسرا بارہ برس کے لڑکے کا سا نیا جسم نکل آتا تھا . جن دنوں ہم گئے تھے وہ دوا تیار ہو رہی تھی . یہ بابا جی اکسیر کے کھلانے میں بڑے اُستاد تھے . کچھ دنوں کے بعد میر اعظم علی صاحب ہمیں ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے وہاں جا پہونچے . اُنہیں دیکھکر بابا جی

ने पूछा कि ये कौन हैं ? मैंने कहा मेरे पिता हैं. बोले रूप रंग से तो यह बात ठीक नहीं मालूम होती. तब मैंने कहा कि हमारे गुरू हैं. उन्होंने कहा कि हां यह हो सकता है. चलते वक़्त बाबा जी ने मीर साहब को सत्तर रुपये और एक बेल अकसीर की दी. वहां से बाबरी को चले. रास्ते में मीर साहब ने कहा कि अकसीर की बेल को फेंक दो. मैंने कहा कि आप बाल बच्चों वाले हैं, उनके काम आवेगी. कहा कि नहीं इसको देख कर खराब हो जावेंगे. तब हमने वह बेल फेंक दी.

अकसीर पर मुहव्विस इतना न नाज़ करना,
बेहतर है कीमिया से दिल का गुदाज़ करना.

[6]

एक दिन जब हम मेरठ में ठहरे हुए थे तब कपड़े बिलकुल फट गए. गिरह में कौड़ी न थी. मजबूर होकर लड़के पढ़ाने शुरू किए. जब कपड़ों के लायक़ दाम आ गए तो पढ़ाना छोड़ दिया. उन दिनों मौलवी हबीबुल्ला शाह की सेवा में रहे. हक़ीक़त में उनकी निगाह जिस पर पड़ जाती थी उसके दिल को पाक करने में उससे बहुत बड़ी मदद मिलती थी. हमारे दिल पर भी उनकी निगाह का बहुत बड़ा असर पड़ा. योग की कई क्रियाएं जो नक़्शबन्दी फ़क़ीरों में रायज थीं हमने उनसे सीखीं. जब चक्रों, ज्योतियों और तरह तरह के अन्दरूनी तजरुबों की सैर हो चुकी तो मैंने अर्ज़ किया कि "आपकी कृपा से यह सब तमाशा तो खूब देखा पर गुस्ताखी माफ़ कीजिये खुदा का पता तो न किसी चक्र में लगा, न किसी लतीफ़े* में. यह सब भानमती का स्वांग मालूम होता है." उस वक़्त तो यह बात उनको नापसन्द आई लेकिन आदमी बहुत सच्चे और समझदार थे. रात को सोचा तो बात समझ में आ गई. सुबह को कहने लगे कि तुम सच कहते हो, सचमुच वह बेचून और बेचगून ईश्वर न किसी चक्र में क़ैद है और न किसी ऋद्धि सिद्धि में. सैकड़ों मुतलाशी (जिज्ञासु) हमारे पास आए लेकिन किसी ने इस सूझ बूझ की बात नहीं की. आओ दिल्ली चलकर शाह अबू सईद साहब से पूछें. वह मुझे दिल्ली ले गए. शाह साहब से बात चीत हुई. उन्होंने बहुत ही ठीक जवाब दिया और कहा कि—"सुनो बेटा, जो कुछ हमें अपने बुज़ुर्गों से मिला है वह तुम्हें पहुंचा दिया, अब अगर तुम्हारी हिम्मत बढ़ी और तलाश ज़ोर की है तो और जगह ढूंढो." फिर हम दिल्ली से चल दिए.

[7]

एक दिन मंडावर में हम वहां के सज्जादानशीन पीर साहब के पास बैठे थे. अकसर पीरों की आदत होती है कि अपने चेलों से हर तरह के काम लेते हैं. मियां साहब ने

نے پوچھا کہ یہ کون ہیں ؟ میں نے کہا میرے پتا ہیں ۔ بولے روپ رنگ سے تو یہ بات ٹھیک نہیں معلوم ہوتی ۔ تب میں نے کہا کہ ہمارے گرو ہیں ۔ اُنہوں نے کہا کہ ہاں یہ ہوسکتا ہے ۔ چلتے وقت بابا جی نے میر صاحب کو ستر روپئے اور ایک بیل اِکسیر کی دی ۔ وہاں سے بابری کو چلے ۔ راستے میں میر صاحب نے کہا کہ اکسیر کی بیل کو پھینک دو ۔ میں نے کہا کہ آپ بال بچوں والے ہیں' اُن کے کام آویگی ۔ کہا کہ نہیں اِس کو دیکھکر خراب ہوجاوینگے ۔ تب ہم نے وہ بیل پھینک دی ۔

اکسیر پر محبوس اتنا نہ ناز کرنا
بہتر ہے کیمیا سے دل کا گداز کرنا

[6]

ایک دن جب ہم میرٹھ میں ٹھہرے ہوئے تھے تب کپڑے بالکل پھٹ گئے ۔ گرہ میں کوڑی نہ تھی ۔ مجبور ہوکر لڑکے پڑھانے شروع کئے ۔ جب کپڑوں کے لایق دام آگئے تو پڑھانا چھوڑ دیا ۔ اُن دنوں مولوی حبیب اللہ شاہ کی سیوا میں رہے ۔ حقیقت میں اُن کی نگاہ جس پر پڑ جاتی تھی اُس کے دل کو پاک کرنے میں اُس سے بہت بڑی مدد ملتی تھی ۔ ہمارے دل پر بھی اُن کی نگاہ کا بہت بڑا اثر پڑا ۔ یوگ کی کئی کریائیں جو نقشبندی فقیروں میں رائج تھیں ہم نے اُن سے سیکھیں ۔ جب چکروں' جیوتیوں اور طرح طرح کے اندرونی تجربوں کی سیر ہوچکی تو میں نے عرض کیا کہ "آپ کی کرپا سے یہ سب تماشہ تو خوب دیکھا پر گستاخی معاف کیجئے خدا کا پتہ تو نہ کسی چکر میں لگا' نہ کسی لطیفے* میں ۔ یہ سب بھانمتی کا سوانگ معلوم ہوتا ہے ۔" اُس وقت تو یہ بات اُن کو ناپسند آئی لیکن آدمی بہت سچے اور سمجھدار تھے ۔ رات کو سوچا تو بات سمجھ میں آگئی ۔ صبح کو کہنے لگے کہ تم سچ کہتے ہو' سچ مچ وہ بے چون اور بے چگون ایشور نہ کسی چکر میں قید ہے اور نہ کسی ردھی سدھی میں ۔ سیکڑوں متلاشی (جگیاسو) ہمارے پاس آئے لیکن کسی نے اِس سوجھ بوجھ کی بات نہیں کی ۔ آؤ دلی چلکر شاہ ابوسعید صاحب سے پوچھیں ۔ وہ مجھے دلی لے گئے ۔ شاہ صاحب سے بات چیت ہوئی ۔ اُنہوں نے بہت ہی ٹھیک جواب دیا اور کہا کہ—"سنو بیٹا' جو کچھ ہمیں اپنے بزرگوں سے ملا ہے وہ تمہیں پہونچا دیا' اب اگر تمہاری ہمت بڑھی اور تلاش زور کی ہے تو اور جگہ ڈھونڈھو ۔" پھر ہم دلی سے چل دئے ۔

[7]

ایک دن میں منڈاور میں ہم وہاں کے سجادہ نشین پیر صاحب کے پاس بیٹھے تھے ۔ اکثر پیروں کی عادت ہوتی ہے کہ اپنے چیلوں سے ہر طرح کے کام لیتے ہیں ۔ میاں صاحب نے

* ऋद्धि सिद्धि ردھی سدھی

भी अपने चेलों को हलों में जोत रखा था. एक दिन जब चेले हल जोत कर आए तो आपने उनसे कहा कि—"अरे रात को कुछ अल्लाह, अल्लाह ! भी कर लिया करो." इस पर एक चेला क्या कहता है कि—"अब आई हम बदनसीबों की कमबख्ती. दिन को तो हल जोतें और रात को अल्लाह, अल्लाह करें ! बस अब हम कैसे जिएंगे, किस मुसीबत में फंस गए ? हम ऐसी पीरी-मुरीदी से भर पाए." यह बात सुनकर हम तो हंसने लगे और पीर जी चुप रह गए. कुछ जवाब न दिया. हक़ीक़त में चेलों से काम लेना बुरा है, खास कर उनसे जो ईश्वर के खोजी हों. यूं तो कोई कोई सन्त महात्मा भी चेलों से बहुत सख्त काम लिया करते थे, लेकिन उसमें कुछ मतलब था और आखीर में उनको अपने मक़सद (लक्ष्य) तक भी पहुंचा देते थे. खराबी तो यह है कि ज्यादहतर पीरज़ादे सिवाय अपने खानदान का घमन्ड करने के अपनी गिरह का कुछ नहीं रखते और चेलों की खूब खबर लेते हैं. अगर कोई प्रेमी चेला अपने प्रेम से गुरू का कोई काम करे तो दूसरी बात है. लेकिन कुछ बदला उसको भी मिलना चाहिए. .कुरान की आयत है—जो तुम पर अहसान करे उस पर तुम भी अहसान करो.

[8]

एक दिन जब हम करतपुर में गए तो देखा कि वहां के सज्जादा नशीन पीरजी ने सुबह आकर हजरत अहमद शाह के मज़ार का तवाफ़ (परिक्रमा) और सिज्दा किया. हमने पूछा कि "साहब ! तवाफ़ और सिज्दा तो यहां हो गया अब अगर हजरत गौसुल आज़म के मज़ार पर आप जायं तो वहां क्या कीजियेगा और रसूल अल्लाह मोहम्मद साहब के लिए क्या बाक़ी रखा है ? और खुदा से तो कुछ मतलब ही नहीं जिसके लिए कुछ अदब तमीज़ की जरूरत हो ?" वे नाराज़ हो गए और बोले—"मियां, तालिबइल्म लोग हुज्जती होते हैं, इसीलिये उन्हें कुछ फ़ायदा नहीं होता." हमने कहा—"साहब ! ऐसे फ़ायदे को हमारा सलाम है जिसके लिए खुदा को छोड़कर दूसरे के सामने सर झुकावें और तौहीद (एकेश्वरवाद) से निकल कर दुई में फंस जावें.

[9]

एक दिन जब हम बनारस में पहुंचे हो एक बुज़ुर्ग के पास ठहरे जो हमारे हमनाम थे. पूछने से मालूम हुआ कि खानदान नक़्शबन्दिया में मौलवी हबीबुल्ला शाह के चेले हैं. हमने कहा कि "आप न सिर्फ़ हमारे हमनाम ही हैं बल्कि हमारे गुरुभाई भी हैं." फिर तो बड़ा प्रेम हो गया. एक दिन कहने लगे कि "यहां एक मन्दिर है जिसमें रोज़ सुबह को गाना होता है कल वहां चलो." अगले दिन सुबह की नमाज़ के बाद हम दोनों वहां गए. देखा कि एक पन्डित जी, जवान उमर के, चौकी पर बैठे हुए बड़े ज़ोर शोर से अद्वैतवाद की व्याख्या कर रहे हैं. जब वह उपदेश दे चुके

بھی اپنے چیلوں کو ہلوں میں جوت رکھا تھا. ایک دن جب چیلے ہل جوت کر آئے تو آپ نے اُن سے کہا کہ—"ارے رات کو کچھ اللہ، اللہ ! بھی کرلیا کرو." اِس پر ایک چیلا کیا کہتا ہے کہ —"اب آئی ہم بدنصیبوں کی کمبختی . دن کو تو ہل جوتیں اور رات کو اللہ، اللہ کریں ! بس اب ہم کیسے جئیں گے، کس مصیبت میں پھنس گئے ؟ ہم ایسی پیری مریدی سے بھرپائے." یہ بات سنکر ہم تو ہنسنے لگے اور پیر جی چپ رہ گئے . کچھ جواب نہ دیا . حقیقت میں چیلوں سے کام لینا برا ہے، خاصکر اُن سے جو ایشور کے کھوجی ہوں . یوں تو کوئی کوئی سنت مہاتما بھی چیلوں سے بہت سخت کام لیا کرتے تھے، لیکن اُس میں کچھ مطلب تھا اور آخیر میں اپنے مقصد (لکشیہ) تک بھی پہونچا دیتے تھے . خرابی تو یہ ہے کہ زیادہ‌تر پیرزادے سوائے اپنے خاندان کا گھمنڈ کرنے کے اپنی گرہ کا کچھ نہیں رکھتے اور چیلوں کی خوب خبر لیتے ہیں . اگر کوئی پریمی چیلا اپنے پریم سے گرو کا کوئی کام کرے تو دوسری بات ہے . لیکن کچھ بدلہ اُس کو بھی ملنا چاہئے . قرآن کی آیت ہے—جو تم پر احسان کرے اُس پر تم بھی احسان کرو .

[8]

ایک دن جب ہم کرتپور میں گئے تو دیکھا کہ وہاں کے سجادہ نشین پیر جی نے صبح آکر حضرت احمد شاہ کے مزار کا طواف (پریکرما) اور سجدہ کیا . ہم نے پوچھا کہ "صاحب ! طواف اور سجدہ تو یہاں ہوگیا اب اگر حضرت غوث الاعظم کے مزار پر آپ جائیں تو وہاں کیا کیجئیگا اور رسول اللہ محمد صاحب کے لئے کیا باقی رکھا ہے ؟ اور خدا سے تو کچھ مطلب ہی نہیں جس کے لئے کچھ ادب تمیز کی ضرورت ہو ؟" وے ناراض ہوگئے اور بولے—"میاں، طالب علم لوگ حجتی ہوتے ہیں، اس لئے اُنہیں کچھ فایدہ نہیں ہوتا." ہم نے کہا—"صاحب ! ایسے فایدے کو ہمارا سلام ہے جس کے لئے خدا کو چھوڑکر دوسرے کے سامنے سر جھکاویں اور توحید (ایکیشورواد) سے نکل‌کر دوئی میں پھنس جاویں .

[9]

ایک دن جب ہم بنارس میں پہونچے تو ایک بزرگ کے پاس ٹھہرے جو ہمارے ہم نام تھے . پوچھنے سے معلوم ہوا کہ خاندان نقشبندیہ میں مولوی حبیب اللہ شاہ کے چیلے ہیں . ہم نے کہا کہ "آپ نہ صرف ہمارے ہم‌نام ہی ہیں بلکہ ہمارے گرو بھائی بھی ہیں ." پھر تو بڑا پریم ہوگیا . ایک دن کہنے لگے کہ "یہاں ایک مندر ہے جس میں روز صبح کو گانا ہوتا ہے کل وہاں چلو." اگلے‌دن صبح‌کی نماز کے بعد ہم دونوں وہاں گئے. دیکھا کہ ایک پنڈت جی، جوان عمر کے، چوکی پر بیٹھے‌ہوئے‌بڑے زورشور سے ادویتواد کی ویاکھیا کررہے‌ہیں. جب وہ اُپدیش دے‌چکے

तो सुबह की रागिनी में आरती शुरू की. हमारे गुरु भाई सैयद ग़ौस अली शाह हुसैनी तो सुनकर इतने मुग्ध हो गए कि गिर ही पड़े. लेकिन हमने एक खम्भा पकड़ लिया और अपने आपको सम्हाले रखा. फिर भी हमारे सारे बदन में एक कंपकपी सी दौड़ गई. आरती ख़त्म हुई तो हमारे पीर भाई होश में आए और मकान को चले. आठ दिन तक हमारे दिल पर उसका गहरा असर रहा. एक दिन सैयद ग़ौस अलीशाह ने हमसे कहा कि "आज गंगापुर चलो वहां एक चेले को सन्यास मिलेगा." हम दोनों पहुंचे. देखा कि एक पन्डित किसी चेले को दीक्षा देने वाला है. हमारे गुरुभाई झट सर खोल कर पन्डित के सामने जा बैठे और कहा कि—"पंडित जी पहले हमको मूंड़ दो." यह सुन कर पन्डित रोने लगा और बड़ी सच्चाई के साथ उसने यह कहा कि "मियां साहब, जो बात तुम चाहते हो उसकी हम को हवा भी नहीं लगी. सोचो, अगर हम इस क़ाबिल होते तो टके टके पर क्यों मारे मारे फिरते. यह रुतबा तो हमारे बुज़ुर्गों को हासिल था कि इधर उस्तरा सर पर रखा और उधर अन्तःकरण ने पलटा खाया. हम लोग तो सिर्फ़ उनकी लकीर पीटते हैं."

सचमुच हरिद्वार में हमने यही बात देखी जो इस पन्डित ने कही थी. यानी एक सन्यासी अपने चेले को सन्यास देना चाहता था कि एक मुसलमान फ़क़ीर सिर खोलकर आगे आ बैठा. सन्यासी ने जोश में आकर नाई को इशारा किया कि अच्छा पहले इसी को मूंड़. नाई ने अपना काम शुरू किया. गुरू ने यूँ दीक्षा देनी शुरू की—"न पापी न पुन्नी, न स्वर्गी न नरकी, न ब्रह्मी न विशनी इत्यादि."

इस दीक्षा के बाद उस मुसलमान फ़क़ीर की ऐसी अजीब हालत हुई कि फिर वह परमहंस हो गया. इसके बाद असली चेले की बारी आई. उस पर भी असर तो गहरा पड़ा मगर वह बात न हुई जो मुसलमान फ़क़ीर को हासिल हुई थी.

10]

एक रोज़ जब हम कोट पूतली से चले तो रास्ते में एक मन्दिर मिला. वहां एक साधू बड़े मनोहर स्वर से भजन गा रहा था. हम उसके पास जा बैठे. भजन सुनते रहे. फिर उनसे बातें होने लगीं, यहां तक कि नमाज़ का वक़्त आया. हमने कपड़ा बिछा कर नमाज़ पढ़ ली. नमाज़ के बाद वह साधू जी हमसे कहने लगे कि "मियां साहब, आपकी तबीयत में तो बड़ी आज़ादी मालूम होती है फिर यह नमाज़ की इल्लत क्यों लगा रखी है?" हमने कहा कि "बाबा जी! इल्लत से तो न तुम ख़ाली, न हम ख़ाली. तुमको इस पत्थर के पूजने की इल्लत लगी हुई है, हमको नमाज़ की. तुम

تو صبح کی راگنی میں آرتی شروع کی۔ ہمارے گرو بھائی سید غوث علی شاہ حسینی تو سنکر اِتنے مگن ہوگئے کہ گر ہی پڑے۔ لیکن ہم نے ایک کھمبا پکڑلیا اور اپنے آپ کو سنبھالے رکھا۔ پھر بھی ہمارے سارے بدن میں ایک کپکپی سے دوڑ گئی۔ آرتی ختم ہوئی تو ہمارے پیر بھائی ہوش میں آئے اور مکان کو چلے۔ آٹھ دن تک ہمارے دل پر اُس کا گہرا اثر رہا۔ ایک دن سید غوث علی شاہ نے ہم سے کہا کہ "آج گنگاپور چلو وہاں ایک چیلے کو سنیاس ملیگا۔" ہم دونوں پہونچے۔ دیکھا کہ ایک پنڈت کسی چیلے کو دیکشا دینے والا ہے۔ ہمارے گرو بھائی جھٹ سر کھول پنڈت کے سامنے جا بیٹھے اور کہا کہ—"پنڈت جی پہلے ہم کو موڑ دو۔" یہ سنکر پنڈت رونے لگا اور بڑی سچائی کے ساتھ اُس نے یہ کہا کہ "میاں صاحب، جو بات تم چاہتے ہو اُس کی ہم کو ہوا بھی نہیں لگی۔ سوچو، اگر ہم اِس قابل ہوتے تو ٹکے ٹکے پر کیوں مارے مارے پھرتے۔ یہ رتبہ تو ہمارے بزرگوں کو حاصل تھا کہ اِدھر اُسترا سر پر رکھا اور اُدھر انتہ‌کرن نے پلٹا کھایا۔ ہم لوگ تو صرف اُن کی لکیر پیٹتے ہیں۔"

سچ مچ ہری‌دوار میں ہم نے یہی بات دیکھی جو اِس پنڈت نے کہی تھی۔ یعنی ایک سنیاسی اپنے چیلے کو سنیاس دینا چاہتا تھا کہ ایک مسلمان فقیر سر کھول‌کر آگے آ بیٹھا۔ سنیاسی نے جوش میں آکر نائی کو اِشارہ کیا کہ اچھا پہلے اِسی کو مونڈ۔ نائی نے اپنا کام شروع کیا۔ گرو نے یوں دیکشا دینی شروع کی—"نہ پاپی نہ پنی، نہ سورگی نہ نرکی، نہ برھمی نہ وشنی اِتیادی۔"

اِس دیکشا کے بعد اُس مسلمان فقیر کی ایسی عجیب حالت ہوئی کہ پھر وہ پرم ہنس ہوگیا۔ اِس کے بعد اصلی چیلے کی باری آئی۔ اُس پر بھی اثر تو گہرا پڑا مگر وہ بات نہ ہوئی جو مسلمان فقیر کو حاصل ہوئی تھی۔

[10]

ایک روز جب ہم کوٹ پوتلی سے چلے تو راستے میں ایک مندر ملا۔ وہاں ایک سادھو بڑے منوہر سور سے بھجن گا رہا تھا۔ ہم اُس کے پاس جا بیٹھے۔ بھجن سنتے رہے۔ پھر اُن سے باتیں ہونے لگیں، یہاں تک کہ نماز کا وقت آیا۔ ہم نے کپڑا بچھاکر نماز پڑھ لی۔ نماز کے بعد وہ سادھو جی ہم سے کہنے لگے کہ "میاں صاحب، آپ کی طبیعت میں تو بڑی آزادی معلوم ہوتی ہے پھر یہ نماز کی علت کیوں لگا رکھی ہے؟" ہم نے کہا کہ "بابا جی! علت سے تو نہ تم خالی، نہ ہم خالی۔ تم کو اِس پتھر کے پوجنے کی علت لگی ہوئی ہے، ہم کو نماز کی۔ تم

घन्टा बजाते हो हम माला हिलाते हैं."

रसाई नेस्त ता सरे मंज़िले ऊ कुफ़्रो ईमाँ रा,
के दैरो काबा संगे रह बुवद गबरो मुसलमाँ रा.

यानी—उस परमेश्वर के मुक़ाम तक कुफ़्र और ईमान दोनों में से किसी की भी पहुंच नहीं, क्योंकि मन्दिर और काबा दोनों हिन्दू और मुसलमानों के रास्ते के पत्थर हैं.

दिला* मायलश्‌ न हो दैरो† हरम‡ का,
यहाँ दोनों जगह पत्थर पड़े हैं.

जल कन्या के आँसू

विश्वम्भर नाथ पांडे

मुसलमानों की नमाज़ में मुझे एक ख़ास खिंचाव मालूम होता है, और ख़ास तौर पर इशा की नमाज़. कितनी ही बार मैंने मौज़ाज़िन को अज़ान देते हुए और इमाम को नमाज़ पढ़ाते देखा है. ज़ाहिद सुरीले लहजे से क़ुरान की तेलावत करता है और नमाज़ियों की क़तारें बेख़ुदी में डूब कर उस पाक परवर्दिगार अल्लाह ताला के साथ एक तार में बँध जाती हैं. मुझे नहीं मालूम कि औरों को भी नमाज़ इस तरह रुजू करती है या नहीं और न मैंने इस असर की ही छानबीन करने की कोशिश की कि मुझे यह क्यों इतनी दिलकश लगती है.

नमाज़ का ज़िक्र करते करते मेरे मन में मलाया की उस घटना की याद ताज़ा हो गई. सूरज डूब चुका था. नमाज़ी मस्जिद में आकर इशा की नमाज़ का इन्तज़ार कर रहे थे. कुछ कलाम मजीद का मुताला कर रहे थे और कुछ हदीसों की चरचा. एक बूढ़े से हाजी हज़रत पैग़म्बर के वफ़ादार साथियों की क़ुरबानी और जाँनिसारी की कहानियाँ सुना रहे थे. दक्खिन पूरब के इन मुल्कों में और ख़ास तौर पर मलाया में मुसाफ़िर का मन ख़ास तौर पर रम जाता है. उसे ख़्वाहिश ही नहीं होती कि सफ़र तमाम करके आगे की मंज़िल की ओर बढ़े.

इस खिंचाव का राज़ क्या है, उसके पीछे रहस्य क्या है, यह बताना ज़रा मुश्किल है. कुछ तो देश की सुन्दरता,

گھنٹا بجاتے ہو ہم مالا ہلاتے ہیں."

رسائی نیست تا سر منزل اُو کفر و ایماں را
کہ دیر و کعبہ سنگ رہ بود گبر و مسلماں را

یعنی—اُس پرمیشور کے مقام تک کفر اور ایمان دونوں میں سے کسی کی بھی پہونچ نہیں، کیونکہ مندر اور کعبہ دونوں ہندو اور مسلمانوں کے راستے کے پتھر ہیں.

دلا* مائل‌ش‌ نہ ہو دیرو† حرم‡ کا،
یہاں دونوں جگہ پتھر پڑے ہیں.

جل کنیا کے آنسو

وشومبھر ناتھ پانڈے

مسلمانوں کی نماز میں مجھے ایک خاص کھنچاؤ معلوم ہوتا ہے. اور خاص طور پر عشاء کی نماز. کتنی ہی بار میں نے موذن کو اذان دیتے ہوئے اور امام کو نماز پڑھاتے دیکھا ہے. زاہد سریلے لہجے سے قرآن کی تلاوت کرتا ہے اور نمازیوں کی قطاریں بیخودی میں ڈوب کو اُس پاک پروردگار اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک تار میں بندھ جاتی ہیں. مجھے نہیں معلوم کہ اوروں کو بھی نماز اس طرح رجوع کرتی یا نہیں اور نہ میں نے اس اثر کی ہی چھان بین کرنے کی کوشش کی کہ مجھے یہ کیوں اتنی دلکش لگتی ہے.

نماز کا ذکر کرتے کرتے میرے من میں ملایا کی اُس گھٹنا کی یاد تازہ ہوگئی. سورج ڈوب چکا تھا. نمازی مسجد میں اُنر عشاء کی نماز کا انتظار کر رہے تھے. کچھ کلام مجید کا مطالعہ کر رہے تھے اور کچھ حدیثوں کی چرچا. ایک بوڑھے سے حاجی حضرت پیغمبر کے وفادار ساتھیوں کی قربانی اور جانثاری کی کہانیاں سنا رہے تھے. دکھن پورب کے اُن ملکوں میں اور خاص طور پر ملایا میں مسافر کا من خاص طور پر رم جاتا ہے. اُسے خواہش ہی نہیں ہوتی کہ سفر تمام کر کے آگے کی منزل کی اُور بڑھے.

اِس کھنچاؤ کا راز کیا ہے، اِس کے پیچھے رہسیہ کیا ہے، یہ بتانا ذرا مشکل ہے. کچھ تو دیش کی سندرتا،

* ऐ दिल اے دل ‡ काबा کعبہ † मन्दिर مندر ‡ आसक्त آسکت

कुछ देशवासियों की परदेसियों के साथ मोहब्बत, कुछ क़ुदरत के नज़्ज़ारे, कुछ मौसम और आबो हवा की मन-पसन्दगी मुसाफ़िर की तबियत पर एक अजीबो ग़रीब असर डालते हैं. और अगर उसे मजबूरन मलाया छोड़ना ही पड़े तो वह यही पुख़्ता इरादा लेकर छोड़ता है कि दूसरी बार कुछ ज़्यादा फ़ुर्सत साथ लेकर वह वहाँ लौटेगा. किताबों से अपनी मालूमात बढ़ाने वाले इस बात का अन्दाज़ा ही नहीं लगा सकते कि सफ़र में जो बातें दिखाई देती हैं उनका ज़िक्र तक किताबों में नहीं होता. फिर भी कितनी तसल्ली की बात है कि यह चीज़ें ख़ुद अपनी आँखों से देखने को मिलती हैं. हालाँकि मैं वहाँ दूसरी बार न जा सका फिर भी रह रह कर मुझे मलाया के उस सफ़र की याद आती है.

वह देश क्या है, दो तूफ़ानी समन्दरों के बीच धरती की एक पतली सी लकीर है. लेकिन समन्दरी तूफ़ान उसके किनारों से टक्कर नहीं लेते. वहाँ हर वक़्त मौसमे बहार छाया रहता है. न लोग ज्वालामुखी जानते हैं, न भूँचाल और न तूफ़ान. चीन सागर और हिन्द महासागर की भूकी लहरें इस सुन्दर जज़ीरे के लामहफ़ूज़ किनारों तक पहुंचते पहुंचते थक कर लस्त हो जाती हैं.

मैं इशा की नमाज़ का ज़िक्र कर रहा था. इमाम आये और नमाज़ पढ़ाकर नमाज़ियों को दुआ देकर आराम करने चले गये. कुछ बुज़ुर्ग निमाज़ी, जिनका घर से लाग लगाव कम हो चुका था, वहीं दीवार का सहारा लेकर बैठे रहे. कई क़िस्म के चरचे शुरू हुए, जिनके सिलसिले ख़त्म होते ही इस तरह जुड़ जाते थे कि वह एक लम्बी दास्तान मालूम होते थे. वह सारे चरचे इतने दिलचस्प थे कि मन होता था कि बस सुनता ही रहूँ. सुनाने वाले कई थे और एक के ख़त्म करते न करते दूसरा फ़ौरन कड़ी पकड़ लेता था.

सामने बैठे हुए एक बुज़ुर्ग ने मेरी तरफ़ इशारा करते हुए कहा—"आप तो मलाया के लिये अजनबी हैं ना? बहुत पहले यहाँ एक अजनबी आया था. लोग उसे नाख़ुदा माबीन कह कर पुकारते थे. वह 'बातूबारा' का रहने वाला एक सौदागर था. अपने वतन सुमात्रा से वह वहाँ की बनी मशहूर रेशम नाव पर लाद कर लाया था. नदी के रास्ते गाँव गाँव में उसे बेच कर और अपना रुपया वसूल करके वह नदी के मुहाने की ओर चल पड़ा. सुमात्रा के लिये लंगर उठाने से पहले लोग सफ़र के लिये पीने का पानी इकट्ठा कर लेते हैं. हमारा यह बन्दर 'तेलुकबातू' ही ऐसी जगह है जहाँ उम्दा मीठा पानी मन चाही मिक़दार में मिल सकता है. इसीलिये नाख़ुदा मीठा पानी इकट्ठा करने के लिये यहाँ ठहर गया. उसे जल्दी न थी और इस काम के लिये वह हफ़्ते भर से महीने भर ठहर सकता था.

کچھ دیش واسیوں کی پردیسیوں کے ساتھ محبت، کچھ قدرت کے نظارے، کچھ موسم اور آب و ہوا کی من پسندگی مسافر کی طبیعت پر ایک عجیب و غریب اثر ڈالتے ہیں. اور اگر اسے مجبوراً ملایا چھوڑنا ہی پڑے تو وہ بھی پختہ ارادہ لیکر چھوڑتا ہے کہ دوسری بار کچھ زیادہ فرصت ساتھ لیکر وہ وہاں لوٹے گا. کتابوں سے اپنی معلومات بڑھانے والے اس بات کا اندازہ ہی نہیں لگا سکتے کہ سفر میں جو باتیں دکھائی دیتی ہیں انکا ذکر تک کتابوں میں نہیں ہوتا. پھر بھی کتنی تسلی کی بات ہے کہ یہ چیزیں خود اپنی آنکھوں سے دیکھنے کو ملتی ہیں. حالانکہ میں وہاں دوسری بار نہ جا سکا پھر بھی رہ رہ کر مجھے ملایا کے اُس سفر کی یاد آتی ہے.

وہ دیش کیا ہے، دو طوفانی سمندروں کے بیچ دھرتی کی ایک پتلی سی لکیر ہے. لیکن سمندری طوفان اُس کے کناروں سے ٹکر نہیں لیتے. وہاں ہر وقت موسم بہار چھایا رہتا ہے. نہ لوگ جوالامکھی جانتے ہیں، نہ بھونچال اور نہ طوفان. چین ساگر اور ہند ساگر کی بھوکی لہریں اس سندر جزیرہ کے محفوظ کناروں تک پہونچتے پہونچتے تھک کر لست ہو جاتی ہیں.

میں عشاء کی نماز کا ذکر کر رہا تھا. امام آئے اور نماز پڑھا کر نمازیوں کو دعا دیکر آرام کرنے چلے گئے. کچھ بزرگ نمازی، جنکا گھر سے لاگ لگاؤ کم ہو چکا تھا، وہیں دیوار کا سہارا لیکر بیٹھے رہے. کئی قسم کے چرچے شروع ہوئے، جن کے سلسلے ختم ہوتے ہی اس طرح جڑ جاتے تھے کہ وہ ایک لمبی داستان معلوم ہوتے تھے. وہ سارے چرچے اتنے دلچسپ تھے کہ من ہوتا تھا کہ بس سنتا ہی رہوں. سنانے والے کئی تھے اور ایک کے ختم کرتے نہ کرتے دوسرا فوراً کڑی پکڑ لیتا تھا.

سامنے بیٹھے ہوئے ایک بزرگ نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا—"آپ تو ملایا کے لئے اجنبی ہیں نا؟ بہت پہلے یہاں ایک اجنبی آیا تھا. لوگ اُسے ناخدا مبین کہہ کر پکارتے تھے. وہ باتو بارہ کا رہنے والا ایک سوداگر تھا. اپنے وطن سماترا سے وہ وہاں کی بنی مشہور ریشم ناؤ پر لاد کر لایا تھا. ندی کے راستے گاؤں گاؤں میں اسے بیچ کر اور اپنا روپیہ وصول کر کے وہ ندی کے مہانے کی اور چل پڑا. سماترا کے لئے لنگر اٹھانے سے پہلے لوگ سفر کے لئے پینے کا پانی اکٹھا کر لیتے ہیں. ہمارا یہ بندر، تیلک باتو، ہی ایسی جگہ ہے جہاں عمدہ میٹھا پانی من چاہی مقدار میں مل سکتا ہے. اِسی لئے ناخدا میٹھا پانی اکٹھا کرنے کے لئے یہاں ٹھہر گیا. اُسے جلدی نہ تھی اور اس کام کے لئے وہ ہفتہ بھر سے مہینہ بھر ٹھہر سکتا تھا.

नाखुदा 'थेमुकबातू' के मुखिया 'तोह परमितांग' की खिदमत में हाजिर हुआ और उनकी इजाजत से मीठा पानी भरवाने की स्कीम बनाने लगा. 'तोह परमितांग' की की चार बेटियाँ थीं जिनमें तीसरी 'राउना' बेहद खूबसूरत थी. किसी छोटे से नगर में अगर कोई खूबसूरत लड़की हो तो लोग उसकी काफी चरचा करते हैं. नाखुदा के कानों में भी राउना की तारीफ़ की बात पड़ी और उसने इत्तफ़ाक़ से राउना को देखा भी. लोग कहते हैं कि प्रेम मौक़ा और महल नहीं देखता. राउना को देखते ही नाखुदा ने अपना दिलो जान उस पर निछावर कर दिया. वह दिन रात उसके प्रेम में तड़पने लगा. दरयाफ़्त करने पर मालूम हुआ कि राउना तो पहले से ही मोहब्बत की मंज़िल की मुसाफिर है. उसकी शादी बन चुकी थी और वह एक दूसरे शख्स की मंगेतर थी. मगर नाखुदा का प्रेम भी हार क़ुबूल करने से इन्कार कर रहा था. आखिर तो वह सौदागर था और प्रेम भी तो एक सौदा ही है. वह इसके लिये तैयार था कि इस सौदे में उसे जो भी बाज़ी लगानी पड़े वह पीछे न हटेगा.

बयान सुनते सुनते मेरा मन राउना की खूबसूरती की कल्पना करने में मशग़ूल था. बूढ़े निमाज़ी ने मेरा ध्यान खींचते हुए कहा—"अजनबी! तुम जानते हो कि यह सुमात्रा वाले रेशम और खंजर के अलावा वशीकरन की दवा बनाना भी जानते हैं." मैंने शरमिन्दा होकर अपनी लाइल्मी ज़ाहिर की. मैंने पूछा कि—"यह वशीकरन की दवा है क्या?" बुज़ुर्गवार ने जवाब दिया—"यह दवा 'जल कन्या' के आँसू से बनती है. इस जल कन्या को हम लोग 'दो योंग' कहते हैं. जल कन्या समुद्र में रहती है. तरंगों के साथ इठलाती है और तूफ़ानी मौजों के साथ खेलती है. उसकी खुराक सिर्फ़ दूब है. समुद्र से निकल कर जब वह दूब खाने आती है तो लोग घेरा डालकर उसे पकड़ लेते हैं. उसका क़द आदमी से कुछ बड़ा होता है, कुछ लोग उसका गोश्त भी खाते हैं. भैंस के गोश्त की तरह उसका भी गोश्त लाल होता है. गिरफ़्तार होने पर यह जल कन्या रोने लगती है. उसकी आँखों से टप टप लाल आँसू गिरने लगते हैं. वह समुद्र की लहरों में लौटने के लिये छटपटाने लगती है. जिस वक़्त वह रोती है तो लोग कटोरों में उसके लाल लाल आँसू जमा कर लेते हैं. अगर इन आँसुओं को भात के साथ मिला दिया जाये तो भात का रंग भी लाल हो जाता है.

कहते हैं नाखुदा के पास भी एक शीशी में इसी जल कन्या के आँसू थे. तोह परमितांग के बावरची को रिश्वत की एक बड़ी रक़म देकर राउना के भात में उसने जल कन्या के आँसू मिलवा दिये. सुन्दरता की देवी इस लड़की ने

ناخدا 'تھیکک باتو' کے مکھیا 'توہ پرمتانگ' کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُن کی اجازت سے میٹھا پانی بھروانے کی اسکیم بنانے لگا۔ 'توہ پرمتانگ' کی چار بیٹیاں تھیں جن میں تیسری 'راؤنا' بیحد خوبصورت تھی۔ کسی چھوٹے سے نگر میں اگر کوئی خوبصورت لڑکی ہو تو لوگ اس کی کافی چرچا کرتے ہیں۔ ناخدا کے کانوں میں بھی راؤنا کی تعریف کی بات پڑی اور اُس نے اتفاق سے راؤنا کو دیکھا بھی۔ لوگ کہتے ہیں کہ پریم موقع اور محل نہیں دیکھتا۔ راؤنا کو دیکھتے ہی ناخدا نے اپنا دل و جان اِس پر نچھاور کر دیا۔ وہ دن رات اُس کے پریم میں تڑپنے لگا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ راؤنا تو پہلے سے ہی محبت کی منزل کی مسافر ہے۔ اُسکی شادی بن چکی تھی اور وہ ایک دوسرے شخص کی منگیتر تھی۔ مگر ناخدا کا پریم بھی ہار قبول کرنے سے اِنکار کر رہا تھا۔ آخر تو وہ سوداگر تھا اور پریم بھی تو ایک سودا ہی ہے۔ وہ اس کے لئے تیار تھا کہ اِس سودے میں اُسے جو بھی بازی لگانی پڑے وہ پیچھے نہ ہٹے گا۔

بیان سنتے سنتے میرا من راؤنا کی خوبصورتی کی کلپنا کرنے میں مشغول تھا۔ بوڑھے نمازی نے میرا دھیان کھینچتے ہوئے کہا—"اجنبی! تم جانتے ہو کہ یہ سمانرا والے ریشم اور خنجر کے علاوہ بشیکرن کی دوا بنانا بھی جانتے ہیں۔" میں نے شرمندہ ہو کر اپنی لاعلمی ظاہر کی۔ میں نے پوچھا کہ—"یہ بشیکرن کی دوا ہے کیا؟" بزرگوار نے جواب دیا—"یہ دوا 'جل کنیا' کے آنسو سے بنتی ہے۔ اِس جل کنیا کو ہم لوگ 'دو یونگ' کہتے ہیں۔ جل کنیا سمندر میں رہتی ہے، ترنگوں کے ساتھ اٹھلاتی ہے اور طوفانی موجوں کے ساتھ کھیلتی ہے۔ اُس کی خوراک صرف دوب ہے۔ سمندر سے نکل کر جب وہ دوب کھانے آتی ہے تو لوگ گھیرا ڈال کر اُسے پکڑ لیتے ہیں۔ اُس کا قد آدمی سے کچھ بڑا ہوتا ہے۔ کچھ لوگ اس کا گوشت بھی کھاتے ہیں۔ بھینس کے گوشت کی طرح اُس کا بھی گوشت لال ہوتا ہے۔ گرفتار ہونے پر یہ جل کنیا رونے لگتی ہے۔ اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ لال آنسو گرنے لگتے ہیں۔ وہ سمندر کی لہروں میں لوٹنے کے لئے چھٹپٹانے لگتی ہے۔ جس وقت وہ روتی ہے تو لوگ کٹوروں میں اِس کے لال لال آنسو جمع کر لیتے ہیں۔ اگر اِن آنسوؤں کو بھات کے ساتھ ملا دیا جائے تو بھات کا رنگ بھی لال ہو جاتا ہے۔

کہتے ہیں ناخدا کے پاس بھی ایک شیشی میں اسی جل کنیا کے آنسو تھے۔ توہ پرمتانگ کے باورچی کو رشوت کی ایک بڑی رقم دیکر راؤنا کے بھات میں اس نے جل کنیا کے آنسو ملوا دیئے۔ سندرتا کی دیوی اس لڑکی نے

अनजान में वह बात खा लिया. राउना उसे खाकर नाखुदा के प्यार में दीवानी हो गई.

नाखुदा एक महीने तक तेलुक बातू में ठैहरा रहा. राउना की दासी को क़ीमती रेशम भेंट देकर उसकी मदद से वह रोज़ राउना से मिलता रहा. इस तरह की बात अर्से तक चलती रहे और कोई संदेह न करे यह नामुमकिन है. उसके प्रेम पर अब डर हावी होने लगा. राउना एक ताक़तवर मुखिया की लड़की और वह एक अजनबी परदेसी. अगर तोह परमितांग को ज़रा भी शुब्हा हुआ तो या उसकी बोटी बोटी काट ली जायेगी और या वह कुत्तों से नुचवा कर फेंक दिया जायेगा. रेशम का सौदागर प्रेम का सौदा न निभा सका. इसलिये पीने का पानी भरकर बिना किसी को इत्तला दिये एक दिन उसने अपनी किश्ती के लंगर उठा लिये.

छोटी सी जगह में ज़रा ज़रा सी बात की चरचा होती है. राउना के कान में ज्यों ही नाखुदा मावीन की रवानगी की भनक पड़ी वह बदहवास होकर बन्दरगाह की तरफ़ दौड़ी, उसकी बहनें उसके पीछे पीछे. नाव ने पाल उठा दिये थे मगर हवा की रफ़्तार मन्थर थी, इसलिये नाखुदा की किश्ती किनारे से कुछ थोड़ा आगे लहरों के हलकोरों से खेल रही थी. राउना समुद्र की लहरों को चीरते हुए आगे बढ़ी. उसकी बहनों ने उसे पूरी ताक़त से पकड़ कर रोका और मुश्किल से उसे डूबने से बचा पाईं. चीख़ पुकार सुनकर किनारे के कुछ लोग इकट्ठा हो गये. सारी कहानी सुनकर उन्होंने नाखुदा को वापिस आने को कहा. मगर सुमात्रा का वह सौदागर उस वापसी का मतलब ख़ूब समझता था. लोगों ने उसकी नाव का पीछा किया मगर तब तक अनुकूल वायु पाकर वह उनकी गिरिफ़्त में न आ सका.

राउना अपने बुज़दिल और निर्दयी प्रेमी की जुदाई में ज़ार ज़ार रोती और आहें भरती रही. नाखुदा फिर कभी तेलुकबातू वापस नहीं लौटा. राउना की विपता पर असी हुआ मौत ने काली चादर ढक दी. मगर राउना की जुदाई का गीत अब तक मलाया में गाया जाता है. उसकी कुछ सतरें मैं आपको सुनाता हूँ और मुझे उम्मेद है आप ऊबेंगे नहीं.

मेरे नाखुदा !
मेरे प्राणों के सहारे ! तुम कहां हो ?
ऊंचे ऊंचे ताड़ के दरख़्त,
मेरे क़ासिदों की हैसियत से
तुम्हारी आमद का इन्ज़ार कर रहे हैं,
फल दरख़्तों से टूट कर अपना सर धुन रहे हैं.

मेरे नाखुदा !
मैं तुम्हारी बहुत सुन्दर महबूबा,

انجان میں وہ بات کھا لیا ۔ راؤنا اُسے کھا کر ناخدا کے پیار میں دیوانی ہو گئی ۔

ناخدا ایک مہینے تک تیلک باتو میں ٹھہرا رہا ۔ راؤنا کی داسی کو قیمتی ریشم بھینٹ دیکر اِس کی مدد سے وہ روز راؤنا سے ملتا رہا ۔ اِس طرح کی بات عرصہ تک چلتی رہے اور کوئی سندیہہ نہ کرے یہ ناممکن ہے ۔ اُس کے پریم پر اب ڈر حاوی ہونے لگا ۔ راؤنا ایک طاقتور مکھیا کی لڑکی اور وہ ایک اجنبی پردیسی ۔ اگر توہ پر متانگ کو ذرا بھی شبہ ہوا تو یا اُسکی بوٹی بوٹی کاٹ لیجائے گی اور یا وہ کتوں سے نچوا کر پھینک دیا جائیگا ۔ ریشم کا سوداگر پریم کا سودا نہ نبھا سکا ۔ اس لئے پینے کا پانی بھر کر بنا کسی کو اطلاع دیئے ایک دن اُس نے اپنی کشتی کے لنگر اُٹھا لئے ۔

چھوٹی سی جگہ میں ذرا ذرا سی بات کی چرچا ہوتی ہے ۔ راؤنا کے کان میں جیوں ہی ناخدا مبین کی روانگی کی بھنک پڑی وہ بدحواس ہوکر بندرگاہ کی طرف دوڑی، اُس کی بہنیں اس کے پیچھے پیچھے ۔ ناؤ نے پال اُٹھا دئے تھے مگر ہوا کی رفتار منتھر تھی، اس لئے ناخدا کی کشتی کنارے سے کچھ تھوڑا آگے لہروں کے ہلکوروں سے کھیل رہی تھی ۔ راؤنا سمندر کی لہروں کو چیرتے ہوئے آگے بڑھی ۔ اُس کی بہنوں نے اُسے پوری طاقت سے پکڑ کر روکا اور مشکل سے اُسے ڈوبنے سے بچا پائیں ۔ چیخ پکار سنکر کنارے کے کچھ لوگ اِکٹھا ہوگئے ۔ ساری کہانی سنکر اُنھوں نے ناخدا کو واپس آنے کو کہا ۔ مگر سماترا کا وہ سوداگر اُس واپسی کا مطلب خوب سمجھتا تھا ۔ لوگوں نے اُس کی ناؤ کا پیچھا کیا مگر تب تک انوکول وایو پاکر وہ اُن کی گرفت میں نہ آسکا ۔

راؤنا اپنے بزدل اور نردئی پریمی کی جدائی میں زار زار روتی اور آہیں بھرتی رہی ۔ ناخدا پھر کبھی تیلک باتو واپس نہیں لوٹا ۔ راؤنا کی بپتا پر عرصہ ہوا موت نے کالی چادر ڈھک دی ۔ مگر راؤنا کی جدائی کا گیت اب تک ملایا میں گایا جاتا ہے ۔ اُس کی کچھ سطریں میں آپ کو سناتا ہوں اور مجھے اُمید ہے آپ اُوبیں گے نہیں ۔

میرے ناخدا !
میرے پرانوں کے سہارے ! تم کہاں ہو ؟
اُونچے اُونچے تاڑ کے درخت،
میرے قاصدوں کی حیثیت سے
تمہاری آمد کا انتظار کر رہے ہیں ۔
پھل درختوں سے ٹوٹ کر اپنا سر دھن رہے ہیں ۔

میرے ناخدا !
میں تمہاری بہت سندر محبوبہ،

तुम्हारी अंगूठी की हीरक कनी,
परकितांग गुन्तांग की ज्योति,
तुम्हारे विरह में तड़प रही हूँ.

मेरे नाखुदा !
तुम्हारे चाप्पुओं की नपी तुली छप छप,
मेरे कानों में पड़ रही है,
तुम्हारी नाव चपल तरंगों में तैरती हुई,
दूर, बहुत दूर, हर मिनट दूर चली जा रही है !

मेरे नाखुदा !
मेरे प्राण !
मेरे जिन्दगी के आधार !
मेरे माबीन !
तुम्हारी पुजारिन तुम्हारी पूजा में व्यस्त है.

प्रियतम ! सूरज की किरणें बेदम हो रही थीं,
जब तुमने लंगर उठाया था,
हवा का रुख म्वाफ़िक़ न था,
लेकिन अल्लाह के रहम की कोई हद नहीं,
खुदा के फ़ज़ल से हम जन्नत के बाग़ में मिलेंगे.

प्रियतम ! रह रह कर दक्खिन से तूफ़ानी तरंगें उठरही हैं,
देखो होशियार रहना,
बाईं ओर का पाल न खोलना,
तीन महीने और दस दिन में,
मेरे प्रियतम तुम जरूर लौट आना.

मेरी जिन्दगी के आधार !
श्रीराम टापू पर पहुँच कर थोड़ा आराम कर लेना,
तुम मुझे छोड़ कर जा रहे हो,
लेकिन मुझे लम्बी जुदाई न सहने देना,
दो महीने बस—
ज्यादा से ज्यादा तीन महीने में लौट आना.

प्रियतम ! समन्दर की लहरें शान्त हैं,
किनारे पर किश्ती क्यों नहीं लगाते,
क्या मेरे घर से डरते हो,
क्या तुम ने अपने खंजर की धार,
अभी हाल ही में नहीं तेज़ कराई थी ?

मेरे प्राणों के आधार !
तुम तेलुक बातू आये,
और मेरे दिल की शान्ती चली गई,
शैतान मेरी तड़पन को देखकर खुश हो रहा है,
मेरा दिल तो तुम्हारे पास है !

تمہاری انگوٹھی کی ہیرک کنی،
پرمتانگ گنتانگ کی جیوتی،
تمہارے ہجر میں تڑپ رہی ہوں .

میرے ناخدا !
تمہارے چاپوؤں کی نپی تلی چپ چپ،
میرے کانوں میں پڑ رہی ہے،
تمہاری ناؤ چپل ترنگوں میں تیرتی ہوئی،
دور، بہت دور، ہر منٹ دور چلی جارہی ہے !

میرے ناخدا !
میرے پران !
میرے زندگی کے آدھار !
میرے معبین !
تمہاری پجارن تمہاری پوجا میں ویست ہے .

پریتم ! سورج کی کرنیں بے دم ہو رہی تھیں،
جب تم نے لنگر اٹھایا تھا،
ہوا کا رخ موافق نہ تھا،
لیکن اللہ کے رحم کی کوئی حد نہیں،
خدا کے فضل سے ہم جنت کے باغ میں ملینگے .

پریتم ! رہ رہ کر دکھن سے طوفانی ترنگیں اٹھ رہی ہیں،
دیکھو ہوشیار رہنا،
بائیں اور کا پال نہ کھولنا،
تین مہینے اور دس دن میں،
میرے پریتم تم ضرور لوٹ آنا

میری زندگی کے آدھار !
شری رام ٹاپو پر پہونچ کر تھوڑا آرام کرلینا،
تم مجھے چھوڑکر جا رہے ہو،
لیکن مجھے لمبی جدائی نہ سہنے دینا،
دو مہینے بس—
زیادہ سے زیادہ تین مہینے میں لوٹ آنا .

پریتم ! سمندر کی لہریں شانت ہیں،
کنارے پر کشتی کیوں نہیں لگاتے،
کیا میرے ور سے ڈرتے ہو،
کیا تم نے اپنے خنجر کی دھار،
ابھی حال ہی میں نہیں تیز کرائی تھی ؟

میرے پرانوں کے آدھار !
تم تیلک باتو آئے،
اور میرے دل کی شانتی چلی گئی،
شیطان میری تڑپن کو دیکھکر خوش ہو رہا ہے،
میرا دل تو تمہارے پاس ہے !

प्रियतम !
मेरी आरजू पर गौर करो,
अनमोल हीरे को अपने हाथ से न फेंको,
वर्ना सब तुम्हारी हंसी उड़ाएंगे !

मेरे नाखुदा !
सुनहरे तारों से बुनी इस चटाई पर कौन लेटेगा ?
इस रेशमी दुलाई को कौन ओढ़ेगा ?
इस चांदी की चौकी पर कौन बैठेगा ?
और यह तकिया अब किसको सहारा देगा ?

मेरे नाखुदा !
थाली में सजे पकवान अब कौन खायेगा ?
बर्फ़ सा ठंडा पानी अब कौन पियेगा ?
तुम्हारी मायूस दिलरुबा को कौन ढारस देगा ?
ओ मौत ! आ और मुझे तकलीफ़ों से बरी कर.

नाखुदा की किश्ती आंखों से ओझल हो गई. राउना रोती और चिल्लाती रही. समुन्दर की लहरों में समा जाने को छटपटाती रही. अगर उसकी बहनें उसके पास न होतीं तो जुदाई का यह गीत समन्दर की सतह में खमोश पड़ा रहता. राउना और नाखुदा की यही कहानी है. मलाया का बच्चा बच्चा उसे जानता है. राउना पूरे छै महीने तक नाखुदा की जुदाई में दीवानी रही. आखीर में उसके बाप ने जबरदस्ती उसके मंगेतर के साथ उसकी शादी कर दी. उस पर कैसी बीती यह जान सकना मुमकिन नहीं, क्योंकि उसका नाजुक बदन उसकी रूह को ज्यादा दिनों तक अपने भीतर समेट कर न रख सका.

नाखुदा और राउना की कहानी में खोया खोया सा मैंने बुजुर्गवार से पूछा—"हजरत ! यह जल-कन्या के आँसू मिलेंगे कैसे ?"

बुजुर्गवार ने हंसकर जवाब दिया—"बहुत आसान बात है. जल-कन्या जब किनारे की मीठी दूब खाने समुद्र से बाहर निकले तब उसे पकड़ लो और उसे किनारे से कस कर बांध दो. थोड़ी देर में वह अपने साथी की जुदाई में तड़प तड़प कर रोने लगेगी. तुम उसके आसुओं को एक प्याले में इकट्ठा कर लो. बस इसी से तुम लोगों को अपने बस में कर सकते हो.

उसके बाद मस्जिद में सन्नाटा छा गया. फिर कोने में बैठा हुआ एक आदमी बोल पड़ा—"मैंने सुना है पेनांग शहर में जल-कन्या के आंसू बिकते हैं.

कहानी सुनाने वाले ने फौरन जवाब दिया—"वह तो मैंने भी सुना है, मगर लोगों का ख्याल है कि वे नक़ली आंसू हैं. बगैर इम्तहान लिये उसे खरीदना बेकार है."

پریتم !
میری آرزو پر غور کرو،
انمول ہیرے کو اپنے ہاتھ سے نہ پھینکو،
ورنہ سب تمہاری ہنسی اڑائینگے !

میرے ناخدا !
سنہرے تاروں سے بنی اِس چٹائی پر کون لیٹیگا ؟
اس ریشمی دلائی کو کون اوڑھے گا ؟
اس چاندی کی چوکی پر کون بیٹھے گا ؟
اور یہ تکیہ اب کس کو سہارا دے گا ؟

میرے ناخدا !
تھالی میں سجے پکوان اب کون کھائیگا ؟
برف سا ٹھنڈا پانی اب کون پئے گا ؟
تمہاری مایوس دلربا کو کون ڈھارس دیگا ؟
او موت ! آ اور مجھے تکلیفوں سے بری کر .

ناخدا کی کشتی آنکھوں سے اوجھل ہوگئی . راؤنا روتی
ر چلاتی رہی . سمندر کی لہروں میں سما جانے کو چھٹپٹاتی
ی . اگر اس کی بہنیں اس کے پاس نہ ہوتیں تو جدائی کا
، گیت سمندر کی سطح میں خاموش پڑا رہتا . راؤنا اور ناخدا
ں یہی کہانی ہے . ملایا کا بچہ بچہ اسے جانتا ہے . راؤنا پورے
ہ مہینے تک ناخدا کی جدائی میں دیوانی رہی . آخر
یں اس کے باپ نے زبردستی اس کے منگیتر کے ساتھ اس کی
ادی کردی . اس پر کیسی بیتی یہ جان سکنا ممکن نہیں،
ونکہ اس کا نازک بدن اس کی روح کو زیادہ دنوں تک
نی بھیتر سمیٹ کر نہ رکھ سکا .

ناخدا اور راؤنا کی کہانی میں کھویا کھویا سا میں نے بزرگوار
، پوچھا—"حضرت ! یہ جل کنیا کے آنسو ملیں گے کیسے ؟"
بزرگوار نے ہنسکر جواب دیا—"بہت آسان بات ہے .
ل کنیا جب کنارے کی میٹھی دوب کھانے سمندر سے باہر
لے تب اسے پکڑ لو اور اسے کنارے سے کس کر باندھ دو . تھوڑی
ر میں وہ اپنے ساتھی کی جدائی میں تڑپ تڑپ کر رونے
گی . تم اس کے آنسوؤں کو ایک پیالے میں اکٹھا کرلو . بس
ی سے تم لوگوں کو اپنے بس میں کرسکتے ہو ."

اس کے بعد مسجد میں سناٹا چھا گیا . پھر کونے میں بیٹھا
ا ایک آدمی بول پڑا—"میں نے سنا ہے پینانگ شہر میں
ل کنیا کے آنسو بکتے ہیں ."
کہانی سنانے والے نے فوراً جواب دیا—"وہ تو میں نے بھی
نا ہے، مگر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ نقلی آنسو ہیں . بغیر
تحان لئے اسے خریدنا بیکار ہے ."

मैंने पूछा—"मगर इम्तहान कैसे लिया जाय ?"

बुजुर्गवार बोले—"यह भी आसान है. एक बत्तख की चोंच में उसे जरा सा मल दीजिये. अगर जल-कन्या के आंसू सच्चे हैं तो बत्तख दीवानी होकर आपके पीछे लग जायेगी. जहां जहां आप जायेंगे, पीछे पीछे बत्तख होगी."

मैंने संजीदगी से पूछा—"क्या आपने इसकी आजमाइश भी की है ?"

"जी नहीं ! मुझे वशीकरण की जरूरत नहीं. मैं ऐसी आग नहीं सुलगाना चाहता जिसकी लपटें मेरे क़ाबू में न हों. किसी को जल-कन्या के आंसू से अपनी मोहब्बत में दीवाना बना देना तो आसान है मगर उस प्यार के सौदे को निभा सकना बहुत मुश्किल है. बहर हाल अगर खुद मैं यह आंसू ख़रीदूँ तो उन्हें पहले बत्तख़ पर जरूर आजमाऊं."

रात घने अंधेरे की चादर ओढ़ कर खामोश सो रही. दूर समन्दर की लहरों की छप छप सुनाई दे रही है और मैं उनींदी पलकों से राउना के प्रेम और जल-कन्या के आंसुओं की बात सोच रहा हूँ.

× × ×

नया हिन्द के पाठकों के लिये मैंने राउना के विरह गीत का तरजुमा ज्यों का त्यों दिया है. सिर्फ़ 'आधार' लफ़्ज का मलाया में बुनियादी तरजुमा 'छाता' होता है. छाता मेंह और धूप से बचाता है. पुरुष चूंकि स्त्री की हिफ़ाजत करता है इसलिये मलाया में स्त्रीविन्द को 'छाता' कहकर पुकारा जाता है. इसी तरह 'तकिया' का मूल अर्थ 'पत्नी' है और चूंकि पत्नी पुरुष को सहारा देती है इसलिये मलाया जबान में 'तकिया' कहकर पुकारा जाता है—लेखक.

"सच्चे सुधार का, सच्ची सभ्यता का लक्षण परिग्रह बढ़ाना नहीं है, बल्कि उसका विचार और इच्छा पूर्वक घटाना है. ज्यों ज्यों परिग्रह घटाइये त्यों त्यों सच्चा सुख और सच्चा संतोष बढ़ता है, सेवा शक्ति बढ़ती है."

—बापू

میں نے پوچھا—"مگر امتحان کیسے لیا جائے ؟"

بزرگوار بولے—"وہ بھی آسان ہے . ایک بطخ کی چونچ میں اسے ذرا سا مل دیجئے . اگر جل کنیا کے آنسو سچے ہیں تو بطخ دیوانی ہوکر آپ کے پیچھے لگ جائیگی . جہاں جہاں آپ جائیں گے' پیچھے پیچھے بطخ ہوگی ."

میں نے سنجیدگی سے پوچھا—"کیا آپ نے اس کی آزمایش بھی کی ہے ؟"

"جی نہیں ! مجھے بشیکرن کی ضرورت نہیں . میں ایسی آگ نہیں سلگانا چاہتا جس کی لپٹیں میرے قابو میں نہ ہوں . کسی کو جل کنیا کے آنسو سے اپنی محبت میں دیوانہ بنا دینا تو آسان ہے مگر اس پیار کے سودے کو نبھا سکنا بہت مشکل ہے . بہر حال اگر خود میں یہ آنسو خریدوں تو انہیں پہلے بطخ پر ضرور آزماؤں ."

رات گھنے اندھیرے کی چادر اوڑھ کر خاموش سو رہی . دور سمندر کی لہروں کی چھپ چھپ سنائی دے رہی ہے اور میں اُنیندی پلکوں سے راؤنا کے پریم اور جل کنیا کے آنسوؤں کی بات سوچ رہا ہوں .

× × × ×

نیا ہند کے پاٹھکوں کے لئے میں نے راؤنا کے برہ گیت کا ترجمہ جیوں کا تیوں دیا ہے . صرف 'آدھار' لفظ کا ملایا میں بنیادی ترجمہ 'چھاتا' ہوا ہے . چھاتا مینھ اور دھوپ سے بچاتا ہے . پرش چونکہ استری کی حفاظت کرتا ہے اس لئے ملایا میں خاوند کو 'چھاتا' کہکر پکارا جاتا ہے . اسی طرح 'تکیہ' کا مول ارتھ 'پتنی' ہے اور چونکہ پتنی پرش کو سہارا دیتی ہے اس لئے ملایا زبان میں پتنی کو 'تکیہ' کہکر پکارا جاتا ہے—لیکھک .

"سچے سدھار کا' سچی سبھیتا کا لکشن پری گرہ بڑھانا نہیں ہے' بلکہ اس کا وچار اور اِچھا پوروک گھٹانا ہے. جیوں جیوں پری گرہ ہٹائیے تیوں تیوں سچا سکھ اور سچا سنتوش بڑھتا ہے' سیوا شکتی بڑھتی ہے."

—باپو

अल्ला मियां के गीत

श्रीमती हाजरह बेगम

अंग्रेज मिशनरियों ने जब अफ्रिक़ा के हबशियों को इन्सानियत की तालीम देनी चाही तो उनको ईसाई बनाया. लेकिन न तो उनको हबशियों की ज़बान, न पुराने तमद्दन (सभ्यता) न रस्म रिवाज से इतनी वाक़फ़ियत थी कि वह उनको मसीही मज़हब का फ़लसफ़ा समझा सकते और न ही उनको इसकी ज़्यादा परवाह थी. मक़सद तो यह था कि जल्द से जल्द ज़्यादा से ज़्यादा हबशी अपने आप को ईसाई समझने लगें. चुनांचे जो अजब नतीजा नये और पुराने फ़लसफ़े की टक्कर का निकला और जो रंग इस नई बारिश ने पुरानी लकड़ी पर चढ़ाया, उसका अन्दाज़ा हम इन गीतों से कर सकते हैं, जो आज भी अमरीका के हबशी अपनी सोज़ भरी आवाज़ में गाते हैं और जिनको कि 'निग्रो स्प्रीचुएल्स' कहा जाता है.

कुछ ऐसा ही असर हिन्दुस्तान के पुराने बाशिन्दों (आर्येतर) के दिमाग़ पर ज़रूर हुआ होगा जब कि क़रांमरवा के मुसलमान होने की वजह से उन्होंने इस्लाम क़बूल किया. उनका मज़हब उनके वह रस्मो रिवाज थे जो कि फ़ितरत के क़ानूनों की मुनासबत से अख़्तियार किये गये थे और इस मज़हब का फ़लसफ़ा समझने की उन्हें कभी ज़रूरत न पड़ी थी, क्योंकि वह तो नसलन बाद नसलन (पुश्त दर पुश्त) से बनता और बदलता आया था और उनके रगों रेशों में पैवस्त था. लेकिन अब एक ग़ैर मुल्की क़ौम ने अपना फ़लसफ़ा वहदत और रसालत का उनके सामने रखा, जिसको उन्होंने इस हद तक क़बूल तो ज़रूर किया कि मुसलमान कहलाने लगे. लेकिन हुआ वही कि पुराने पर नई क़लई चढ़ गई, यानी बजाय कृष्ण कन्हैया के बड़े पीर साहब, राम लछमन की जगह हसन हुसेन, सीता की जगह बीबी फ़ातमा हो गईं. इस दौर की एक झलक हमें अल्लामियां के गीतों से मिलती है.

पूर्वीय हिन्दुस्तान में जब कोई ख़ुशी की तक़रीब होती है तो रतजगा होता है यानी औरतें रात भर जागती हैं, ढोलक बजाती और गाती हैं और गुलगुले पकाती है. सुबह होते होते गुलगुले लेकर मस्जिद जाती हैं और ताक़ भरती हैं. मुसलमानों में दस्तूर है कि ऐसे मौक़ों पर पहले सात गीत अल्ला मियां के गाये जाते हैं, फिर सात सहरे लड़के या भाई के और फिर तक़रीब के मुनासिब जो गीत हो, मसलन सुहाग के या स्वयंवर के गीत.

اللہ میاں کے گیت

شریمتی حاجرہ بیگم

انگریز مشنریوں نے جب افریقہ کے حبشیوں کو اِنسانیت کی تعلیم دینی چاہی تو اُن کو عیسائی بنایا۔ لیکن نہ تو اُن کو حبشیوں کی زبان، نہ پرانے تمدن (سبھیتا) نہ رسم رواج سے اتنی واقفیت تھی کہ وہ اُنکو مسیحی مذہب کا فلسفہ سمجھا سکتے اور نہ ہی اُنکو اس کی زیادہ پرواہ تھی۔ مقصد تو یہ تھا کہ جلد سے جلد زیادہ سے زیادہ حبشی اپنے آپ کو عیسائی سمجھنے لگیں۔ چنانچہ جو عجب نتیجہ نئے اور پرانے فلسفے کی ٹکر کا نکلا اور جو رنگ اِس نئی وارنش نے پرانی لکڑی پر چڑھایا، اُس کا اندازہ ہم اِن گیتوں سے کرسکتے ہیں، جو آج بھی امریکہ کے حبشی اپنی سوز بھری آواز میں گاتے ہیں اور جن کو کہ 'نیگرو اسپریچوایلس' کہا جاتا ہے۔

کچھ ایسا ہی اثر ہندستان کے پرانے باشندوں (آریتر) کے دماغ پر ضرور ہوا ہوگا جب کہ قرمانروا کے مسلمان ہونے کی وجہ سے اُنھوں نے اِسلام قبول کیا۔ اُن کا مذہب اُن کے وہ رسم و رواج تھے جو کہ فطرت کے قانونوں کی مناسبت سے اختیار کئے گئے تھے اور اس مذہب کا فلسفہ سمجھنے کی اُنھیں کبھی ضرورت نہ پڑی تھی، کیونکہ وہ تو نسلاً بعد نسلاً (پشت در پشت) سے بنتا اور بدلتا آیا تھا اور اُن کے رگوں ریشوں میں پیوست تھا۔ لیکن اب ایک غیر ملکی قوم نے اپنا فلسفہ وحدت اور رسالت کا اُن کے سامنے رکھا، جس کو اُنھوں نے اِس حد تک قبول تو ضرور کیا کہ مسلمان کہلانے لگے۔ لیکن ہوا وہی کہ پرانے پر نئی قلعی چڑھ گئی، یعنی بجائے کرشن کنھیا کے بڑے پیر صاحب، رام لچھمن کی جگہ حسن حسین، سیتا کی جگہ بی بی فاتمہ ہوگئیں۔ اِس دور کی ایک جھلک ہمیں اللہ میاں کے گیتوں سے ملتی ہے۔

پوروبیہ ہندستان میں جب کوئی خوشی کی تقریب ہوتی ہے، تو رتجگا ہوتا ہے، یعنی عورتیں رات بھر جاگتی ہیں، ڈھولک بجاتی اور گاتی ہیں اور گلگلے پکاتی ہیں۔ صبح ہوتے ہوتے گلگلے لیکر مسجد جاتی ہیں اور طاق بھرتی ہیں۔ مسلمانوں میں دستور ہے کہ ایسے موقعوں پر پہلے سات گیت اللہ میاں کے گائے جاتے ہیں، پھر سات سہرے لڑکے یا بھائی کے اور پھر تقریب کے مناسب جو گیت ہو مثلاً سہاگ کے یا سوئمبر کے گیت۔

नीचे अल्लामियां के गीतों में से कुछ दिये जाते हैं—

अल्ला मियां खूब बनी तोरी शान.
सब महिनन में एको महीना अल्ला,
वह भी महीना रमज़ान.
सब किताबन में एको किताब अल्ला,
वह भी किताब क़ुरान.
सब छतन में एको छत अल्ला,
वह भी छते आसमान.
सब बीबिन में एको बीबी अल्ला,
वह भी बीबी फ़ातमा.
सब पीरन में एको पीर अल्ला,
वह भी पीर बड़े पीर.

अर्थात्—अल्ला मियां तेरी शान ख़ूब बनी है. सब महीनों में एक ही महीना अच्छा होता है, वह रमज़ान का महीना होता है और सब किताबों में बढ़कर किताब क़ुरान है, इसी तरह सारी छतों से ज़्यादा उम्दा छत आसमान की है. बीबियों में एक ही बीबी क़ाबिले तारीफ़ है, वह बीबी फ़ातमा है. और पीरों में अगर कोई है तो वह बड़े पीर हैं यानी ख़्वाजा मुईन उद्दीन अजमेरी.

ख़ूब बनी रे अल्ला तोरी महजद,
ख़ूब बनी रे नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.
काहे बनी रे अल्ला तोरी महजद,
काहे बना रे नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.
सोने बनी रे अल्ला तोरी महजद,
सोने बना रे नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.
काहे बहारूँ अल्ला तोरी महजद,
काहे बहारूँ नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.
हाथों बहारूँ अल्ला तोरी महजद,
पलकों बहारूँ नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.
काहे चढ़ाऊँ अल्ला तोरी महजद,
काहे चढ़ाऊँ नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.
लड्डू चढ़ाऊँ अल्ला तोरी महजद,
पेड़ा चढ़ाऊँ नबी तोरा रोजा—नबी तोरा रोजा.

अर्थात्—अल्ला मियां तेरी मस्जिद ख़ूब बनी है और ऐ नबी तेरा रोज़ा भी ख़ूब बना है. अल्ला तेरी मस्जिद किस चीज़ की बनी है और ऐ नबी तेरा रोज़ा किस चीज़ का बना है ? सोने की तो मस्जिद अल्ला तेरी है और सोने का ही रोज़ा नबी का है. अल्ला मैं तेरी मस्जिद में काहे से सुथराई दूँ और नबी का रोज़ा मैं काहे से झाड़ू ? हाथों से अल्ला मैं तेरी मस्जिद झाड़ू और पलकों से नबी तेरा रोज़ा झाड़ू. और फिर चढ़ाऊँ क्या मैं तेरी मस्जिद और रोज़े में ? लड्डू

نیچے اللہ میاں کے گیتوں میں سے کچھ دئے جاتے ہیں—

اللہ میاں خوب بنی توری شان .
سب مہنن میں ایکو مہینہ اللہ،
وہ بھی مہینہ رمضان .
سب کتابن میں ایکو کتاب اللہ،
وہ بھی کتاب قرآن.
سب چھتوں میں ایکو چھت اللہ،
وہ بھی چھت آسمان.
سب بیبن میں ایکو بی بی اللہ،
وہ بھی بی بی فاتمہ.
سب پیرن میں ایکو پیر اللہ،
وہ بھی پیر بڑے پیر.

ارتھات— اللہ میاں تیری شان خوب بنی ہے . سب مہینوں میں ایک ہی مہینہ اچھا ہوتا ہے، وہ رمضان کا مہینہ ہوتا ہے اور سب کتابوں میں بڑھکر کتاب قرآن ہے، اِسی طرح ساری چھتوں سے زیادہ عمدہ چھت آسمان کی ہے . بیبیوں میں ایک ہی بی بی قابل تعریف ہے، وہ بی بی فاتمہ ہے . اور پیروں میں اگر کوئی ہے تو وہ بڑے پیر ہیں یعنی خواجہ معین الدین اجمیری .

خوب بنی رے اللہ توری مہجد،
خوب بنی رے نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .
کاہے بنی رے اللہ توری مہجد،
کاہے بنا رے نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .
سونے بنی رے اللہ توری مہجد،
سونے بنا رے نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .
کاہے بہاروں اللہ توری مہجد،
کاہے بہاروں نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .
ہاتھوں بہاروں اللہ توری مہجد ،
پلکوں بہاروں نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .
کاہے چڑھاؤں اللہ توری مہجد ،
کاہے چڑھاؤں نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .
لڈو چڑھاؤں اللہ توری مہجد ،
پیڑا چڑھاؤں نبی تورا روجا—نبی تورا روجا .

ارتھات—اللہ میاں تیری مسجد خوب بنی ہے اور اے نبی تیرا روضہ بھی خوب بنا ہے . اللہ تیری مسجد کس چیز کی بنی ہے اور اے نبی تیرا روضہ کس چیز کا بنا ہے ؟ سونے کی تو مسجد اللہ تیری ہے اور سونے کا ہی روضہ نبی کا ہے . اللہ میں تیری مسجد میں کاہے سے ستھرائی دوں اور نبی کا روضہ میں کاہے سے جھاڑوں ؟ ہاتھوں سے اللہ میں تیری مسجد جھاڑوں اور پلکوں سے نبی تیرا روضہ جھاڑوں . اور پھر چڑھاؤں کیا میں تیری مسجد اور روضہ میں ؟ لڈو

तो मैं अल्ला तेरी मस्जिद में चढ़ाऊँ और पेड़ा नबी तेरे रोजे पर चढ़ाऊ.

अल्ला मियां के कलसों पै बरसत नूर.
केहर से उतरी सन्दल कटुरिया,
केहर से उतरा फूल—हो.....
केहर से उतरा जाजम बिछौना,
बैठ गये नबी रसूल—हो.....
अल्ला मियां के कलसों पै बरसत नूर.
मक्के से उतरी सन्दल कटुरिया,
मदीने से उतरा फूल —हो.....
काबे से उतरा जाजम बिछौना,
बैठ गये नबी रसूल—हो.....
किन ने जुठारी सन्दल कटुरिया
किन ने जुठारा फूल—हो.....
किन ने जुठारा जाजम बिछौना
रूठ गये नबी रसूल -- हो. ....
मक्खी जुठारी सन्दल कटुरिया,
भौंरा जुठारा फूल—हो.....
च्यूँटी जुठारा जाजम बिछौना,
रूठ गये नबी रसूल—हो.....
अल्ला मियां के कलसों पै बरसत नूर.

अर्थात्—अल्ला मियां के कलसों पर नूर बरसता है. किधर से उतरा संदल का कटोरा और किधर से उतरे फूल? और किधर से जाजम बिछाना उतरा जिस पर कि नबी रसूल बैठे? मक्के से तो सन्दल का कटोरा उतरा और मदीने से फूल उतरे और काबे से जाजम बिछौना उतरा जिस पर नबी रसूल बैठे. सन्दल का कटोरा किसने जूठा किया और फूल और जाजम बिछौना किसने जूठा किया कि नबी रसूल रूठ गये? मक्खियों ने सन्दल के कटोरे को और भौंरे ने फूल को जूठा किया और च्यूँटी जाजम बिछौने पर चढ़ गई, इसलिये नबी रसूल रूठ गये.

चले आइयो बड़े पीर—महजद में.
सोने की थाली में भोजन परोसा,
खइयो खइयो बड़े पीर—महजद में.
चांदी का गडुआ गंगा जल पानी,
पियो पियो बड़े पीर—महजद में.
चले आइये बड़े पीर—महजद में.

अर्थात्—बड़े पीर (ख्वाजा मुईनुद्दीन अजमेरी) तुम मस्जिद में चले आना. मैंने सोने की थाली में अच्छा अच्छा खाना सजाया है, तुम मस्जिद में खा लेना. चांदी के बर्तन में मैंने गंगा जल भरा है, ऐ बड़े पीर तुम आकर पी जाना.

و میں اللہ تیری مسجد میں چڑھاؤں اور پیڑا نبی تیرے روضے پر چڑھاؤں ۔

اللہ میاں کے کلسوں پے برست نور ۔
کیہر سے اُتری صندل کٹوریا ،
کیہر سے اُترا پھول—ھو.....
کیہر سے اُترا جاجم بچھونا ،
بیٹھ گئے نبی رسول—ھو.....
اللہ میاں کے کلسوں پے برست نور ۔
مکے سے اُتری صندل کٹوریا ،
مدینے سے اُترا پھول—ھو.....
کعبے سے اُترا جاجم بچھونا ،
بیٹھ گئے نبی رسول—ھو.....
کن نے جوٹھاری صندل کٹوریا ،
کن نے جوٹھارا پھول—ھو.....
کن نے جوٹھارا جاجم بچھونا ،
روٹھ گئے نبی رسول—ھو.....
مکھی جوٹھاری صندل کٹوریا ،
بھونرا جوٹھارا پھول—ھو.....
چیونٹی جوٹھاری جاجم بچھونا ،
روٹھ گئے نبی رسول—ھو.....
اللہ میاں کے کلسوں پے برست نور ۔

ارتھات—اللہ میاں کے کلسوں پر نور برستا ھے ۔ کدھر سے اُترا صندل کا کٹورہ اور کدھر سے اُترے پھول؟ اور کدھر سے جازم بچھونا اُترا جس پر کہ نبی رسول بیٹھے؟ مکہ سے تو صندل کا کٹورہ اُترا اور مدینہ سے پھول اُترے اور کعبہ سے جاجم بچھونا اُترا جس پر نبی رسول بیٹھے ۔ صندل کا کٹورہ کس نے جوٹھا کیا اور پھول اور جازم بچھونا کس نے جوٹھا کیا کہ نبی رسول روٹھ گئے؟ مکھیوں نے صندل کے کٹورے کو اور بھونرے نے پھول کو جوٹھا کیا اور چیونٹی جازم بچھونے پر چڑھ گئی، اس لئے نبی رسول روٹھ گئے ۔

چلے آئیو بڑے پیر مہجد میں ۔
سونے کی تھالی میں بھوجن پرسا ،
کھئیو کھئیو بڑے پیر—مہجد میں ۔
چاندی کا گڑوا گنگا جل پانی ،
پیو پیو بڑے پیر—مہجد میں ۔
چلے آئیو بڑے پیر— مہجد میں ۔

ارتھات— بڑے پیر (خواجہ معین الدین اجمیری) تم مہجد میں چلے آنا ۔ میں نے سونے کی تھالی میں اچھا اچھا کھانا سجایا ھے، تم مسجد میں کھا لینا ۔ چاندی کے برتن میں میں نے گنگا جل بھرا ھے، اے بڑے پیر تم آکر پی جانا ۔

कुछ किताबें

नवजीवन प्रकाशन मन्दिर, अहमदाबाद की छपी हुई ये किताबें हमारे सामने हैं :—

1. सर्वोदय, लेखक गान्धी जी, सफ़े 244, मूल्य ढाई रुपया.

2. Truth Is God (महात्मा गान्धी के लेखों का संग्रह) सफ़े. 168, मूल्य दो रुपया.

3. For Workers Against Untouchability, (महात्मा गान्धी के लेखों का संग्रह) सफ़े 34. मूल्य आठ आना.

4. How To Serve The Cow (महात्मा गान्धी के लेखों का संग्रह), सफ़े 109, मूल्य सवा रुपया.

5. Nature Cure (महात्मा गान्धी के लेखों का संग्रह), सफ़े 68, मूल्य बारह आना.

6. A Discipline For Nonviolence, लेखक रिचर्ड बी. ग्रेग, सफ़े 32, मूल्य दस आना.

पहली किताब 'सर्वोदय' दो विभागों में बंटी हुई है. पहले विभाग के सात भाग हैं, और दूसरे के पांच. पहले विभाग में समय समय पर लिखी हुई सर्वोदय के बारे में गान्धी जी की रायें और दूसरे विभाग में श्री राज गोपालाचारी, आचार्य विनोबा, श्री जे. सी. कुमारप्पा, श्री मशरूवाला और श्री धीरेन्द्र मजूमदार के सर्वोदय के सम्बन्ध में विचार हैं.

स्वतंत्र भारत में कैसा समाज बनेगा, आज यह विचार सब के सामने है. तरह तरह के वाद का लोग ज़िक्र करते हैं. हम आज तरक़्क़ी के मंज़िल के चौराहे पर खड़े हैं. ऐसे नाज़ुक वक़्त में यह बेहद ज़रूरी है कि हम महात्मा गान्धी के बताये हुए रास्ते पर संजीदगी से ग़ौर करें. इस लिहाज़ से हर समझदार आदमी को यह किताब पढ़नी चाहिये.

दूसरी किताब 'Truth is God' समय समय पर गान्धी जी के लिखे हुए लेखों या विचारों का संग्रह है. राम नाम पर गान्धी जी कि कितनी श्रद्धा थी यह सबको मालूम है. लेकिन उस राम नाम के साथ कैसे अपने को एक करना, इसके पीछे गान्धी जी की 75 बरसों की साधना थी. ईश्वर

نو جیون پرکاشن مندر احمدآباد کی چھپی ہوئی یہ کتابیں ہمارے سامنے ہیں:—

1. سرودے' لیکھک گاندھی جی' صفحے 244' مول ڈھائی روپیہ .

2. Truth is God (مہاتما گاندھی کے لیکھوں کا سنکرہ) صفحے 168' مول دو روپیہ .

3. For Workers Against Untouchability (مہاتما گاندھی کے لیکھوں کا سنکرہ) صفحے 34' مول آٹھ آنہ .

4. How To Serve The Cow (مہاتما گاندھی کے لیکھوں کا سنکرہ) صفحے 109' مول سوا روپیہ .

5. Nature Cure (مہاتما گاندھی کے لیکھوں کا سنکرہ) صفحے 68' مول بارہ آنہ .

6. A Discipline For Nonviolence 'لیکھک رچرڈ بی . گریگ' صفحے 32' مول دس آنہ .

پہلی کتاب 'سرودے' دو وبھاگوں میں بنٹی ہوئی ہے . پہلے وبھاگ کے سات بھاگ ہیں' اور دوسرے کے پانچ . پہلے وبھاگ میں سمئے سمئے پر لکھی ہوئی سرودے کے بارے میں گاندھی جی کی رائیں اور دوسرے وبھاگ میں شری راج گوپالاچاری' آچاریہ وِنوبا' شری جے. سی. کمار پپا' شری مشروالا اور شری دھیریندر منجومدار کے سرودے کے سمبندھ میں وچار ہیں .

سوتنتر بھارت میں کیسا سماج بنے گا' آج یہ وچار سب کے سامنے ہے . طرح طرح کے واد کا لوگ ذکر کرتے ہیں . ہم آج ترقی کے منزل کے چوراہے پر کھڑے ہیں . ایسے نازک وقت میں یہ بےحد ضروری ہے کہ ہم مہاتما گاندھی کے بتلائے ہوئے راستے پر سنجیدگی سے غور کریں . اِس لحاظ سے ہر سمجھدار آدمی کو یہ کتاب پڑھنی چاہئے .

دوسری کتاب 'Truth Is God' سمئے سمئے پر گاندھی جی کے لکھے ہوئے لیکھوں یا وچاروں کا سنکرہ ہے . رام نام پر گاندھی جی کی کتنی شردھا تھی یہ سب کو معلوم ہے . لیکن اس رام نام کے ساتھ کیسے اپنے کو ایک کرنا' اس کے پیچھے گاندھی جی کی 75 برسوں کی سادھنا تھی . ایشور

तक पहुँचने के जो अलग अलग धर्मों के पुल हैं, उस पर गान्धी जी की बड़ी उदार राय थी. वे विवेक को किसी भी भले या बुरे काम की तराजू मानते थे. गीता पर उनकी अगाध श्रद्धा थी, लेकिन वे कहते हैं—

"I exercise my judgment about every scripture including the Geeta. I cannot lead a scriptural text supersede my reason."

गांधी जी के राम नाम में विवेक था, साधना थी और इन सब के अलावा वैज्ञानिक विश्वास था. आज की मोह में फंसी हुई दुनिया के लिये इस किताब की नसीहतें दवा का काम देंगी.

तीसरी किताब 'For Workers Against untouchability' अपने नाम के मुताबिक़ हरिजन सेवकों के लिये रास्ता दिखाने वाली अनमोल पुस्तक है.

चौथी किताब 'How To Serve The Cow' इस विवाद ग्रस्त प्रश्न पर गांधी जी के समय समय पर लिखे हुए लेखों के लिये इस प्रश्न पर ज्ञान का एक ज़ख़ीरा है. हर एक गो-सेवक को इस किताब को ज़रूर पढ़ना चाहिये.

पांचवीं किताब 'Nature Cure' में भी गांधी जी के लेखों और विचारों का संग्रह है. क़ुदरती इलाज को गांधी जी इस मुल्क के रहने वाले ग़रीब लोगों के लिये इलाज का रामबाण तरीक़ा समझते थे. क़ुदरत के अन्दर ऐसी सिफ़तें हैं जो इनसान को ख़ुद बख़ुद अच्छा करती रहती हैं. अगर क़ुदरत के उन गुणों की जानकारी हासिल कर ली जाये तो रास्ता साफ़ हो जाता है. इलाज के पच्छिमी तरीक़े बेहद ख़रचीले हैं और कहां तक फ़ाइदेमन्द हैं, इसमें भी बहुत लोगों को शुब्हा है. इस किताब से पाठकों को इस सवाल पर सही रोशनी मिलेगी.

छटवीं किताब अहिंसा के सम्बन्ध में श्री रिचर्ड बी. ग्रेग की लिखी हुई पुरानी किताब का तीसरा नया संस्करण है. अहिंसा का पच्छिमी वैज्ञानिक उसूलों के आधार पर निराकरण किया गया है. पुस्तक प्रत्येक समझदार पाठक को ज़रूर पढ़नी चाहिये.

18-8-'55 —बी. न. पांडे

تک پہونچنے کے جو الگ الگ دھرموں کے پل ہیں، اُس پر بھی گاندھی جی کی بڑی اُدار رائے تھی۔ وے وِویک کو کسی بھی بھلے یا برے کام کی ترازو مانتے تھے۔ گیتا پر اُن کی اگاہ شردھا تھی، لیکن وے کہتے ہیں—

"I exercise my judgment about every scripture including the Geeta. I cannot lead a scriptural text supersede my reason."

گاندھی جی کے رام نام میں وِویک تھا، سادھنا تھی اور اِن سب کے علاوہ ویگیانک وشواس تھا۔ آج کی موہ میں پھنسی ہوئی دنیا کے لئے اِس کتاب کی نصیحتیں دوا کا کام دینگی۔

تیسری کتاب 'For Workers Against Untouchability' اپنے نام کے مطابق ہریجن سیوکوں کے لئے راستہ دکھانے والی انمول پستک ہے۔

چوتھی کتاب 'How To Serve The Cow' اِس وِواد گرست پرشن پر گاندھی جی کے سمے سمے پر لکھے ہوئے لیکھوں کے لئے اِس پرشن پر گیان کا ایک زخیرہ ہے۔ ہر ایک گو سیوک کو اِس کتاب کو ضرور پڑھنا چاہئے۔

پانچویں کتاب 'Nature Cure' میں بھی گاندھی جی کے لیکھوں اور وچاروں کا سنگرہ ہے۔ قدرتی علاج کو گاندھی جی اِس ملک کے رہنے والے غریب لوگوں کے لئے علاج کا رامبان طریقہ سمجھتے تھے۔ قدرت کے اندر ایسی صفتیں ہیں جو اِنسان کو خود بخود اچھا کرتی رہتی ہیں۔ اگر قدرت کے اِن گنوں کی جانکاری حاصل کرلی جائے تو راستہ صاف ہوجاتا ہے۔ علاج کے پچھمی طریقے بےحد خرچیلے ہیں اور کہاں تک فائدہ مند ہیں، اس میں بھی بہت لوگوں کو شبہ ہے۔ اِس کتاب سے پاٹھکوں کو اس سوال پر صحیح روشنی ملیگی۔

چھٹویں کتاب اہنسا کے سمبندھ میں شری رچرڈ بی۔ گریگ کی لکھی ہوئی پرانی کتاب کا تیسرا نیا سنسکرن ہے۔ ہنسا کا پشچمی ویگیانک اُصولوں کے آدھار پر نراکرن کیا گیا ہے۔ پستک پرتیک سمجھدار پاٹھک کو ضرور پڑھنی چاہئے۔

18. 8. '55 —بی۔ نا۔ پانڈے

हमारी राय

ہماری رائے

विनोबा जी और ज़मीन कि मिलकियत

श्री विनोबा भावे गाँधी जी के उन इने गिने अनुयायियों में से हैं जो अपनी पूरी सूझ और पूरी शक्ति के साथ गाँधी जी के सिद्धान्तों को अमल में लाने और उन्हें आगे बढ़ाने में अपना सब कुछ होमे हुए है. हमारे दिल में उनका बड़ा आदर है. गाँधी जी के इस तरह के भक्तों का हम उन्हें सरताज मानते हैं.

विनोबा जी ने देश को कई नए शब्द दिये हैं, जैसे भूमिदान, कूपदान, जीवनदान सम्पत्तिदान, श्रमदान और सबसे हाल में ग्रामदान. पिछली 14 जुलाई को उड़ीसा के सुन्धी धामिनी गाँव में ग्रामदान का मतलब और उससे लाभ गाँव के लोगों को समझाते हुए विनोबा जी ने एक बड़ा सुन्दर भाषण दिया. उनके इस भाषण का सार लगभग उनहीं के शब्दों में हम नीचे देते हैं :—

"ग्रामदान से चार बड़े लाभ हैं. पहला लाभ आर्थिक लाभ है. जब कोई आदमी किसी ज़मीन को अपनी ज़मीन नहीं समझेगा, और गाँव की सारी ज़मीन एक इकाई समझी जायगी, जो सबकी एक बराबर मिलकीयत होगी, तो उससे ज़मीन की पैदावार यानी गाँव की दौलत बढ़ेगी. सब गाँव वाले मिलकर तय कर सकेंगे कि कब क्या बोया जाय और उसमें से कितना बाहर बेचा जाय. तब सब मिलकर खेती के तरीक़ों में सुधार कर सकेंगे. ज़रूरत पड़ने पर सरकार से या किसी बाहर वाले से मदद ले सकना आसान हो जायगा. गाँव का कोई आदमी किसी का क़र्ज़दार न रहेगा. सबको सुख और सन्तोष मिलेगा. यह एक आर्थिक इन्क़लाब होगा.

"दूसरा बड़ा लाभ यह होगा कि जब सारे गाँव के लोग एक मिले जुले कुनबे की तरह रहने लगेंगे तो आपस में प्रेम बढ़ेगा. सारा गाँव एक स्वर्ग की तरह दिखाई देने लगेगा. सब सब के दुख सुख में शरीक रहेंगे. इससे सब का सुख बढ़ेगा. यह दूसरा लाभ ग्रामदान का कलचरी लाभ है.

ونوبا جی اور زمین کی ملکیت

شری ونوبا بھاوے گاندھی جی کے اُن اِنے گنے انویائیوں میں سے ہیں جو اپنی پوری سوجھ اور پوری شکتی کے ساتھ گاندھی جی کے سدھانتوں کو عمل میں لانے اور اُنہیں آگے بڑھانے میں اپنا سب کچھ ہومے ہوئے ہیں. ہمارے دل میں اُن کا بڑا آدر ہے. گاندھی جی کے اِس طرح کے بھکتوں کا ہم اُنہیں سرتاج مانتے ہیں.

ونوباجی نے دیش کو کئی نئے شبد دیئے ہیں، جیسے بھومی دان، کوپ دان، جیون دان، سمپتی دان، شرم دان اور سب سے حال میں گرام دان. پچھلی 14 جولائی کو اڑیسہ کے سندھی دھامنی گاؤں میں گرام دان کا مطلب اور اُس سے لابھ گاؤں کے لوگوں کو سمجھاتے ہوئے ونوبا جی نے ایک بڑا سندر بھاشن دیا. اُن کے اِس بھاشن کا سار لگ بھگ اُنہیں کے شبدوں میں ہم نیچے دیتے ہیں:—

"گرام دان سے چار بڑے لابھ ہیں. پہلا لابھ آرتھک لابھ ہے. جب کوئی آدمی کسی زمین کو اپنی زمین نہیں سمجھے گا، اور گاؤں کی ساری زمین ایک اکائی سمجھی جائیگی، جو سب کی ایک برابر ملکیت ہوگی، تو اُس سے زمین کی پیداوار یعنی گاؤں کی دولت بڑھے گی. سب گاؤں والے ملکر طے کر سکیں گے کہ کب کیا بویا جائے اور اُس میں سے کتنا باہر بیچا جائے تب سب ملکر کھیتی کے طریقوں میں سدھار کر سکیں گے. ضرورت پڑنے پر سرکار سے یا کسی باہر والے سے مدد لے سکنا آسان ہو جائیگا. گاؤں کا کوئی آدمی کس کا قرض دار نہ رہے گا. سب کو سکھ اور سنتوش ملے گا. یہ ایک آرتھک انقلاب ہوگا.

"دوسرا بڑا لابھ یہ ہوگا کہ جب سارے گاؤں کے لوگ ایک ملے جلے کنبے کی طرح رہنے لگیں گے تو آپس میں پریم بڑھیگا. سارا گاؤں ایک سورگ کی طرح دکھائی دینے لگے گا. سب سب کے دکھ سکھ میں شریک رہینگے. اِس سے سب کا سکھ بڑھے گا. یہ دوسرا لابھ گرام دان کا کلچری لابھ ہے.

"तीसरा लाभ यह होगा कि लोगों का आचार ऊँचा जायगा. आपस के झगड़े, चोरियां और दुश्मनियां मिट जायँगी. हम अपने घरों के अन्दर चोरी नहीं करते. जब सारा गाँव एक घर बन जायगा तो गाँव में भी कोई चोरी नहीं करेगा. हमारा आचार इसलिये नीचे गिर गया है कि अपने अलग अलग घर और अलग अलग मिलकियतें बनाकर हम छोटे छोटे स्वार्थों में फंस गए हैं. आज एक डाक्टर भी, जिसका धर्म यह है कि किसी भी रोगी के रोग को सुनकर उसके पास दौड़कर पहुंचे, इलाज करने से पहले रोगी से अपना बटुवा खोलने के लिये कहता है. इसी से हमारे सबके दिल तंग हो गए हैं क्योंकि हमने अपने छोटे छोटे घर और छोटे छोटे कुनबे बना रखे हैं. दुनिया के सब झगड़ों की यही जड़ है. जब जमीन और धन दौलत पर से लोगों की अलग अलग मिलकियत जाती रहेगी तो हमारा आचार जरूरी तौर पर ऊँचा हो जायगा. यही ग्रामदान का सबसे बड़ा लाभ है. जिस दिन यह हो जायगा उस दिन दुनिया खुशी से नाचने लगेगी. आज हम दुखी इसलिये हैं क्योंकि हमारे अलग अलग स्वार्थ टकराते रहते हैं. इसी से दुनियां में हिंसा बढ़ रही है. अगर गाँव की जमीन और गाँव की सब सम्पत्ति सारे गाँव की जमीन और सारे गाँव की सम्पत्ति हो जावे तो दुनिया का आचार सचमुच ऊपर उठ जावेगा. यह लाभ ग्रामदान का नैतिक लाभ है.

"चौथा लाभ ग्रामदान का अध्यात्मिक यानी रूहानी लाभ है. जब हम 'मेरा घर', 'मेरी जमीन' और 'मेरा पैसा' इस तरह की बातें करते हैं तो हम में इन चीजों से मोह पैदा होता है. पर जब आदमी इस 'मैं' और 'मेरे' से आजाद हो जायगा और समझ लेगा कि सब चीजें सबके फ़ायदे और सबके इस्तेमाल के लिये हैं, कोई मेरी अलग चीज नहीं है तो आदमी निजात के नजदीक पहुँच जावेगा. आज इस 'मैं' और 'मेरे' ने ही हमें दुनिया में बाँध रखा है. यही हमारी मुक्ति में सबसे बड़ी रुकावट है. हमें यह मानना चाहिये कि सारा गाँव हमारा घर है और जिस घर में हम रह रहे हैं, वह भी सबका है. मुक्ति पाने का पुराना ढंग जिसमें आदमी सब चीज छोड़ कर जंगल में जा बैठता था वह भी गलत ढंग है. हमें यह नहीं सोचना चाहिये कि न कोई मेरा और न मैं किसी का. इसके खिलाफ़ हमें यह सोचना चाहिये कि सब मेरे और मैं सबका. मुक्ति का यही रास्ता है. कोई दूसरा रास्ता नहीं. इसलिये हमें यही समझना चाहिये कि हमारे पास जो कुछ है यहां तक कि हमारा अपना आपा भी वह सारे गाँव की मिलकियत है और सारा गाँव हमारा है. ग्रामदान का यह एक बहुत बड़ा लाभ है."

"تیسرا لابھ یہ ہوگا کہ لوگوں کا آچار اونچا جائیگا۔ آپس جھگڑے، چوریاں اور دشمنیاں مٹ جائینگی۔ ہم اپنے گھروں کے اندر چوری نہیں کرتے۔ جب سارا گاؤں ایک گھر بن جائیگا گاؤں میں بھی کوئی چوری نہیں کریگا۔ ہمارا آچار اِس لئے نیچے گر گیا ہے کہ اپنے الگ الگ گھر اور الگ الگ ملکیتیں بنا کر ہم چھوٹے چھوٹے سوارتھوں میں پھنس گئے ہیں۔ آج ایک ڈاکٹر بھی، جس کا دھرم یہ ہے کہ کسی بھی روگی کے روگ کو سن کر اُس کے پاس دوڑ کر پہنچے، علاج کرنے سے پہلے روگی سے اپنا بٹوا کھولنے کے لئے کہتا ہے۔ اِسی سے ہمارے سب کے دل تنگ ہو گئے ہیں کیونکہ ہم نے اپنے چھوٹے چھوٹے گھر اور چھوٹے چھوٹے کنبے بنا رکھے ہیں۔ دنیا کے سب جھگڑوں کی یہی جڑ ہے۔ جب زمین اور دھن دولت پر سے لوگوں کی الگ الگ ملکیت جاتی رہے گی تو ہمارا آچار ضروری طور پر اونچا ہو جائے گا۔ یہی گرام دان کا سب سے بڑا لابھ ہے۔ جس دن یہ ہو جائے گا اُس دن دنیا خوشی سے ناچنے لگے گی۔ آج ہم دکھی اس لئے ہیں کیونکہ ہمارے الگ الگ سوارتھ ٹکراتے رہتے ہیں۔ اِسی سے دنیا میں ہنسا بڑھ رہی ہے۔ اگر گاؤں کی زمین اور گاؤں کی سب سمپتی سارے گاؤں کی زمین اور سارے گاؤں کی سمپتی ہو جاوے تو دنیا کا آچار سچ مچ اوپر اُٹھ جاوے گا۔ یہ لابھ گرام دان کا نیتک لابھ ہے۔

"چوتھا لابھ گرام دان کا آدھیاتمک یعنی روحانی لابھ ہے۔ جب ہم 'میرا گھر' 'میری زمین' اور 'میرا پیسہ' اِس طرح کی باتیں کرتے ہیں تو ہم میں ان چیزوں سے موہ پیدا ہوتا ہے۔ جب آدمی اِس 'میں' اور 'میرے' سے آزاد ہو جائے گا اور سمجھ لے گا کہ سب چیزیں سب کے فائدے اور سب کے استعمال کے لئے ہیں، کوئی میری الگ چیز نہیں ہے تو آدمی نجات کے نزدیک پہنچ جائے گا۔ آج اِس 'میں' اور 'میرے' نے ہی ہمیں دنیا میں باندھ رکھا ہے۔ یہی ہماری مکتی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ ہمیں یہ ماننا چاہئے کہ سارا گاؤں ہمارا گھر ہے اور جس گھر میں ہم رہ رہے ہیں، وہ بھی سب کا ہے۔ مکتی پانے کا پرانا ڈھنگ جس میں آدمی سب چیز چھوڑ کر جنگل میں جا بیٹھتا تھا وہ بھی غلط ڈھنگ ہے۔ ہمیں یہ نہیں سوچنا چاہئے کہ نہ کوئی میرا اور نہ میں کسی کا۔ اِس کے خلاف ہمیں یہ سوچنا چاہئے کہ سب میرے اور میں سب کا۔ مکتی کا یہی راستہ ہے۔ کوئی دوسرا راستہ نہیں۔ اِس لئے ہمیں یہی سمجھنا چاہئے کہ ہمارے پاس جو کچھ ہے یہاں تک کہ ہمارا اپنا آپا بھی وہ سارے گاؤں کی ملکیت ہے اور سارا گاؤں ہمارا ہے۔ گرام دان کا یہ ایک بہت بڑا لابھ ہے۔"

हमें याद है एक बार हम एक विद्वान मुसलमान भाई से बौद्ध धर्म के बारे में बात चीत कर रहे थे. बात करते करते जब ईश्वर और ईश्वर पूजा पर महात्मा बुद्ध के उपदेशों का ज़िक्र आया तो हमारे मुसलमान मित्र चिल्ला पड़े "यह भी कोई मज़हब हो सकता है !" चन्द घंटे और शान्ति से बात करने के बाद उन्होंने महसूस किया कि बौद्ध धर्म और इस्लाम में बहुत बड़ी समानता है और दोनों एक ही सिक्के के दो रुख हैं, बल्कि एक ही हक़ीक़त के दो रूप. हम नहीं कह सकते कोई समझदार कम्युनिस्ट विनोबा जी के इन विचारों को पढ़कर क्या सोचता होगा. एक बड़े दरजे तक जो शकल विनोबा जी ने ग्रामदान की खींची है वही शकल कम्युनिज़्म की है. फ़रक़ भी है. किसी एक दरख़्त के कोई दो पत्ते एक रंग के नहीं होते. फ़रक़ देखने वाले के लिये सब जगह फ़रक़ काफ़ी मिलते हैं. एकता देखने वाले के लिये एकता की कमी नहीं है. हमारा यह विश्वास दिन दिन मज़बूत होता जा रहा है कि जिसे आज अच्छे से अच्छे मानी में अध्यात्मवाद या अहिंसावाद या गाँधीवाद कहा जाता है, उसके और जिसे कम्युनिज़्म कहा जाता है उसके, इन दोनों के सच्चे मेल में ही इस देश और दुनिया का भला है.

16-7-55 —सुन्दरलाल

श्री बी. जी. खेर और सरकार

एक दूसरी लेख में हम "बम्बई का एक दुख भरा नज़ारा" सरनाम से एक लेख दे चुके हैं. उसमें हमने बम्बई के अन्दर कुछ ग़रीबों की बस्तियों की हालत और श्री बी. जी. खेर और उनके साथियों की नेक सेवाओं की चरचा की है. उस सम्बन्ध में एक ख़ास सवाल सरकार के कर्तव्य और उसके सहयोग का पैदा होता है. हम उस लेख में लिख चुके हैं कि बाला साहब को सरकार से बहुत अधिक आशाएं नहीं हैं. वह जहां तक हो सके ख़ैर सरकारी यानी जनता की मदद से अपने पैरों पर खड़ा होना चाहते हैं. इसके कई साफ़ कारन हैं. हम सरकार की कठिनाई को भी थोड़ा बहुत समझ सकते हैं. अंग्रेज़ी राज की जगह हिन्दुस्तानी राज हमने क़ायम कर लिया. पर नीचे से ऊपर तक हमारा सारा हकूमत का ढांचा लगभग वही है जो अंगरेज़ों के समय में था. अगर कुछ बातों में आजकल का ढांचा पहले से अच्छा है तो कई में पहले से भी बदतर है. आर्थिक मामलों में वह लोग, जिनके हाथों में देश के शासन की बाग डोर है, देश से बेकारी, बेरोज़गारी, मुफ़लिसी और भिकमंगेपन को मिटाना अपना फ़र्ज़ ज़रूर समझते हैं पर

ہمیں یاد ہے ایک بار ہم ایک ودوان مسلمان بھائی سے بودھ دھرم کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے ۔ بات کرتے کرتے جب ایشور اور ایشور پوجا پر مہاتما بدھ کے اپدیشوں کا ذکر آیا تو ہمارے مسلمان متر چلا پڑے "یہ بھی کوئی مذہب ہو سکتا ہے !" چند گھنٹے اور شانتی سے بات کرنے کے بعد اُنہوں نے محسوس کیا کہ بودھ دھرم اور اسلام میں بہت بڑی سمانتا ہے اور دونوں ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، بلکہ ایک ہی حقیقت کے دو روپ ۔ ہم نہیں کہہ سکتے کوئی سمجھدار کمیونسٹ ونوباجی کے اِن وچاروں کو پڑھکر کیا سوچتا ہوگا ۔ ایک بڑے درجے تک جو شکل ونوباجی نے گرام دان کی کھینچی ہے وہی شکل کمیونزم کی ہے ۔ فرق بھی ہے ۔ کسی ایک درخت کے کوئی دو پتے ایک رنگ کے نہیں ہوتے۔ فرق دیکھنے والے کے لئے سب جگہ فرق کافی ملتے ہیں ۔ ایکتا دیکھنے والے کے لئے ایکتا کی کمی نہیں ہے ۔ ہمارا یہ وشواس دن دن مضبوط ہوتا جا رہا ہے کہ جسے آج اچھے سے اچھے معنی میں ادھیاتمواد یا اہنساواد یا گاندھی واد کہا جاتا ہے، اس کے اور جسے کمیونزم کہا جاتا ہے اُس کے، اِن دونوں کے سچے میل میں ہی اس دیش اور دنیا کا بھلا ہے ۔

16.7.55 —سندر لال

شری بی۔ جی۔ کھیر اور سرکار

ایک دوسرے لیکھ میں ہم "بمبئی کا ایک دکھ بھرا نظارہ" سرنام سے ایک لیکھ دے چکے ہیں ۔ اُس میں ہم نے بمبئی کے اندر کچھ غریبوں کی بستیوں کی حالت اور شری بی۔ جی۔ کھیر اور اُن کے ساتھیوں کی نیک سیواؤں کی چرچا کی ہے ۔ اُس سمبندھ میں ایک خاص سوال سرکار کے کرتویہ اور اُس کے سہیوگ کا پیدا ہوتا ہے ۔ ہم اُس لیکھ میں لکھ چکے ہیں کہ بالا صاحب کو سرکار سے بہت ادھک آشائیں نہیں ہیں ۔ وہ جہاں تک ہوسکے غیر سرکاری یعنی جنتا کی مدد سے اپنے پیروں پر کھڑا ہونا چاہتے ہیں ۔ اِس کے کئی صاف کارن ہیں۔ ہم سرکار کی کٹھنائی کو بھی تھوڑا بہت سمجھ سکتے ہیں۔ انگریزی راج کی جگہ ہندستانی راج ہم نے قائم کرلیا ۔ پر نیچے سے اُوپر تک ہمارا سارا حکومت کا ڈھانچہ لگ بھگ وہی ہے جو انگریزوں کے سمے میں تھا ۔ اگر کچھ باتوں میں آجکل کا ڈھانچہ پہلے سے اچھا ہے تو کئی میں پہلے سے بھی بدتر ہے ۔ آرتھک معاملوں میں وہ لوگ، جن کے ہاتھوں میں دیش کے شاسن کی باگ ڈور ہے، دیش سے بیکاری، بیروزگاری، مفلسی اور بھک منگےپن کو مٹانا اپنا فرض ضرور سمجھتے ہیں پر

उतना जरूरी फ़र्ज़ नहीं समझते जितना कुल देश की मजमुई पैदावार और मजमुई दौलत को बढ़ाना, चाहे वह पैदावार फिर कहीं जाकर भी बिके और वह दौलत किसी के हाथों में भी जमा हो जावे. इस आर्थिक संगठन में घरेलू धंधों के लिये कोई जगह नहीं है, सिवाय उस दरजे तक कि जिस दरजे तक हमारे शासक अपनी राजकाजी जरूरतों के लिये या कला की निगाह से उन्हें जिन्दा रखना जरूरी समझें. उनकी राय में घरेलू धंधे अगर मिलों की पैदावार से मुक़ाबले की टक्कर नहीं ले सकते, और जाहिर है कि वह नहीं ले सकते, तो वह मिट जायें. लाखों और करोड़ों आदमियों की बेकारी और बेरोजगारी उन्हें इतना अधिक नहीं सताती. इसीलिये सात बरस की आज़ादी के बाद भी मुल्क के अन्दर बेकारों की तादाद और ग़रीबों की ग़रीबी बढ़ती जा रही है. यह आर्थिक व्यवस्था न कम्युनिस्ट व्यवस्था है और न गांधी वादी व्यवस्था है. यह है पूँजीवादी और साम्राजवादी व्यवस्था. जाहिर है कि हमारे आजकल के शासकों के सामने इस मामले में आदर्श न रूस है न चीन और न गांधी जी का आदर्श देश. उनके सामने आदर्श हैं अमरीका और इंगलैंड. इसीलिये हम बग़ैर इस बात की फ़िक्र किये कि हमारे सब जुलाहों और बुनकरों को काम मिले, इस फ़िक्र में रहते हैं कि अपनी मिलों से कम से कम मजदूरों की मदद से अधिक से अधिक कपड़ा बुनकर ईरान, इराक़, मलाया और दूसरे पिछड़े हुए देशों में बेच कर उन देशों से अधिक धन कमा सकें. इसीलिये हम अपनी योजनाओं में देश के रहे सहे बुनकरों को भी आज़ाद कारीगर न रहने देकर धीरे धीरे पहले छोटे कारख़ाने के मालिकों के और फिर बड़े कारख़ाने के मालिकों के रोटीना पाने वाले मजदूर बना देना चाहते हैं. ख़ास कर कपड़े के धंधे के बारे में सरकारी योजनाओं का यह पहलू बिलकुल साफ़ है.

पंडित जवाहरलाल नेहरू बहुत सच्चे, साफ़ और ईमानदार आदमी हैं. दुनिया जानती है कि अन्तरराष्ट्रीय मामलों में उन्होंने देश को कितना ऊंचा बढ़ाया है. पर इन मामलों में उनके विचार बिलकुल साफ़ हैं. अगर अख़बारों की रिपोर्टें सच हैं तो एक बार मद्रास की किसी तक़रीर में उन्होंने कहा था कि देश की पैदावार और दौलत को बढ़ाने के लिये घरेलू दस्तकारियों और दस्तकारों की क़ुरबानी एक जरूरी चीज है. कहा जाता है कि इलाहाबाद में कांग्रेसी काम करने वालों के सामने बोलते हुए उन्होंने इस से भी अधिक साफ़ शब्दों में क़रीब क़रीब यह कहा था कि मैं चाहूँ तो बेकारी आज मिटा सकता हूँ. सब मिलें बन्द कर दूँ तो बेकारी अपने आप बन्द हो जायगी, पर लोगों के जीवन का स्तर एक दम नीचे चला जावेगा जो मैं नहीं चाहता.

اتنا ضروری فرض نہیں سمجھتے جتنا کل دیش کی مجموعی پیداوار اور مجموعی دولت کو بڑھانا، چاہے وہ پیداوار پھر کہیں جاکر ہی بکے اور وہ دولت کسی کے ہاتھوں میں بھی جمع ہوجائے۔ اس آرتھک سنگٹھن میں گھریلو دھندوں کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے، سوائے اس درجے تک کہ جس درجے تک ہمارے شاسک اپنی راج کاجی ضرورتوں کے لئے یا کلا کی نگاہ سے انہیں زندہ رکھنا ضروری سمجھیں۔ اُن کی رائے میں گھریلو دھندے اگر ملوں کی پیداوار سے مقابلہ کی ٹکر نہیں لے سکتے، اور ظاہر ہے کہ وہ نہیں لے سکتے، تو وہ مٹ جائیں۔ لاکھوں اور کروڑوں آدمیوں کی بےکاری اور بےروزگاری انہیں اتنا ادھک نہیں ستاتی۔ اِسی لئے سات برس کی آزادی کے بعد بھی ملک کے اندر بےکاروں کی تعداد اور غریبوں کی غریبی بڑھتی جارہی ہے۔ یہ آرتھک ویوستھا نہ کمیونسٹ ویوستھا ہے اور نہ گاندھی وادی ویوستھا ہے۔ یہ ہے پونجی وادی اور سامراج وادی ویوستھا۔ ظاہر ہے کہ ہمارے آجکل کے شاسکوں کے سامنے اس معاملے میں آدرش نہ روس ہے نہ چین اور نہ گاندھی جی کا آدرش دیش۔ اُن کے سامنے آدرش ہیں امریکہ اور اِنگلینڈ۔ اِسی لئے ہم بغیر اِس بات کی فکر کئے کہ ہمارے سب جولاہوں اور بنکروں کو کام ملے، اِس فکر میں رہتے ہیں کہ اپنی ملوں سے کم سے کم مزدوروں کی مدد سے ادھک سے ادھک کپڑا بنکر ایران، عراق، ملایا اور دوسرے پچھڑے ہوئے دیشوں میں بیچ کر اُن دیشوں سے ادھک سے ادھک دھن کما سکیں۔ اِسی لئے ہم اپنی یوجناؤں میں دیش کے رہے سہے بنکروں کو بھی آزاد کاریگر نہ رہنے دے کر دھیرے دھیرے پہلے چھوٹے کارخانوں کے مالکوں کے اور پھر بڑے کارخانوں کے مالکوں کے روزینہ پانے والے مزدور بنا دینا چاہتے ہیں۔ خاص کر کپڑے کے دھندے کے بارے میں سرکاری یوجناؤں کا یہ پہلو بالکل صاف ہے۔

پنڈت جواہر لال نہرو بہت سچے، صاف اور ایماندار آدمی ہیں۔ دنیا جانتی ہے کہ انتر راشٹریہ معاملوں میں انہوں نے دیش کو کتنا اُونچا بڑھایا ہے۔ پر اِن معاملوں میں اُن کے وچار بالکل صاف ہیں۔ اگر اخباروں کی رپورٹیں سچ ہیں تو ایک بار مدراس کی کسی تقریر میں انہوں نے کہا تھا کہ دیش کی پیداوار اور دولت کو بڑھانے کے لئے گھریلو دستکاریوں اور دستکاروں کی قربانی ایک ضروری چیز ہے۔ کہا جاتا ہے کہ الہ آباد میں کانگریسی کام کرنے والوں کے سامنے بولتے ہوئے انہوں نے اِس سے بھی ادھک صاف شبدوں میں قریب قریب یہ کہا تھا کہ میں چاہوں تو بےکاری آج مٹا سکتا ہوں۔ سب ملیں بند کردوں تو بےکاری اپنے آپ بند ہوجائیگی، پر لوگوں کے جیون کا استر ایک دم نیچے چلا جاویگا جو میں نہیں چاہتا۔

इसीलिये हमारे आजकल के शासक जिस तरह भी हो सके आबादी को घटाने की भी फ़िक्र में रहते हैं. इसीलिये बच्चों की पैदायश को रोकने का साइंसी सामान बाहर के देशों से फ्री जनरल लाइसेंस में आने की इजाज़त है और सरकारी अस्पतालों में पैदायश को रोकने के तरीक़ों की तालीम दी जाती है.

हम इन सारे विचारों को ग़लत और जनता के लिये बरबादकुन मानते हैं. चीन ने अपनी तरह से एक मिले जुले रास्ते पर चलकर अपने सारे घरेलू धंदों को ज़िन्दा रख लिया और दो साल के अन्दर अन्दर इस तरह का इन्तज़ाम कर लिया कि एक चीनी मर्द या औरत भी बेकार न रह सके. हमारे यहां सात साल के बाद भी बेकारी बढ़ती जा रही है. उन्होंने दो साल के अन्दर देश में एक भी भिकमंगा रहने नहीं दिया. हमारे यहां भीक मांगने वालों की तादाद हर शहर में बढ़ रही है. अगर हम इस मामले में गांधी जी के बताए हुए रास्ते पर चले होते तो हमें चीन या किसी दूसरे देश की तरफ़ देखने की भी ज़रूरत नहीं थी. पर हमें न उस रास्ते पर विश्वास था और न है.

श्री बी. जी. खेर अपने सत्तर हज़ार परिश्रमालयों के ज़रिये देश को जिस तरफ़ ले जाना चाहते हैं वह ठीक गांधी जी का बताया हुआ रास्ता है. हमें विश्वास है कि वही रास्ता इस देश के लिये बेकारी और भिकमंगेपन को मिटाने और जनता की ख़ुशहाली का रास्ता है. अगर देश की जनता और जनता के सेवक उसे सचमुच हाथ में ले लें और उस पर लग जाएं तो हम अपनी सरकार की सारी कमी को पूरा कर सकेंगे. पर काम आसान नहीं है. लाखों के इस में खप जाने की ज़रूरत है. देश के लिये दूसरा रास्ता भी नहीं है. आज या कल हमें इस रास्ते पर चलना ही होगा.

अब अगर हम बम्बई सरकार की तरफ़ निगाह डालें तो इन सब कठिनाइयों के होते हुए भी हमें कुछ अधिक उम्मीद बन सकती है. बम्बई के चीफ़ मिनिस्टर श्री मुरार जी भाई देसाई देश के अच्छे से अच्छे सच्चे और ईमानदार शासकों में से हैं. वह गांधी जी के भी काफ़ी भक्त हैं. श्री बी. जी. खेर में और उनमें बहुत बड़ा प्रेम है. पंडित जवाहरलाल नेहरू के दिल में भी श्री बी. जी. खेर का काफ़ी आदर है. इसलिये हम आशा करते हैं कि भारत सरकार और बम्बई सरकार दोनों अपनी हदों के अन्दर श्री बी. जी. खेर को उनकी नेक कोशिशों में जहां तक बन पड़ेगा जी खोल कर मदद देंगी.

28-6-'55 —सुन्दरलाल

اِسی لئے ہمارے آجکل کے شاسک جس طرح بھی ہوسکے آبادی کو گھٹانے کی بھی فکر میں رہتے ہیں ۔ اِسی لئے بچوں کی پیدائش کو روکنے کا سائنسی سامان باہر کے دیشوں سے فری جنرل لائسنس میں آنے کی اِجازت ہے اور سرکاری اسپتالوں میں پیدائش کو روکنے کے طریقوں کی تعلیم دی جاتی ہے ۔

ہم اِن سارے وچاروں کو غلط اور جنتا کے لئے برباد کن مانتے ہیں ۔ چین نے اپنی طرح سے ایک ملے جلے راستے پر چلکر اپنے سارے گھریلو دھندوں کو زندہ رکھ لیا اور دو سال کے اندر اندر اِس طرح کا انتظام کرلیا کہ ایک چینی مرد یا عورت بھی بیکار نہ رہ سکے ۔ ہمارے یہاں سات سال کے بعد بھی بیکاری بڑھتی جارہی ہے ۔ اُنہوں نے دو سال کے اندر دیش میں ایک بھی بھک‌منگا رہنے نہیں دیا ۔ ہمارے یہاں بھیک مانگنے والوں کی تعداد ہر شہر میں بڑھ رہی ہے ۔ اگر ہم اِس معاملے میں گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستے پر چلے ہوتے تو ہمیں چین یا کسی دوسرے دیش کی طرف دیکھنے کی بھی ضرورت نہیں تھی ۔ پر ہمیں نہ اُس راستے پر وشواس تھا اور نہ ہے ۔

شری بی ۔ جی ۔ کھیر اپنے ستر ہزار پریشرسالیوں کے ذریعہ دیش کو جس طرف لے جانا چاہتے ہیں وہ ٹھیک گاندھی جی کا بتایا ہوا راستہ ہے ۔ ہمیں وشواس ہے کہ وہی راستہ اِس دیش کے لئے بیکاری اور بھک‌منگےپن کو مٹانے اور جنتا کی خوشحالی کا راستہ ہے ۔ اگر دیش کی جنتا اور جنتا کے سیوک اُسے سچے ہاتھ میں لے لیں اور اُس پر لگ جائیں تو ہم اپنی سرکار کی ساری کمی کو پورا کرسکیں‌گے ۔ پر کام آسان نہیں ہے ۔ لاکھوں کے اِس میں کھپ جانے کی ضرورت ہے ۔ دیش کے لئے دوسرا راستہ بھی نہیں ہے ۔ آج یا کل ہمیں اِس راستے پر چلنا ہی ہوگا ۔

शुरू में ख़िलाफ़त एक मज़हबी ओहदा था, पर पहले चार ख़लीफ़ाओं के बाद इसकी ख़ासियत में तब्दीली आ गई और मज़हब के साथ दुनिया की बादशाहत के तत्त्व शामिल हो गए. जब ख़िलाफ़त की ताक़त बिलकुल ख़त्म हो गई तो सिर्फ़ नाम रह गया और उसके साथ ओहदे का मान. इसलामी देशों के हाकिम अपने अपने राज्य के मालिक बन गए जो ख़लीफ़ा की दिखावे की इज़्ज़त करते थे. वे मस्जिद में ख़ुतबे (जुम्मे की नमाज़ में मिम्बर से व्याख्यान) में ख़लीफ़ा का नाम लेते थे और अपने सिक्कों पर उसके नाम का ठप्पा लगाते थे. यह सब इसलिए भी होता था कि मुसलमान रियाया के दिलों पर यह असर डालें कि उनकी हुकूमत ख़लीफ़ाओं की आज्ञाओं पर निर्भर है. हिन्दुस्तान की तारीख़ में इसकी कई मिसालें मिलती हैं. इल्तुमिश ने 1229 में ख़लीफ़ा से फ़र्मान मंगाया और इसे दरबार में बड़े आदर के साथ पढ़कर सुनाया. मुहम्मद बिन तुग़लक़ जो 1325 में सिंहासन पर बैठा बड़ी कठिनाइयों में फँसा. उसने अपने राज के अठारवें साल में ख़लीफ़ा से सनद हासिल की.

जब मुग़लों ने दिल्ली पर क़ब्ज़ा किया उस वक़्त ख़िलाफ़त तुर्कों के हाथ में थी, पर मुग़ल इन्हें ख़लीफ़ा मानने को तैयार न थे. उनके सामने सवाल यह था कि मुग़ल बादशाहत को किन उसूलों पर क़ायम करें. बाबर ने जिस बादशाहत की दाग़बेल डाली उस पर उसके बाद के बादशाहों ने एक शानदार महल खड़ा किया. इसका पूरा नक़्शा अबुलफ़ज़ल ने आईने अकबरी में खींचा और इससे अकबरी राज के उसूलों की तस्वीर हमारी निगाहों के सामने आती है. अबुलफ़ज़ल लिखता है—

"उस न्याय करने वाले (ईश्वर) के सामने जिसके समान कोई दूसरा नहीं, बादशाही से बढ़कर कोई रुतबा नहीं और जितने बुद्धिमान लोग हैं वह उसी के इक़बाल के सोते से प्यास बुझाते हैं. जो इस बात की दलील चाहते हैं उनके लिये यह कहना काफ़ी है कि बादशाही आदमियों के गिरोहों के विद्रोह का इलाज और रिआया के हुक्म मानने की वजह है. इस बात को पादशाह का लफ़्ज़ भी ज़ाहिर करता है. क्योंकि "पाद के माने हैं प्रतिष्ठा और अधिकार (मज़बूती और क़ब्ज़ा) और "शाह" के माने हैं जड़ (असल) और मालिक (ख़ुदावन्द). पादशाह प्रतिष्ठा और अधिकार का सोता और ईश्वर है. आज हुकूमत का दबदबा न रहे तो झगड़े की आँधी कैसे दब सकती है और स्वार्थ की बुराई कैसे दूर हो सकती है? आदमी काम और क्रोध के बस में आकर नाश के गढ़े में गिर पड़ें, दुनिया में चारों ओर से रौनक़ उठ जाए और थोड़े दिनों में पृथ्वी सूनी हो जाए.....शाह का मतलब उस चीज़ से भी होता है जो सबसे अच्छी हो जैसे शाहसवार और शाहराह.

شروع میں خلافت ایک مذہبی عہدہ تھا، پر پہلے چار خلیفاؤں کے بعد اِس کی خاصیت میں تبدیلی آگئی اور مذہب کے ساتھ دنیا کی بادشاہت کے تتو شامل ہوگئے . جب خلافت کی طاقت بالکل ختم ہو گئی تو صرف نام رہ گیا اور اُس کے ساتھ عہدے کا مان . اسلامی دیشوں کے حاکم اپنے اپنے راجیہ کے مالک بن گئے جو خلیفہ کی دکھاوے کی عزت کرتے تھے . وہ مسجد میں خطبے (جمعہ کی نماز میں ممبر سے ویاکھیان) میں خلیفہ کا نام لیتے تھے اور اپنے سکوں پر اُن کے نام کا ٹھپہ لگاتے تھے . یہ سب اِس لئے بھی ہوتا تھا کہ مسلمان رعایا کے دلوں پر یہ اثر ڈالیں کہ اُن کی حکومت خلیفاؤں کی آگیاؤں پر نربھر ہے. ہندستان کی تاریخ میں اِس کی کئی مثالیں ملتی ہیں . التمش نے 1229 میں خلیفہ سے فرمان منگایا اور اِسے دربار میں بڑے آدر کے ساتھ پڑھکر سنایا . محمد بن تغلق جو 1325 میں سنگھاسن پر بیٹھا بڑی کٹھنائیوں میں پھنسا . اُس نے اپنے راج کے اٹھارھویں سال میں خلیفہ سے سند حاصل کی .

جب مغلوں نے دلی پر قبضہ کیا اُس وقت خلافت ترکوں کے ہاتھ میں تھی پر مغل اِنہیں خلیفہ ماننے کو تیار نہ تھے . اُن کے سامنے سوال یہ تھا کہ مغل بادشاہت کو کن اُصولوں پر قایم کریں . بابر نے جس بادشاہت کی داغ بیل ڈالی اُس پر اُس کے بعد کے بادشاہوں نے ایک شاندار محل کھڑا کیا . اِس کا پورا نقشہ ابوالفضل نے آئین اکبری میں کھینچا اور اِس سے اکبری راج کے اُصولوں کی تصویر ہماری نگاہوں کے سامنے آتی ہے . ابوالفضل لکھتا ہے—

"اُس نیائے کرنے والے (ایشور) کے سامنے جس کے سمان کوئی دوسرا نہیں، بادشاہی سے بڑھکر کوئی رتبہ نہیں اور جتنے بدھیمان لوگ ہیں وہ اُسی کے اِقبال کے سوتے سے پیاس بجھاتے ہیں . جو اِس بات کی دلیل چاہتے ہیں اُن کے لئے یہ کہنا کافی ہے کہ بادشاہی آدمیوں کے گروہوں کے ورودھ کا علاج اور رعایا کے حکم ماننے کی وجہہ ہے . اِس بات کو پادشاہ کا لفظ بھی ظاہر کرتا ہے . کیونکہ "پاد" کے معنے ہیں پرتشٹھا اور ادھیکار (مضبوطی اور قبضہ) اور "شاہ" کے معنے ہیں جڑ (اصل) اور مالک (خداوند) . بادشاہ پرتشٹھا اور ادھیکار کا سوتا اور ایشور ہے . آج حکومت کا دبدبہ نہ رہے تو جھگڑے کی آندھی کیسے دب سکتی ہے اور سوارتھ کی برائی کیسے دور ہوسکتی ہے؟ آدمی کام اور کرودھ کے بس میں آکر ناش کے گڑھے میں گر پڑیں، دنیا میں چاروں اور سے رونق اُٹھ جائے اور تھوڑے دنوں میں پرتھوی سونی ہوجائے...شاہ کا مطلب اُس چیز سے بھی ہوتا ہے جو سب سے اچھی ہو جیسے شاہ سوار اور شاہ راہ .

और इसके माने दामाद के भी हैं. दुनिया की दुल्हन बादशाह को वरती है और वह सुन्दर बहू उसकी पूजा करती है.....बादशाही वह ज्योति है जो ईश्वर से निकली है, वह किरन है जो संसार को रौशन करने वाले सूरज से उगती है. सब सिद्धियों की पुस्तकों की तालिका और सारे गुणों का खज़ाना है. चलती भाषा में इसे फ़र्रे एज़दी (दैवी ज्योति) और पुरानी भाषा में कियान ख़्वारह (पारमार्थिक तेज) कहते हैं.

"बादशाह में चार ख़ासियतें होनी ज़रूरी हैं. पहली यह कि राजा को प्रजा के माँ-बाप की जगह होना चाहिए क्योंकि रिआया उसकी मेहरबानी से सुख पाती है और मत मतांतरों के झगड़ों से बचती है. दूसरे राजा का दिल और हौसला बड़ा होना चाहिये. तीसरे उसे ईश्वर पर दिनों दिन बढ़ता भरोसा करना चाहिये. और चौथे उसका मन प्रार्थना और भक्ति में लगा रहना चाहिये. अपने कामों में सफलता देखते हुए ईश्वर को भूलना नहीं चाहिये और आफ़तों में पड़कर मत भ्रांत न होना चाहिये. बादशाह का काम है कि प्रजा की भलाई और उसके दुखों के इलाज में लगा रहे."

अबुल फ़ज़्ल के मुताबिक़ बादशाही व्यापार के तीन अंग हैं—एक राजनिवास की उन्नति, दूसरे फ़ौज की सफलता, और तीसरे प्रजा की बढ़ोतरी. पहले अंग में शाही ख़ज़ाना, हाथी, घोड़े, साज़ सामान, कारख़ाने, दरबार, महल, रनिवास और परिवार शामिल हैं; दूसरे में पैदल, सवार, तोपख़ाना, सिपाही और अफ़सर; और तीसरे में खेती और गाँव की आबादी. इन तीनों को मिलाकर जहाँबानी (लोकपालन) और जहाँदारी (दिग्विजय) के अन्दर रखा जा सकता है.

अबुलफ़ज़्ल के बयान से साफ़ मालूम होता है कि अकबर राज की शक्ति को ईश्वर की देन समझता था और अपनी चेष्टाओं का बहुत ऊँचा आदर्श रखता था. जहाँ वह यह चाहता था कि राज की शक्ति को समाज के जीवन के हर एक अंग में इस्तेमाल करे, धर्म और चाल चलन के सुधार में भी और वनिज व्यौपार और खेती दस्तकारी की उन्नति में भी, वहाँ वह यह भी समझता था कि इस विशाल शक्ति को ईश्वरी न्याय और क़ानून की हदों से बाहर न जाने दे. अपनी राज शक्ति को वह दुनिया की किसी बाहरी ताक़त से नीचा मानने को तैयार न था. इसीलिये उसने अपने ख़िताबों के ज़रिये अपनी पूरी आज़ादी का ऐलान किया. उसके ख़िताब यह थे :—

सुल्तानुलाज़म (सुलतानों में सबसे बड़ा सुलतान),

ख़ाक़ाने मुअज़्ज़म (बादशाहों में सबसे बड़ा बादशाह),

اور اِس کے معنے داماد کے بھی ہیں۔ دنیا کی دلہن بادشاہ کو برتی ہے اور وہ سندر بہو اُس کی پوجا کرتی ہے... بادشاہی وہ جیوتی ہے جو ایشور سے نکلی ہے' وہ کرن ہے جو سنسار کو روشن کرنے والے سورج سے اُگتی ہے۔ سب سدھیوں کی پستکوں کی تالیکا اور سارے گنوں کا خزانہ ہے۔ چلتی بھاشا میں اِسے فر ایزدی (دیوی جیوتی) اور پرانی بھاشا میں کیان خوارہ (پارمارتھک تیج) کہتے ہیں۔

"بادشاہ میں چار خاصیتیں ہونی ضروری ہیں۔ پہلی یہ کہ راجہ کو پرجا کے ماں باپ کی جگہہ ہونا چاہئے کیونکہ رعایا اُس کی مہربانی سے سکھ پاتی ہے اور مت متانتروں کے جھگڑوں سے بچتی ہے۔ دوسرے راجہ کا دل اور حوصلہ بڑا ہونا چاہئے۔ تیسرے اُسے ایشور پر دنوں دن بڑھتا بھروسہ کرنا چاہئے۔ اور چوتھے اُس کا من پرارتھنا اور بھکتی میں لگا رہنا چاہئے۔ اپنے کاموں میں سپھلتا دیکھتے ہوئے ایشور کو بھولنا نہیں چاہئے اور آفتوں میں پڑ کر مت بھرانت نہ ہونا چاہئے۔ بادشاہ کا کام ہے کہ پرجا کی بھلائی اور اُس کے دکھوں کے علاج میں لگا رہے۔"

ابوالفضل کے مطابق بادشاہی ویاپار کے تین انگ ہیں— ایک اور راج نواس کی اُننتی' دوسرے فوج کی سپھلتا اور تیسرے پرجا کی بڑھوتری۔ پہلے انگ میں شاہی خزانہ' ہاتھی' گھوڑے' ساز سامان' کار خانے' دربار' محل' رنواس اور پریوار شامل ہیں؛ دوسرے میں پیدل' سوار' توپخانہ' سپاہی اور افسر' اور تیسرے میں کھیتی اور گاؤں کی آبادی۔ اِن تینوں کو ملاکر جہانبانی (لوک پالن) اور جہانداری (دگوجئے) کے اندر رکھا جا سکتا ہے۔

ابوالفضل کے بیان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اکبر راج کی شکتی کو ایشور کی دین سمجھتا تھا اور اپنی چیشٹاؤں کا بہت اُنچا آدرش رکھتا تھا۔ جہاں وہ یہ چاہتا تھا کہ راج کی شکتی کو سماج کے جیون کے ہر ایک انگ میں استعمال کرے' دھرم اور چال چلن کے سدھار میں بھی اور بنج بیوپار اور کھیتی دستکاری کی اُننتی میں بھی' وہاں وہ یہ بھی سمجھتا تھا کہ اِس وشال شکتی کو ایشوری نیائے اور قانون کی حدوں سے باہر نہ جانے دے۔ اپنی راج شکتی کو وہ دنیا کی کسی باہری طاقت سے نیچا ماننے کو تیار نہ تھا۔ اسی لئے اُس نے اپنے خطابوں کے ذریعہ اپنی پوری آزادی کا اعلان کیا۔ اُس کے خطاب یہ تھے:—

سلطان الاعظم (سلطانوں میں سب سے بڑا سلطان)'

خاقان معظم (بادشاہوں میں سب سے بڑا بادشاہ)'

खलीफा-ए-मुतआली (ऊँची पदवी वाला खलीफा)
इमामे आदिल (मजहबी पेशवा).

बादशाह ईश्वर का अंश है. इसलिए उसने कोर्निश, तसलीम, जमींबोस, नज्र और नियाज के रिवाज जारी किये. ईश्वर की आँखों में सारे जगत के प्राणी एक समान हैं, इसीलिये अकबर ने हिन्दू, मुसलमान, जैन, ईसाई सबके साथ एकसा बरताव मुनासिब समझा. यही सुलह कुल (सब के साथ प्रेम) की नीति थी जिसने हिन्दुस्तान की तारीख में उस जगमगाते सुनहले पन्ने का इजाफा किया जिसको पढ़कर आज भी हम अपने क़ौमी जीवन के लिए अच्छा सबक़ हासिल कर सकते हैं.

خلیفۂ متعالی (اُونچی پدوی والا خلیفہ)،
امام عادل (مذہبی پیشوا) .

بادشاہ ایشور کا انش ہے . اسی لئے اُس نے کورنش، تسلیم زمیں بوس، نذر اور نیاز کے رواج جاری کئے . ایشور کی آنکھوں میں سارے جگت کے پرانی ایک سمان ہیں، اسی لئے اکبر نے ہندو، مسلمان، جین، عیسائی سب کے ساتھ ایکسا برتاؤ مناسب سمجھا . یہی صلح کل (سب کے ساتھ پریم) کی نیتی تھی جس نے ہندستان کی تاریخ میں اُس جگمگاتے سنہلے پنے کا اضافہ کیا جس کو پڑھکر آج بھی ہم اپنے قومی جیون کے لئے اچھا سبق حاصل کر سکتے ہیں .

मुहम्मद साहब की कुछ हदीसें

अनुवादक—श्री मुजीब रिज़वी

मुहम्मद साहब ने कहा :—"अल्लाह का जो कोई बन्दा दुनिया के सुखों को उपेक्षा (बेपरवाही) की निगाह से देखता है ईश्वर उसके दिल में विवेक पैदा करता है और उसकी जबान को ऐसा बना देता है कि वह उसी विवेक की रोशनी में बोलती है. ईश्वर उसे दुनिया की बुराइयां और बीमारियां और इन सब का इलाज बता देता है, और उसे इन सब के बीच से बचाता हुआ अनन्त शान्ति के लोक में पहुँचा देता है."

—अबुज़र: बेहक़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"केवल मोटा और खुरदरा कपड़ा पहनना और रूखा सूखा खाना इस दुनिया का त्यागना नहीं है, इस दुनिया का त्यागने का मतलब यह है कि आदमी अपनी ख़ाहिशों यानी इच्छाओं को कम करे."

—सुफ़ियान.

मैंने कहा—"ऐ अल्लाह के रसूल ! मुझे कुछ उपदेश दीजिये." मुहम्मद साहब ने कहा—"कभी किसी को गाली न दो." इसके बाद से मैंने कभी भी किसी आज़ाद आदमी, गुलाम, ऊँट या भेड़ तक को गाली नहीं दी. मुहम्मद साहब ने यह भी कहा कि—"किसी अच्छी चीज़ से नफ़रत न करो, और प्रसन्न चित्त होकर अपने भाई से बात करो; सच यह है कि ऐसा करना नेकी और दया के कामों में से है;

محمد صاحب کی کچھ حدیثیں

انووادک—شری مجیب رضوی

محمد صاحب نے کہا :—"اللہ کا جو کوئی بندہ دنیا کے سکھوں کو اُپیکشا (بےپرواہی) کی نگاہ سے دیکھتا ہے ایشور اُس کے دل میں وویک پیدا کرتا ہے اور اُس کی زبان کو ایسا بنا دیتا ہے کہ وہ اُسی وویک کی روشنی میں بولتی ہے . ایشور اُسے دنیا کی برائیاں اور بیماریاں اور اِن سب کا علاج بتا دیتا ہے، اور اُسے اِن سب کے بیچ سے بچاتا ہوا اننت شانتی کے لوک میں پہونچا دیتا ہے ."

—ابو ذر : بیہقی.

محمد صاحب نے کہا :—"کیول موٹا اور کھردرا کپڑا پہننا اور روکھا سوکھا کھانا اِس دنیا کو تیاگنا نہیں ہے، اِس دنیا کو تیاگنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی اپنی خواہشوں یعنی اِچھاؤں کو کم کرے ."

—صفیان.

میں نے کہا—"اے اللہ کے رسول ! مجھے کچھ اُپدیش دیجئے ." محمد صاحب نے کہا—"کبھی کسی کو گالی نہ دو ." اِس کے بعد سے میں نے کبھی بھی کسی آزاد آدمی، غلام، اُونٹ یا بھیڑ تک کو گالی نہیں دی . محمد صاحب نے یہ بھی کہا کہ—"کسی اچھی چیز سے نفرت نہ کرو، اور پرسن چت ہوکر اپنے بھائی سے بات کرو؛ سچ یہ ہے کہ ایسا کرنا نیکی اور دیا کے کاموں میں سے ہے؛

और अगर तुम्हारी किसी कमज़ोरी को जानने के कारण कोई तुम्हें बुरा भला कहता है और तुम से नफ़रत करता है तो तुम उसकी उन कमज़ोरियों के आधार पर जिन्हें तुम जानते हो उससे नफ़रत न करो ताकि तुम्हें इस नेकी का इनाम मिल सके और उसका पाप उसके सर रहे.

—जाबिर बिन सुलेमान : अबुदाऊद.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"जो मर चुके हैं उन्हें बुरा भला न कहो क्योंकि ऐसा करके तुम उन लोगों का दिल दुखाते हो जो ज़िन्दा हैं.

—मुग़ीरा : तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"आँखों का व्यभिचार (बदचलनी) किसी को बुरी निगाह से देखना है, कानों का व्यभिचार बुरी बातों को सुनकर उनमें रस लेना है, ज़बान का व्यभिचार बुरी बातों का बोलना है, हाथों का व्यभिचार बिना हक़ के किसी को हाथ लगाना है, पैरों का व्यभिचार बुरे इरादे से कहीं जाना है. दिल बुरे काम की इच्छा करता है, अपने में लालसा पैदा करता है, और आदमी की इन्द्रियाँ (हवास) या तो उस बुराई को अमल में लाती हैं और या बुराई के इरादे को ही ख़तम कर देती हैं."

—बुख़ारी; मुसलिम; अबुदाऊद.

पैग़म्बर ने अपने साथियों से पूछा:—"आप लोग किसे बलवान समझते हैं ?" उनके साथियों ने कहा—"उसे जो दूसरे को कुश्ती में पछाड़ दे." पैग़म्बर ने कहा—"नहीं ! वह आदमी सब से ज़्यादा बलवान है जो ग़ुस्से में अपने ऊपर क़ाबू रखता है."

—इब्न मसऊद : मुसलिम; अबुदाऊद.

मुहम्मद साहब ने कहा कि :—"वह आदमी बलवान या बहादुर नहीं है जो लोगों को पछाड़ देता है, हम में से वह आदमी बलवान और बहादुर है जो अपने ग़ुस्से को क़ाबू में कर लेता है."

—बुख़ारी; मुसलिम.

मुहम्मद साहब ने कहा कि :—"सच बात यह है कि आदम के बेटों के दिलों में ग़ुस्सा एक शोले की तरह है. क्या ग़ुस्से वाले आदमी के आँखों की लाली और उसके गले की फूलती हुई नसें तुम्हें दिखाई नहीं देतीं ? यदि इन अलामतों में से कोई भी किसी को अपने अन्दर अनुभव हो तो उसे तुरन्त ज़मीन पर बैठ जाना चाहिये."

—अबुसईद अलख़ुदरी : तिरमिज़ी.

اور اگر تمہاری کسی کمزوری کو جاننے کے کارن کوئی تمہیں برا بھلا کہتا ہے اور تم سے نفرت کرتا ہے تو تم اُس کی اُن کمزوریوں کے آدھار پر جنھیں تم جانتے ہو اُس سے نفرت نہ کرو۔ تاکہ تمہیں اِس نیکی کا اِنعام مل سکے اور اُس کا پاپ اُس کے سر رہے۔"

—جابر بن سلیمان : ابوداؤد۔

محمد صاحب نے کہا :—"جو مر چکے ہیں اُنہیں برا بھلا نہ کہو کیونکہ ایسا کرکے تم اُن لوگوں کا دل دکھاتے ہو جو زندہ ہیں۔"

—مغیرہ : ترمزی۔

محمد صاحب نے کہا :—آنکھوں کا وبھیچار (بدچلنی) کسی کو بری نگاہ سے دیکھنا ہے، کانوں کا وبھیچار بری باتوں کو سنکر اُن میں رس لینا ہے، زبان کا وبھیچار بری باتوں کا بولنا ہے، ہاتھوں کا وبھیچار بنا حق کے کسی کو ہاتھ لگانا ہے، پیروں کا وبھیچار برے اِرادے سے کہیں جانا ہے۔ دل برے کام کی اِچھا کرتا ہے، اپنے میں لالسا پیدا کرتا ہے، اور آدمی کی اِندریاں (حواس) یا تو اُس برائی کو عمل میں لاتی ہیں اور یا برائی کے اِرادے کو ہی ختم کردیتی ہیں۔"

—بخاری؛ مسلم؛ ابوداؤد۔

پیغمبر نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا :—"آپ لوگ کسے بلوان سمجھتے ہیں ؟" اُن کے ساتھیوں نے کہا—"اُسے جو دوسرے کو کشتی میں پچھاڑ دے۔" پیغمبر نے کہا—"نہیں ! وہ آدمی سب سے زیادہ بلوان ہے جو غصے میں اپنے اُوپر قابو رکھتا ہے۔"

—اِبن مسعود : مسلم؛ ابوداؤ۔

محمد صاحب نے کہا کہ :—"وہ آدمی بلوان یا بہادر نہیں ہے جو لوگوں کو پچھاڑ دیتا ہے، ہم میں سے وہ آدمی بلوان اور بہادر ہے جو اپنے غصے کو قابو میں کرلیتا ہے۔"

—بخاری؛ مسلم۔

محمد صاحب نے کہا کہ :—"سچ بات یہ ہے کہ آدم کے بیٹوں کے دلوں میں غصہ ایک شعلے کی طرح ہے۔ کیا غصہ والے آدمی کے آنکھوں کی لالی اور اُس کے گلے کی پھولتی ہوئی نسیں تمہیں دکھائی نہیں دیتیں ؟ یدی اِن علامتوں میں سے کوئی بھی کسی کو اپنے اندر انوبھو ہو تو اُسے ترنت زمین پر بیٹھ جانا چاہئے۔"

ابو سعید الخدری : ترمزی۔

मुहम्मद साहब ने कहा :—"खड़े होने की हालत में अगर तुम में से किसी को गुस्सा आजाय तो उसे बैठ जाना चाहिये; फिर अगर उसका गुस्सा उतर जाया तो अच्छा, नहीं तो उसे लेट जाना चाहिये."

—अबुदाऊद.

पैग़म्बर के पास एक आदमी आया और कहने लगा—"ऐ रसूल ! मुझे कोई ऐसी बात बताइये जिसका मैं पालन किया करूँ, लेकिन वह बात मेरे लिये इतनी कठिन न हो कि मैं और सब भूल जाऊं." पैग़म्बर ने जवाब दिया—"गुस्सा न किया करो."

—बुख़ारी; मुसलिम; तिरमिज़ी.

पैग़म्बर ने कहा :—"किसी की चुग़ली करना अपने भाई का मांस खाने के बराबर है. जो कोई किसी को इससे रोकता है ख़ुदा के सामने उसका यह हक़ क़ायम हो जाता है कि ख़ुदा उसे दोज़ख़ की आग से बचाले."

—बेहक़ी.

अन्सार में से एक आदमी मुहम्मद साहब के पास आया और उसने उनसे भीक मांगी. पैग़म्बर ने उससे पूछा—"क्या तुम्हारे घर में कुछ भी नहीं है ?" उसने कहा—"हां, मेरे पास एक ऊनी दरी है जिसका एक हिस्सा हम ओढ़ते हैं और दूसरा हम बिछाते हैं, और हमारे पास एक प्याला है जिससे हम पानी पीते हैं." पैग़म्बर ने कहा कि—"यह दोनों चीज़ें लेकर तुम मेरे पास आओ." वह आदमी दोनों चीज़ें मुहम्मद साहब के पास लेकर आया. उन्होंने उन चीज़ों को हाथ में लेकर कहा—"इन दोनों चीज़ों को कौन ख़रीदेगा ?" एक आदमी ने कहा—"मैं एक दिरम में दोनों चीज़ें ख़रीद लूँगा." पैग़म्बर ने फिर कहा—"कोई है जो एक दिरम से अधिक दे ?" यह बात उन्होंने दोबारा तिबारा कही. एक दूसरे आदमी ने कहा—"मैं दोनों चीज़ों के लिये दो दिरम दे दूँगा." पैग़म्बर ने दोनों चीज़ें उस आदमी के हवाले कर दीं और दो दिरम लेकर चीज़ों के मालिक को देकर कहा—"इनमें से एक दिरम का खाना ख़रीदो और अपने घर वालों को पहुंचा दो और दूसरे दिरम से एक कुल्हाड़ी ख़रीद लो. उसे लेकर मेरे पास आओ." कुल्हाड़ी लेकर वह आदमी मुहम्मद साहब के पास आया. पैग़म्बर ने अपने हाथों से उसमें बेंट लगाया और कहा—"जाओ जंगल से लकड़ी काट कर बेचो और पन्द्रह दिन तक मुझे शकल न दिखाना." उस आदमी ने वैसा ही किया जैसा उसे हुक्म मिला था. जब उसके पास दस दिरम हो गए तब वह आदमी मुहम्मद साहब के पास

محمد صاحب نے کہا :—"کھڑے ہونے کی حالت میں اگر تم میں سے کسی کو غصہ آجائے تو اُسے بیٹھ جانا چاہئے؛ پھر اگر اُس کا غصہ اُتر جائے تو اچھا' نہیں تو اُسے لیٹ جانا چاہئے ."

—ابوداؤد .

پیغمبر کے پاس ایک آدمی آیا اور کہنے لگا—"اے رسول ! مجھے کوئی ایسی بات بتائیے جس کا میں پالن کیا کروں' لیکن وہ بات میرے لئے اتنی کٹھن نہ ہو کہ میں اور سب بھول جاؤں" پیغمبر نے جواب دیا—"غصہ نہ کیا کرو ."

—بخاری؛ مسلم؛ ترمزی.

پیغمبر نے کہا:—"کسی کی چغلی کرنا اپنے بھائی کا مانس کھانے کے برابر ہے . جو کوئی کسی کو اِس سے روکتا ہے خدا کے سامنے اُس کا یہ حق قائم ہو جاتا ہے کہ خدا اُسے دوزخ کی آگ سے بچالے ."

—بیہقی .

انصار میں سے ایک آدمی محمد صاحب کے پاس آیا اور اُس نے اُن سے بھیک مانگی . پیغمبر نے اُس سے پوچھا—"کیا تمہارے گھر میں کچھ بھی نہیں ہے ؟" اُس نے کہا—"ہاں میرے پاس ایک اُونی دری ہے جس کا ایک حصہ ہم اوڑھتے ہیں اور دوسرا ہم بچھاتے ہیں' اور ہمارے پاس ایک پیالہ ہے جس سے ہم پانی پیتے ہیں ." پیغمبر نے کہا کہ—"یہ دونوں چیزیں لیکر تم میرے پاس آؤ ." وہ آدمی دونوں چیزیں محمد صاحب کے پاس لیکر آیا . اُنہوں نے اُن چیزوں کو ہاتھ میں لیکر کہا—"اِن دونوں چیزوں کو کون خریدیگا ؟" ایک آدمی نے کہا—"میں ایک درم میں دونوں چیزیں خرید لونگا ." پیغمبر نے پھر کہا—"کوئی ہے جو ایک درم سے ادھک دے ؟" یہ بات اُنہوں نے دو بارہ تبارہ کہی . ایک دوسرے آدمی نے کہا—"میں دونوں چیزوں کے لئے دو درم دے دونگا ." پیغمبر نے دونوں چیزیں اُس آدمی کے حوالے کر دیں اور دو درم لیکر چیزوں کے مالک کو دیکر کہا—"اِن میں سے ایک درم کا کھانا خریدو اور اپنے گھروالوں کو پہنچا دو اور دوسرے درم سے ایک کلہاڑی خرید لو . اُسے لیکر میرے پاس آؤ ." کلہاڑی لیکر وہ آدمی محمد صاحب کے پاس آیا . پیغمبر نے اپنے ہاتھوں سے اُس میں بینٹ لگایا اور کہا—"جاؤ جنگل سے لکڑی کاٹ کر بیچو اور پندرہ دن تک مجھے شکل نہ دکھانا ." اُس آدمی نے ویسا ہی کیا جیسا اُسے حکم ملا تھا . جب اُس کے پاس دس درم ہو گئے تب وہ آدمی محمد صاحب کے پاس

आया. इस रक़म में से कुछ का उसने कपड़ा खरीदा और बाक़ी का खाना. पैग़म्बर ने तब कहा—"क़यामत के दिन कालिक पोते सामने आने से यह तुम्हारे लिये बेहतर है."

—अनस: अबुदाऊद.

मुहम्मद साहब ने कहा—"सच यह है कि पास रखते भीक मांगना जायज़ नहीं है, और न उन लोगों के लिये भीक मांगना जायज़ है जिनका शरीर मज़बूत है या जो खासी अच्छी तरह रहते हैं. माँगना उसके लिये जायज़ है जो नादार है और दुख से जीवन व्यतीत करता है, या जिसका दिवाला निकल गया है और जो क़र्ज़ में दबा हुआ है; और जो कोई अपना धन बढ़ाने के लिये दूसरों से भीक माँगता है क़यामत के दिन उसके बदन पर दाग़ होंगे और उसका शरीर जख़्मों से भरा होगा और उसपर उसे बुरी तरह दोज़ख़ी पत्थर खाने होंगे. अब फ़ैसला तुम्हारे हाथों में है कि या तो अपनी थोड़ी सी पूंजी से सन्तुष्ट रहो और या अपनी पूंजी को भीक माँग कर बढ़ाने की कोशिश करो."

—तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा .—तुम में जो कोई अपनी रस्सी लेकर पहाड़ पर जाता है और लकड़ी का बोझ पीठ पर लादकर लाता है और उसे बेचता है तो ख़ुदा उसकी रक्षा करता है. दूसरों से भीख माँगने के मुक़ाबले में, चाहे वह दें या न दें, यह काम उसके लिये बेहतर है."

—ज़ुबैर: बुख़ारी.

★★★

मन्त्र पढ़ना, भजन गाना और माला फेरना छोड़, मन्दिर के सारे दरवाज़े बन्द कर. इस अंधेरे एकान्त कोने में तू किस की पूजा करता है ? अपनी आंखें खोल कर देख तेरा देवता तेरे सामने नहीं है.

हल चलाने वाला जहां कठोर भूमि में हल चला रहा है और सड़क बनाने वाला जहां पत्थर तोड़ रहा है, भगवान वहां ही उनके साथ धूप में है और बारिश में है, उसका कपड़ा धूल में लतपत है.

—रविन्द्र नाथ ठाकुर

★★★

آیا . اِس رقم میں سے کچھ کا اُس نے کپڑا خریدا اور باقی کا کھانا . پیغمبر نے تب کہا—"قیامت کے دن کالک پوتے سامنے آنے سے یہ تمہارے لئے بہتر ہے ."

—انس: ابوداؤد .

محمد صاحب نے کہا:—سچ یہ ہے کہ پاس رکھتے ہوئے بھیک مانگنا جائز نہیں ہے' اور نہ اُن لوگوں کے لئے بھیک مانگنا جائز ہے جن کا شریر مضبوط ہے یا جو خاصی اچھی طرح رہتے ہیں. مانگنا اُس کے لئے جائز ہے جو نادار ہے اور دکھ سے جیون بیتیت کرتا ہے' یا جس کا دیوالہ نکل گیا ہے اور جو قرض میں دبا ہوا ہے؛ اور جو کوئی اپنا دھن بڑھانے کے لئے دوسروں سے بھیک مانگتا ہے قیامت کے دن اُس کے بدن پر داغ ہونگے اور اُس کا شریر زخموں سے بھرا ہوگا اور اُس پر اُسے بری طرح دوزخی پتھر کھانے ہونگے . اب فیصلہ تمہارے ہاتھوں میں ہے کہ یا تو اپنی تھوڑی سی پونجی سے سنتشٹ رہو اور یا اپنی پونجی کو بھیک مانگ کر بڑھانے کی کوشش کرو ."

—ترمزی .

محمد صاحب نے کہا:—"تم میں جو کوئی اپنی رسی لیکر پہاڑ پر جاتا ہے اور لکڑی کا بوجھ پیٹھ پر لاد کر لاتا ہے اور اُسے بیچتا ہے تو خدا اُس کی رکشا کرتا ہے . دوسروں سے بھیک مانگنے کے مقابلے میں' چاہے وہ دیں یا نہ دیں' یہ کام اُس کے لئے بہتر ہے ."

—زبیر؛ بخاری

★★★

منتر پڑھنا' بھجن گانا اور مالا پھیرنا چھوڑ' مندر کے سارے دروازے بند کر . اِس اندھیرے اکانت کونے میں تو کس کی پوجا کرتا ہے ؟ اپنی آنکھیں کھولکر دیکھ تیرا دیوتا تیرے سامنے نہیں ہے .

ہل چلانے والا جہاں کٹھور بھومی میں ہل چلا رہا ہے اور سڑک بنانے والا جہاں پتھر توڑ رہا ہے' بھگوان وہاں ہی اُن کے ساتھ دھوپ میں ہے اور بارش میں ہے' اُس کا کپڑا دھول میں لت پت ہے .

—رویندر ناتھ ٹھاکر

★★★

उन्नीसवीं सदी के एक फ़क़ीर की डायरी

[2]

पण्डित सुन्दरलाल

(पिछले नम्बर से आगे)

(11)

एक दिन जब हम हज्ज के इरादे से चले तो अलवर के रास्ते में एक हिन्दू फ़क़ीर चार चेलों समेत हमारे साथ हो लिए. कहने लगे कि रात को हमारे साथ ठहरना. रात हुई तो हम सब के सब एक धरमशाला में जा उतरे. उन्होंने चेलों से पूछा क्या खाओगे ? सबने अपनी अपनी तबियत की चीज़ कह दी. वही खाना मौजूद होगया. फिर हमसे पूछा. हमने कहा साहब ! जो आप खाएंगे वही हम खावेंगे. कहा मैं तो मूंग की दाल और चपाती खाया करता हूँ. जब उनका खाना तय्यार हुआ तो हमने भी वही खाया. बात चीत शुरू हुई तो आपस में प्रेम होगया. मैंने उनसे कहा कुछ उपदेश दीजिये. कहने लगे तीन दिन हमारे पास रहो तो चौथे दिन उपदेश देंगे. हम ठहर गए. उन्होंने तीन दिन तक हमसे व्रत रखवाया. फिर कृपादृष्टि डाली और उपदेश दिया. सचमुच बड़े पहुँचे हुए आदमी थे. हम बहुत लोगों से मिले और उपदेश लिया, पर यह बात और यह असर किसी में नहीं देखा. उनकी दृष्टि पड़ते ही हमारा दिल गुलाब के फूल की तरह खिल गया और क़ायम होगया. एक दिन रूह (आत्मा) के एक जिस्म (शरीर) से दूसरे जिस्म में जाने की बात आई. कहा कि हाँ हो सकता है. क्या तुम तमाशा देखोगे ? मैंने कहा—ज़रूर. कहा तो एक मरा हुआ जानवर लाओ. अगले दिन हम एक मरा हुआ तोता लाए. रात के वक़्त वह दीवार से तकिया लगाकर बैठ गए और तोते को सामने रख लिया. दिया बुझा दिया. सिसकी लेकर दम खींचा. खट से एक आवाज़ हुई, बिजली सी चमकी और तोते में जान आगई. हमने उसे पकड़ लिया और बातें करनी शुरू कीं. वह बोल तो न सकता था लेकिन इशारे से बातें करता था. फिर हमने कहा कि अच्छा अब अपने जिस्म में आजाइये. तमाशा देख लिया. वह उसी चमक दमक से अपने जिस्म में आगए. हमने कहा कि यह बात हमको भी सिखला दीजिये. कहा कि अच्छा 15 दिन में सिखला देंगे. मगर रोटी खाने को मना कर दिया. सिर्फ़ दूध और चावल खाने को कहा और कपाली चढ़ाना बताया. कपाली दो तरह

اُنیسویں صدی کے ایک فقیر کی ڈایری

[2]

پنڈت سندر لال

(پچھلے نمبر سے آگے)

(11)

ایک دن جب ہم حج کے اِرادے سے چلے تو الور کے راستے میں ایک ہندو فقیر چار چیلوں سمیت ہمارے ساتھ ہولیئے۔ کہنے لگے کہ رات کو ہمارے ساتھ ٹھہرنا۔ رات ہوئی تو ہم سب کے سب ایک دھرم شالہ میں جا اُترے۔ اُنھوں نے چیلوں سے پوچھا کیا کھاؤ گے ؟ سب نے اپنی اپنی طبیعت کی چیز کہدی۔ وہی کھانا موجود ہوگیا۔ پھر ہم سے پوچھا۔ ہم نے کہا صاحب! جو آپ کھائینگے وہی ہم کھاوینگے۔ کہا میں تو مونگ کی دال اور چپاتی کھایا کرتا ہوں۔ جب اُن کا کھانا تیار ہوا تو ہم نے بھی وہی کھایا۔ بات چیت شروع ہوئی تو آپس میں پریم ہوگیا۔ میں نے اُن سے کہا کچھ اُپدیش دیجئے۔ کہنے لگے تین دن ہمارے پاس رہو تو چوتھے دن اُپدیش دینگے۔ ہم ٹھہر گئے۔ اُنھوں نے تین دن تک ہم سے ورت رکھوایا۔ پھر کرپا درشٹی ڈالی اور اُپدیش دیا۔ سچ مچ بڑے پہونچے ہوئے آدمی تھے۔ ہم بہت لوگوں سے ملے اور اُپدیش لیا' پر یہ بات اور یہ اثر کسی میں نہیں دیکھا۔ اُن کی درشٹی پڑتے ہی ہمارا دل گلاب کے پھول کی طرح کھل گیا اور قایم ہوگیا۔ ایک دن رُوح (آتما) کے ایک جسم (شریر) سے دوسرے جسم میں جانے کی بات آئی۔ کہا کہ ہاں ہوسکتا ہے۔ کیا تم تماشہ دیکھوگے ؟ میں نے کہا—ضرور۔ کہا تو ایک مرا ہوا جانور لاؤ۔ اگلے دن ہم ایک مرا ہوا طوطا لائے۔ رات کے وقت وہ دیوار سے تکیہ لگاکر بیٹھ گئے اور طوطے کو سامنے رکھ لیا۔ دیا بجھا دیا۔ سسکی لیکر دم کھینچا۔ کھٹ سے ایک آواز ہوئی' بجلی سی چمکی اور طوطے میں جان آگئی۔ ہم نے اُسے پکڑ لیا اور باتیں کرنی شروع کیں۔ وہ بول تو نہ سکتا تھا لیکن اِشارے سے باتیں کرتا تھا۔ پھر ہم نے کہا کہ اچھا اب اپنے جسم میں آجائیے۔ تماشہ دیکھ لیا۔ وہ اُسی چمک دمک سے اپنے جسم میں آگئے۔ ہم نے کہا کہ یہ بات ہم کو بھی سکھلا دیجئے۔ کہا کہ اچھا 15 دن میں سکھلا دینگے۔ مگر روٹی کھانے کو منع کردیا۔ صرف دودھ اور چاول کھانے کو کہا اور کپالی چڑھانا بتایا۔ کپالی دو طرح

की होती है—एक बेतनाबाही, जिसमें साँस को रोकते हैं मगर होश क़ायम रहता है, दूसरी बेहताबी जिसमें साँस रोकने के बाद होश भी नहीं रहता. इससे पहले नेती, धोती और कुंजर क्रिया कराई और 15 दिन में अपना वादा पूरा कर दिया. हमने कई दिन करके यह काम छोड़ दिया, क्योंकि एक बखेड़ा था. कपाली चढ़ाना हमें लड़कपन से याद था, इसीलिये 15 दिन में सब काम पूरा होगया.

(12)

भोपाल में एक हिन्दू फ़क़ीर थे बाबा सीतलदास. हमने सुना कि उनकी दृष्टि में बड़ा असर है. हम भी उनके पास गए और दरख़्वास्त (प्रार्थना) की. उन्होंने कहा तीन दिन तक निर्जल उपवास करो. हमने ऐसा ही किया. तीसरे दिन बाबा जी ने कृपा दृष्टि डाली तो सारा जिस्म शीशे की तरह होगया. भीतर और बाहर रगो-रेशा सब दिखाई देते थे और एक जोत (ज्योति) ज़मीन से आसमान तक चमकती मालूम होती थी. हमने अर्ज़ की कि बाबा जी हमको—"मन् अरफ़ नफ़सहु फ़क़द् अरफ़ रब्बहु" [अर्थात्—जिसने अपनी आत्मा को पहचान लिया उसने अपने रब को पहचान लिया] के अर्थ समझा दीजिये. इस दृष्टि से तो यह बात हासिल नहीं होती. हम तो अपनी आत्मा को देखना चाहते हैं, जिस्म को और संसार को नहीं. ग़ैर को देखा तो क्या देखा. असली देखना तो अपना ही देखना है.

उन्होंने जवाब दिया कि यह तो मुश्किल है. हमने कहा कि अगर यह मुश्किल है तो हमारा भी सलाम है.

(13)

एक दिन जब हम काबे में पहुँचे तो हसनअली ज़मज़मी के हुजरे (कुटिया) में ठहरे. कुछ दिनों के बाद मौलवी मोहम्मद याक़ूब और मौलाना शाह इसहाक़ से मुलाक़ात हुई. धीरे धीरे उनसे आना जाना बढ़ गया. एक दिन हमने मौलवी मोहम्मद याक़ूब से पूछा कि 'अल्लाह का जलवा (प्रकाश) क्या अरब और हिन्दुस्तान में कुछ अलग अलग है ?' कहा—'नहीं.' फिर हमने पूछा—'हरिद्वार और काबे में क्या फ़रक़ है ?' कहा—'कुछ नहीं.' इसके बाद हमने कहा कि—'फिर आप हिन्दुस्तान से क्यों भागे ?' कहा कि—'भाई ! हम मोहम्मदी भी तो हैं.' हमारी यह बात चीत मौलाना शाह इसहाक़ भी परदे की आड़ में बैठे सुन रहे थे और हमको कुछ ख़बर न थी. इसके बाद हमने मौलवी मोहम्मद याक़ूब से दरख़्वास्त (प्रार्थना) की कि हमें 'हिस्न हसीन' (एक तरह का मन्त्र) की इजाज़त दीजिये. उन्होंने कहा कि बड़े भाई साहब से लो. दूसरे दिन शाह साहब से दरख़्वास्त की. बड़े ख़फ़ा हुए कि 'तुम्हें

کی ہوتی ہے—ایک بےتابی جس میں سانس کو روکتے ہیں مگر ہوش قایم رہتا ہے' دوسری بےتابی جس میں سانس روکنے کے بعد ہوش بھی نہیں رہتا . اِس سے پہلے نیتی' دھوتی اور کنجر کریا کرائی اور 15 دن میں اپنا وعدہ پورا کردیا . ہم نے کئی دن کرکے یہ کام چھوڑ دیا' کیونکہ ایک بکھیڑا تھا . کپالی چڑھانا ہمیں لڑکپن سے یاد تھا' اسی لئے 15 دن میں سب کام پورا ہوگیا .

(12)

بھوپال میں ایک ہندو فقیر تھے بابا سیتل داس . ہم نے سنا کہ اُن کی درشٹی میں بڑا اثر ہے . ہم بھی اُن کے پاس گئے اور درخواست (پرارتھنا) کی . اُنھوں نے کہا تین دن تک نرجل اُپواس کرو . ہم نے ایسا ہی کیا . تیسرے دن بابا جی نے کرپا درشٹی ڈالی تو سارا جسم شیشے کی طرح ہوگیا . بھیتر اور باہر رگ و ریشہ سب دکھائی دیتے تھے اور ایک جوت (جیوتی) زمین سے آسمان تک چمکتی معلوم ہوتی تھی. ہم نے عرض کی کہ بابا جی ہم کو—"من عرف نفسہ' عرف ربہ" [ارتھات—جس نے اپنی آتما کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا] کے ارتھ سمجھا دیجئے . اِس درشٹی سے تو یہ بات حاصل نہیں ہوتی . ہم تو اپنی آتما کو دیکھنا چاہتے ہیں' جسم کو اور سنسار کو نہیں . غیر کو دیکھا تو کیا دیکھا . اصلی دیکھنا تو اپنا ہی دیکھنا ہے .

اُنھوں نے جواب دیا کہ یہ تو مشکل ہے . ہم نے کہا کہ اگر یہ مشکل ہے تو ہمارا بھی سلام ہے .

(13)

ایک دن جب ہم کعبہ میں پہونچے تو حسن علی زمزمی کے حجرہ (کٹیا) میں ٹھہرے . کچھ دنوں کے بعد مولوی محمد یعقوب اور مولانا شاہ اسحاق سے ملاقات ہوئی . دھیرے دھیرے اُن سے آنا جانا بڑھ گیا . ایک دن ہم نے مولوی محمد یعقوب سے پوچھا کہ 'اللہ کا جلوہ (پرکاش) کیا عرب اور ہندستان میں کچھ الگ الگ ہے ؟' کہا—'نہیں .' پھر ہم نے پوچھا—'ہری دوار اور کعبہ میں کیا فرق ہے ؟' کہا—'کچھ نہیں .' اِس کے بعد ہم نے کہا کہ—'پھر آپ ہندستان سے کیوں بھاگے ؟' کہا کہ—'بھائی ! ہم محمدی بھی تو ہیں' ہماری یہ بات چیت مولانا شاہ اسحاق بھی پردے کی آڑ میں بیٹھے سن رہے تھے اور ہم کو کچھ خبر نہ تھی . اِس کے بعد ہم نے مولوی محمد یعقوب سے درخواست (پرارتھنا) کی کہ ہمیں 'حسن حسین' (ایک طرح کا منتر) کی اجازت دیجئے . اُنھوں نے کہا کہ بڑے بھائی صاحب سے لو . دوسرے دن شاہ صاحب سے درخواست کی . بڑے خفا ہوئے کہ 'تمہیں

इजाज़त नहीं देंगे. कल तुम दोनों क्या बक रहे थे ?' हमने माफ़ी चाही. फिर शाह साहब ने हमें 'हिस्नहसीन' पढ़ाई और इजाज़त दी. जब इजाज़त मिल गई तो हमने कहा कि हज़रत सच सच कहिए कि हम दोनों जो बात चीत कर रहे थे क्या वह हक़ीक़त (सच्चाई) के ख़िलाफ़ थी ? कुछ ठहरे, कहने लगे कि 'हाँ' सच तो वही है जो तुम कहते थे मगर भाई हम मोहम्मदियों को ऐसी बात मुँह से निकालना अच्छा नहीं लगता, क्योंकि इन बातों से हज़रत रसूल (मोहम्मद साहब) नाराज़ होते हैं.' हमने कहा—'और ख़ुदा ?' जवाब दिया—'बस रहने दो. आगे बात चीत न करो. आदमी ख़राब हो जाता है.' उस वक़्त हमने कहा—'ख़ुदा का शुक्र है कि आप भी हमारे साथी निकले. बस, हमको इतना ही जानना बाक़ी था.' सुनकर हंस दिये.

(14)

एक दिन काबे में हमारे बाप का एक मुरीद (चेला) शबरात के दिन थोड़ा सा हलवा पकाकर लाया और कहा कि बुज़ुर्गों (पितरों) की फ़ातिहा पढ़ दीजिये. हमने कहा कि भले मानस देख तो कैसी मुसीबत उठाकर हम तुम यहाँ पहुंचे हैं. भला इस ज़रा से हलवे के लिए क्यों बुज़ुर्गों (पितरों) को तकलीफ़ देता है. इतनी दूर का सफ़र, बीच में समुद्र और फिर अगर वे आ भी गए तो इतने से हलवे में भला क्या होगा ? क्या तू उन्हें आपस में लड़ाना चाहता है ? हँसकर कहने लगा 'मियां साहब! आपको तो हमेशा मज़ाक़ ही सूझता है. अपने बुज़ुर्गों से भी नहीं चूकते!' ख़ैर; हमने फ़ातिहा पढ़कर हलवा बांट दिया.

(15)

एक दिन हम चोली-महेशर में पहुंचे तो शाम हो गई. एक आदमी रास्ते में हमारे साथ हो लिया. उसने कहा कि यहां नर्बदा नदी के किनारे एक बाबा जी का मकान है. चलो उसी में रात बसर करेंगे. बाबा जी से इजाज़त चाही. उन्होंने कहा कि हम तो किसी को ठहरने नहीं देते. हम बाहर आए और पीपल के पेड़ के नीचे बिस्तर लगा दिया.

दरवेश हरकुजा कि शब आमद सराए औस्त.

(अर्थात्—फ़क़ीर को जहाँ रात होजाय वहीं उसकी सराय है.)

अपने साथी से हमने कहा कि पहली आधी रात का पहरा तुम दो. पिछली आधी रात हम जागते रहेंगे, क्योंकि यह नदी का किनारा है, मुमकिन है कोई जंगली जानवर चोट कर बैठे. हम नमाज़ पढ़ कर सो गए. वह जगता रहा. इतने में बाबा जी ने अपने मकान का फाटक खोला और हमें देखकर आवाज़ दी—'कौन है ?' मेरी आंख खुल गई.

اجازت نہیں دینگے. کل تم دونوں کیا بک رہے تھے ؟' ہم نے معافی چاہی. پھر شاہ صاحب نے ہمیں 'حسن حسین' پڑھائی اور اجازت دی. جب اجازت مل گئی تو ہم نے کہا کہ حضرت سچ سچ کہئے کہ ہم دونوں جو بات چیت کر رہے تھے کیا وہ حقیقت (سچائی) کے خلاف تھی ؟ کچھ ٹھہرے' کہنے لگے کہ 'ہاں' سچ تو وہی ہے جو تم کہتے تھے مگر بھائی ہم محمدیوں کو ایسی بات منہ سے نکالنا اچھا نہیں لگتا' کیونکہ ان باتوں سے حضرت رسول (محمد صاحب) ناراض ہوتے ہیں' ہم نے کہا—'اور خدا ؟' جواب دیا—'بس رہنے دو. آگے بات چیت نہ کرو. آدمی خراب ہوجاتا ہے.' اس وقت ہم نے کہا—'خدا کا شکر ہے کہ آپ بھی ہمارے ساتھی نکلے. بس' ہم کو اتنا ہی جاننا باقی تھا.' سنکر ہنس دیئے.

(14)

ایک دن کعبے میں ہمارے باپ کا ایک مرید (چیلا) شبرات کے دن تھوڑا سا حلوہ پکا کر لایا اور کہا کہ بزرگوں (پتروں) کی فاتحہ پڑھ دیجئے. ہم نے کہا کہ بھلے مانس دیکھ تو کیسی مصیبت اٹھاکر ہم تم یہاں پہونچے ہیں. بھلا اس ذرا سے حلوے کے لئے کیوں بزرگوں (پتروں) کو تکلیف دیتا ہے. اتنی دور کا سفر' بیچ میں سمدر اور پھر اگر وے آ بھی گئے تو اتنے سے حلوے میں بھلا کیا ہوگا ؟ کیا تو انہیں آپس میں لڑانا چاہتا ہے ؟ ہنسکر کہنے لگا 'میاں صاحب! آپ کو تو ہمیشہ مذاق ہی سوجھتا ہے. اپنے بزرگوں سے بھی نہیں چوکتے!' خیر' ہم نے فاتحہ پڑھکر حلوہ بانٹ دیا.

(15)

ایک دن ہم چولی - مہیشر میں پہونچے تو شام ہوگئی. ایک آدمی راستے میں ہمارے ساتھ ہولیا. اس نے کہا نربدا ندی کے کنارے ایک بابا جی کا مکان ہے. چلو اسی میں رات بسر کرینگے. بابا جی سے اجازت چاہی. انہوں نے کہا کہ ہم تو کسی کو ٹھہرنے نہیں دیتے. ہم باہر آئے اور پیپل کے پیڑ کے نیچے بستر لگادیا.

درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست.

(ارتھات—فقیر کو جہاں رات ہوجائے وہیں اس کی سرائے ہے.)

اپنے ساتھی سے ہم نے کہا کہ پہلی آدھی رات کا پہرہ تم دو. پچھلی آدھی رات ہم جاگتے رہیں گے' کیونکہ یہ ندی کا کنارہ ہے' ممکن ہے کوئی جنگلی جانور چوٹ کر بیٹھے. ہم نماز پڑھکر سوگئے. وہ جاگتا رہا. اتنے میں بابا جی نے اپنے مکان کا پھاٹک کھولا اور ہمیں دیکھکر آواز دی—'کون ہے ؟' میری آنکھ کھل گئی.

मैंने जवाब दिया वही मुसाफिर जिन्हें आपने ठहरने नहीं दिया. बोले कि चले आओ. हम अन्दर गए. देखा कि एक बहुत बड़ा घर है. चारों तरफ़ पक्की कोठरियां बनी हैं. नमाज़ के लिए चबूतरा है. नहाने धोने के लिए अलग जगह है, वग़ैरह वग़ैरह. एक कोठरी में उन्होंने मुझे बैठा दिया और खाना लाए. मैंने कहा कि हम दोनों आदमी मुसलमान हैं, साथ खाना खा लेंगे. बाबा जी ने इसे मंज़ूर न किया और कहा कि नहीं तुम अलग खाओ, उन्हें दूसरी कोठरी में अलग खिलाएंगे. तरह तरह के भोजन मेरे सामने चुन दिए गए, कई तरह के चावल, कई तरह की दालें, तरह तरह की तरकारियां, रोटी वग़ैरह. हमारी अक़्ल दंग होगई कि इतने थोड़े से वक़्त में इस अकेले आदमी ने ये चीज़ें कैसे तय्यार की होंगी. खाना खिलाने के बाद कहने लगे—हमारे इनकार से तुमने बुरा माना होगा; लेकिन बात यह थी कि अगर उस वक़्त तुम्हें बुला लेता तो तुम्हारा आदर सत्कार करता या भोजन पकाता ? मैं जानता था कि आज तुम हमारे मेहमान होगे. इसीलिए जब मैंने सब चीज़ें तय्यार करलीं तब तुम्हें अन्दर बुलाया. इसके बाद यह कहकर कि फ़क़ीर का अकेले रहना ही बेहतर है हम दोनों को अलग अलग कोठरियां सोने को दीं. एक जगह न सोने दिया. सुबह को हमने चलने का इरादा किया तो बाबा जी ने ज़िद करके हमें ठहराया. बीस दिन तक ज़बरदस्ती ठहराए रखा. दोनों वक़्त उसी तरह का खाना खिलाते रहे. हमें इस बात की बड़ी हैरानी थी कि न तो वहां किसी को पानी भरते देखा, न किसी को रोटी पकाते, न धुँआ उठता देखा, न कभी किसी को झाड़ू देते देखा, लेकिन सब मकान बिलकुल उजले और साफ़ रहते थे. बाबा जी की सूरत भी ऐसी सुन्दर और मनोहर थी कि हमने अपनी उमर भर में ऐसा सुन्दर आदमी नहीं देखा. काली डाढ़ी का अक्स चमकते हुए गालों पर ऐसा पड़ता था जैसे शीशे में हो. दिमाग़ी ताक़तें (मानसिक शक्तियां) भी बड़े ऊंचे दरजे की थीं. हर वक़्त काम में लगे रहते थे. एक पहर रात गए से बैठते तो सुबह कर देते थे. जैसे भीतर से पहुंचे हुए और कामिल थे वैसे ही बाहर से भी. वैद्यक वग़ैरह में होशियार थे. एक दिन दो कोढ़ी आए. एक हिन्दू था दूसरा मुसलमान. सूरत देखते ही हिन्दू से कहा कि तुम्हारे गुरू ने कुछ जाप बतलाया था, तुमने उस जाप में स्त्री भोग किया, इसीलिए ख़ून चक्कर खा गया. उसने अपने क़ुसूर को मान लिया. कहने लगे अब अपने गुरू के पास चले जाओ, वही इसका काट कर देंगे. मुसलमान से कहा ठहरो तुम्हें दवा देंगे. दूसरे दिन नर्बदा के अन्दर उसे गले भर पानी में खड़ा करके एक चावल भर दवा खिला दी. थोड़ी देर बाद वह प्यास के मारे चिल्लाने लगा. बाबा जी ने कहा ख़बरदार ! पानी पियेगा तो फ़ौरन

میں نے جواب دیا وہی مسافر جنھیں آپ نے ٹھہرنے نہیں دیا . بولے کہ چلے آؤ . ہم اندر گئے . دیکھا کہ ایک بہت بڑا گھر ہے . چاروں طرف پکی کوٹھریاں بنی ہیں . نماز کے لئے چبوترہ ہے . نہانے دھونے کے لئے الگ جگہ ہے' وغیرہ وغیرہ . ایک کوٹھری میں اُنھوں نے مجھے بیٹھا دیا اور کھانا لائے . میں نے کہا کہ ہم دونوں آدمی مسلمان ہیں' ساتھ کھانا کھا لیں گے . بابا جی نے اِسے منظور نہ کیا اور کہا کہ نہیں تم الگ کھاؤ' تمھیں دوسری کوٹھری میں الگ کھلائیں گے . طرح طرح کے بھوجن میرے سامنے چن دئے گئے' کئی طرح کے چاول' کئی طرح کی دالیں' طرح طرح کی ترکاریاں' روٹی وغیرہ . ہماری عقل دنگ ہوگئی کہ اِتنے تھوڑے سے وقت میں اِس اکیلے آدمی نے یہ چیزیں کیسے تیار کی ہونگی . کھانا کھلانے کے بعد کہنے لگے— ہمارے اِنکار سے تم نے برا مانا ہوگا؛ لیکن بات یہ تھی کہ اگر اُس وقت تمھیں بلا لیتا تو تمھارا آدر ستکار کرتا یا بھوجن پکاتا ؟ میں جانتا تھا کہ آج تم ہمارے مہمان ہوگے . اسی لئے جب میں نے سب چیزیں تیار کرلیں تب تمھیں اندر بلایا . اس کے بعد یہ کہہ کر کہ فقیر کا اکیلے رہنا ہی بہتر ہے ہم دونوں کو الگ الگ کوٹھریاں سونے کو دیں . ایک جگہ نہ سونے دیا . صبح کو ہم نے چلنے کا اِرادہ کیا تو بابا جی نے ضد کرکے ہمیں ٹھہرایا . بیس دن تک زبردستی ٹھہرائے رکھا . دونوں وقت اسی طرح کا کھانا کھلاتے رہے . ہمیں اِس بات کی بڑی حیرانی تھی کہ نہ تو وہاں کسی کو پانی بھرتے دیکھا' نہ کسی کو روٹی پکاتے' نہ دھواں اُٹھتے دیکھا' نہ کبھی کسی کو جھاڑو دیتے دیکھا' لیکن سب مکان بالکل اُجلے اور صاف رہتے تھے . بابا جی کی صورت بھی ایسی سندر اور منوہر تھی کہ ہم نے اپنی عمر بھر میں ایسا سندر آدمی نہیں دیکھا . کالی داڑھی کا عکس چمکتے ہوئے گالوں پر ایسا پڑتا تھا جیسے شیشے میں ہو . دماغی طاقتیں (مانسک شکتیاں) بھی بڑے اُونچے درجے کی تھیں . ہر وقت کام میں لگے رہتے تھے . ایک پہر رات گئے سے بیٹھتے تو صبح کردیتے تھے . جیسے بھیتر سے پہونچے ہوئے اور کامل تھے ویسے ہی باہر سے بھی . ویدیک وغیرہ میں ہوشیار تھے . ایک دن دو کوڑھی آئے' ایک ہندو تھا دوسرا مسلمان . صورت دیکھتے ہی ہندو سے کہا کہ تمھارے گرو نے کچھ جاپ بتلایا تھا' تم نے اُس جاپ میں اِستری بھوگ کیا' اس لئے خون چکر کھا گیا . اُس نے اپنے قصور کو مان لیا . کہنے لگے اب اپنے گرو کے پاس چلے جاؤ' وہی اِس کا کاٹ کردینگے . مسلمان سے کہا ٹھہرو تمھیں دوا دینگے . دوسرے دن نربدا کے اندر اُسے گلے بھر پانی میں کھڑا کرکے ایک چاول بھر دوا کھلا دی . تھوڑی دیر بعد وہ پیاس کے مارے چلانے لگا . بابا جی نے کہا خبردار ! پانی پیئے گا تو فوراً

मर जायगा. एक एक पहर के बाद उसे नदी के अन्दर ही भी पिलाते रहे. जब बाहर निकला तो बदन कुन्दन की तरह दमकने लगा था. फिर उसे विदा कर दिया. हम बीस दिन रहे, कुछ भेद न खुला कि वह बाबा जी फ़रिश्ते थे या इनसान, सूरत से ये भी पता न चलता था कि हिन्दू हैं या मुसलमान. एक दिन हमसे कहने लगे—मियां साहब ! तुम कहां जाओगे, हमारे पास ही रह जाओ. लेकिन शर्त यह है कि अगर हम मर जावें तो तुम हमारी टांग में रस्सी बांध कर नर्बदा में ले जाकर डाल देना और अगर तुम मर गए तो हम पास के गांव से आदमी बुलाकर मुसलमानी ढंग से तुम्हारा आख़री संस्कार करा देंगे. लेकिन हम वहां ज़्यादह न ठहरे.

(16)

एक दिन हम लखनऊ की एक मसजिद में ठहरे हुए थे. (सन् 57 के बाद की बात है) इत्तफ़ाक़ से एक अमीर सैर को जाता था. देखा तो सामने से स्लीमैन साहब अंग्रेज़ आता था. इस ख़याल से कि अंग्रेज़ को सलाम करना पड़ेगा, वह अमीर झट मसजिद में चला आया. स्लीमैन साहब भी पीछे पीछे मसजिद में आ पहुंचा. मेरी तरफ़ देखकर पूछने लगा कि आप कौन हैं ? मैंने कहा कि साहब ! ये तो मुझे भी पता नहीं कि मैं कौन हूँ.

कुछ नहीं खुलता मुझे मैं कौन हूँ
सूरते हैरत हूँ या शक्ले जुनूँ ?

फिर पूछा कि आपकी क़ौम क्या है ? मैंने कहा कि जो हज़रते आदम की क़ौम है. कहा आदम की क्या क़ौम है ? मैंने कहा कि मुझे नहीं मालूम, यह आदम से पूछिये. फिर कहा कि आप कहाँ से आए ? मैंने कहा कि जहां से सब आए. वह बड़ा हैरान हुआ और बोला—साहब ! जो बात हम पूछते हैं उसका उल्टा ही जवाब देते हो. फिर तो उनसे प्रेम हो गया. कभी कभी हमारे पास आने लगे. एक दिन बड़े प्रेम से दावत की. मतलब यह कि फ़क़ीर को चाहिए कि हर रंग का तमाशा देखे और किसी को बुरा न जाने, क्योंकि अल्लाह का ज़हूर हर जगह एकसा है—

ख़ुदा हर शै के अन्दर यूँ निहां है,
कि ज्यूँ बू गुल की गुल के दरमियां है.

अर्थात्—ईश्वर हर पदार्थ में इस तरह छिपा हुआ है कि जिस तरह फूल की गन्ध फूल के अन्दर छिपी है.

17)

शहर दिल्ली में एक रन्डी (वेश्या) बहुत ख़ूबसूरत किसी अमीर के यहां रहती थी. एक दिन गरमी के दिनों में आधी रात के बाद उसके मकान के नीचे किसी आदमी ने

مرجائیگا . ایک ایک پہر کے بعد اُسے ندی کے اندر ہی کئی پلاتے رہے . جب باہر نکلا تو بدن کندن کی طرح دمکنے لگا تھا . پھر اُسے بدا کردیا . ہم بیس دن رہے، کچھ بھید نہ کھلا کہ وہ بابا جی فرشتے تھے یا اِنسان . صورت سے یہ بھی پتہ نہ چلتا تھا کہ ہندو ہیں یا مسلمان . ایک دن ہم سے کہنے لگے—میاں صاحب ! تم کہاں جاؤگے، ہمارے پاس ہی رہ جاؤ . لیکن شرط یہ ہے کہ اگر ہم مرجاویں تو تم ہماری ٹانگ میں رسی باندھ کر نربدا میں لے جاکر ڈال دینا اور اگر تم مر گئے تو ہم پاس کے گاؤں سے آدمی بلاکر مسلمانی ڈھنگ سے تمہارا آخری سنسکار کرادینگے . لیکن ہم وہاں زیادہ نہ ٹھہرے .

(16)

ایک دن ہم لکھنؤ کی ایک مسجد میں ٹھہرے ہوئے تھے . (سن 57 کے بعد کی بات ہے) اِتفاق سے ایک امیر سیر کو جاتا تھا . دیکھا تو سامنے سے سلیمین صاحب انگریز آتا تھا . اِس خیال سے کہ انگریز کو سلام کرنا پڑیگا، وہ امیر جھٹ مسجد میں چلا آیا . سلیمین صاحب بھی پیچھے پیچھے مسجد میں آپہونچا . میری طرف دیکھ کر پوچھنے لگا کہ آپ کون ہیں ؟ میں نے کہا کہ صاحب ! یہ تو مجھے بھی پتہ نہیں کہ میں کون ہوں .

کچھ نہیں کھلتا مجھے میں کون ہوں
صورت حیرت ہوں یا شکل جنوں ؟

پھر پوچھا کہ آپ کی قوم کیا ہے ؟ میں نے کہا کہ جو حضرت آدم کی قوم ہے . کہا آدم کی کیا قوم ہے ؟ میں نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم، یہ آدم سے پوچھیئے . پھر کہا کہ آپ کہاں سے آئے ؟ میں نے کہا کہ جہاں سے سب آئے . وہ بڑا حیران ہوا اور بولا—صاحب ! جو بات ہم پوچھتے ہیں اُس کا اُلٹا ہی جواب دیتے ہو . پھر تو اُن سے پریم ہو گیا . کبھی کبھی ہمارے پاس آنے لگے . ایک دن بڑے پریم سے دعوت کی . مطلب یہ کہ فقیر کو چاہئے کہ ہر رنگ کا تماشہ دیکھے اور کسی کو برا نہ جانے، کیونکہ اللہ کا ظہور ہر جگہہ ایکسا ہے—

خدا ہر شے کے اندر یوں نہاں ہے،
کہ جیوں بو گل کی گل کے درمیاں ہے .

ارتھات—ایشور ہر پدارتھ میں اِس طرح چھپا ہوا ہے کہ جس طرح پھول کی گندھ پھول کے اندر چھپی ہے .

(17)

شہر دلی میں ایک رنڈی (ویشیا) بہت خوبصورت کسی امیر کے یہاں رہتی تھی . ایک دن گرمی کے دنوں میں آدھی رات کے بعد اُس کے مکان کے نیچے کسی آدمی نے

द्वारा कि—है कोई ऐसा ख़ुदा का बन्दा जो हमें ठण्डा पानी पिला दे ! आवाज़ सुनकर वह रण्डी जाग उठी और एक सुराही खूब ठण्डे पानी की और एक साफ़ गिलास हाथ में लिए नीचे उतरी. उसने प्यासे फ़क़ीर को पानी पिलाया. जब वह पी चुका तो गिलास का बचा हुआ पानी उसने रण्डी से पीने के लिए कहा. रण्डी ने उसे पी लिया. फ़क़ीर चल दिया. इस छिन भर की मुलाक़ात का रण्डी के दिल पर इतना ज़बरदस्त असर पड़ा कि वह उसी जगह बैठ गई. अमीर की जब आँख खुली तो इधर उधर देखा, वह नज़र न पड़ी. घबराकर ढूँढ़ने लगा. देखा कि वह ज़ीने के नीचे मिट्टी पर पड़ी है. उठाकर लाया, सब हाल पूछा. रण्डी ने कहा—अब हमसे तुमसे कुछ तअल्लुक़ नहीं, न मैं तुम्हारे काम की, न तुम मेरे मतलब के.

अक़्ल गोयद कि दुनियओ उक़बा बजो,
इश्क़ मी गोयद बजुज़ मौला मजो.
अक़्ल मी गोयद के ख़ुद रा पेश कुन,
इश्क़ मी गोयद के तर्के ख़ेश कुन.

(अर्थात्—अक़्ल कहती है कि इस लोक और परलोक दोनों को ढूंढ़, प्रेम कहता है कि सिवाय मौला (ईश्वर) के और किसी को न ढूंढ़.

रण्डी ने उससे कहा कि मुझ पर इतनी कृपा करो कि एक अलग मकान दे दो. न मैं किसी के पास जाऊं न कोई मेरे पास आवे. कुछ दिनों के बाद वह शहर से बाहर एक मक़बरे पर रहती थी. कोई मुतलाशी (जिज्ञासु) किसी साधू के पास गए. उस साधू ने उसे पता दिया कि फ़लां जगह पर एक औरत रहती है, तुम उसके पास जाओ. वह मुतलाशी वहीं पहुँचा और अपना मतलब कह सुनाया. औरत बोली मैं तो रण्डी हूँ, अगर कुछ तुम्हारे पास हो तो लाओ. इसके सिवाय मैं कुछ नहीं जानती. उसने जवाब दिया आप कुछ ही कहें, मैं एक भेदी का भेजा हुआ हूँ, टाले से टलूंगा नहीं. तब उसने कहा—अच्छा तुम इस क़ाबिल तो नहीं हो कि एकदम तुम्हें दीक्षा दे दी जावे, हां रोज़ सुबह शाम मेरे पाकर बैठा करो. लेकिन अगर कोई पूछे तो कह देना कि हमसे इससे प्रेम है. छै महीने तक वह आदमी रोज़ इसी तरह आता रहा. छै महीने के बाद उसकी शिक्षा को पूरा करके उस रण्डी ने उसे बिदा किया.

द्वारका मक्का इबादतगाह हैं,
आपके मिलने की लाखों राह हैं.

(इसके बाद गुरू जी ने कहा कि) जिस ज़माने में हम मौलाना शाह अब्दुल अज़ीज़ से पढ़ते थे तो हम भी कई बार उस औरत से मिलने गए थे.

(18)

पिछले ज़माने में जेहाद के वक़्त किसी मुसलमान की

پکارا کہ—ہے کوئی ایسا خدا کا بندہ جو ہمیں ٹھنڈا پانی پلا دے ! آواز سن کر وہ رنڈی جاگ اٹھی اور ایک صراحی خوب ٹھنڈے پانی کی اور ایک صاف گلاس ہاتھ میں لئے نیچے اتری . اُس نے پیاسے فقیر کو پانی پلایا . جب وہ پی چکا تو گلاس کا بچا ہوا پانی اُس نے رنڈی سے پینے کے لئے کہا . رنڈی نے اُسے پی لیا . فقیر چل دیا . اِس چھن بھر کی ملاقات کا رنڈی کے دل پر اتنا زبردست اثر پڑا کہ وہ اُسی جگہ بیٹھ گئی . امیر کی جب آنکھ کھلی تو اِدھر اُدھر دیکھا' وہ نظر نہ پڑی . گھبرا کر ڈھونڈھنے لگا . دیکھا کہ وہ زینہ کے نیچے مٹی پر پڑی ہے . اُٹھا کر لایا' سب حال پوچھا . رنڈی نے کہا— اب ہم سے تم سے کچھ تعلق نہیں نہ میں تمہارے کام کی' نہ تم میرے مطلب کے .

عقل گوید کہ دنیا و عقبیٰ بجو '
عشق می گوید بجز مولا مجو .
عقل می گوید کہ خود را پیش کن '
عشق می گوید کہ ترک خویش کن .

(ارتھات— عقل کہتی ہے کہ اِس لوک اور پرلوک دونوں کو ڈھونڈھ' پریم کہتا ہے کہ سوائے مولا (ایشور) کے اور کسی کو نہ ڈھونڈھ .

عقل کہتی ہے کہ اپنے کو آگے بڑھا' پریم کہتا ہے کہ اپنپن کو مٹا .)

رنڈی نے اُس سے کہا کہ مجھ پر اِتنی کرپا کرو کہ ایک الگ مکان دے دو . نہ میں کسی کے پاس جاؤں نہ کوئی میرے پاس آوے . کچھ دنوں کے بعد وہ شہر سے باہر ایک مقبرے پر رہتی تھی . کوئی متلاشی (جگیاسو) کسی سادھو کے پاس گئے . اس سادھو نے اُسے پتہ دیا کہ فلاں جگہ پر ایک عورت رہتی ہے' تم اُس کے پاس جاؤ .وہ متلاشی وہیں پہونچا اور اپنا مطلب کہہ سنایا . عورت بولی میں تو رنڈی ہوں' اگر کچھ تمہارے پاس ہو تو لاؤ . اِس کے سوائے میں کچھ نہیں جانتی . اُس نے جواب دیا آپ کچھ ہی کہیں' میں ایک بھیدی کا بھیجا ہوا ہوں' ٹالے سے ٹلونگا نہیں . تب اُس نے کہا—اچھا تم اِس قابل تو نہیں ہو کہ ایکدم تمہیں دیکشا دے دی جاوے' ہاں روز صبح شام میرے پاس آکر بیٹھا کرو . لیکن گر کوئی پوچھے تو کہہ دینا کہ ہم سے اِس سے پریم ہے . چھ مہینے تک وہ آدمی روز اِسی طرح آتا رہا . چھ مہینے کے بعد اُس کی شکشا کو پورا کر کے اُس رنڈی نے اُسے بدا کیا

دوارکا مکہ عبادت گاہ ہیں '
آپ کے ملنے کی لاکھوں راہ ہیں .

(اِس کے بعد گروجی نے کہا کہ) جس زمانے میں ہم مولانا شاہ عبدالعزیز سے پڑھتے تھے تو ہم بھی کئی بار اُس عورت سے ملنے گئے تھے .

(18)

پچھلے زمانے میں جہاد کے وقت کسی مسلمان کی

एक बुतपरस्त (मूर्ति पूजक) से लड़ाई हुई. बड़ी देर तक दोनों लड़ते रहे. कोई किसी को हरा न सका. इतने में नमाज का वक्त आया. मुसलमान ने कहा कि अब मुझे थोड़ी देर के वास्ते छुट्टी दे ताकि नमाज अदा कर लूं. बुतपरस्त ने इजाजत दे दी. नमाज के बाद फिर लड़ाई शुरू हो गई. इतने में बुतपरस्त की पूजा का वक्त हो गया. उसने भी छुट्टी चाही और पूजा में लग गया. मुसलमान को ख्याल आया कि अब अच्छा मौक़ा है. इसका काम तमाम कर दो. तुरन्त ग़ैब (अदृष्ट) से आवाज आई—ऐ, बेवफ़ा ! क्या—'औफु बिल औक़ुदे' (अर्थात्—पूरा करो अपने वादों को)—क़ुरान की एक आयत का यही मतलब है ? इस बात में तुमसे तो बुतपरस्त बढ़कर निकला. यह आवाज सुनते ही वह मुसलमान शरमिन्दा होकर रोने लगा और फिर लड़ाई से बाज रहा.

ऐसे ही आजकल के मुसलमान भी बेवफ़ाई में यकता (बेमिसाल) हैं. लेकिन ग़ैब की आवाज उन्हें सुनाई नहीं देती, और क़ुरान शरीफ़ को देखते नहीं. अगर देखते हैं तो अमल करते नहीं.

बर ज़बां तसबीह व दर दिल गाओ ख़र,
ईं चुनी तसबीह के दारद असर.

(अर्थात्—ज़बान से अल्लाह, अल्लाह जपते हैं और दिल में बैल और गधे का ख्याल भरा हुआ है. इस तरह के जप से क्या असर हो सकता है !)

(19)

जिस चेले ने अपने पीर के मुंह से सुन सुन कर इन सब घटनाओं को लिखा है, उसकी यह आदत थी कि जब कभी वह अपने पीर (गुरू जी) से कुछ सुनना चाहता था तो उनके सामने जाकर यह शेर पढ़ दिया करता था.

बाज़ गो अज़ नज्द वज़ याराने नज्द
ता दरो दीवार रा आरी ब वज्द

एक दिन उसने सामने आकर यही शेर पढ़ा. गुरू जी कहने लगे कि—

जाकी जैसी लगन है वाको वैसो राम,
रोम रोम में रम रही नहीं और से काम.
पास कहूँ तो पास है दूर कहूँ तो दूर,
जान अजान जहान में सब में है भरपूर.
दूर कहूँ तो दूर है पास कहूँ तो पास,
रोम रोम में रम रही ज्यों फूलन में बास.
नहनो अक़रबो इलैहे मिन हब्लिल वरीद.
(क़ुरान)

(अर्थात्—ईश्वर मनुष्य की गरदन की रग की निस्बत ही उसके ज्यादा नज़दीक है.)

ایک بت پرست (مورتی پوجک) سے لڑائی ہوئی۔ بڑی دیر تک دونوں لڑتے رہے۔ کوئی کسی کو ہرا نہ سکا۔ اِتنے میں نماز کا وقت آیا۔ مسلمان نے کہا کہ اب مجھے تھوڑی دیر کے واسطے چھٹی دے تاکہ نماز ادا کرلوں۔ بت پرست نے اِجازت دیدی۔ نماز کے بعد پھر لڑائی شروع ہو گئی۔ اتنے میں بت پرست کی پوجا کا وقت ہو گیا۔ اُس نے بھی چھٹی چاہی اور پوجا میں لگ گیا۔ مسلمان کو خیال آیا کہ اب اچھا موقع ہے۔ اِس کا کام تمام کر دو۔ فوراً غیب (ادرشٹ) سے آواز آئی— اے بیوفا ! کیا—غوبل عقدے' (ارتھات—پورا کرو اپنے وعدوں کو)—قران کی ایک آیت کا یہی مطلب ہے ؟ اس بات میں تجھ سے تو بت پرست بڑھکر نکلا۔ یہ آواز سنتے ہی وہ مسلمان شرمندہ ہو کر رونے لگا اور پھر لڑائی سے باز رہا۔

ایسے ہی آجکل کے مسلمان بھی بیوفائی میں یکتا (بے مثال) ہیں۔ لیکن غیب کی آواز اُنہیں سنائی نہیں دیتی' اور قران شریف کو دیکھتے نہیں۔ اگر دیکھتے ہیں تو عمل کرتے نہیں۔

بزباں تسبیح و در دل گاؤ وخر '
این چنیں تسبیح کے دارد اثر۔

(ارتھات— زبان سے اللہ' اللہ جپتے ہیں اور دل میں بیل اور گدھے کا خیال بھرا ہوا ہے۔ اِس طرح کے جاپ سے کیا اثر ہو سکتا ہے !)

(19)

جس چیلے نے اپنے پیر کے منہ سے سن سن کر اِن سب گھٹناؤں کو لکھا ہے' اُس کی یہ عادت تھی کہ جب کبھی وہ اپنے پیر (گرو جی) سے کچھ سننا چاہتا تھا تو اُن کے سامنے جا کر یہ شعر پڑھ دیا کرتا تھا—

باز گو از نجد وز یاران نجد
تا در و دیوار را آری بہ وجد

ایک دن اُس نے سامنے آکر یہی شعر پڑھا۔ گروجی کہنے لگے کہ—

جاکی جیسی لگن ہے واکو ویسو رام '
روم روم میں رم رہی نہیں اور سے کام۔
پاس کہوں تو پاس ہے دور کہوں تو دور '
جان اجان جہان میں سب میں ہے بھرپور۔
دور کہوں تو دور ہے پاس کہوں تو پاس '
روم روم میں رم رہی جیوں پھولن میں باس۔
نہلو عقرب و الیہ من حبل الورید
(قران)

(ارتھات—ایشور ملشیہ کی گردن کی رگ کی نسبت بھی اِس کے زیادہ نزدیک ہے۔)

यार नज़दीकतर अज़ मन बमनस्त,
बीं अजबतर के मन अज़ वे दूरम्.
चे कुनम ताके तवां गुफ़्त कि ऊ,
दर किनारे मन बमन महजूरम.

(अर्थात्—मेरा यार मेरी निस्बत भी मेरे अधिक निकट है और आश्चर्य यह है कि मैं उससे दूर हूँ ! क्या करूँ, मैं यह किससे कह सकता हूँ कि वह मेरी बग़ल में है और मैं उससे दूर हूँ.)

एक राजा था. उसे यह ख़्याल हुआ कि आख़िर एक दिन मरना है, मुक्ति हासिल करने के लिए अपनी आत्मा को पहचान लेना चाहिए. इसकी कोई तरकीब करनी चाहिए. उसने बहुत से ब्राह्मणों को जमा किया और कहा—कोई ऐसी बात बतलाओ जिससे मैं अपनी आत्मा को पहचानने लगूं और जीवनमुक्त हो जाऊं. ब्राह्मणों ने विचार कर जवाब दिया कि महाराज ! एक सोने की गाय बनवाइये. उसे ब्राह्मणों को दान दीजिये और इस तरह से और धन वग़ैरा दान दीजिये. 68 तीर्थ कर आइये तो भगवान की दया से जीवनमुक्त हो जाइएगा. राजा ने यह सब कर्म किए. पर इनसे न वह अपने को पहचान सका न दिल को शान्ति मिली और न मुक्ति का कोई लच्छन दिखाई दिया. फिर उसने जोगियों की तरफ़ ध्यान दिया और यही प्रार्थना उनसे की. जोगियों ने पहले तो राजा के कान फटवाए और फिर ब्रह्मचर्य, बानप्रस्थ, दण्ड कमण्डल और विजया होम वग़ैरा चार तरह की शिक्षा दी. राजा ने यह सब कुछ भी किया. लेकिन इसका भी कुछ फल न हुआ. इसके बाद उसने मुसलमानों के मौलवियों को जमा किया और यही सवाल उनके सामने रखा. उन्होंने कहा कि साहब ! अगर आप इसलाम धर्म मंज़ूर कर लें तो आपकी ख़्वाहिश पूरी हो सकती है. राजा ने मंज़ूर कर लिया. मौलवियों ने उसे मुसलमान बनाया. उसका ख़तना करवाया. उसे नमाज़, रोज़ा, हज्ज, ज़कात वग़ैरा की तालीम दी. जब सब सीख लिया तो कहा कि अब आप हज्ज के लिये मक्के मदीने हो आइये. राजा ने यह सब भी किया. जब वापस अपने देश आया तो फिर मौलवियों को जमा किया और कहा कि मुझे तो कुछ भी हासिल नहीं हुआ. अब आप क्या कहते हैं ?

मक्के गए, मदीने गए, करबला गए,
जैसे गए थे वैसे ही फिर के आगए.

मौलवियों ने जवाब दिया कि जो कुछ हमारे धर्म में था हमने आप को सब बता दिया. इससे ज़्यादा हम कुछ नहीं जानते. सब तरफ़ से मायूस (निराश) होकर राजा को एक तरह का पागलपन हो गया. एक हाथ से उसने अपना कान पकड़ा और दूसरे हाथ से ख़तने की जगह और

یار نزدیک تر از من بہ منست ،
ویں عجب تر کہ من از وے دورم .
چہ کنم تاکہ تواں گفت کہ او
در کنار من بمن مہجورم

(ارتمہاں—میرا یار میری نسبت بھی میرے ادھک نکٹ ہے اور آشچریہ یہ ہے کہ میں اُس سے دور ہوں . کیا کروں میں یہ کس سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ میری بغل میں ہے اور میں اِس سے دور ہوں .)

ایک راجہ تھا. اُسے یہ خیال ہوا کہ آخر ایک دن مرنا ہے، مکتی حاصل کرنے کے لئے اپنی آتما کو پہچان لینا چاہیئے. اِس کی کوئی ترکیب کرنی چاہیئے. اُس نے بہت سے براہمنوں کو جمع کیا اور کہا کوئی ایسی بات بتلاؤ جس سے میں اپنی آتما کو پہچاننے لگوں اور جیون مکت ہو جاؤں . برہمنوں نے وچار کر جواب دیا کہ مہاراج ! ایک سونے کی گائے بنوائیے . اُسے براہمنوں کو دان دیجئے اور اِس اِس طرح سے اور دھن وغیرہ دان دیجئے . 64 تیرتھ کر آئیے تو بھگوان کی دیا سے جیون مکت ہو جائیگا . راجہ نے یہ سب کرم کئے . پر اِن سے نہ وہ اپنے کو پہچان سکا نہ دل کو شانتی ملی اور نہ مکتی کا کوئی لچھن دکھائی دیا . پھر اُس نے جوگیوں کی طرف دھیان دیا اور یہی پرارتھنا اُن سے کی . جوگیوں نے پہلے تو راجہ کے کان پھٹوائے اور پھر برہمچریہ، بانپرستھ، دنڈ کمنڈل اور وجیا ہوم وغیرہ چار طرح کی شکشا دی . راجہ نے یہ سب کچھ بھی کیا . لیکن اِس کا بھی کچھ پھل نہ ہوا . اِس کے بعد اُس نے مسلمانوں کے مولویوں کو جمع کیا اور یہی سوال اُن کے سامنے رکھا . اُنھوں نے کہا کہ صاحب ! اگر آپ اسلام دھرم منظور کرلیں تو آپکی خواہش پوری ہو سکتی ہے . راجہ نے منظور کرلیا . مولویوں نے اُسے مسلمان بنایا . اُس کا ختنہ کروایا . اُسے نماز، روزہ، حج، ذکاۃ وغیرہ کی تعلیم دی . جب سب سیکھ لیا تو کہا کہ اب آپ حج کے لئے مکے مدینے ہو آئیے . راجہ نے یہ سب بھی کیا . جب واپس اپنے دیش آیا تو پھر مولویوں کو جمع کیا اور کہا کہ مجھے تو کچھ بھی حاصل نہیں ہوا . اب آپ کیا کہتے ہیں ؟

مکے گئے، مدینے گئے، کربلا گئے،
جیسے گئے تھے ویسے ہی ہو پھر کے آگئے .

مولویوں نے جواب دیا کہ جو کچھ ہمارے دھرم میں تھا ہم نے آپ کو سب بتا دیا . اِس سے زیادہ ہم کچھ نہیں جانتے . سب طرف سے مایوس (نراش) ہو کر راجہ کو ایک طرح کا پاگل پن ہو گیا . ایک ہاتھ سے اُس نے اپنا کان پکڑا اور دوسرے ہاتھ سے ختنہ کی جگہہ اور

अगल बगल घूम कर यह कहना शुरू किया कि 'यह हिन्दू है, और वह मुसलमान ! मैं कौन हूँ ?'

आखिर में गरबे बैठा लोगों के दरमियां हूँ,
पर जानता नहीं हूँ मैं कौन हूँ कहाँ हूँ.

आखिर में पागलों की तरह घूमते घूमते 'जोइन्दा या-बिन्दा' (अर्थात्—'जिन ढूंढा तिन पाइयां') के मुताबिक़ राजा के पास एक सच्चा फ़क़ीर अपने कुछ चेलों समेत आ पहुंचा. राजा को देखा और पूछने लगा—क्या कहता है ? राजा ने फिर वही कहा—'यह हिन्दू , यह मुसलमान, मैं कौन ?' फ़क़ीर ने उसे अच्छी तरह परखकर तसल्ली देकर उपदेश दिया कि यह हिन्दू मुसलमान का भेद ही आत्मा के असली रूप को समझने में सबसे बड़ी रुकावट है. आत्मा के दीदार (दर्शन) के लिए सबसे पहले इस दुई के परदे को बीच से हटा देना जरूरी है. अब राजा की आखें खुलीं. वह कर्मकाण्ड, हिन्दू मुसलमान और दुई के भेद से ऊपर उठकर हर जानदार में एक आत्मा के दर्शन करने लगा.

सत गुरू पूरा मिल गया जो खोल दिखाए नैन.

(बाक़ी फिर)

"ग़रीबों पर ख़ुदा का यह बड़ा एहसान बाक़ी है
कि दुनिया में अभी तक उनका क़ब्रिस्तान बाक़ी है
बचाए जाते हैं लेकर ख़ुदा का नाम इनसाँ को
धरम के ठेकेदारों का मगर ईमान बाक़ी है
बहा ले जाए जो ज़ुल्मो सितम को सारी दुनिया से
ज़माने में अभी आने को वह तूफ़ान बाक़ी है
जहां बिकती है रोटी के एवज़ इन्सानियत नाज़ुक
सितम है अन्नदाताओं की वह दूकान बाक़ी है
ग़रीबों से मिलेगा भोग क्या भगवान को नाज़ुक
जहां रोटी के बदले सिर्फ़ उनकी जान बाक़ी है"

—नाज़ुक इलाहाबादी

جکہ جکہ گھوم کر یہ کہنا شروع کیا کہ یہ 'ہندو ہے' اور یہ مسلمان ! میں کون ہوں ؟'

ظاہر میں گرچہ بیٹھا لوگوں کے درمیاں ہوں '
پر جانتا نہیں ہوں میں کون ہوں کہاں ہوں .

آخر میں پاگلوں کی طرح گھومتے گھومتے 'جو ڈھونڈھا پایندہ' (ارتہات—جن ڈھونڈھا تن پائیاں) کے مطابق راجہ کے پاس ایک سچا فقیر اپنے کچھ چیلوں سمیت آپہونچا . راجہ کو دیکھا اور پوچھنے لگا—کیا کہتا ہے ؟ راجہ نے پھر وہی کہا—'یہ ہندو' یہ مسلمان' میں کون ؟'' فقیر نے اُسے اچھی طرح پرکھ کر تسلی دیکر اُپدیش دیا کہ یہ ہندو مسلمان کا بھید ہی آتما کے اصلی روپ کو سمجھنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے . آتما کے دیدار (درشن) کے لئے سب سے پہلے اِس دوئی کے پردے کو بیچ سے ہٹا دینا ضروری ہے . اب راجہ کی آنکھیں کھلیں . وہ کرم کانڈ' ہندو مسلمان اور دوئی کے بھید سے اُوپر اُٹھکر ہر جاندار میں ایک آتما کے درشن کرنے لگا .

ست گرو پورا مل گیا جو کھول دکھائے نین .

(باقی پھر)

"غریبوں پر خدا کا یہ بڑا احسان باقی ہے
کہ دنیا میں ابھی تک اُن کا قبرستان باقی ہے
بچائے جاتے ہیں لے کر خدا کا نام انسان کو
دھرم کے ٹھیکیداروں کا مگر ایمان باقی ہے
بہا لے جائے جو ظلم و ستم کو ساری دنیا سے
زمانے میں ابھی آنے کو وہ طوفان باقی ہے
جہاں بکتی ہے روٹی کے عوض انسانیت نازک
ستم ہے اُن داتاؤں کی وہ دوکان باقی ہے
غریبوں سے ملیگا بھوگ کیا بھگوان کو نازک
جہاں روٹی کے بدلے صرف ان کی جان باقی ہے"

—نازک الہ آبادی

नरगिस के फूल

विश्वम्भरनाथ पांडे

मैंने अक्सर जापानियों को यह कहते सुना है कि अगर तुमने निक्को के मन्दिर नहीं देखे तो तुमने कुछ भी नहीं देखा. इत्तफ़ाक़ से मैंने निक्को के मन्दिर देखे हैं और मैं यह मानता हूँ कि वे बेहद शानदार और आलीशान हैं, मगर यह कहना कि वे दुनिया की तामीरी कला में लासानी हैं, इससे जापानियों को बेशक तसल्ली हो सकती है मगर कला के प्रेमियों को नहीं.

मैं इसका दावा नहीं करता कि मैंने कला के लिहाज़ से दुनिया की सभी शानदार इमारतों को देखा है. अलबत्ता योरप, एशिया और अफ़्रीक़ा की अपनी सैरों में मैंने कई बेहद सुन्दर इमारतें देखी हैं. मिस्र के पिरैमिड, बाबुल के सात सतून, यूनान की रंगशालाएँ, रोम के थियेटर, ईरान में बेहस्तून के शिला लेख, चीन की बड़ी दीवार, जावा के बोरोबुदुर का मन्दिर, रंगून का पगोदा और अजन्ता और एलोरा की गुफाएं—सब आज भी मेरे नयनों में समाई हुई हैं और अक्स व बक्स मेरी कल्पनाओं में छाई हुई हैं. बरबस मेरा माथा उन जाने और अनजाने कलावन्तों और शिल्पियों के क़दमों पर झुका है जिन्होंने पुराने ज़माने को अपनी कला के ज़रिये, अपनी छेनी और अपने हथौड़े से, वर्तमान ज़माने के साथ जोड़ा है. अनमोल कला के यह अमर नमूने हमें यह तसल्ली देते रहते हैं कि इन्सान की ज़िन्दगी चन्द रोज़ा हो सकती है मगर कला अमर है और उसकी छाप हमेशा हमेशा के लिये दुनिया पर रहती है.

मैं न शिल्पी हूँ और न कलाकार, और न मुझे कला की नुक्ताचीनी करने का ही अधिकार हासिल है. लेकिन एक मामूली सैलानी की हैसियत से यह कह सकता हूँ कि आगरे के ताज को देखकर मुझ पर जो असर पड़ा उसे बयान कर सकना मेरे इमकान से बाहर है. कलाकार की कल्पना और शिल्पियों की चतुराई की इतनी मुकम्मिल तस्वीर मेरी नज़रों से आज तक नहीं गुज़री.

इस बात को जाने कितने बरस बीत चुके. इलायची, दालचीनी और संदल के पेड़ों को थपकियाँ देती हुई चैती हवा के भीने भीने दक्खिनी झकोरे क़ुदरत को गुदगुदा रहे थे. मैं आगरे की तंग गलियों को पार कर जमुना के किनारे किनारे उजाड़ और सुनसान सड़क से चक्कर काटता हुआ, अलसाया सा एक इक्के पर बैठा हुआ जा रहा था. द्वापर

نرگس کے پھول

وشومبھر ناتھ پانڈے

میں نے اکثر جاپانیوں کو یہ کہتے سنا ہے کہ اگر تم نے نکو کے مندر نہیں دیکھے تو تم نے کچھ بھی نہیں دیکھا. اتفاق سے میں نے نکو کے مندر دیکھے ہیں اور میں یہ مانتا ہوں کہ وے بےحد شاندار اور عالیشان ہیں، مگر یہ کہنا کہ وے دنیا کی تعمیری کلا میں لاثانی ہیں، اس سے جاپانیوں کو بے شک تسلی ہوسکتی ہے مگر کلا کے پریمیوں کو نہیں۔

میں اس کا دعویٰ نہیں کرتا کہ میں نے کلا کے لحاظ سے دنیا کی سبھی شاندار عمارتوں کو دیکھا ہے۔ البتہ یورپ، ایشیا اور افریقہ کی اپنی سیروں میں میں نے کئی بے حد سندر عمارتیں دیکھی ہیں۔ مصر کے پریمڈ، بابل کے سات ستون، یونان کی رنگ شالائیں، روم کے تھیٹر، ایران میں بےہستون کے شلالیکھ، چین کی بڑی دیوار، جاوا کا بورو بدر کا مندر، رنگون کا پگودا اور اجنتا اور ایلورہ کی گپھائیں—سب آج بھی میرے نینوں میں سمائی ہوئی ہیں اور عکس بہ عکس میری کلپناؤں میں چھائی ہوئی ہیں۔ بربس میرا ماتھا اُن جانے اور انجانے کلاونتوں اور شلپیوں کے قدموں پر جھکا ہے جنھوں نے پرانے زمانے کو اپنی کلا کے ذریعے، اپنی چھینی اور اپنے ہتوڑے سے، ورتمان زمانے کے ساتھ جوڑا ہے۔ انمول کلا کے یہ امر نمونے ہمیں یہ تسلی دیتے رہتے ہیں کہ انسان کی زندگی چند روزہ ہوسکتی ہے مگر کلا امر ہے اور اس کی چھاپ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دنیا پر رہتی ہے۔

میں نہ شلپی ہوں اور نہ کلاکار، اور نہ مجھے کلا کی نکتہ چینی کرنے کا ہی ادھیکار حاصل ہے۔ لیکن ایک معمولی سیلانی کی حیثیت سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ آگرے کے تاج کو دیکھکر مجھ پر جو اثر پڑا اُسے بیان کرسکنا میرے امکان سے باہر ہے۔ کلاکار کی کلپنا اور شلپیوں کی چترائی کی اتنی مکمل تصویر میری نظروں سے آج تک نہیں گذری۔

اس بات کو جانے کتنے برس بیت چکے۔ الائچی، دالچینی اور صندل کے پیڑوں کو تھپکیاں دیتی ہوئی چیتی ہوا کے بھینے بھینے دکھنی جھکورے قدرت کو گدگدا رہے تھے۔ میں آگرے کی تنگ گلیوں کو پارکر جمنا کے کنارے کنارے اُجاڑ اور سنسان سڑک سے چکر کاٹتا ہوا، اُنسایا سا ایک یکہ پر بیٹھا ہوا جا رہا تھا۔ دواپر

कुरु में अर्जुन के जिस रथ को कृष्ण भगवान ने सारथी बनकर हाँका था, रिश्ते में यह इक्का उसका पड़पोता लगता है. अब न इस पर राजा बैठते हैं न अमले, न नेता बैठते हैं और न एम. एल. ए. न इसमें रेशमी झालरें हैं और न सुनहरे गाव तकिये. अब यह सौ फ़ीसदी ग़रीबों की सवारी है.

इक्के का मरियल सा घोड़ा एक झटके के साथ रुका. मैंने अचानक देखा कि मैं एक आलीशान लाल फाटक के सामने खड़ा हुआ हूँ. अचानक मेरी निगाह फाटक के भीतर गई और मुझे ऐसा लगा कि एक शानदार लाल मेहराब के फ्रेम में जड़ी हुई खूबसूरती की एक सफ़ेद चमचमाती हुई तस्वीर मेरी आँखों के सामने है. चमकते हुए सूरज की किरनें संगमरमर के सौन्दर्य भवन के साथ अठखेलियाँ कर रही थीं और उसकी ऊँची मीनारें मेघहीन नीले आसमान के दिल में मानो चुभ जाना चाहती थीं.

ताज—महलों का मुकुट—फाटक से बहुत दूर एक भीमकाय कुर्सी पर ख़ामोश खड़ा हुआ है. सामने ख़ुशनुमा बाग़ था जहाँ बिल्लौरी फ़ुव्वारे निर्मल जल की धराएँ फेंक रहे थे और जहाँ हरी हरी मख़मली दूब का क़ालीन बिछा हुआ था. ताज के दोनों ओर दो पहरेदारों की तरह खड़े हुए थे लाल महल और लाल मस्जिद. मुमताज़ के क़दमों को छूती हुई जमुना मानो उलहना देती हुई कह रही थी—"राधा की जुदाई को भूल कर बिन्द्रावन से मैं यहाँ आई थी मुमताज़ ! तुम्हें इसका भी ख़्याल न रहा !"

इतिहास के पन्ने मेरे दिल की तारीकी को चीर चीर कर कल्पना की सतह पर आ रहे थे और मैं अपने आप में भूला हुआ बदलते हुए युगों के झूले में पेंगें भर रहा था कि अचानक ताज के गाइड की बात मेरे कानों में पड़ी—"हुज़ूर, इस इमारत के बनाने में सत्रह बरस लगे, क़रीब बीस हज़ार मज़दूरों ने काम किया और शाहजहाँ के ख़ज़ाने से 3 करोड़ 80 लाख रुपया ख़र्च हुआ."

हिसाबी आंकड़ों में यह था प्रेम का तख़मीना ! गाइड की बात सुनकर तबियत में मतली सी होने लगी, मगर गाइड का भी क्या क़ुसूर ? बजट के दो तटों के बीच से जिनका जीवन-दरिया बहता है ऐसे योरप और अमरीका के साहब गाइड से पहला सवाल यही करते हैं.

संगमरमर की चादर ताने हुए शाहजहाँ अपनी महबूबा मलका के हिज्र, ज़माने की सरहदों को तोड़कर, मानो ख़ुद प्रेम की साकार मूरत बन गया था.

ताज की पूरी इमारत इतनी लासानी है, उसके मुख़्तलिफ़ हिस्सों का संजोग इतना सुन्दर और लाजवाब है और सब मिला कर पूरा असर इतना दिलकश है कि जब तक आप ख़ुद ताज के चबूतरे पर जाकर न खड़े हो जाएँ, आप इस बात का क़यास तक नहीं कर सकते कि ताज की इमारत कितनी अज़ीमुश्शान है. कितना बड़ा कलाकार रहा होगा वह

یگ میں ارجن کے جس رتھ کو کرشن بھگوان نے سارتھی بنکر ہانکا تھا، رشتے میں یہ یکہ اُس کا پڑپوتا لگتا ہے۔ اب نہ اِس پر راجا بیٹھتے ہیں نہ عملے، نہ نیتا بیٹھتے ہیں اور نہ ایم۔ ایل۔ اے۔ نہ اِس میں ریشمی جھالریں ہیں اور نہ سنہرے گاؤ تکئے۔ اب یہ سو فیصدی غریبوں کی سواری ہے۔

یکہ کا مریل سا گھوڑا ایک جھٹکے کے ساتھ رکا۔ میں نے اچانک دیکھا کہ میں ایک عالیشان لال پھاٹک کے سامنے کھڑا ہوا ہوں۔ اچانک میری نگاہ پھاٹک کے بھیتر گئی اور مجھے ایسا لگا کہ ایک شاندار لال محراب کے فریم میں جڑی ہوئی خوبصورتی کی ایک سفید چمچماتی ہوئی تصویر میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ چمکتے ہوئے سورج کی کرنیں سنگ مرمر کے سوندریہ بھون کے ساتھ اٹکھیلیاں کر رہی تھیں اور اُس کی اُونچی میناریں میگھ ہین نیلے آسمان کے دل میں مانو چبھ جانا چاہتی تھیں۔

تاج—محلوں کا مکٹ—پھاٹک سے بہت دور ایک بھیم کائے کرسی پر خاموش کھڑا ہوا ہے۔ سامنے خوشنما باغ تھا جہاں بلوری فوارے نرمل جل کی دھارائیں پھینک رہے تھے اور جہاں ہری ہری مخملی دوب کا قالین بچھا ہوا تھا۔ تاج کے دونوں اور دو پہرہ داروں کی طرح کھڑے ہوئے تھے لال محل اور لال مسجد۔ ممتاز کے قدموں کو چھوتی ہوئی جمنا مانو اُلہنا دیتی ہوئی کہہ رہی تھی—"رادھا کی جدائی کو بھولکر بندرابن سے میں یہاں آئی تھی ممتاز ! تمہیں اس کا بھی خیال نہ رہا !"

اِتہاس کے پنے میرے دل کی تاریکی کو چیر چیر کر کلپنا کی سطح پر آ رہے تھے اور میں اپنے آپ میں بھولا ہوا بدلتے ہوئے یگوں کے جھولے میں پینگیں بھر رہا تھا کہ اچانک تاج کے گائڈ کی بات میرے کانوں میں پڑی—"حضور، اس عمارت کے بنانے میں سترہ برس لگے، قریب بیس ہزار مزدوروں نے کام کیا اور شاہجہاں کے خزانے سے 3 کروڑ 80 لاکھ روپیہ خرچ ہوا۔"

حسابی آنکڑوں میں یہ تھا پریم کا تخمینہ ! گائڈ کی بات سنکر طبیعت میں متلی سی ہونے لگی، مگر گائڈ کا بھی کیا قصور ؟ بجٹ کے دو تٹوں کے بیچ سے جن کا جیون دریا بہتا ہے ایسے یورپ اور امریکہ کے صاحب گائڈ سے پہلا سوال یہی کرتے ہیں۔

سنگ مرمر کی چادر تانے ہوئے شاہجہاں اپنی محبوبہ ملکہ کے تڑپ، زمانے کی سرحدوں کو توڑ کر، مانو خود پریم کی ساکار مورت بن گیا تھا۔

تاج کی پوری عمارت اِتنی لاثانی ہے، اُس کے مختلف حصوں کا سنجوگ اِتنا سندر اور لاجواب ہے اور سب ملاکر پورا اثر اِتنا دلکش ہے کہ جب تک آپ خود تاج کے چبوترے پر جاکر نہ کھڑے ہوجائیں، آپ اس بات کا قیاس تک نہیں کرسکتے کہ تاج کی عمارت کتنی عظیم الشان ہے۔ کتنا بڑا کلاکار رہا ہوگا وہ

शख्स कि जिसने ताज की कल्पना की थी. उसके बाजुओं में कितनी एकता और कितनी मोहकता है. बेजबान संगमरमर, ऐसा महसूस होने लगता है कि, हजार हजार जबानों से प्रेम की बेअन्त रागिनी की तान छेड़ना चाहता है.

जिस फ्रेम में प्रेम और सुन्दरता का यह लासानी नगीना जड़ा हुआ है, ताज का सारा इर्द गिर्द कितना मौजूँ और कितनी एक-रसता पैदा करने वाला है. जितनी सुन्दर तस्वीर है, उतना ही शानदार फ्रेम है. ऐसा लगता है मानो बहिश्त के चितेरों ने कल्पना के कैनवास पर दैवी सुन्दरता की एक दिलकश तस्वीर खींच दी है. दर्शक अचरज से भरा हुआ एक टक देखता रहता है और हुस्न के इस बेअन्त खजाने को देख सकने के लिये अपने को क़िस्मतवर समझता है और अपने मन में ताज के उस नज़्ज़ारे की अमिट झाँकी लेकर वह वहाँ से रुख़सत होता है.

रौज़े के बुलन्द मेहराब पर संगमूसा के नगों से अर्बी अल्फ़ाज़ इस तरह जड़े हुए हैं मानो रौज़ा काले पारिजात * फूलों का गजरा पहने खड़ा है. संगमरमरी गोराई पर यह काले रंग का गजरा बेहद सुन्दर लगता है. संगमरमर की जाफ़रियों से सूरज की रूपहली किरनें छन छनकर धूप छाँव खेलती हैं. हल्के हल्के प्रकाश की फीकी रोशनी सदन के भीतरी हिस्से को आलोकित करती रहती है. सदन के बीच में संगमरमर की जालीदार क़नात खड़ी है, मानो किसी अनन्त सफ़र के पड़ाव पर मल्का मुमताज़ परदे में सिंगार कर रही हैं. संगमरमर की उस जाफ़री में अनमोल नगीने जड़े हुए हैं—लाजवर्द, संगसुलेमान, अक़ीक़, सूर्यकान्त, नीलम, चन्द्रकान्त और पुष्प राग—तरह तरह के फूलों और बेल बूटों की शकल में. उस जाफ़री के भीतर शाहजहाँ और मुमताज़ कभी न टूटने वाली नींद में सुध बुध खोये हुए पड़े हैं.

पूनम का चाँद जब अपने सफ़र की आधी मंज़िल तय करके ज़रा आराम करने के लिये ठहर गया था, ठीक ऐसे वक़्त में फिर दोबारा ताजमहल पहुँचा. चाँदनी ने क़ुदरत के आँचल को जूही और चमेली के फूलों से भर दिया था. दक्खिनी हवा ताजमहल के ऊपर चँवर हिला रही थी. आम की डाली पर बैठी हुई कोयल इसराज के तार सँभाल रही थी. ताजमहल की दाहिनी तरफ़ उस लाल महल के आँगन में खड़ा होकर मैं एक टक ताज की शोभा देख रहा था. बाग़ के पेड़ अपनी शाखाएँ फैलाए हुए उस महल से ख़ामोशी के सुरों में अपनी सुख दुख की कहानी कहने में मसरूफ़ थे. ज़माना बीत गया उन घटनाओं को देखे हुए मगर अब भी वे कितनी सफ़ाई से उनके दिलों में जड़ी हुई हैं. बरगद का वह दरख़्त तब कितना नन्हा सा था. शाहज़ादी ज़ेबुन्निसा ने लाड़ में उसकी कोंपलें तोड़ी थीं तो माबदौलत शाहजहाँ ने शाहज़ादी को डाँटकर हसरत भरी

نرگس کے پھول

شخص کہ جس نے تاج کی کلپنا کی تھی۔ اُس کے بازوؤں میں کتنی ایکتا اور کتنی موہکتا ہے۔ یہ زبان سنگ مرمر، ایسا محسوس ہونے لگتا ہے کہ، ہزار ہزار زبانوں سے پریم کی بے انت راگنی کی تان چھیڑنا چاہتا ہے۔

جس فریم میں پریم اور سندرتا کا یہ لاثانی نگینہ جڑا ہوا ہے اُس تاج کا سارا اِردگرد کتنا موزوں اور کتنی ایکرستا پیدا کرنے والا ہے۔ جتنی سندر تصویر ہے، اُتنا ہی شاندار فریم ہے۔ ایسا لگتا ہے مانو بہشت کے چتیروں نے کلپنا کے کینواس پر دیوی سندرتا کی ایک دلکش تصویر کھینچ دی ہے۔ درشک اچرج سے بھرا ہوا ایک ٹک دیکھتا رہتا ہے اور حسن کے اِس بے انت خزانے کو دیکھ سکنے کے لئے اپنے کو قسمتور سمجھتا ہے اور اپنے من میں تاج کے اُس نظارے کی امٹ جھانکی لیکر وہ وہاں سے رخصت ہوتا ہے۔

روضے کے بلند محراب پر سنگ موسیٰ کے نگوں سے عربی الفاظ اس طرح جڑے ہوئے ہیں مانو روضہ کالے پاریجات پھولوں کا گجرا پہنے کھڑا ہے۔ سنگ مرمری گورائی پر یہ کالے رنگ کا گجرا بے حد سندر لگتا ہے۔ سنگ مرمر کی جالیوں سے سورج کی رو پہلی کرنیں چھن چھن کر دھوپ چھاں کھیلتی ہیں۔ ہلکے ہلکے پرکاش کی پھیکی روشنی سدن کے بھیتری حصہ کو آلوکت کرتی رہتی ہے۔ سدن کے بیچ میں سنگ مرمر کی جالیدار قناعت کھڑی ہے مانو کسی انت سفر کے پڑاؤ پر ملکہ ممتاز پردے میں سنگار کر رہی ہیں: سنگ مرمر کی اُس جالی میں انمول نگینے جڑے ہوئے ہیں—لاجورد، سنگ سلیمان، عقیق، سوریہ کانت، نیلم، چندر کانت اور پشپ راگ—طرح طرح کے پھولوں اور بیل بوٹوں کی شکل میں۔ اس جالی کے بھیتر شاہجہاں اور ممتاز کبھی نہ ٹوٹنے والی نیند میں سدھ بدھ کھوئے ہوئے پڑے ہیں۔

پونم کا چاند جب اپنے سفر کی آدھی منزل طے کرکے ذرا آرام کرنے کے لئے ٹھہر گیا تھا، ٹھیک ایسے وقت میں پھر دوبارہ تاج محل پہونچا۔ چاندنی نے قدرت کے آنچل کو جوہی اور چمیلی کے پھولوں سے بھر دیا تھا۔ دکھنی ہوا تاج محل کے اُوپر چنور ہلا رہی تھی۔ آم کی ڈالی پر بیٹھی ہوئی کویل اسراج کے تار سنبھال رہی تھی۔ تاج محل کی داہنی طرف اس لال محل کے آنگن میں کھڑا ہوکر میں ایک ٹک تاج کی شوبھا دیکھ رہا تھا۔ باغ کے پیڑ اپنی شاکھائیں پھیلائے ہوئے اُس محل سے خاموشی کے سروں میں اپنے سکھ دکھ کی کہانی کہنے میں مصروف تھے۔ زمانہ بیت گیا اُن گھٹناؤں کو دیکھے ہوئے مگر اب بھی وہ کتنی صفائی سے اُن کے دلوں میں جڑی ہوئی ہیں۔ برگد کا وہ درخت تب کتنا ننھا سا تھا۔ شہزادی زیب النسا نے لاڈ میں جب اُس کی کونپلیں توڑی تھیں تو مابدولت شاہجہاں نے شہزادی کو ڈانٹ کر حسرت بھری

* एक क़िस्म का बेहिश्ती फूल ایک قسم کا بہشتی پھول.

निगाहों से उस बरगद के पौधे के नन्हे से बदन पर अपने शाही हाथ फेरे थे. महज़ उसी एक याद को ताज़ा किये हुए वह आज चार सदियों से अपने मालिक की क़ब्रगाह को निहारता रहता है. बदन उसका खोखला हो गया है तो क्या हुआ वह अपने लड़खड़ाते पैरों पर खड़ा है, मानो क़यामत के दिन अंगड़ाई लेकर उठते हुए शहन्शाह से कहेगा—"जहाँ पनाह ! मैं तुम्हारा हक़ीर ख़ादिम हूँ." कुछ दरख़्त अपनी अलसाई शाखें जमुना की ओर बढ़ा कर मानों मिन्नतें कर रहे हैं—बहन, ठहरो ! तुम तो दिल्ली से आ रही हो. बहादुरशाह के बाद तुमने दीवाने ख़ास की कोई ख़बर नहीं बताई. क्यों ? क्या लाल क़िले की दीवारें तुम्हें देखकर अब अपना मुँह फेर लेती हैं ? बहन ! तारवर्क़ी तो दोहरा दोहरा कर यह ऐलान कर रहे हैं कि फ़िरंगी अब लाल क़िले से रुख़सत हो गये हैं और वहाँ मुल्की निशान फहरा रहा है." मगर जमुना के कानों में मानो कोई बात ही नहीं पड़ती और अनमनी हो कर आगे बढ़ जाती है, सिर्फ़ कलकल, छपछप की आवाज़ कानों में पड़ती है, मानो जमुना की धाराएं उसके अनमनेपन पर कानाफूसी कर रही हों.

ताज के बाईं तरफ़ लाल मस्जिद खड़ी हुई थी. रुपहले संगमरमर से टकराकर चाँदनी मस्जिद के गुलाबी बदन को सफ़ेद ढाकाई मलमल की चादर से ढकने की बेकार कोशिश कर रही थी. ताज के पीछे से जमुना शहर की ओर इस तरह बह रही थी मानो मुमताज के दामन का रुपहला गोटा सिलन तोड़कर बिखर गया हो. ताज से तीन मील दूर काले धब्बे की तरह क़िला और जहांगीरी महल खड़े हुए थे. क़िले के बाहर के लाल पत्थर की चहारदीवारी धुँधलके में साफ़ नहीं दिखाई दे रही थी, लेकिन भीतर की संगमरमर की मोती मस्जिद रह रह कर चमक उठती थी.

❀ ❀ ❀

रात की ख़ामोशी में तवारीख़ की टूटी कड़ियों को सिलसिलेवार जोड़ने की कोशिश करते हुए कितनी रात बीत गई, इसका मुझे ज़रा भी अन्दाज़ा न था. चाँद की शीतल किरनें, मन्द मन्द हवा के झकोरे, रुपहला और चमकता हुआ ताजमहल—सारा समाँ और नज़्ज़ारा इतना मन मोहने वाला था कि दिमाग़ एक जगह अटक कर रह गया. सहसा उस सुनसान महल को रस में नहलाती हुई इसराज की एक मधुर तान मेरे कानों में गूँज गई. मेरे अचरज का ठिकाना न रहा जब मैंने यह महसूस किया कि उसी सुनसान महल के भीतर से मधुर मधुर गीत की यह धुन उठ रही थी, मेरे तन बदन में कंपकपी सी दौड़ गई.

यकायक बाजे की गत के साथ मुझे एक ईरानी नाच के पदचाप सुनाई दिये. इसराज के तार हवा को मथकर

نگاہوں سے اُس برگد کے پودے کے ننھے سے بدن پر اپنے شاہی ہاتھ پھیرے تھے ۔ محض اُسی ایک یاد کو تازہ کئے ہوئے وہ آج چار صدیوں سے اپنے مالک کی قبرگاہ کو نہارتا رہتا ہے ۔ بدن اُس کا کھوکھلا ہوگیا ہے تو کیا ہوا وہ اپنے لڑکھڑاتے پیروں پر کھڑا ہے، مانو قیامت کے دن انگڑائی لیکر اُٹھتے ہوئے شہنشاہ سے کہیگا— "جہاں پناہ ! میں تمہارا حقیر خادم ہوں ۔" کچھ درخت اپنی السائی شاخیں جمنا کی اور بڑھا کر مانو منتیں کر رہے ہیں—"بہن، ٹھہرو ! تم تو دلی سے آ رہی ہو ۔ بہادرشاہ کے بعد تم نے دیوان خاص کی کوئی خبر نہیں بتائی ۔ کیوں ؟ کیا لال قلعے کی دیواریں تمہیں دیکھکر اب اپنا منہ پھیر لیتی ہیں ؟ بہن، تارورقی تو دھرا دھرا کر یہ اعلان کر رہے ہیں کہ فرنگی اب لال قلعہ سے رخصت ہوگئے ہیں اور وہاں ملکی نشان پھہرا رہا ہے ۔" مگر جمنا کے کانوں میں کوئی بات ہی نہیں پڑتی اور وہ انمنی ہوکر آگے بڑھ جاتی ہے ۔ صرف کل کل، چھپ چھپ کی آواز کانوں میں پڑتی ہے مانو جمنا کی دھارائیں اس کے انمنے پن پر کانا پھوسی کر رہی ہوں ۔

تاج کے بائیں طرف لال مسجد کھڑی ہوئی تھی ۔ روپہلے سنگ مرمر سے ٹکرا کر چاندنی مسجد کے گلابی بدن کو سفید ڈھاکائی ململ کی چادر سے ڈھکنے کی بیکار کوشش کر رہی تھی ۔ تاج کے پیچھے سے جمنا شہر کی اور اس طرح بہ رہی تھی مانو ممتاز کے دامن کا روپہلا گوٹا سیلن توڑکر بکھر گیا ہو ۔ تاج سے تین میل دور کالے دھبے کی طرح قلعہ اور جہانگیری محل کھڑے ہوئے تھے ۔ قلعہ کے باہر کے لال پتھر کی چہاردیواری دھندلکے میں صاف نہیں دکھائی دے رہی تھی، لیکن بھیتر کی سنگ مرمر کی موتی مسجد رہ رہ کر چمک اُٹھتی تھی ۔

❀ ❀ ❀

رات کی خاموشی میں تواریخ کی ٹوٹی کڑیوں کو سلسلہ وار جوڑنے کی کوشش کرتے ہوئے کتنی رات بیت گئی اِس کا مجھے ذرا بھی اندازہ نہ تھا ۔ چاند کی شیتل کرنیں، مند مند ہوا کے جھکورے، روپہلا اور چمکتا ہوا تاج محل—سارا سماں اور نظارہ اِتنا من موہنے والا تھا کہ دماغ ایک جگہ اٹک کر رہ گیا. سہسا اُس سنسان محل کو رس میں نہلاتی ہوئی اسراج کی ایک مدھرتان میرے کانوں میں گونج گئی ۔ میرے اچرج کا ٹھکانہ نہ رہا ۔ جب میں نے یہ محسوس کیا کہ اُس سنسان محل کے بھیتر سے مدھر مدھر گیت کی یہ دھن اُٹھ رہی تھی تو میرے تن بدن میں کنپکپی سی دوڑ گئی ۔

یکایک باجے کی گت کے ساتھ مجھے ایک ایرانی ناچ کے پدچاپ سنائی دیئے ۔ اُسراج کے تار ہوا کو متھ کر

मदहोश बना रहे थे. घुंघरुओं की झंकार भी तेजी पकड़ रही थी. मैं भी सुर ताल में थपकी भर कर झूमने लगा. मेरे पैर बरबस नाच का ताल और सुर भरने लगे. मैं हैरान होकर सोचने लगा कि इसराज के तारों पर इतना मदमस्त कम्पन आखिर किन उंगलियों ने पैदा किया ? यह नाच और गान आखिर हो कहाँ रहा है ? मैं यह सोच ही रहा था कि मेरे कानों में दमिश्क़ के एक अरबी प्रेम-गीत के सुर पड़े. क्या अपने पिछले सफ़र में मैंने यही प्रेम-गीत नहीं सुना था ? मगर यहाँ उस गीत पर कलाकार के कोमल सुरों ने मिठास का मुलम्मा फेर दिया था. सा...र...ग...म के मधुर सुर पर अलाप दौड़ रहा था. इसराज के सिर्फ़ तीन तारों पर उंगलियाँ फिर रही थीं, मगर मेरा दिल इसराज की कम्पन के साथ तड़पता और चीत्कार करता, रात की ख़ामोशी को चीरता, चाँदनी और अँधेरे में मँडराता, पेड़ों की शाखों पर नाचता, जमुना की तरंगों पर झूमता, सारे समाँ को कम्पित करता अनन्त में समा जाना चाहता था. ऐसा लगता था कि मानो किसी बसन्त के सवेरे सारी दुनिया की हसरत बटोर कर पपीहा अपने पी के साथ एक हो जाना चाहता था. गायक के सुरों में इतना जादू था कि मैं अपनी सुध बुध खो बैठा. नीले आसमान में चमचमाता हुआ पूनम का चाँद दोनों हाथों से अपनी चाँदनी बखेर रहा था. गीत की तान के साथ संसार का सारा रस मानो एक जगह इकट्ठा हो रहा था. जो कुछ मैंने देखा और सुना उसकी सही सही तसवीर लफ़्ज़ों में उतार सकना मेरे लिये क़तई नामुमकिन है.

जब तक वे काँपते हुए और बिलखते हुए संगीत के स्वर चाँदनी पर रीझे हुए चारों दिशाओं में भटकते रहे तब तक मैं सुध-बुध बिसार कर उसे सुनता रहा. थोड़ी देर के लिए गीत यकायक थम गया. जब मेरे होश हवास लौटे तब मुझे अहसास हुआ कि गीत की धुन तो उसी महल के ऊपर की मंज़िल से आ रही थी. यकायक मन में भावना उठी कि क्यों न ऊपर चल कर देखा जाय. कई चक्करदार सीढ़ियों पर चढ़ता हुआ, रोशनी और अँधेरे से गुज़रता, मैं रास्ता खोजता हुआ ऊपर बढ़ा. इसराज के तार फिर यकायक झनझना उठे और उसकी आवाज़ के सहारे ही मैं ऊपर का रास्ता पाने लगा. गोल चक्कर काटती हुई सीढ़ियाँ छत पर एक छोटे से बरामदे में ख़त्म होती थीं. बरामदा कटी हुई जाफ़री से बन्द था. बरामदे के बाद ही एक बड़ी सी छत थी.

चाँदनी की मासूम किरनें रुपहली पोशाक पहने हुए छत पर रह रह कर गुलाबजल छिड़क रही थीं. चालीस फ़ुट लम्बे चौड़े संगमरमर के फ़र्श पर क़रीब चार इन्च मोटा दमिश्क़ी क़ालीन बिछा हुआ था. पूरब की जानिब एक चाँदी का तख़्त पड़ा हुआ था जिसपर बेशक़ीमत

مدہوش بنا رہے تھے. گھنگروؤں کی جھنکار بھی تیزی پکڑ رہی تھی. میں بھی سرتال میں تھپکی بھر کر جھومنے لگا. میرے پیر برس ناچ کا تال اور سر بھرنے لگے. میں حیران ہو کر سوچنے لگا کہ اِسراج کے تاروں پر اتنا مدمست کمپن آخر کن اُنگلیوں نے پیدا کیا ؟ یہ ناچ اور گان آخر ہو کہاں رہا ہے ؟ میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ میرے کانوں میں دمشق کے ایک عربی پریم گیت کے سر پڑے. کیا اپنے پچھلے سفر میں میں نے یہی پریم گیت نہیں سنا تھا ؟ مگر یہاں اُس گیت پر فنکار کے کومل سروں نے مٹھاس کا ملمع پھیر دیا تھا. سا...رے...گا...ما کے مدھر سر پر الاپ دوڑ رہا تھا. اسراج کے صرف تین تاروں پر اُنگلیاں پھر رہی تھیں مگر میرا دل اسراج کی کمپن کے ساتھ تڑپتا اور چیتکار کرتا، رات کی خاموشی کو چیرتا، چاندنی اور اندھیرے میں منڈراتا، پیڑوں کی شاخوں پر ناچتا، جمنا کی ترنگوں پر جھومتا، سارے سماں کو کمپت کرتا انت میں سما جانا چاہتا تھا. ایسا لگتا تھا مانو کسی بسنت کے سویرے ساری دنیا کی حسرت بٹور کر پپیہا اپنے پی کے ساتھ ایک ہو جانا چاہتا تھا. گایک کے سروں میں اتنا جادو تھا کہ میں اپنی سدھ بدھ کھو بیٹھا. نیلے آسمان میں چمچماتا ہوا پونم کا چاند دونوں ہاتھوں سے اپنی چاندنی بکھیر رہا تھا. گیت کی تان کے ساتھ سنسار کا سارا رس مانو ایک جگہ اکٹھا ہو رہا تھا. جو کچھ میں نے دیکھا اور سنا اُس کی صحیح صحیح تصویر لفظوں میں اُتار سکنا میرے لئے قطعی ناممکن ہے.

جب تک وے کانپتے ہوئے اور بلکھتے ہوئے سنگیت کے سور چاندنی پر ریجھے ہوئے چاروں دشاؤں میں بھٹکتے رہے تب تک میں سدھ بدھ بسار کر اُسے سنتا رہا. تھوڑی دیر کے لئے گیت یکا یک تھم گیا. تھوڑی دیر میں میرے ہوش حواس لوٹے. تب مجھے احساس ہوا کہ گیت کی دھن تو اُسی محل کے اُوپر کی منزل سے آرہی تھی. یکا یک من میں بھاؤنا اُٹھی کہ کیوں نہ اُوپر چل کر دیکھا جائے. کئی چکر دار سیڑھیوں پر چڑھتا ہوا، روشنی اور اندھیرے سے گذرتا، میں راستہ کھوجتا ہوا اُوپر کا راستہ پانے لگا. گول چکر کاٹتی ہوئی سیڑھیاں چھت پر ایک چھوٹے سے برآمدہ میں ختم ہوتی تھیں. برآمدہ کٹی ہوئی جافری سے بند تھا. برآمدہ کے بعد ہی ایک بڑی سی چھت تھی.

چاندنی کی معصوم کرنیں روپہلی پوشاک پہنے ہوئے چھت پر رہ رہ کر گلاب جل چھڑک رہی تھیں. چالیس فٹ لمبے چوڑے سنگ مرمر کے فرش پر قریب چار انچ موٹا دمشقی قالین بچھا ہوا تھا. پورب کے جانب ایک چاندی کا تخت پڑا ہوا تھا جس پر بیش قیمت

सुनहरा किमखाब बिछा था. कामदार गाव तकिये लगे हुए थे. तख्त पर एक बूढ़ा सा आदमी गाव तकिये के सहारे बैठा हुआ था—चौड़ी छाती, उठी हुई पेशानी, लम्बी झुकी हुई नाक, उभरी हुई गाल की हड्डियाँ, दाढ़ी और भवें दोनों सफ़ेद. बूढ़े के सामने एक जर्द मसनद के सहारे एक नौजवान सुन्दरी बैठी हुई थी जिसकी उम्र का तख़मीना 25 और 30 बरस के बीच किया जा सकता है. उसके चेहरे पर हुस्न बरस रहा था. रंग उसका दमकते हुए सोने का सा था. उसके सर के बाल चार लटों में पिरोये हुए थे जो काली नागिनों की तरह कमर तक लटक रहे थे, आँखें उसकी गोल बादाम जैसी, पेशानी पर कुछ घुँघराली लटें उड़ रही थी, नाक पतली लेकिन सीधी, धनुष जैसे गुलाबी होंट, मोतियों के से दाँत, गोल ठुड्डी और लम्बा चेहरा, हाथ, पैर और कान छोटे लेकिन बेहद सुडौल और भरे हुए. वह गहरे लाल रेशम की कुर्ती, सुनहले साटन की जैकेट पहने हुए थी और उस पर हल्के गुलाबी रंग का सुनहला गोटा टँका था; रतन जटित सल्मा सितारों से भरा और चुन्नट किया हुआ दुपट्टा ओढ़े हुए थी. उसके दाहिने हाथ में नरगिस के फूलों का गुच्छा था. ऐसा मालूम होता था कि वह संगीत में डूबी हुई थी. उन दोनों के अलावा दो खूबसूरत नौजवान नर्तकी और एक अधेड़ शख्स और था जो डूबा हुआ इसराज के तारों पर अपनी उंगलियाँ फेर रहा था. दोनों नर्तकी भी ज़री और रेशमी कपड़े पहने हुए थीं. मैं तहज़ीब और शायस्तगी भूलकर चाँद की किरनों से धुले हुए सुन्दरी के चेहरे को एक टक देख रहा था. पाँचों में से किसी को मेरी मौजूदगी का अहसास न हो पाया.

❀ ❀ ❀

मैं वहाँ चुपचाप खड़ा था, मानो किसी मंत्र से बँधा हुआ. उस्ताद की उँगलियों के छूते ही इसराज पागल हो उठता था. मद भरा प्रेम गीत, मनमोहक नाच और इसराज की तरंगें जादू का सा समा बाँध रही थी.

यकायक मजलिस रुकी और सब के सब मुँडेर के पास आकर, नीचे बहती हुई जमुना के उस पार कोहरे का दुपट्टा ओढ़े आगरे की सोई हुई नगरी की ओर ध्यान से देखने लगे. मैं भी कौतूहल से भरा हुआ दीवार के पास पहुंचा. जो कुछ देखा, मेरे अचरज का ठिकाना न रहा. फटते हुए कोहरे की चादर से साफ़ होता हुआ संगमरमर का एक पुल दिखाई दिया जिसकी एक मेहराब ताज के इस किनारे पर थी तो दूसरी मेहराब जमुना के उस किनारे पर. सिर्फ़ एक मेहराब वाला रुपहले संगमरमर का बुर्जदार खूबसूरत पुल देखकर मेरी हैरत का ठिकाना न रहा. कोहरा ज़रा और साफ़ हुआ और तब मैंने देखा कि ठीक जमुना के उस

سنہرا کمخواب بچھا تھا۔ گاؤ تکئے لگے ہوئے تھے۔ تخت پر ایک بوڑھا سا آدمی گاؤ تکئے کے سہارے بیٹھا ہوا تھا—چوڑی چھاتی، اٹھی ہوئی پیشانی، لمبی جھکی ہوئی ناک، اُبھری ہوئی گال کی ہڈیاں، داڑھی اور بھوئیں دونوں سفید۔ بوڑھے کے سامنے ایک زرد مسند کے سہارے ایک نوجوان سندری بیٹھی ہوئی تھی جس کی عمر کا تخمینہ 25 اور 30 برس کے بیچ کیا جا سکتا ہے۔ اُس کے چہرے پر حسن برس رہا تھا۔ رنگ اُس کا دمکتے ہوئے سونے کا سا تھا۔ اُس کے سر کے بال چار لٹوں میں پروئے ہوئے تھے جو کالی ناگنوں کی طرح کمر تک لٹک رہے تھے، آنکھیں اُس گول بادام جیسی، پیشانی پر کچھ گھنگھرالی لٹیں اُڑ رہی تھی، ناک پتلی لیکن سیدھی، دھنش جیسے گلابی ہونٹ، موتیوں کے سے دانت، گول ٹھوڑی اور لمبا چہرہ، ہاتھ پیر اور کان چھوٹے لیکن بے حد سڈول اور بھرے ہوئے۔ وہ گہرے لال ریشم کی کرتی، سنہلے ساٹن کی جیکٹ پہنے ہوئے تھی اور اُس پر ہلکے گلابی رنگ کا سنہلا گوٹا ٹنکا تھا؛ رتن جٹت سلمہ ستاروں سے بھرا اور چنٹ کیا ہوا دوپٹہ اوڑھے ہوئے تھی۔ اس کے داہنے ہاتھ میں نرگس کے پھولوں کا گچھا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا وہ سنگیت میں ڈوبی ہوئی تھی۔ ان دونوں کے علاوہ دو بصورت نوجوان نرتکی تھیں اور ایک ادھیڑ شخص اور تھا۔ ڈوبا ہوا اسراج کے تاروں پر اپنی اُنگلیاں پھیر رہا تھا۔ دونوں نرتکی بھی زری اور ریشمی کپڑے پہنے ہوئے تھیں۔ میں تہذیب اور شایستگی بھول کر چاند کی کرنوں سے دھلے ہوئے سندری کے چہرے کو ایک تک دیکھ رہا تھا۔ پانچوں میں سے کسی کو میری موجودگی کا احساس نہ ہو پایا۔

❀ ❀ ❀

میں وہاں چپ چاپ کھڑا تھا مانو کسی منتر سے بندھا ہوا۔ اُستاد کی اُنگلیوں کے چھوتے ہی اسراج پاگل ہو اٹھتا تھا۔ مد بھرا پریم گیت، من موہک ناچ اور اِسراج کی ترنگیں جادو کا سا سماں باندھ رہی تھیں۔

یکا یک مجلس رکی اور سب کے سب منڈیر کے پاس آکر، نیچے بہتی ہوئی جمنا کے اُس پار، کہرے کا دوپٹہ اوڑھے آگرے کی سوئی نگری کی اُور دھیان سے دیکھنے لگے۔ میں بھی کوتوہل سے بھرا ہوا دیوار کے پاس پہونچا، جو کچھ دیکھا، میرے آچرج کا ٹھکانہ نہ رہا۔ پھٹتے ہوئے کہرے کی چادر سے صاف ہوتا ہوا سنگ مرمر کا ایک پل دکھائی دیا جس کی ایک محراب تاج کے اِس کنارے پر تھی تو دوسری محراب جمنا کے اُس کنارے پر۔ صرف ایک محراب والا روپہلے سنگ مرمر کا برج دار خوبصورت پل دیکھ کر میری حیرت کا ٹھکانا نہ رہا۔ کہرا ذرا اور صاف ہوا اور تب میں نے دیکھا کہ ٹھیک جمنا کے اُس

किनारे पर संगमरमर के पुल के उस पार के पास ताजमहल की हू बहू एक दूसरी इमारत खड़ी थी—उतनी ही साफ़, उतनी ही सुन्दर, उतनी ही कला से भरी हुई, उतनी ही बिल्लौरी—दोनों में किसी क़िस्म का फ़र्क़ कर सकना मुश्किल था. पुल का रास्ता, छत, मेहराब, खिड़कियें सब सफ़ेद चमकदार संगमरमर की बनी हुई थीं. मैं अचरज और हैरत में सरोपा डूब कर अपनी सुध बुध खो बैठा. पुल क्या था मानो संगमरमर का धनुष एक ताज को दूसरे ताज से जोड़ रहा था.

मैं बेचैन होकर उस नज़्ज़ारे के पुट के पुट अपने दिल में भर रहा था कि अचानक जमुना के जल से घना कोहरा उठकर आसमान में छाने लगा. आगरे का शहर, संगमरमर का पुल, उस पार का ताजमहल और नदी सब के सब धुँधल्के के पर्दे में छिप गये. मैंने आसमान की ओर नज़र डाली तो देखा कि पूनम का चाँद उफ़क़ के होंटों का चुम्बन ले रहा था. चाँदनी नीली पड़ रही थी और आने वाली जुदाई के सदमे से सिमटती जा रही थी.

मैंने मुड़ कर मजलिस की तरफ़ नज़र डाली मगर वहाँ पाँचों में से कोई भी न था. बिना किसी आवाज़ के, ख़ामोशी के साथ वे मानो सबके सब हवा में ग़ायब हो गये. वह मोटा मख़मली क़ालीन, जड़ाऊ चाँदी का तख़्त, रेशमी और किमख़्वाब की चादरें, ज़री गाव तकिये और मसनदें, उस्ताद और इसराज, नर्तकियाँ और उनके घुँघरू, वह हुस्न की परी और वह इन्सानियत का देवता, सब के सब रहस्य के पर्दे में समा गये. किसी चीज़ की वहाँ परछाईं तक बाक़ी न रही. उस अजीबो ग़रीब मजलिस की यादगार को ताज़ा रखने वाला सिर्फ़ रह गया था सदाबहार नरगिस के फूलों का वह गुच्छा ! मैंने एक सर्द आह भर कर धीरे से उसे जाकर उठा लिया.

❀ ❀ ❀

एक ठंडी हवा के झोंके ने मेरी खोई हुई चेतना वापस ला दी. मैंने आगरे की तरफ़ नज़र दौड़ाई. रेल के इंजनों और कारख़ानों की चिमनियों का धुँआ कुन्डली बनाता हुआ हवा के रुख़ उत्तर दिशा में इकट्ठा हो रहा था. दूर, बहुत दूर, पहाड़ियों की एक क़तार थकी माँदी पड़ी थी. मैं गुम सुम सोच रहा था कि वह संगमरकर का पुल और वह दूसरा ताज क्या महज़ मेरी कल्पना और धोका थे ? वह हुस्न की परी और वह शायस्तगी का देवता, क्या वह दोनों भी धोका थे ? वह नौजवान नर्तकियाँ झूम झूक कर नाचती हुई और कला का धनी वह उस्ताद, क्या वे तीनों भी सपना थे ? नहीं, यह क़तई नामुमकिन है. मैं उन सब के चेहरों की राई राई बनावट दोहरा सकता हूँ. कितना सुरीला गला था उस्ताद का, कितना स्वर और ताल से भरा हुआ ! क्या वह

کنارے پر سنگ مرمر کے پل اُس پایہ کے پاس تاج محل کی ہو بہو ایک دوسری عمارت کھڑی تھی۔ اُتنی ہی صاف، اُتنی ہی سندر، اُتنی ہی کلا سے بھری ہوئی، اُتنی ہی بلوری—دونوں میں کس قسم کا فرق کر سکنا مشکل تھا۔ پل کا راستہ، چھت، محراب، کھڑکیاں سب سفید چمکدار سنگ مرمر کی بنی ہوئی تھیں۔ میں اچرج اور حیرت میں سروپا ڈوب کر اپنی سدھ بدھ کھو بیٹھا۔ پل کیا تھا مانو سنگ مرمر کا دھنش تاج کو دوسرے تاج سے جوڑ رہا تھا۔

میں بے چین ہو کر اُس نظارے کے پٹ کے پٹ اپنے دل میں بھر رہا تھا کہ اچانک جمنا کے جل سے گھنا کہرا اُٹھکر آسمان میں چھانے لگا۔ آگرے کا شہر، سنگ مرمر کا پل، اُس پار کا تاج محل اور ندی سب کے سب دھندلکے کے پردے میں چھپ گئے۔ میں نے آسمان کی اور نظر ڈالی تو دیکھا کہ پونم کا چاند اُفق کے ہونٹھوں کا چمبن لے رہا تھا۔ چاندنی نیلی پڑ رہی تھی اور آنے والی جدائی کے صدمے سے سمٹتی جا رہی تھی۔

مینے مڑکر مجلس کی طرف نظر ڈالی مگر وہاں پانچوں میں سے کوئی بھی نہ تھا۔ بنا کسی آواز کے، خاموشی کے ساتھ وے مانو سب کے سب ہوا میں غایب ہو گئے۔ وہ موٹا مخملی قالین، جڑاؤ چاندی کا تخت، ریشمی اور کمخواب کی چادریں، زرین گاؤ تکیے اور مسندیں، اُستاد اور اسراج، نرتکیاں اور ان کے گھنگھرو، وہ حسن کی پری اور وہ انسانیت کا دیوتا، سب کے سب رہسیہ کے پردے میں سما گئے۔ کسی چیز کی وہاں پرچھائیں تک باقی نہ رہی۔ اُس عجیب و غریب مجلس کی یادگار کو تازہ رکھنے والا صرف رہ گیا تھا سدا بہار نرگس کے پھولوں کا وہ گچھا ! مینے ایک سرد آہ بھر کر دھیرے سے اُسے جاکر اُٹھا لیا۔

❀ ❀ ❀

ایک ٹھنڈی ہوا کے جھونکے نے میری کھوئی ہوئی چیتنا واپس لا دی۔ مینے آگرے کی طرف نظر دوڑائی۔ ریل کے انجنوں اور کارخانوں کی چمنیوں کا دھواں کنڈلی بنا ہوا ہوا کے رخ اُتر دشا میں اکٹھا ہو رہا تھا۔ دور، بہت دور، پہاڑیوں کی ایک قطار تھکی ماندی پڑی تھی۔ میں گم سم سوچ رہا تھا کہ وہ سنگ مرمر کا پل اور وہ دوسرا تاج کیا محض میری کلپنا اور دھوکا تھے ؟ وہ حسن کی پری اور وہ شایستگی کا دیوتا کیا وہ دونوں بھی دھوکا تھا ؟ وہ نوجوان نرتکیاں جھوم جھوم کر ناچتی ہوئی اور کلا کا دھنی وہ اُستاد کیا وے تینوں بھی سپنا تھے ؟ نہیں یہ قطعی ناممکن ہے۔ میں ان سب کے چہروں کی رائی رائی بناوٹ دھرا سکتا ہوں۔ کتنا سریلا گلا تھا اُستاد کا، کتنا سور اور تال سے بھرا ہوا ! کیا وہ

महज मेरे दिमाग़ की उपज थी ? कभी नहीं ! कभी नहीं ! अगर यह सब सपना और धोका था तो यह नरगिस के फूल ? इनकी सुगन्ध, इनकी पंखड़ियाँ और इनकी मादकता, यह सब कितनी जीती जागती बातें हैं ! मैं इनकी खुशबू को सूँघ रहा हूँ, इन्हें हाथों से छू रहा हूँ और आँखों से देख रहा हूँ. अगर यह सपना और धोका नहीं हैं तो वह हुस्न की परी जिसने इन्हें अपनी कोमल उंगलियों से पकड़ रक्खा था कैसे सपना और धोका हो सकती है ?

❀ ❀ ❀

उफ़क़ ने धीरे से सिंदूर का थाल बिखेर दिया. आसमान ने हँसकर उसकी पेशानी को चूम लिया. सूरज ने कनखियों से उनकी यह प्रेम लीला देखी. मौलसिरी के पेड़ पर बैठा हुआ पपीहा पी कहाँ ! पी कहाँ ! की टेर लगाने लगा. नीचे बाग़ की सफ़ाई और इक्का दुक्का सैलानी की आमद रफ़्त शुरू हो गयी. मैं थका हुआ भारी पैरों से सीढ़ियाँ तय करता हुआ नीचे आया. महल से निकलते ही एक बूढ़े खवास्तगीर पर मेरी नज़र पड़ी. मैंने पास जाकर उससे रात के गीत और नाच की बात पूछी. लापरवाही से बूढ़े ने मुझे टाल दिया. पर जब मैंने उस हुस्न की परी की बात कही तो उसके पैर लड़खड़ा गये. उसके हाथ से लाठी छूट कर गिर पड़ी. वह वहीं कलेजा थाम कर बैठ गया. जब संभल कर उठा तो अस्फुट आवाज़ में 'मल्कए जहान ! मल्कए जहान !' कहता हुआ एक ओर चला गया. मैं उससे ज्यादा कुछ न पूछ सका.

उस पूनो की रात की बात मैं किस से पूछूँ ? लोग मुझे सस्ती और दीवाना समझेंगे. हालाँकि मुझे इसकी ज़रा भी परवाह नहीं. लेकिन मैं यह नहीं चाहता कि कोई मल्कए जहान मुमताज़ का मज़ाक़ उड़ाए.

वह सदा सुगंध देने वाले नरगिस के फूल अब भी जस[illegible] के साथ मेरे ड्राइंग रूम में चाइना के फूलदान में रक[illegible] हुए हैं.

محض میرے دماغ کی اپج تھی ؟ کبھی نہیں ! کبھی نہیں ! اگر یہ سب سپنا اور دھوکا تھا تو یہ نرگس کے پھول ؟ اِن کی سگندھ، اِن کی پنکھڑیاں اور اِن کی مادکتا یہ سب کتنی جیتی جاگتی باتیں ہیں ! میں اِن کی خوشبو کو سونگھ رہا ہوں، اِنہیں ہاتھوں سے چھو رہا ہوں اور آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں. اگر یہ سپنا اور دھوکا نہیں ہیں تو وہ حسن کی پری جس نے اِنہیں اپنی کومل اُنگلیوں سے پکڑ رکھا تھا کیسے سپنا اور دھوکا ہو سکتی ہے ؟

❀ ❀ ❀

اُفق نے دھیرے سے سندور کا تھال بکھیر دیا. آسمان نے ہنس کر اُس کی پیشانی کو چوم لیا. سورج نے کنکھیوں سے اُن کی یہ پریم لیلا دیکھی. مولسری کے پیڑ پر بیٹھا ہوا پپیہا پی کہاں ! پی کہاں ! کی ٹیر لگانے لگا. نیچے باغ کی صفائی اور اِکا دوکا سیلانی کی آمد رفت شروع ہو گئی. میں تھکا ہوا بھاری پیروں سے سیڑھیاں طے کرتا ہوا نیچے آیا. محل سے نکلتے ہی ایک بوڑھے خواستگیر پر میری نظر پڑی. میں نے پاس جا کر اُس سے رات کے گیت اور ناچ کی بات پوچھی. لاپرواہی سے بوڑھے نے مجھے ٹال دیا. پر جب میں نے اُس حسن کی پری کی بات کہی تو اُس کے پیر لڑکھڑا گئے. اُس کے ہاتھ سے لاٹھی چھوٹ کر گر پڑی. وہ وہیں کلیجہ تھام کر بیٹھ گیا. جب سنبھل کر اُٹھا تو اسپھٹ آواز میں، ملکۂ جہان ! ملکۂ جہان !، کہتا ہوا ایک اور چلا گیا. میں اُس سے زیادہ کچھ نہ پوچھ سکا.

اُس پونو کی رات کی بات میں کس سے پوچھوں ؟ لوگ مجھے خبطی اور دیوانہ سمجھیں گے، حالانکہ مجھے اِس کی ذرا بھی پرواہ نہیں. لیکن میں یہ نہیں چاہتا کہ کوئی ملکۂ جہان ممتاز کا مذاق اُڑائے.

وہ سدا سگندھ دینے والے نرگس کے پھول اب بھی جتن کے ساتھ میرے ڈرائنگ روم میں چائنا کے پھولدان میں رکھے ہوئے ہیں.

एक आदर्श चीनी मजदूर लड़की

श्रीमती प्रभा एम. ए. हिन्दी अध्यापिका
पीकिंग यूनिवर्सिटी पीकिंग, चीन

(1)

हो चेन शू को मैं पहले नहीं जानती थी पर नाम बहुत सुना था. चीन में जहां कहीं भी हम कपड़े की मिल देखने गए मालूम हुआ कि वहां के कारखाने वाले हो चैन शू का तरीक़ा काम में ला रहे हैं. एक दिन मेरे एक विद्यार्थी ल्याओ ची युई ने मुझ से पूछा–"आप हो चेन शू को जानती हैं ?" मैंने कहा—"पत्रिकाओं में कुछ उनके बारे में पढ़ा है." उसने कहा—"आप उनसे मिलिये, पीकिंग ही में तो हैं और सारे देश में मशहूर हैं." उसी दिन से मुझे इच्छा हुई कि मैं हो चैन शू से मुलाक़ात करूं. मैंने अपनी इच्छा अपने चीनी अध्यापक साथी श्री यिन हुंग युयेन के सामने रक्खी. उन्होंने बड़ी दिलचस्पी के साथ विश्वविद्यालय के पूर्वी-भाषा विभाग की तरफ़ से मेरे हो चेन शू के पास जाने का प्रबंध कर दिया. मुझे 12 फ़र्वरी को 4 बजे उनसे मिलने का समय दिया गया. मन में अजीब तरह की ख़ुशी महसूस करती हुई मैं उस दिन यिन साहब के साथ हो चेन शू से मिलने चली.

हो चेन शू जनता विश्वविद्यालय (Peoples University) के मिडिल स्कूल में पहले दरजे की विद्यार्थी हैं. जनता विश्वविद्यालय पेकिंग विश्वविद्यालय से तीन चार मील दूर है. जब हम उस विश्वविद्यालय के फाटक पर पहुंचे तो वहां के प्रधान (Vice-Chancellor) व उपप्रधान (नायब वाइस चाँसलर) ने हमारा स्वागत किया. सादी पोशाक में मंझोले क़द की लगभग उन्नीस बरस की एक तन्दुरुस्त व हंसमुख चेहरे वाली लड़की को प्रधान ने आगे कर दिया—"यह हैं हो चेन शू." वह हमसे बड़ी मुहब्बत से मिलीं और उस कमरे में ले गईं जहां मेहमानों के बैठने के लिये ख़ास तौर से इन्तज़ाम है. प्रधान ने मुझ से कहा कि हो चेन शू उनके विश्वविद्यालय में पढ़ती है यह उनके लिये ख़ुशी की बात है. मैं भी बेहद ख़ुश थी. मैंने प्रधान को धन्यवाद दिया कि उन्होंने मुझे हो चेन शू से मिलने का मौक़ा दिया. इस के बाद वे बाहर चले गये और मैं हो चेन शू से बातचीत करने लगी.

हो चेन शू ने मुझे अपने बचपन का हाल बताते हुए कहा:—"मैं शांगतुँग प्रांत के छिंग ताव शहर के पास ताओ

ایک آدرش چینی مزدور لڑکی

شریمتی پربھا ایم . اے . ہندی ادھیاپکا پیکنگ یونیورسٹی
پیکنگ، چین

(1)

ہوچین‌شو کو میں پہلے نہیں جانتی تھی پر نام بہت سنا تھا . چین میں جہاں کہیں بھی ہم کپڑے کی مل دیکھنے گئے معلوم ہوا کہ وہاں کے کارخانے والے ہو چین شو کا طریقہ کام میں لا رہے ہیں . ایک دن میرے ایک ودیارتھی لیاؤ چی یوئی نے مجھ سے پوچھا—"آپ ہوچین شوکو جانتی ہیں ؟" میں نے کہا—"پتریکاؤں میں کچھ اُن کے بارے میں پڑھا ہے." اُس نے کہا—"آپ اُن سے ملئے، پیکنگ ہی میں تو ہیں اور سارے دیش میں مشہور ہیں ." اُسی دن سے مجھے اِچھا ہوئی کہ میں ہوچین شو سے ملاقات کروں . میں نے اپنی اِچھا اپنے چینی ادھیاپک ساتھی شری ین ہنگ یوئین کے سامنے رکھی . اُنھوں نے بڑی دلچسپی کے ساتھ وشودیالیہ کے پوروی بھاشا وبھاگ کی طرف سے میرے ہوچین شو کے پاس جانے کا پربندھ کردیا . مجھے 12 فروری کو 4 بجے اُن سے ملنے کا سمے دیا گیا . من میں عجیب طرح کی خوشی محسوس کرتی ہوئی میں اُس دن ین صاحب کے ساتھ ہوچین شو سے ملنے چلی .

ہوچین‌شو جنتا وشودیالیہ (Peoples University) کے مڈل اِسکول میں پہلے درجہ کی ودیارتھی ہیں . جنتا وشودیالیہ پیکنگ وشودیالیہ سے تین چار میل دور ہے . جب ہم اُس وشودیالیہ کے پھاٹک پر پہونچے تو وہاں کے پردھان (Vice-Chancellor) و اُپ پردھان (نائب وائس‌چانسلر) نے ہمارا سواگت کیا . سادی پوشاک میں منجھولے قد کی لگ بھگ اُنیس برس کی ایک تندرست و ہنس مکھ چہرے والی لڑکی کو پردھان نے آگے کردیا—"یہ ہیں ہوچین شو ." وہ ہم سے بڑی محبت سے ملیں اور اُس کمرے میں لےگئیں جہاں مہمانوں کے بیٹھنے کے لئے خاص طور سے اِنتظام ہے . پردھان نے مجھ سے کہا کہ ہوچین شو اُن کے وشودیالیہ میں پڑھتی ہے یہ اُن کے لئے خوشی کی بات ہے . میں بھی بےحد خوش تھی . میں نے پردھان کو دھنیہ‌واد دیا کہ اُنھوں نے مجھے ہوچین شو سے ملنے کا موقع دیا . اِس کے بعد وے باہر چلے گئے اور میں ہوچین شو سے بات چیت کرنے لگی .

ہوچین شو نے مجھے اپنے بچپن کا حال بتاتے ہوئے کہا :—"میں شانگتنگ پرانت کے چھنگ تاو شہر کے پاس تاؤ

नामक गांव में पैदा हुई थी. लाखों और ग़रीब बच्चों की तरह मेरा बचपन भी ग़रीबी में बीता. घर में माता पिता के अलावा चार छोटे भाई और दो बहनें थीं, मैं सबसे बड़ी थी. पिता जी के पास एक गधा गाड़ी थी. उससे वह छिंग ताव से दूसरी जगहों पर अमीरों का सामान ढोया करते थे. उन दिनों चोरों लुटेरों के कारण रास्ता ख़तरनाक था मगर गुज़ारे का दूसरा साधन न होने के कारण मेरे पिताजी कई साल से यही काम करते थे. रास्ते में पुलिस तो रहती थी पर वह बहुत कम ध्यान देती थी और मेरे पिताजी अक्सर गाड़ी लुट जाने के कारण दुखी व उदास होकर घर लौटते थे. उनके दिन चिन्ता में बीतते थे और कभी कभी सामान लुट जाने के कारण उन्हें अमीर मालिकों को उनके माल की क़ीमत भी भरनी पड़ती थी. जब कमाई नहीं तो पैसा कहां से देते ? इसलिये उनकी हालत बहुत ही ख़राब रहती थी."

हो चेन शू कहा कि :—"जब मैं 8 साल की थी तब जापानियों ने वहां क़ब्ज़ा कर लिया. सारा गाँव ख़ाली कराया गया. दूसरे घरों के साथ साथ हमारा घर भी जला दिया गया, क्योंकि जापानियों को वहां हवाई अड्डा बनाना था. माता पिता के साथ मैं गांव के बाहर चली गई पर कहीं रहने के लिये जगह न मिली. हम सब एक पहाड़ी गुफा में रहने लगे." इस पर लम्बी सांस लेते हुए हो चेन शू ने कहा :—"उन दिनों हमारी हालत बहुत ख़राब थी. मैं घर की हालत समझती तो थी लेकिन मुझे क्या करना चाहिये यह समझ न थी. कुछ दिन के बाद मैं माता जी के कहने पर जंगल से सूखी घास जमा करने गई और बाद में रोज़ जंगल से घास, खेतों से सब्ज़ियाँ और समन्दर से कुछ खाने की चीज़ें इकट्ठा करने लगी. उन दिनों मैं कचरा-घरों के आगे और कारख़ानों के पिछवाड़े चक्कर लगाया करती थी और जले हुए कोयलों में से अच्छे अच्छे छांटकर घर ले आती थी. कोयला बटोरने के कारण मेरे हाथ, पांव, मुंह सब काले हो गये थे, इसलिये आस पास के सब लोग मुझे "छोटी काली भूतनी" कहने लगे थे."

यह कहते कहते उसके मुँह पर मुस्कराहट आ गई. पर उस मुस्कराहट में भी उस समय की हालत का दर्दनाक चित्र और उसके प्रति उसका असंतोश साफ़ ज़ाहिर हो रहा था.

परिस्थितियों ने उसे अपनी उमर से कुछ अधिक समझदार बना दिया था. गुड़ियां खेलने की उमर में उसने मज़दूरी करने की इच्छा प्रगट की. माता पिता भी इससे राज़ी हुए पर उसने मुझ से कहा कि बहुत कोशिश करने पर भी उसे कोई काम न मिला.

जून 1949 में छिंग ताव गांव जापानियों के क़ब्ज़े से आज़ाद हो गया. अब हो चेन शू के जीवन की दशा ही

نامک گاؤں میں پیدا ہوئی تھی۔ لاکھوں اور غریب بچوں کی طرح میرا بچپن بھی غریبی میں بیتا۔ گھر میں ماتا پتا کے علاوہ چار چھوٹے بھائی اور دو بہنیں تھیں' میں سب سے بڑی تھی۔ پتا جی کے پاس ایک گدھا گاڑی تھی۔ اُس سے وہ چھنگ تاؤ سے دوسری جگہوں پر امیروں کا سامان ڈھویا کرتے تھے۔ اُن دنوں چوروں لٹیروں کے کارن راستہ خطرناک تھا مگر گذارے کا دوسرا سادھن نہ ہونے کے کارن میرے پتا جی کئی سال سے یہی کام کرتے تھے۔ راستے میں پولس تو رہتی تھی پر وہ بہت کم دھیان دیتی تھی اور میرے پتا جی اکثر گاڑی لٹ جانے کے کارن دکھی و اُداس ہوکر گھر لوٹتے تھے۔ اُن کے دن چنتا میں بیتتے تھے۔ اور کبھی کبھی سامان لٹ جانے کے کارن اُنہیں امیر مالکوں کو اُن کے مال کی قیمت بھی بھرنی پڑتی تھی۔ جب کمائی نہیں تو پیسہ کہاں سے دیتے ؟ اِس لئے اُن کی حالت بہت ہی خراب رہتی تھی۔"

ہوچین شو نے کہا کہ :—"جب میں آٹھ سال کی تھی تب جاپانیوں نے وہاں قبضہ کرلیا۔ سارا گاؤں خالی کرایا گیا۔ دوسرے گھروں کے ساتھ ساتھ ہمارا گھر بھی جلا دیا گیا' کیونکہ جاپانیوں کو وہاں ہوائی اڈا بنانا تھا۔ ماتا پتا کے ساتھ میں گاؤں کے باہر چلی گئی پر کہیں رہنے کے لئے جگہ نہ ملی۔ ہم سب ایک پہاڑی گپھا میں رہنے لگے۔" اِس پر لمبی سانس لیتے ہوئے ہوچین شو نے کہا :—"اُن دنوں ہماری حالت بہت خراب تھی۔ میں گھر کی حالت سمجھتی تو تھی لیکن مجھے کیا کرنا چاہئے یہ سمجھ نہ تھی۔ کچھ دن کے بعد میں ماتا جی کے کہنے پر جنگل سے سوکھی گھاس جمع کرنے گئی اور بعد میں روز جنگل سے گھاس' کھیتوں سے سبزیاں اور سمندر سے کچھ کھانے کی چیزیں اکٹھا کرنے لگی۔ اُن دنوں میں کچرا گھروں کے آگے اور کارخانوں کے پچھواڑے چکر لگایا کرتی تھی اور جلے ہوئے کوئلوں میں سے اچھے اچھے چھانٹ کر گھر لے آتی تھی۔ کوئلہ بٹورنے کے کارن میرے ہاتھ' پاؤں' منھ سب کالے ہوگئے تھے' اس لئے آس پاس کے سب لوگ مجھے 'چھوٹی کالی بھوتنی' کہنے لگے تھے۔"

یہ کہتے کہتے اُس کے منھ پر مسکراہٹ آگئی۔ پر اُس مسکراہٹ میں بھی اُس سمے کی حالت کا دردناک چتر اور اُس کے پرتی اُس کا اسنتوش صاف ظاہر ہو رہا تھا۔

پرستھتیوں نے اُسے اپنی عمر سے کچھ ادھک سمجھدار بنا دیا تھا۔ گڑیاں کھیلنے کی عمر میں اُس نے مزدوری کرنے کی اِچھا پرگٹ کی۔ ماتا پتا بھی اِس سے خوش ہوئے پر اُس نے مجھ سے کہا کہ بہت کوشش کرنے پر بھی اُسے کوئی کام نہ ملا۔

جون 1949 میں چھنگ تاؤ گاؤں جاپانیوں کے قبضے سے آزاد ہوگیا۔ اب ہوچین شو کے جیون کی دشا ہی

बदल गई. चीनी कारखानों में मजदूरों की मांग हुई. नवम्बर में उसे सरकारी कपड़ा मिल नं० 6 में काम मिल गया. वह उस समय 14 साल की भी नहीं थी.

घर की ग़रीबी का चित्र उसके सामने था. भाई बहनों का भूक से तड़पना उसे याद था. उससे पहले बीसों बार काम के लिये कोशिश कर चुकी थी, इसलिये जब उसे काम मिला तो वह बहुत ख़ुश हुई और जी लगाकर काम करने लगी. शुरू से ही उसने बड़ी तरक़्क़ी की और अपनी लगन व मेहनत से उसने एक नया तरीका निकाला जिसके अनुसार काम करने में पैदावार बढ़ती थी और सब को बहुत फ़ायदा था. कारख़ाने के अन्दर रुई की कताई और पूनी बनाई में जो रुई ज़ाया जाती थी उसमें हो चेन शू के नए तरीक़े से पचासी फ़ीसदी रुई की बचत होने लगी. पहले तो किसी को विश्वास नहीं हुआ. साथियों ने मज़ाक़ भी उड़ाया पर लगातार अध्ययन करने और देखते रहने के बाद अधिकारियों को उसकी बात मंजूर करनी पड़ी. हो चेन शू का तरीक़ा एक नया और सफल तरीका था इसलिये दिसम्बर 1950 में वह अपने कारख़ाने की "आदर्श मज़दूर" कहलाने लगी और मई 1951 में उसे दूसरे दरजे का यानी छिंग ताव का "आदर्श मज़दूर" घोषित कर दिया गया. अगस्त 1951 में वह सारे देश की "आदर्श मज़दूर" कही जाने लगी. उस समय उसका वेतन लगभग 175 रुपए माहवार था और वह मुश्किल से 16 साल की थी.

सितम्बर 1953 में हो चेन शू को कारख़ाने की तरफ़ से जनता विश्वविद्यालय के मिडिल स्कूल में पढ़ने के लिये भेजा गया. यहां वह तीन साल पढ़ेगी और फिर अपने काम पर वापस चली जाएगी. हो चेन शू विश्वविद्यालय में बहुत ख़ुश है, वेतन अब भी उसे बराबर मिलता रहता है. उसके पिता ने गाड़ी चलाने का काम नहीं छोड़ा. गांव आज़ाद होने के बाद अब भी बड़ी ख़ुशी से अपना काम कर रहे हैं. घर लौटते हैं तो मुंह पर प्रसन्नता रहती है क्योंकि एक दिन में क़रीब क़रीब 8-10 रुपये की आमदनी उन्हें हो जाती है. माता घर का काम देखती हैं; मगर उनकी आंखों में अब दुख के आंसू नहीं, ख़ुशी की चमक रहती है. सब भाई-बहिन तन्दुरुस्त और ख़ुश हैं और सब पढ़ते हैं—"आज़ादी ने हमारे परिवार में जीवन ला दिया." हो चेन शू ने कहा—"इस ख़ुशी और आनन्द की पहले हम कल्पना भी नहीं कर सकते थे; हमारा परिवार अब किसी भी परिवार से कम सुखी नहीं. इन शब्दों को कहते समय उसके चेहरे पर बच्चों की सी सरलता थी. बातचीत के साथ साथ उसके चेहरे के भाव भी बदलते जा रहे थे. परिवार के और अपने सुखी जीवन का ज़िक्र करते ही वह ख़ुशी से गदगद हो गई. अब उसने अपने आप बातचीत का विषय बदल दिया :—"यह

بدل گئی. چینی کارخانوں میں مزدوروں کی مانگ ہوئی. نومبر میں اُسے سرکاری کپڑا مل نمبر 6 میں کام مل گیا . وہ اُس سمے 14 سال کی بھی نہیں تھی .

گھر کی غریبی کا چتر اُس کے سامنے تھا . بھائی بہنوں کا بھوک سے تڑپنا اُسے یاد تھا . اِس سے پہلے بیسوں بار کام کے لئے کوشش کرچکی تھی' اِس لئے جب اُسے کام ملا تو وہ بہت خوش ہوئی اور جی لگاکر کام کرنے لگی . شروع سے ہی اُس نے بڑی ترقی کی اور اپنی لگن و محنت سے اُس نے ایک نیا طریقہ نکالا جس کے انوسار کام کرنے میں پیداوار بڑھتی تھی اور سب کو بہت فایدہ تھا . کارخانے کے اندر روئی کی کتائی اور پونی بنائی میں جو روئی ضائع جاتی تھی اُس میں ہوچین شو کے نئے طریقے سے پچاسی فیصدی روئی کی بچت ہونے لگی . پہلے تو کسی کو وشواس نہیں ہوا . ساتھیوں نے مذاق بھی اُڑایا پر لگاتار ادھین کرنے اور دیکھتے رہنے کے بعد ادھیکاریوں کو اُس کی بات منظور کرنی پڑی . ہوچین شو کا طریقہ ایک نیا اور سہل طریقہ تھا اِس لئے دسمبر 1950 میں وہ اپنے کارخانے کی "آدرش مزدور" کہلانے لگی اور مئی 1951 میں اُسے دوسرے درجے کا یعنی چھنگ تاو کا "آدرش مزدور" گھوشت کردیا گیا . اگست 1951 میں وہ سارے دیش کی "آدرش مزدور" کہی جانے لگی . اُس سمے اُس کا ویتن لگ بھگ 175 روپئے ماہوار تھا اور وہ مشکل سے 16 سال کی تھی .

ستمبر 1953 میں ہوچین شو کو کارخانے کی طرف سے جنتا وشودیالیہ کے مڈل اِسکول میں پڑھنے کے لئے بھیجا گیا . یہاں وہ تین سال پڑھیگی اور پھر اپنے کام پر واپس چلی جائیگی . ہوچین شو وشودیالیہ میں بہت خوش ہے . ویتن اب بھی اُسے برابر ملتا رہتا ہے . اُس کے پتا نے گاڑی چلانے کا کام نہیں چھوڑا . گاؤں آزاد ہونے کے بعد اب بھی بڑی خوشی سے اپنا کام کر رہے ہیں . گھر لوٹتے ہیں تو منھ پر پرسنتا رہتی ہے کیونکہ ایک دن میں قریب قریب 8-10 روپئے کی آمدنی اُنہیں ہوجاتی ہے. ماتا گھر کا کام دیکھتی ہیں' مگر اُن کی آنکھوں میں اب دکھ کے آنسو نہیں خوشی کی چمک رہتی ہے . سب بھائی بہن تندرست اور خوش ہیں اور سب پڑھتے ہیں . "آزادی نے ہمارے پریوار میں جیون لا دیا" ہوچین شو نے کہا— "اِس خوشی اور آنند کی پہلے ہم کلپنا بھی نہیں کرسکتے تھے؛ ہمارا پریوار اب کسی بھی پریوار سے کم سکھی نہیں ." اِن شبدوں کو کہتے سمے اُس کے چہرے پر بچوں کی سی سرلتا تھی . بات چیت کے ساتھ ساتھ اُس کے چہرے کے بھاؤ بھی بدلتے جارہے تھے. پریوار اور اپنے سکھی جیون کا ذکر کرتے ہی وہ خوشی سے گدگد ہوگئی. اب اُس نے اپنے آپ بات چیت کا وشئے بدل دیا :—"یہ

पहला मौक़ा है जब मैं किसी हिन्दुस्तानी महिला से बातचीत कर रही हूँ. मुझे इस समय बेहद ख़ुशी है क्योंकि इतिहास की क्लास में हमने पढ़ा है कि चीन और भारत में कई हज़ार बरस से घनिष्ट मित्रता रही है. पिछले साल प्रधान मंत्री पंडित नेहरू यहां आए और प्रधान मंत्री चाऊ एन लाई भारत गए. अब सब लोग यह जान गए हैं कि दोनों ने जो पंचशील के पांच सिद्धान्त तय किये हैं वे दुनियां की शांति के लिये कितने ज़रूरी हैं." इसके बाद हो चेन शू ने कहा:—"चीन से एक सांस्कृतिक मंडल भारत गया और भारत का कलाकार मंडल यहां आया. इससे ज़ाहिर है कि दोनों देशों की मित्रता परस्पर उन्नति पर है और अब हमारा संबंध और ज्यादा घनिष्ट होता जा रहा है. मुझे विश्वास है कि निकट भविष्य में हमारा संबंध मित्रता से बढ़कर भाईचारे का हो जायगा."

उसने कहा—"अख़बार में यह पढ़कर हमें बड़ी ख़ुशी हुई कि भारत में चीन के लिये एक ख़ास आन्दोलन हुआ और 'ताइवान छोड़ो' दिन मनाया गया. इससे भी यह ज़ाहिर है कि भारत की जनता चीनी जनता को प्यार करती है और उसकी मदद करती है."

"मेरी बड़ी इच्छा है" हो चेन शू ने चाय के ख़ाली प्याले में चाय डालते हुए कहा कि—"भारत की महिलाओं से मिलूँ और उनसे भारत की स्त्रियों के बारे में जानकारी हासिल करूँ. भविष्य में शायद भारत जाने और भारत की महिलाओं के मिलने का मौक़ा मिले" जिस तरह प्यार से वह बातें कर रही थी, जिस स्नेह से कभी हाथ में हाथ लेकर, कभी गले में बांह डालकर वह मुझे सब कुछ बता रही थी उससे उस थोड़े से समय में ही मुझे लगने लगा कि मैं किसी अजनबी से नहीं अपनी किसी परिचित सहेली से बात कर रही हूँ. मुझे विश्वास हो गया कि वह गंभीर होते हुए भी ख़ुश दिल है, विचार शील होते हुए भी मिलनसार है.

आजकल हो चेन शू का कार्य क्षेत्र काफ़ी बड़ा है. वह कई संस्थाओं की मेम्बर है. इस समय वह कुल चीन मज़दूर फेडरेशन की केन्द्रीय कमेटी की मेम्बर है, चीन के 'युवक संघ' की केन्द्रीय कमेटी की भी मेम्बर है, और 'कुल चीन महिला फेडरेशन' की केन्द्रीय कमेटी की भी मेम्बर है. हो चेन शू को जनता और सरकार की तरफ़ से बहुत सम्मान मिला. 1951 अक्तूबर दिवस के बाद से वह चीनी जनता की 'सलाह मशविरा कमेटी' की मेम्बर बना दी गई. 1952 में उसे चीनी 'ट्रेड यूनियन' के प्रतिनिधि के रूप में सोवियत रूस भेजा गया.

हर मई दिवस और अक्टूबर दिवस पर वह मंचपर आकर जनता के सामने बोलने लगी. 1954 में वह चीन की लोक प्रतिनिधि सभा (चीनी पार्लिमेन्ट) की मेम्बर चुनी गई.

یہ موقع ہے جب میں کسی ہندستانی مہیلا سے بات چیت کر رہی ہوں۔ مجھے اس سمے بے حد خوشی ہے کیونکہ اِتہاس کی کلاس میں ہم نے پڑھا ہے کہ چین اور بھارت میں کئی ہزار برس سے گھنشٹ متر تا رہی ہے۔ پچھلے سال پردھان منتری پنڈت نہرو یہاں آئے اور پردھان منتری چاؤ این لائی بھارت گئے۔ اب سب لوگ یہ جان گئے ہیں کہ دونوں نے جو پنچ شیل کے پانچ سدھانت طے کئے ہیں وہ دنیا کی شانتی کے لئے کتنے ضروری ہیں۔" اِس کے بعد ہوچین شو نے کہا—"چین سے ایک سانسکرتک منڈل بھارت گیا اور بھارت کا کلاکار منڈل یہاں آیا۔ اِس سے ظاہر ہے کہ دونوں دیشوں کی متر تا پرسپر اُنتی پر ہے اور اب ہمارا سمبندھ اور زیادہ گھنشٹ ہوتا جا رہا ہے۔ مجھے وشواس ہے کہ نکٹ بھوشیہ میں ہمارا سمبندھ متر تا سے بڑھکر بھائی چارے کا ہوجائیگا۔"

اُس نے کہا:—"اخبار میں یہ پڑھکر ہمیں بڑی خوشی ہوئی کہ بھارت میں چین کے لئے ایک خاص آندولن ہوا اور 'تائیوان چھوڑو' دن منایا گیا' اس سے بھی یہ ظاہر ہے کہ بھارت کی جنتا چینی جنتا کو پیار کرتی ہے اور اِس کی مدد کرتی ہے۔"

"میری بڑی اِچھا ہے" ہو چین شو نے چائے کے خالی پیالے میں چائے ڈالتے ہوئے کہا کہ—"بھارت کی مہیلاؤں سے ملوں اور اُن سے بھارت کی استریوں کے بارے میں جانکاری حاصل کروں۔ بھوشیہ میں شاید بھارت جانے اور بھارت کی مہیلاؤں سے ملنے کا موقع ملے۔" جس طرح پیار سے وہ باتیں کررہی تھی' جس سنیہہ سے کبھی ہاتھ میں ہاتھ لیکر' کبھی گلے میں بانہہ ڈالکر وہ مجھے سب کچھ بتا رہی تھی اُس سے اُس تھوڑے سے سمئے میں ہی مجھے لگنے لگا کہ میں کسی اجنبی سے نہیں اپنی کسی پریچت سہیلی سے بات کر رہی ہوں۔ مجھے وشواس ہو گیا کہ وہ گمبھیر ہوتے ہوئے بھی خوشدل ہے' وچار شیل ہوتے ہوئے بھی ملنسار ہے۔

آجکل ہو چین شو کا کاریہ چھیتر کافی بڑا ہے۔ وہ کئی سنستھاؤں کی میمبر ہے۔ اِس سمئے وہ 'کل چین مزدور فیڈریشن' کی کیندریہ کمیٹی کی میمبر ہے' چین کے 'لوک سنگھ' کی کیندریہ کمیٹی کی بھی میمبر ہے' اور 'کل چین مہیلا فیڈریشن' کی کیندریہ کمیٹی کی میمبر ہے۔ ہو چین شو کو جنتا اور سرکار کی طرف سے بہت سمان ملا۔ 1951 اکتوبر دیوس کے بعد سے وہ چینی جنتا کی 'صلاح مشورہ کمیٹی' کی میمبر بنا دی گئی۔ 1952 میں اُسے چینی 'ٹریڈ یونین' کے پرتنیدھی کے روپ میں سوویت روس بھیجا گیا۔

ہر مئی دیوس اور اکتوبر دیوس پر وہ منچ پر جاکر جنتا کے سامنے بولنے لگی۔ 1954 میں وہ چین کی لوک پرتیندھی سبھا (چینی پارلیمینٹ) کی میمبر چنی گئی۔

इस तरह के नीम डाक्टर या अनाड़ी साइंसदां पहले कोई उसूल निकाल बैठते हैं जो कहीं लगता है और कहीं नहीं लगता और फिर जहां वह नहीं लगता वहां भी उसे जबरदस्ती थोपने की कोशिश करते हैं. और फिर अगर कहीं ग़लती निकल आती है तो अपनी बात की पच में पड़कर ज़िद करते हैं. बी० सी० जी० का उसूल सीधा सादा यह है कि जिस तरह के ज़हर या जिस तरह के कीड़ों से कोई बीमारी पैदा होती है उसी तरह के ज़हर या उसी तरह के कीड़ों को अगर हम ख़ुद बाहर से लेकर जिस्म के अन्दर दाख़िल कर दें तो जिस्म फिर उस बीमारी के हमले से बच जाता है. कहा यह जाता है कि उस ज़हर या उन कीड़ों के जिस्म में दाख़िल होते ही जिस्म उनके मुक़ाबले की तैयारी करता है. ठीक उसी तरह जिस तरह हर मामूली बीमारी में भी जिस्म ख़ुद बख़ुद बीमारी के मुक़ाबले की काशिश करता है. लेकिन तपेदिक़ की सूरत में इस उसूल को लगाना बिलकुल ग़लत है क्योंकि तपेदिक़ हो जाने पर जिस्म के अन्दर कोई ऐसी नई चीज़ या नई तरह के कीड़े ख़ुद बख़ुद पैदा नहीं होते जो बीमारी का मुक़ाबला करें. इसके जवाब में बी० सी० जी० के हामी हमें बताते हैं कि बी० सी० जी० का टीका लगाने से टीके की जगह जो फफड़ आती है या बुख़ार आ जाता है उस से यह पता चलता है कि जिस्म अन्दर से बीमारी का मुक़ाबला करने की तैयारी कर रहा है. यह ग़लत दलील देकर वह चाहता है कि हम उन सब ख़तरों को अपने सिर पर ले लें जो इस टीके से हमेशा के लिये पैदा हो जाते हैं, और वह भी सिर्फ़ दो बरस तक बचे रहने की थोथी उम्मीद में.

अब एक दलील आंकड़ों की रह जाती है कि कितनों के टीके लगे और कितनों को नुक़सान हुआ और कितनों को नहीं हुआ. यह आंकड़े सब धोके के हैं. इनसे अधिक से

کیا ہے کہ میں ایسی چیز کا ورودھ کیوں کرتا ہوں کہ جس سے کچھ بیمار اپنی بیماری سے اچھے ہو سکیں . بی. سی. جی کسی بیمار کی بیماری کو دور نہیں کرتا . اُس کی یہ غرض ہی نہیں ہے .

نیم حکیم یعنی اناڑی حکیم ہمیشہ جان کے لئے خطرناک ہوتا ہے، چاہے وہ آج کل کا سائنسی نیم حکیم ہو اور چاہے پرانی چال کا دقیانوسی نیم حکیم . پرانی چال کے نیم حکیم سے بچنا آسان ہوتا ہے لیکن نئی چال کے نیم حکیموں سے بچنا مشکل پڑ جاتا ہے . کیونکہ یہ نیا نیم حکیم اپنی غلط بات کے سمرتھن میں بڑے بڑے موٹے شبد اور سائنسی فقرے استعمال کرتا ہے . کوئی جھوٹھ اگر پورا جھوٹھ ہو تو اُس کا مقابلہ کرنا آسان ہوتا ہے لیکن جس میں کچھ جھوٹھ اور کچھ سچ ملا ہوا ہو اُس سے لڑنا مشکل ہو جاتا ہے .

اِس طرح کے نیم ڈاکٹر یا اناڑی سائنس داں پہلے کوئی اصول نکال بیٹھتے ہیں جو کہیں لگتا ہے اور کہیں نہیں لگتا اور پھر جہاں وہ نہیں لگتا وہاں بھی اُسے زبردستی تھوپنے کی کوشش کرتے ہیں . اور پھر اگر کہیں غلطی نکل آتی ہے تو اپنی بات کی پچ میں پڑکر ضد کرتے ہیں . بی . سی . جی . کا اصول سیدھا سادا یہ ہے کہ جس طرح کے زہر یا جس طرح کے کیڑوں سے کوئی بیماری پیدا ہوتی ہے اُسی طرح کے زہر یا اُسی طرح کے کیڑوں کو اگر ہم خود باہر سے لےکر جسم کے اندر داخل کردیں تو جسم پھر اُس بیماری کے حملے سے بچ جاتا ہے . کہا یہ جاتا ہے کہ اُس زہر یا اُن کیڑوں کے جسم میں داخل ہوتے ہی جسم اُن کے مقابلے کی تیاری کرتا ہے . ٹھیک اُسی طرح جس طرح ہر معمولی بیماری میں بھی جسم خود بخود بیماری کے مقابلے کی کوشش کرتا ہے . لیکن تپدق کی صورت میں اِس اصول کو لگانا بالکل غلط ہے کیونکہ تپدق ہوجانے پر جسم کے اندر کوئی ایسی نئی چیز یا نئی طرح کے کیڑے خود بخود پیدا نہیں ہوتے جو بیماری کا مقابلہ کریں . اِس کے جواب میں بی . سی . جی . کے حامی ہمیں بتاتے ہیں کہ بی . سی . جی . کا ٹیکہ لگانے سے ٹیکے کی جگہ جو پھپھڑ آتی ہے یا بخار آجاتا ہے اُس سے یہ پتا چلتا ہے کہ جسم اندر سے بیماری کا مقابلہ کرنے کی تیاری کررہا ہے . یہ غلط دلیل دےکر وہ چاہتا ہے کہ ہم اُن سب خطروں کو اپنے سر پر لے لیں جو اِس ٹیکے سے ہمیشہ کے لئے پیدا ہو جاتے ہیں، اور وہ بھی صرف دو برس تک بچے رہنے کی تھوتھی اُمید میں .

اب ایک دلیل آنکڑوں کی رہ جاتی ہے کہ کتنوں کے ٹیکے لگے اور کتنوں کو نقصان ہوا اور کتنوں کو نہیں ہوا . یہ آنکڑے سب دھوکے کے ہیں . اِن سے ادھک سے

अधिक यही मालूम होता है कि बी० सी० जी० के हामियों का कितना असर है और उनके कितने वर्शीले हैं.

मैं फिर कहता हूँ कि बी० सी० जी० खतरनाक नीम हकीमी है. मैं डाक्टर नहीं हूँ. लेकिन मैं केवल डर और शक की बात नहीं कर रहा हूँ. मैं जो कुछ कह रहा हूँ वह सभ्य दुनिया के बहुत से बड़े बड़े और मशहूर डाक्टरों की साफ साफ राय के आधार पर कह रहा हूँ. जो हिन्दुस्तानी डाक्टर सरकार की हैल्थ मिनिस्ट्री ने, बी० सी० जी० के टीके लगाने और उसकी तारीफें करने के लिये, रख रक्खे हैं उनमें बड़े से बड़े डाक्टर भी उतने बड़े और मशहूर डाक्टर नहीं हैं जितने दुनिया के वह डाक्टर जिनके तजरबों और जिनकी राय के आधार पर मैं इस नतीजे पर पहुंचा हूँ कि तपेदिक के जिन्दा कीड़ों का टीका इस तरह सब बच्चों के लगाना गलत है और इसे बन्द कर देना चाहिये.

बदक़िस्मती से सरकार की चलाई हुई किसी भी बात का जो लोग विरोध करते हैं उन्हें हमारे आजकल के अखबार भी ज्यादा जगह देने या उनकी बात जनता तक पहुंचाने के लिये बहुत अधिक तैयार नहीं होते चाहे उनकी बात कितनी भी सच्ची क्यों न हो और जनता के लिये कितनी भी जरूरी और मुफ़ीद क्यों न हो. मेरी गरज कोई राजकाजी गरज नहीं है. अखबार जब कभी कृपा करके मेरी इस विषय की तक़रीरें या मेरे लिखे हुए बयान छाप देते हैं तब भी जितने डाक्टरों के हवाले मैं देता हूँ उन सब को वह अपने अखबार में जगह नहीं दे पाते. इसीलिये मुझे यह छोटा सा लेख निकालना पड़ा. इसमें मैं कुछ बड़े बड़े डाक्टरों की राय दे रहा हूँ. अपनी बात मैंने कम से कम कही है.

इस टीके से तपेदिक़ होकर फेफड़े गल सकते हैं

प्रोफ़ेसर हैफ़ बी० सी० जी० के टीके के एक बहुत बड़े हामी थे. इंगलैंड के "लेन्सैट" (Lancet) अखबार में बी० सी० जी० के पक्ष में प्रोफ़ेसर हैफ़ का एक लेख निकला. 5 मार्च सन् 1955 ई० के "लेन्सैट" में प्रोफ़ेसर हैफ़ के जवाब में डाक्टर आर० सी० वैब्सटर का एक खत शाया हुआ. इस खत में डाक्टर वैब्सटर ने दो बातों पर जोर दिया है. पहली यह कि मार्च सन् 1955 तक पच्चीस साल से ऊपर के तजरबों के बाद भी "कोई आंकड़े इस बात के सबूत में नहीं मिलते कि बी० सी० जी० के टीके के लगने से आदमी के अन्दर तपेदिक़ की बीमारी का मुक़ाबला करने की शक्ति बढ़ जाती है." उन्होंने इस खत में यह भी लिखा है कि इस टीके से कोई फ़ायदा होता है इस पर अभी बहुत से बड़े बड़े डाक्टरों को शक है. दूसरी बात उन्होंने इस खत में यह दिखाई है कि बी० सी० जी० के टीके लगने से उस जगह

آدھک یہی معلوم ہوتا ہے کہ بی . سی . جی . کے حامیوں کا کتنا اثر ہے اور اُن کے کتنے وسیلے ہیں .

میں پھر کہتا ہوں کہ بی.سی.جی. خطرناک نیم حکیمی ہے میں ڈاکٹر نہیں ہوں. لیکن میں کیول ڈر اور شک کی بات نہیں کر رہا ہوں . میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ سبھیہ دنیا کے بہت سے بڑے بڑے اور مشہور ڈاکٹروں کی صاف صاف رائے کے آدھار پر کہہ رہا ہوں . جو ہندستانی ڈاکٹر سرکار کی ہیلتھ منسٹری نے بی . سی . جی . کے ٹیکے لگانے اور اُس کی تعریفیں کرنے کے لئے رکھ رکھے ہیں اُن میں بڑے سے بڑے ڈاکٹر بھی اُتنے بڑے اور مشہور ڈاکٹر نہیں ہیں جتنے دنیا کے وہ ڈاکٹر جن کے تجربوں اور جن کی رائے کے آدھار پر میں اِس نتیجے پر پہونچا ہوں کہ تپدق کے زندہ کیڑوں کا ٹیکہ اِس طرح سب بچوں کے لگانا غلط ہے اور اِسے بند کردینا چاہئے .

بدقسمتی سے سرکار کی چلائی ہوئی کسی بھی بات کا جو لوگ ورودھ کرتے ہیں اُنہیں ہمارے آجکل کے اخبار بھی زیادہ جگہ دینے یا اُن کی بات جنتا تک پہونچانے کے لئے بہت آدھک تیار نہیں ہوتے چاہے اُن کی بات کتنی بھی سچی کیوں نہ ہو اور جنتا کے لئے کتنی بھی ضروری اور مفید کیوں نہ ہو . میری غرض کوئی راج کاجی غرض نہیں ہے . اخبار جب کبھی کرپا کرکے میری اِس وشے کی تقریریں یا میرے لکھے ہوئے بیان چھاپ دیتے ہیں تب بھی جتنے ڈاکٹروں کے حوالے میں دیتا ہوں اُن سب کو وہ اپنے اخبار میں جگہ نہیں دے پاتے . اِسی لئے مجھے یہ چھوٹا سا لیکھ نکالنا پڑا . اِس میں میں کچھ بڑے بڑے ڈاکٹروں کی رائے دے رہا ہوں . اپنی بات میں نے کم سے کم کہی ہے .

اِس ٹیکے سے تپدق ہوکر پھیپھڑے گل سکتے ہیں

پروفیسر ہیف بی . سی . جی . کے ٹیکے کے ایک بہت بڑے حامی تھے . انگلینڈ کے "لینسٹ" (Lancet) اخبار میں بی . سی . جی . کے پکش میں پروفیسر ہیف کا ایک لیکھ نکلا. 5 مارچ سن 1955 کے "لینسٹ" میں پروفیسر ہیف کے جواب میں ڈاکٹر آر . سی وبسٹر کا ایک خط شائع ہوا . اِس خط میں ڈاکٹر وبسٹر نے دو باتوں پر زور دیا ہے . پہلی یہ کہ مارچ سن 1955 تک پچیس سال سے اُوپر کے تجربوں کے بعد بھی "کوئی آنکڑے اِس بات کے ثبوت میں نہیں ملتے کہ بی . سی . جی . کے ٹیکے کے لگنے سے آدمی کے اندر تپدق کی بیماری کا مقابلہ کرنے کی شکتی بڑھ جاتی ہے ." اُنہوں نے اس خط میں یہ بھی لکھا ہے کہ اِس ٹیکے سے کوئی فائدہ ہوتا ہے اِس پر ابھی بہت سے بڑے بڑے ڈاکٹروں کو شک ہے . دوسری بات اُنہوں نے اِس خط میں یہ دکھائی ہے کہ بی . سی . جی . کے ٹیکے کے لگنے سے اُس جگہ

की खाल जो फफद आती है उसकी बाबत बहुत से बड़े बड़े डाक्टरों की यह साफ़ राय है कि वह फफदना हरगिज़ यह साबित नहीं करता कि जिस के टीका लगा है वह तपेदिक़ से अब बचा ही रहेगा.

डाक्टर वैब्सटर ने इस ख़त में लिखा है कि कि प्रोफ़ैसर हैफ़ ने भी अपने बयान में इस बात को माना है कि आंकड़ों से इस बात का सबूत नहीं मिलता कि बी० सी० जी० के टीके से आदमी में बीमारी का मुक़ाबला करने की शक्ति बढ़ जाती है. टीका लगने से खाल का फफद आना हरगिज़ यह साबित नहीं करता कि आदमी में बीमारी का मुक़ाबला करने की शक्ति बढ़ गई है. डाक्टर वैब्सटर ने कई बीमारियों का ज़िक्र किया है जिन में इसी तरह के टीके लगाने और खाल के फफद आने से आदमी के अन्दर बीमारी का मुक़ाबला करने की शक्ति बढ़ने का कोई सम्बन्ध नहीं होता और कोई भी यह नहीं मानता कि उन बीमारियों के टीके से बीमारी का मुक़ाबला करने की शक्ति किसी में बढ़ती है. डाक्टर वैब्सटर ने लिखा है कि :—"क्या सचमुच हमारे लिये यह इन्साफ़ की बात है कि हम बच्चों के मां बाप से यह कहें कि वह अपने बच्चों के इस तरह के टीके लगने दें जिनमें कुछ सूरतों में टीके की जगह फफद आवे और थोड़ी बहुत तकलीफ़ हो जावे और साथ ही थोड़ा या बहुत इस बात का ख़तरा भी हो कि जिसके टीका लगाया गया है उसे सचमुच वही बीमारी हो जावे, और यह उस सूरत में जब कि टीके के अच्छे नतीजों का हमें कोई पक्का इल्म नहीं है ?"

उन्होंने यह भी लिखा है कि :—"हमें याद है कि स्कार्लेट फ़ीवर (एक तरह का बुख़ार) के इसी तरह के टीके लगाने का बीस साल हुए काफ़ी ख़ब्त चला था. अब मैं समझता हूँ वह टीका बिलकुल ग़लत साबित हो चुका और छोड़ दिया गया. हमें यह भी याद है कि कूकर खांसी के लिये भी इसी तरह के टीके लगाने में लोगों ने किसी समय बहुत जोश दिखाया था. पर अब सब मान गये कि वह चीज़ भी बिलकुल बेकार थी."

वह लिखते हैं कि :—"यह बात सब मानते हैं कि बहुत से बड़े बड़े होशियार डाक्टर बी० सी० जी० के बारे में अब शक करने लगे हैं और हाल में इन शक करने वालों की आवाज़ बढ़ती जा रही है. इसका किसी के पास कोई जवाब नहीं है. डंडी शहर के फेफड़ों की बीमारी के सब से बड़े डाक्टर मेकिंटाश ने लिखा है कि सन् 1947 से लेकर सन् 1951 तक उनके शहर में तपेदिक़ से मौतें बहुत घट गईं. पर वहां इस अर्से में बी० सी० जी० का टीका नहीं लगाया गया था. दूसरे ही अहतियात के तरीक़े काम में लाये गये थे."

19 मार्च सन् 195'. के "लेन्सेट" में एक और मशहूर

کی کھال جو پھپھد آتی ہے اُس کی بابت بہت سے بڑے بڑے ڈاکٹروں کی یہ صاف رائے ہے کہ وہ پھپھدنا ہرگز یہ ثابت نہیں کرتا کہ جس کے ٹیکہ لگا ہے وہ تپدق سے اب بچا ہی رہیگا.

ڈاکٹر ویبسٹر نے اِس خط میں لکھا ہے کہ پروفیسر ہیف نے بھی اپنے بیان میں اِس بات کو مانا ہے کہ آنکڑوں سے اِس بات کا ثبوت نہیں ملتا کہ بی . سی . جی . کے ٹیکے سے آدمی میں بیماری کا مقابلہ کرنے کی شکتی بڑھ جاتی ہے . ٹیکہ لگنے سے کھال کا پھپھد آنا ہرگز یہ ثابت نہیں کرتا کہ آدمی میں بیماری کا مقابلہ کرنے کی شکتی بڑھ گئی ہے . ڈاکٹر ویبسٹر نے کئی بیماریوں کا ذکر کیا ہے جن میں اِسی طرح کے ٹیکے لگانے اور کھال کے پھپھد آنے سے آدمی کے اندر بیماری کا مقابلہ کرنے کی شکتی بڑھنے کا کوئی سمبندھ نہیں ہوتا اور کوئی بھی یہ نہیں مانتا کہ اُن بیماریوں کے ٹیکے سے بیماری کا مقابلہ کرنے کی شکتی کسی میں بڑھتی ہے . ڈاکٹر ویبسٹر نے لکھا ہے کہ :—"کیا سچ مچ ہمارے لئے یہ انصاف کی بات ہے کہ ہم بچوں کے ماں باپ سے یہ کہیں کہ وہ اپنے بچوں کے اِس طرح کے ٹیکے لگنے دیں جن میں کچھ صورتوں میں ٹیکہ کی جگہ پھپھد آوے اور تھوڑی بہت تکلیف ہوجاوے اور ساتھ ہی تھوڑا یا بہت اِس بات کا خطرہ بھی ہو کہ جس کے ٹیکہ لگایا گیا ہے اُسے سچ مچ وہی بیماری ہوجاوے' اور یہ اُس صورت میں جب کہ ٹیکے کے اچھے نتیجوں کا ہمیں کوئی پکا علم نہیں ہے ؟"

اُنہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ :—"ہمیں یاد ہے کہ اِسکارلیٹ فیور (ایک طرح کا بخار) کے اِسی طرح کے ٹیکے لگانے کا بیس سال ہوئے کافی خبط چلا تھا . اب میں سمجھتا ہوں وہ ٹیکہ بالکل غلط ثابت ہوچکا اور چھوڑ دیا گیا . ہمیں یہ بھی یاد ہے کہ کوکر کھانسی کے لئے بھی اِسی طرح کے ٹیکے لگانے میں لوگوں نے کسی سمے بہت جوش دکھایا تھا. پر اب سب مان گئے کہ وہ چیز بھی بالکل بیکار تھی ."

وہ لکھتے ہیں کہ :—"یہ بات سب مانتے ہیں کہ بہت سے بڑے بڑے ہوشیار ڈاکٹر بی . سی . جی . کے بارے میں اب شک کرنے لگے ہیں اور حال میں اِن شک کرنے والوں کی آواز بڑھتی جارہی ہے . اِس کا کسی کے پاس کوئی جواب نہیں ہے . ڈنڈی شہر کے پھیپھڑوں کی بیماری کے سب سے بڑے ڈاکٹر میکنٹاش نے لکھا ہے کہ سن 1947 سے لیکر سن 1951 تک اُن کے شہر میں تپدق سے موتیں بہت گھٹ گئیں . پر وہاں اِس عرصے میں بی . سی . جی . کا ٹیکہ نہیں لگایا گیا تھا . دوسرے ہی اُحتیاط کے طریقے کام میں لائے گئے تھے ."

19 مارچ سن 1955 کے "لینسٹ" میں ایک اور مشہور

डाक्टर डाक्टर जी. ई. लाक्सटन ने लिखा है कि—"डाक्टर वैस्टर की यह राय बिलकुल दुरुस्त है कि खाल के फफद आने से यह साबित नहीं होता कि आदमी आइन्दा तपेदिक़ से बचा रहेगा." वह लिखते हैं कि "बी० सी० जी० के टीके के खिलाफ़ डाक्टर वैस्टर की यह दलील बड़ी पक्की और ऐसी दलील है जिसे कोई काट नहीं सकता." उन्होंने लिखा है कि-"एक तीसरे डाक्टर, डाक्टर ब्राउन्की (Brownke) ने यह दिखलाया है कि बहुत लोगों के एक तरफ़ टीके की जगह की खाल खूब फफद भी जाती है और साथ ही दूसरी तरफ़ उसके बाद फफड़े गलकर तपेदिक़ से खतम भी हो जाते हैं. खाल के फफद आने से जब बीमारी से बचत नहीं होती तो वह बहुत बुरी चीज़ है."

डाक्टर लाक्सटन ने यह भी लिखा है कि खुद प्रोफ़ैसर हैफ़ ने यह साफ़ लिखा है कि—"बी० सी० जी० के टीके से तपेदिक़ के बिलकुल नए सिरे से पैदा होने या न होने पर कुछ असर पड़ सकता है. लेकिन अगर बीमारी कुछ भी छिपी दबी अन्दर मौजूद है तो उस पर कोई असर नहीं पड़ सकता." अब यह कह सकना बहुत मुशकिल है कि बी० सी० जी० से नफ़े की उम्मीद ज्यादा है या नुक़सान की और आदमी के बचे रहने की उम्मीद ज्यादा है या बीमार होकर मरने की. वह लिखते हैं कि प्रोफ़ैसर हैफ़ ने खुद इस बात को माना है कि—"बी० सी० जी० के टीके से शायद सब से बड़ा नुक़सान यह होता है कि बहुत से देशों में मामूली जनता को यह ग़लत बिश्वास हो जाता है कि वह अब तपेदिक़ से बचे रहेंगे. हमें अपने को इस धोके में नहीं रखना चाहिये कि टीके से खाल के फफद आने यानी टीके का जिल्द पर एक खास असर होने से और तपेदिक़ से बचे रहने से कुछ भी सम्बन्ध है."

16 मई सन् 1952 के "लेन्सेट" में डाक्टर कैरोल ई. पामर एम. डी. (Dr. Caroll E. Palmer M. D.) ने, जो कापेनहैगन टी. बी. रिसर्च टीम के हैड हैं, लिखा है कि :—"लेकिन आजकल तपेदिक़ के बड़े से बड़े माहिरों में भी इस बात पर बहुत मतभेद है कि तपेदिक़ के टीके के खाल पर एक खास असर होने या न होने का असली मतलब क्या होता है. हमारा ज्ञान इस बारे में इतना अधूरा है कि हमारे डाक्टर ने खास तौर पर इस बात का पता लगाने की कोशिश की है कि बी० सी० जी० के टीके का खाल पर जो असर होता है उसका क्या मतलब है. इसमें कोई शक नहीं कि यह बात अब जाहिर हो चुकी है कि बी० सी० जी० के टीके की बाबत आम तौर पर हम जो कुछ जानते थे और जो कुछ हमने मान रक्खा था वह सब बेबुनियाद था. जो बातें हम ठीक समझते थे अब वही ग़लत निकलीं तो इस टीके के बन बड़े बड़े नतीजों की बाबत अभी

ڈاکٹر جی . ای . لاکسٹن نے لکھا ہے کہ—"ڈاکٹر ویسٹر کی یہ رائے بالکل درست ہے کہ کھال کے پھپھد آنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آدمی آئندہ تپدق سے بچا رہیگا ." وہ لکھتے ہیں کہ "بی . سی . جی . کے ٹیکے کے خلاف ڈاکٹر ویسٹر کی یہ دلیل بڑی پکی اور ایسی دلیل ہے جسے کوئی کاٹ نہیں سکتا ." انہوں نے لکھا ہے کہ—"ایک تیسرے ڈاکٹر، ڈاکٹر براؤنکی (Brownke) نے یہ دکھلایا ہے کہ بہت سے لوگوں کے ایک طرف ٹیکے کی جگہ کی کھال خوب پھپھد بھی جاتی ہے اور ساتھ ہی دوسری طرف اُس کے بعد پھپھڑے گل کر تپدق سے ختم بھی ہوجاتے ہیں . کھال کے پھپھد آنے سے جب بیماری سے بچت نہیں ہوتی تو یہ بہت بری چیز ہے ."

ڈاکٹر لاکسٹن نے یہ بھی لکھا ہے کہ خود پروفیسر ہیف نے یہ صاف لکھا ہے کہ—"بی . سی . جی . کے ٹیکے سے تپدق کے بالکل نئے سرے سے پیدا ہونے یا نہ ہونے پر کچھ اثر پڑسکتا ہے. لیکن اگر بیماری کچھ بھی چھپی دبی اندر موجود ہے تو اُس پر کوئی اثر نہیں پڑسکتا ." اب یہ کہہ سکنا بہت مشکل ہے کہ بی . سی . جی . سے نفع کی اُمید زیادہ ہے یا نقصان کی اور آدمی کے بچے رہنے کی اُمید زیادہ ہے یا بیمار ہوکر مرنے کی . وہ لکھتے ہیں کہ پروفیسر ہیف نے خود اِس بات کو مانا ہے کہ —:"بی . سی . جی . کے ٹیکے سے شاید سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ بہت سے دیشوں میں معمولی جنتا کو یہ غلط وشواس ہوجاتا ہے کہ وہ اب تپدق سے بچے رہینگے . ہمیں اپنے کو اِس دھوکے میں نہیں رکھنا چاہئے کہ ٹیکے سے کھال کے پھپھد آنے یعنی ٹیکے کا جلد پر ایک خاص اثر ہونے سے اور تپدق سے بچے رہنے سے کچھ بھی سمبندھ ہے ."

16 مئی سن 1952 کے "لینسٹ" میں ڈاکٹر کیرول ای. پامر ایم. ڈی. (Dr. Carroll E. Palmer M.D.) نے، جو کاپن ہیگن ٹی . بی . ریسرچ ٹیم کے ہیڈ ہیں، لکھا ہے کہ :—"لیکن آجکل تپدق کے بڑے سے بڑے ماہروں میں بھی اِس بات پر بہت مت بھید ہے کہ تپدق کے ٹیکے کے کھال پر ایک خاص اثر ہونے یا نہ ہونے کا اصلی مطلب کیا ہوتا ہے . ہمارا گیان اِس بارے میں اتنا ادھورا ہے کہ ہمارے ڈاکٹر نے خاص طور پر اِسی بات کا پتہ لگانے کی کوشش کی ہے کہ بی . سی . جی . کے ٹیکے کا کھال پر جو اثر ہوتا ہے اُس کا کیا مطلب ہے . اِس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بات اب ظاہر ہوچکی ہے کہ بی . سی . جی . کے ٹیکے کی بابت عام طور پر ہم جو کچھ جانتے تھے اور جو کچھ ہم نے مان رکھا تھا وہ سب بے بنیاد تھا . جو باتیں ہم ٹھیک سمجھتے تھے جب وہی غلط نکلیں تو اِس ٹیکے کے اُن بڑے بڑے نتیجوں کی بابت ابھی

हम क्या कह सकते हैं जिनके ठीक ठीक मालूम करने का और साबित करने का अभी हमें समय भी नहीं मिला."

इसका मतलब यह है कि तपेदिक़ और उसके टीके की साइंसी खोज में लगी हुई दुनिया की एक बहुत बड़ी डाक्टरी संस्था भी अभी तक इस टीके की बाबत कोई अच्छी बात नहीं कह सकती और उसके बुरे नतीजों से डरती है.

आदमी के जिस्म में ज़हरीले कीड़ों को दाख़िल कर देना बहुत बुरा है

लन्दन यूनिवर्सिटी के डाक्टरी के प्रोफ़ैसर प्रोफ़ेसर जेम्स मैकिन्टाश ने रायल सोसाइटी आफ़ मैडिसिन के सामने बयान देते हुए कहा :—"साइन्सी निगाह से इस बात में किसी तरह का शक नहीं किया जा सकता कि चाहे हम किसी भी पहलू से देखें किसी आदमी के जिस्म में इस तरह के ज़हरीले कीड़ों को दाख़िल कर देना, जो बदन के अन्दर जाकर बच्चे दे सकते हैं, और बढ़ सकते हैं, बहुत ही बुरी बात है. जब यह कीड़े बढ़ जाते हैं तो हम किसी तरह यह अन्दाज़ा नहीं लगा सकते कि रोगी के अन्दर जो कीड़े दाख़िल किये गये थे वह किस मात्रा में थे. नतीजे पर हमारा कोई क़ाबू नहीं रहता और नतीजे इतने बुरे पैदा हो सकते हैं कि जिनका हमें कोई अन्दाज़ा नहीं हो सकता."

प्रोफ़ैसर वान पिरके (Prof. Von Pirquet) ने, जो अपने समय के बहुत बड़े माहिर डाक्टर माने जाते थे, सन् 1930 में कहा था :—"इस तरह के टीके से तपेदिक़ के कीड़े बदन के अन्दर अपनी बस्तियां बना सकते हैं जिसके नतीजों का हमें पहले से कोई अन्दाज़ा नहीं हो सकता. इस तरह की ख़तरनाक कार्रवाई को न पसन्द किया जा सकता है और न बरदाश्त किया जा सकता है."

अमरीका के डाक्टर जे. डब्लू. रेने (J. W. Rainey) ने लिखा है:—"हम पहले यह समझते थे कि बी० सी० जी० का टीका बीमारी का जवाब हो सकता है. लेकिन 'टाइम्स' अख़बार के मैडिकल सेक्शन में बड़े से बड़े अमरीकी डाक्टरों ने यह राय ज़ाहिर की है कि बी० सी० जी० से जो ख़तरे पैदा हो सकते हैं उनका न अभी तक हम पूरा अन्दाज़ा लगा सकते हैं और न उन्हें रोक सकते हैं."

ऊपर की थोड़ी सी रायें उन लोगों के जवाब के लिये काफ़ी हैं जो भारत की हैल्थ मिनिस्ट्री की तरफ़ से माहिर होने का दावा करते हैं और हैल्थ मिनिस्ट्री को सलाह देते हैं.

अमरीका के बड़े से बड़े डाक्टरों की राय बी० सी० जी० के ख़िलाफ़

अमरीका में बी० सी० जी० के बड़े से बड़े हामियों में डाक्टर मायर्स (Dr. Myers) का नाम आता था. लम्बे

ہم کیا کہ سکتے ہیں جن کے ٹھیک ٹھیک معلوم کرنے کا اور ثابت کرنے کا ابھی ہمیں سمے بھی نہیں ملا ۔"

اِس کا صاف مطلب یہ ہے کہ تپدق اور اُس کے ٹیکے کی سائنسی کھوج میں لگی ہوئی دنیا کی ایک بہت بڑی ڈاکٹری سنستھا بھی ابھی تک اِس ٹیکے کی بابت کوئی اچھی بات نہیں کہ سکتی اور اُس کے برے نتیجوں سے ڈرتی ہے ۔

آدمی کے جسم میں زہریلے کیڑوں کو داخل کردینا بہت برا ہے

لندن یونیورسٹی کے ڈاکٹری کے پروفیسر جیمس میکنٹاش نے رائل سوسائٹی آف میڈیسن کے سامنے بیان دیتے ہوئے کہا :—"سائنسی نگاہ سے اِس بات میں کسی طرح کا شک نہیں کیا جاسکتا کہ چاہے ہم کسی بھی پہلو سے دیکھیں کسی آدمی کے جسم میں اِس طرح کے زہریلے کیڑوں کو داخل کردینا' جو بدن کے اندر جاکر بچے دے سکتے ہیں اور بڑھ سکتے ہیں' بہت ہی بری بات ہے ۔ جب یہ کیڑے بڑھ جاتے ہیں تو ہم کسی طرح یہ اندازہ نہیں لگا سکتے کہ روگی کے اندر جو کیڑے داخل کئے گئے تھے وہ کس ماترا میں تھے ۔ نتیجے پر پھر ہمارا کوئی قابو نہیں رہتا اور نتیجے اِتنے برے پیدا ہوسکتے ہیں کہ جن کا ہمیں کوئی اندازہ نہیں ہوسکتا ۔"

پروفیسر وان پر کے (Prof. Von Pirquet) نے' جو اپنے سمے کے بہت بڑے ماہر ڈاکٹر مانے جاتے تھے' سن 1930 میں کہا تھا :—"اِس طرح کے ٹیکے سے تپدق کے کیڑے بدن کے اندر اپنی بستیاں بنالیتے ہیں جس کے نتیجوں کا ہمیں پہلے سے کوئی اندازہ نہیں ہوسکتا ۔ اِس طرح کی خطرناک کاروائی کو نہ پسند کیا جاسکتا ہے اور نہ برداشت کیا جاسکتا ہے ۔"

امریکہ کے ڈاکٹر جے ڈبلو ۔ رینے (J. W. Rainey) نے لکھا ہے :—"ہم پہلے یہ سمجھتے تھے کہ بی ۔ سی ۔ جی ۔ کا ٹیکہ بیماری کا جواب ہوسکتا ہے ۔ لیکن ٹائمس اخبار کے میڈیکل سیکشن میں بڑے سے بڑے امریکی ڈاکٹروں نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بی ۔ سی ۔ جی ۔ سے جو خطرے پیدا ہوسکتے ہیں اُن کا نہ ابھی تک ہم پورا اندازہ لگا سکتے ہیں اور نہ اُنہیں روک سکتے ہیں ۔"

اُوپر کی تھوڑی سی رائیں اُن لوگوں کے جواب کے لئے کافی ہیں جو بھارت کی ہیلتھ منسٹری کی طرف سے ماہر ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور ہیلتھ منسٹری کو صلاح دیتے ہیں ۔

امریکہ کے بڑے سے بڑے ڈاکٹروں کی رائے بی ۔ سی ۔ جی ۔ کے خلاف

امریکہ میں بی ۔ سی ۔ جی ۔ کے بڑے سے بڑے حامیوں میں ڈاکٹر مائرس (Dr. Myers) کا نام آتا تھا ۔ لمبے

तजरबे के बाद डाक्टर मार्टिन खुद इस बारे में इन नतीजों पर पहुंचे हैं:—

"(1) बी० सी० जी० के टीके से आदमी तपेदिक से बचा रहता है इस बात पर भरोसा नहीं किया जा सकता.

"(2) जिन जानवरों के बी० सी० जी० लगाया गया उन्हें यह टीका तपेदिक से नहीं बचा सका. अमरीका के जानवरों के डाक्टरों ने काफी तजरबे करने के बाद यह मालूम किया है कि मवेशियों में तपेदिक को रोकने के काम में बी० सी० जी० का टीका बिलकुल बेअसर रहा.

"(3) पच्चीस साल से ऊपर हमें लोगों के बी० सी० जी० का टीका लगाते हो गये. इस अर्से में दुनिया भर के अन्दर सत्तर लाख से ऊपर लोगों के टीका लग चुका है. अगर बी० सी० जी० का टीका सचमुच बड़ा कारगर होता तो इसके काफी सबूत अब तक हमारे सामने आ गये होते. लेकिन जिन क़ौमों में यह टीका बहुत ज्यादा इस्तेमाल किया गया है उनमें न तपेदिक़ की बीमारी पर इसके अच्छे असर का सबूत मिलता है और न तपेदिक़ से मौतों पर इसका कोई अच्छा असर हमें देखने को मिलता है. इसके ख़िलाफ़ दुनिया के जिन हिस्सों में बी० सी० जी० अभी तक नहीं चला उनमें तपेदिक़ से बीमार भी कम पड़े हैं और मरे भी कम हैं.

"(4) यह बात साबित नहीं हुई है कि बी० सी० जी० से नुक़सान नहीं होता. कोई यह साबित नहीं कर सका कि जो कीड़े आदमी के जिस्म में दाख़िल कर दिये जाते हैं वह बरसों बल्कि दसियों बरस ज़िन्दा नहीं रहते और धीरे धीरे ख़तरनाक नहीं हो जाते.

"(5) इस टीके के कारामद होने की बाबत जो नतीजे पहले निकाले गये थे वह ग़लत और बेमेल बातों से निकाले गये थे.

"(6) जिन्हें एक मर्तबा तपेदिक़ हो चुका होता है उनकी बाबत भी यह भरोसे से नहीं कहा जा सकता कि उन्हें दोबारा यह बीमारी नहीं होगी.

"(7) अगर यह टीके बड़े पैमाने पर लगाये जाते रहे तो आजकल जो हम लोग तपेदिक़ का आज़मायशी टीका लगाते हैं वह भी फिर बिलकुल बेकार हो जायेगा और तपेदिक़ के रोक थाम के जो तरीक़े थोड़े बहुत कारगर भी हो सकते हैं उन्हें भी हम खो बैठेंगे. मिनेसूटा नाम के इलाक़े में दूर दूर तक तपेदिक़ की बीमारी ख़ासकर बच्चों में रोक दी गई है और यह बिना बी० सी० जी० के टीके के हुआ है. यह कामयाबी उन ज्यादा अच्छे और कारगर तरीक़ों से हुई है जिन्हें हम इससे पहले काम में लाते रहे हैं.

"(8) अगर हम बी० सी० जी० के टीके पर ज़ोर देते रहे तो इस बात का डर है कि लोगों को यह ग़लत भरोसा हो जायगा कि चेचक के टीके की तरह बी० सी० जी० का

تجربے کے بعد ڈاکٹر مارٹن خود اِس بارے میں اِن نتیجوں پر پہونچے ہیں :—

"(1) بی . سی . جی . کے ٹیکے سے آدمی تپدق سے بچا رہتا ہے اِس بات پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا .

"(2) جن جانوروں کے بی . سی . جی . لگایا گیا اُنہیں ٹیکہ تپدق سے نہیں بچا سکا . امریکہ کے جانوروں کے ڈاکٹروں نے کافی تجربہ کرنے کے بعد یہ معلوم کیا ہے کہ مویشیوں میں تپدق کو روکنے کے کام میں بی . سی . جی . کا ٹیکہ بالکل بےاثر رہا .

"(3) پچیس سال سے اُوپر ہمیں لوگوں کے بی. سی. جی. کا ٹیکہ لگاتے ہوئے ہوگئے . اِس عرصے میں دنیا بھر کے اندر ستر لاکھ سے اُوپر لوگوں کے ٹیکہ لگ چکا ہے . اگر بی . سی . جی . کا ٹیکہ سچ مچ بڑا کارگر ہوتا تو اِس کے کافی ثبوت اب تک ہمارے سامنے آگئے ہوتے . لیکن جن قوموں میں یہ ٹیکہ بہت زیادہ استعمال کیا گیا ہے اُن میں نہ تپدق کی بیماری پر اس کے اچھے اثر کا ثبوت ملتا ہے اور نہ تپدق سے موتوں پر اس کا کوئی اچھا اثر ہمیں دیکھنے کو ملتا ہے . اِس کے خلاف دنیا کے جن حصوں میں بی . سی . جی . ابھی تک نہیں چلا اُن میں تپدق سے بیمار بھی کم پڑے ہیں اور مرے بھی کم ہیں .

"(4) یہ بات ثابت نہیں ہوئی ہے کہ بی. سی. جی. سے نقصان نہیں ہوتا . کوئی یہ ثابت نہیں کرسکا کہ جو کیڑے آدمی کے جسم میں داخل کردیئے جاتے ہیں وہ برسوں بلکہ دسیوں برس زندہ نہیں رہتے اور دھیرے دھیرے خطرناک نہیں ہوجاتے .

"(5) اِس ٹیکے کے کارآمد ہونے کی بابت جو نتیجے پہلے نکالے گئے تھے وہ غلط اور بےمیل باتوں سے نکالے گئے تھے .

"(6) جنہیں ایک مرتبہ تپدق ہوچکا ہوتا ہے اُن کی بابت بھی یہ بھروسے سے نہیں کہا جاسکتا کہ اُنہیں دوبارہ یہ بیماری نہیں ہوگی .

"(7) اگر یہ ٹیکے بڑے پیمانے پر لگائے جاتے رہے تو آجکل جو ہم لوگ تپدق کا آزمائشی ٹیکہ لگاتے ہیں وہ بھی پھر بالکل بےکار ہو جائیگا اور تپدق کے روک تھام کے جو طریقے تھوڑے بہت کارگر بھی ہوسکتے ہیں اُنہیں بھی ہم کھو بیٹھیں گے. مِنیسوٹا نام کے علاقے میں دور دور تک تپدق کی بیماری خاصکر بچوں میں روک دی گئی ہے اور یہ بنا بی. سی. جی. کے ٹیکے کے ہوا ہے . یہ کامیابی اُن زیادہ اچھے اور کارگر طریقوں سے ہوئی ہے جنہیں ہم اِس سے پہلے کام میں لاتے رہے ہیں .

"(8) اگر ہم بی . سی . جی . کے ٹیکے پر زور دیتے رہے تو اِس بات کا ڈر ہے کہ لوگوں کو یہ غلط بھروسہ ہوجائیگا کہ چیچک کے ٹیکے کی طرح بی . سی . جی . کا

टीका भी उन्हें बीमारी से बचा सकता है. अभी तक बी० सी० जी० के टीके पर इसके लिये जरा भी भरोसा नहीं किया जा सकता."

कुछ डाक्टरों का यह भी ख्याल है कि बी० सी० जी० का टीका सिर्फ उन डाक्टरों, नर्सों और उन नौकरों को लगना चाहिये जो अस्पतालों में काम करते हैं, और तपेदिक के बीमारों की देख रेख और सेवा करते हैं.

डाक्टर जे. ए. मायर्स ने 18 अगस्त सन् 1951 के जरनल आफ़ दी अमरीकन मैडिकल एसोसियेशन में बी० सी० जी० के टीके पर बहुत जबरदस्त हमला किया है. उनकी दो दलीलें खास हैं. पहली यह कि इस टीके से जो एक छोटा सा शुरू का तपेदिक का हमला आदमी पर हो जाता है उससे हरगिज़ यह नतीजा नहीं निकाला जा सकता कि उस आदमी को फिर यह बीमारी नहीं हो सकती या बहुत ज्यादा जोर के साथ नहीं हो सकती. दूसरे उनका कहना है कि इस टीके का एक यह नतीजा भी होता है कि आदमी तपेदिक से बचने के दूसरे ज्यादा कारामद तरीक़ों की तरफ़ से बेपरवाह हो जाता है. उनका यह भी साफ़ साफ़ ख्याल है कि जिन बच्चों को काफ़ी अच्छा खाना और शक्ति देने वाला खाना नहीं मिलता उन्हें बी० सी० जी० के टीके से ज्यादा नुक़सान हो सकता है.

बी० सी० जी० के कीड़े आदमी की जान ले सकते हैं

हमारे देश में एक तरफ़ से सब बच्चों के बी० सी० जी० का टीका लगाने का जो काम जारी है उससे बीमारी के और फैलने का खतरा नीचे की बातों से मालूम होता है.

सन् 1955 की छपी इंगलैंड की ग्लैक्सो लैबोरेट्रीज की एक किताब में लिखा है :—"जाहिर है कि टीका लगाने के लिये कीड़ों का जो वैकसीन तैयार किया जाता है उसमें इस बात का बहुत डर रहता है कि कीड़े और बढ़ जावें. खास कर बी० सी० जी० के वैकसीन में खतरनाक क़िस्म के कीड़े बढ़ सकते हैं. इसे रोकने के लिये वैकसीन की तैयारी में बहुत बड़ी अहतियात की जरूरत है. यहां एक और मुश्किल आ पड़ती है और वह यह कि तपेदिक के कीड़े जिस तरह धीरे धीरे बढ़ते हैं, चाहे शीशे की नली के अन्दर और चाहे आदमी या जानवर के बदन के अन्दर, उससे वैकसीन को बचा हुआ मान सकने में छै हफ्ते से लेकर बारह हफ्ते तक लग जाते हैं, और वैकसीन का क़ायदा यह है कि वैकसीन तैयार होते ही दो या तीन हफ्ते के अन्दर काम में आ जाना चाहिये. यानी इस खतरे से बच सकने का पूरा यक़ीन हो ही नहीं सकता."

[बाक़ी फिर]

ٹیکہ بھی انہیں بیماری سے بچا سکتا ہے۔ ابھی تک بی۔ سی۔ جی۔ کے ٹیکہ پر اِس کے لئے ذرا بھی بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔"

کچھ ڈاکٹروں کا یہ بھی خیال ہے کہ بی۔ سی۔ جی۔ کا ٹیکہ صرف اُن ڈاکٹروں، نرسوں اور اُن نوکروں کو لگنا چاہئے جو اسپتالوں میں کام کرتے ہیں اور تپدق کے بیماروں کی دیکھ ریکھ اور سیوا کرتے ہیں۔

ڈاکٹر جے۔ اے۔ مائرس نے 18 اگست سن 1951 کے جرنل آف دی امریکن میڈیکل ایسوسئیشن میں بی۔ سی۔ جی۔ کے ٹیکہ پر بہت زبردست حملہ کیا ہے۔ اُن کی دو دلیلیں خاص ہیں۔ پہلی یہ کہ اِس ٹیکہ سے جو ایک چھوٹا سا شروع کا تپدق کا حملہ آدمی پر ہو جاتا ہے اُس سے ہرگز یہ نتیجہ نہیں نکالا جاسکتا کہ اُس آدمی کو پھر یہ بیماری نہیں ہوسکتی یا بہت زیادہ زور کے ساتھ نہیں ہوسکتی۔ دوسرے اُن کا کہنا ہے کہ اِس ٹیکہ کا ایک یہ نتیجہ بھی ہوتا ہے کہ آدمی تپدق سے بچنے کے دوسرے زیادہ کارآمد طریقوں کی طرف سے بےپرواہ ہو جاتا ہے۔ اُن کا یہ بھی صاف صاف خیال ہے کہ جن بچوں کو کافی اچھا کھانا اور شکتی دینے والا کھانا نہیں ملتا اُنہیں بی۔ سی۔ جی۔ کے ٹیکہ سے سب سے زیادہ نقصان ہوسکتا ہے۔

بی۔ سی۔ جی۔ کے کیڑے آدمی کی جان لے سکتے ہیں

ہمارے دیش میں ایک طرف سے سب بچوں کے بی۔ سی۔ جی۔ کا ٹیکہ لگانے کا جو کام جاری ہے اُس سے بیماری کے اور پھیلنے کا خطرہ نیچے کی باتوں سے معلوم ہوتا ہے۔

سن 1955 کی چھپی اِنگلینڈ کی گلیکسو لیبوریٹریز کی ایک کتاب میں لکھا ہے :—"ظاہر ہے کہ ٹیکہ لگانے کے لئے کیڑوں کا جو ویکسین تیار کیا جاتا ہے اُس میں اِس بات کا بہت ڈر رہتا ہے کہ کیڑے اور بڑھ جاویں۔ خاصکر بی۔سی۔جی۔ کے ویکسین میں خطرناک قسم کے کیڑے بڑھ سکتے ہیں۔ اِسے روکنے کے لئے ویکسین کی تیاری میں بہت بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ یہاں ایک اور مشکل آپڑتی ہے وہ یہ کہ تپدق کے کیڑے جس طرح دھیرے دھیرے بڑھتے ہیں، چاہے شیشے کی نلی کے اندر اور چاہے آدمی یا جانور کے بدن کے اندر، اُس سے ویکسین کو بچا ہوا مان سکنے میں چھ ہفتے سے لیکر بارہ ہفتے تک لگ جاتے ہیں، اور ویکسین کا قاعدہ یہ ہے کہ ویکسین تیار ہوتے ہی دو یا تین ہفتے کے اندر کام میں آجانا چاہئے۔ یعنی اِس خطرے سے بچ سکنے کا پورا یقین ہو ہی نہیں سکتا۔"

[باقی پھر]

कुछ किताबें

کچھ کتابیں

'The Story Of My Life'—by M. K. Gandhi.

छापने वाले नवजीवन पब्लिशिंग हाउस, अहमदाबाद; सफ़े 208; क़ीमत एक रुपया आठ आना; ज़बान अंगरेज़ी.

महात्मा गान्धी की अंगरेज़ी आत्मकथा को श्री भारतन कुमारप्पा ने 170 सफ़े में इस ख़ूबी के साथ मुख़्तसिर किया है कि दिलचस्पी और ज़बान दोनों की ख़ूबसूरती ज़रा भी नहीं घटी है. किताब के आख़ीर में डाक्टर सी० एन० जुत्शी ने 38 सफ़े में किताब से ताल्लुक़ रखने वाले ग्रामर के सबक़ दिये हैं. गांधीजी की आत्मकथा का यह छोटा एडीशन ख़ास तौर पर विद्यार्थियों के लिये तैयार किया गया है. हाई स्कूल और इण्टरमीजिएट दरजों के तालिबइल्मों के लिये यह किताब बड़े काम की, शिक्षाप्रद (सबक़ आमेज़) और उनके ज्ञान को बढ़ाने वाली साबित होगी.

چھاپنے والے نوجیون پبلشنگ ہاؤس' احمدآباد؛ صفحے 208؛ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ؛ زبان انگریزی .

مہاتما گاندھی کی انگریزی آتم کتھا کو شری بھارتن کماریپا نے 170 صفحے میں اِس خوبی کے ساتھ مختصر کیا ہے کہ دلچسپی اور زبان دونوں کی خوبصورتی ذرا بھی نہیں گھٹی ہے . کتاب کے آخیر میں ڈاکٹر سی. این. زتشی نے 38 صفحے میں کتاب سے تعلق رکھنے والے گرامر کے سبق دئے ہیں. گاندھی جی کی آتم کتھا کا یہ چھوٹا ایڈیشن خاص طور پر ودیارتھیوں کے لئے تیار کیا گیا ہے . ہائی اسکول اور انٹرمیجئیٹ درجوں کے طالب علموں کے لئے یہ کتاب بڑے کام کی' شکشاپرد (سبق آموز) اور اُن کے گیان کو بڑھانے والی ثابت ہوگی .

Ashram Observances in Action—by M. K. Gandhi.

छापने वाले ऊपर के; सफ़े 151; क़ीमत एक रुपया. गुजराती से अंगरेज़ी तर्जुमा करने वाले वालजी, गोविंदजी देसाई.

दक्खिन अफ़रीक़ा से ही गान्धी जी ने समाजी जीवन की बुनियाद डालने के लिये आश्रम क़ायम करने और उसमें बहुत से ख़ानदानों के एक साथ मिलकर रहने की परम्परा क़ायम की. अलग-अलग धर्म मानने वाले, अलग अलग जाति वाले, अलग अलग रंग वाले कैसे प्रेम, सदाचार और मज़हबी ज़िन्दगी बिताते हुये सब एक साथ मिलकर रह सकते हैं यह आश्रम इसी मक़सद से गान्धी जी ने क़ायम किये थे. दक्खिन अफ़रीक़ा में फ़िनिक्स आश्रम, अहमदाबाद में पहले कोचरब और बाद में साबरमती आश्रम, और उसके बाद वर्धा के पास सेवाग्राम आश्रम गान्धी जी के केन्द्र बने.

इन आश्रमों में रहने वाले आश्रमवासियों के लिये उन्हों ने ज़िन्दगी के कुछ बुनियादी उसूल बनाये थे. वे थे सत्य पर आग्रह, प्रार्थना यानी इबादत, अहिंसा या प्रेम, ब्रह्मचर्य यानी नफ़्सकुशी, अस्तेय यानी अपने हक़ यानी ज़रूरत से ज़्यादा किसी चीज़ को लेने को चोरी समझना चाहे वह पानी ही क्यों न हो, श्रमदान यानी जो मेहनत करे उसी को

چھاپنے والے اُوپر کے؛ صفحے 151؛ قیمت ایک روپیہ . گجراتی سے انگریزی ترجمہ کرنے والے وال جی' گووند جی دیسائی .

دکھن افریقہ سے ہی گاندھی جی نے سماجی جیون کی بنیاد ڈالنے کے لئے آشرم قایم کرنے اور اُس میں بہت سے خاندانوں کے ایک ساتھ ملکر رہنے کی پرمپرا قایم کی . الگ الگ دھرم ماننے والے' الگ الگ جاتی والے' الگ الگ رنگ والے کیسے پریم' سداچار اور مذہبی زندگی بتاتے ہوئے سب ایک ساتھ ملکر رہ سکتے ہیں یہ آشرم اسی مقصد سے گاندھی جی نے قایم کئے تھے . دکھن افریقہ میں فنکس آشرم' احمدآباد میں پہلے کوچرب اور بعد میں سابرمتی آشرم' اور اُس کے بعد وردھا کے پاس سیواگرام آشرم گاندھی جی کے کیندر بنے .

اِن آشرم میں رہنے والے آشرم واسیوں کے لئے اُنہوں نے زندگی کے کچھ بنیادی اُصول بنائے تھے . وے تھے سَتیہ پر آگرہ' پرارتھنا یعنی عبادت' اہنسا یا پریم' برہمچریہ یعنی نفس کشی' استیہ یعنی اپنے حق یعنی ضرورت سے زیادہ کسی چیز کو لینے کو چوری سمجھنا چاہے وہ پانی ہی کیوں نہ ہو' شرمدان یعنی جو محنت کرے اُسی کو

रोटी पाने का हक़ है, स्वदेशी, हरिजनों का उत्थान, खेती, गोपालन, बुनियादी तालीम जिसमें दस्तकारी के ज़रिये शिक्षा देने का तरीक़ा ईजाद किया गया है और सत्याग्रह यानी सचाई के रास्ते को जान देकर भी न छोड़ना. इन उसूलों को अपनी ज़िन्दगी में गान्धी जी ने ख़ुद उतारा था और दूसरों को भी वे इसी की तालीम देते थे. यह गान्धी जी की ज़िन्दगी का फ़लसफ़ा है.

किताब के आख़ीर में सत्याग्रह आश्रम, गान्धी जी की इन उसूलों के बारे में तफ़सीर, और सेवाग्राम आश्रम के क़ायदों का भी वर्णन है.

गान्धी जी के उसूल और उनकी शख़्सीयत को समझने के लिये किताब बड़े काम की है.

روٹی پانے کا حق ہے، سودیشی، ہریجنوں کا اُتھان، کھیتی، گوپالن، بنیادی تعلیم جسمیں دستکاری کے ذریعہ شکشا دینے کا طریقہ ایجاد کیا گیا ہے اور ستیاگرہ یعنی سچائی کے راستے کو جان دےکر بھی نہ چھوڑنا ۔ ان اُصولوں کو اپنی زندگی میں گاندھی جی نے خود اُتارا تھا اور دوسروں کو بھی وے اِسی کی تعلیم دیتے تھے ۔ یہ گاندھی جی کی زندگی کا فلسفہ ہے ۔

کتاب کے آخیر میں ستیاگرہ آشرم، گاندھی جی کی ان اُصولوں کے بارے میں تفسیر، اور سیواگرام آشرم کے قاعدوں کا بھی ورنن ہے ۔

گاندھی جی کے اُصول اور اُن کی شخصیت کو سمجھنے کے لئے کتاب بڑے کام کی ہے ۔

'Gandhiji's First Struggl ein India'—by P. C. Ray-chaudhary.

छापने वाले ऊपर के; सफ़े 167; मोल दो रुपया.

चम्पारन के सत्याग्रह के इतिहास पर लेखक की इस किताब से बेहद रोशनी पड़ती है. वैसे तो ख़ुद महात्मा गांधी और डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद ने चम्पारन के सत्याग्रह पर विस्तार से लिखा है मगर इस किताब की ख़ूबी यह है कि बिहार सरकार के सहयोग से लेखक ने अस्ल रिकार्डों की छान बीन करके गान्धी जी के हाथ के लिखे हुए अस्ली ख़तों के फ़ोटो भी इसमें छापे हैं जो उन्होंने चम्पारन सत्याग्रह के सम्बन्ध में सरकारी अफ़सरों और दूसरे लोगों को लिखे. इस नुक़्ते नज़र से यह किताब प्रमाणित और बड़े काम की है.

چھاپنے والے اُوپر کے؛ صفحے 167؛ مول دو روپیہ ۔

چمپارن کے ستیا گرہ کے اِتہاس پر لیکھک کی اس کتاب سے بے حد روشنی پڑتی ہے ۔ ویسے تو خود مہاتما گاندھی اور ڈاکٹر راجیندر پرساد نے چمپارن کے ستیاگرہ پر وستار سے لکھا ہے مگر اِس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ بہار سرکار کے سہیوگ سے لیکھک نے اصل ریکارڈوں کی چھان بین کر کے گاندھی جی کے ہاتھ کے لکھے ہوئے اصلی خطوں کے فوٹو بھی اِس میں چھاپے ہیں جو اُنہوں نے چمپارن ستیا گرہ کے سمبندھ میں سرکاری افسروں اور دوسرے لوگوں کو لکھے ۔ اِس نقطہ نظر سے یہ کتاب پرمانت اور بڑے کام کی ہے ۔

'Gokhle: My Political Guru—by M. K. Gandhi.

छापने वाले वही नवजीवन पब्लिशिंग हाउस, अहमदाबाद; सफ़े 67; मोल एक रुपया.

चन्द महीने पहले इस किताब के हिन्दी एडीशन की रिव्यू हमने 'नया हिन्द' के कालमों में की थी. यह उसी का अंग्रेजी एडीशन है. अंग्रेजी जानने वालों के लिये यह किताब न सिर्फ़ गोखले को जानने समझने बल्कि ख़ुद गान्धी जी के व्यक्तित्व को समझने के लिये भी बड़ी उपयोगी साबित होगी.

چھاپنے والے وہی نوجیون پبلشنگ ہاؤس، احمدآباد؛ صفحے 67؛ مول ایک روپیہ ۔

چند مہینے پہلے اِس کتاب کے ہندی ایڈیشن کی ریویو ہم نے 'نیاہند' کے کالموں میں کی تھی ۔ یہ اُسی کا انگریزی ایڈیشن ہے ۔ انگریزی جاننے والوں کے لئے یہ کتاب نہ صرف گوکھلے کو جاننے سمجھنے بلکہ خود گاندھی جی کے ویکتتو کو سمجھنے کے لئے بھی بڑی اُپیوگی ثابت ہو گی ۔

'अहिंसक समाजवाद की ओर'—लेखक गांधी जी

छापने वाले नवजीवन प्रकाशन मन्दिर; सफ़े 20 ; क़ीमत दो रुपये.

अब जबकि हिन्दुस्तान ने समाजवादी ढाँचे को अपना मक़सद बना लिया है देशवासियों को यह समझना ज़रूरी हो गया है कि वे समाजवाद को तफ़सील से जानें और यह समझें कि समाजवाद की कौनसी रूप रेखा उनके लिये फ़ायदे-मन्द होगी.

भारत पूरे 30 बरसों तक गांधी जी के बताये हुए रास्ते पर चला. उन्हीं के विचारों की छाया में उसने आज़ादी हासिल की. वे विचार उसकी रग-रग में पैवस्त हैं. इसलिये यह ज़रूरी है कि देशवासी समाजवाद के बारे में गान्धीजी के विचार जानें और समझें.

'اہنسک سماج واد کی اور'—لیکھک گاندھی جی

چھاپنے والے نوجیون پرکاشن مندر؛ صفحے 204؛ قیمت دو روپئے ۔

اب جب کہ ہندستان نے سماج وادی ڈھانچے کو اپنا مقصد بنا لیا ہے دیش واسیوں کو یہ سمجھنا ضروری ہو گیا ہے کہ وے سماج واد کو تفصیل سے جانیں اور یہ سمجھیں کہ سماج واد کی کونسی روپ دیکھا اُن کے لئے فایدہ مند ہوگی ۔

بھارت پورے 30 برسوں تک گاندھی جی کے بتائے ہوئے راستے پر چلا ۔ اُنہیں کے وچاروں کی چھایا میں اُس نے آزادی حاصل کی ۔ وے وچار اُس کی رگ رگ میں پیوست ہیں ۔ اِس لئے یہ ضروری ہے کہ دیش واسی سماج واد کے بارے میں گاندھی جی کے وچار جانیں اور سمجھیں ۔

कुछ किताबें

गान्धी जी के ग्यारह व्रत—सत्य, प्रेम या अहिंसा, ब्रह्मचर्य, अपरिग्रह (दौलत पर निजी मालिकाना छोड़ना), अस्तेय (जरूरत से ज्यादा किसी चीज को लेने को चोरी समझना), शरीर-श्रम, अस्वाद, अभय, (निडरता), सर्वधर्म समभाव, अस्पृश्यता निवारण और स्वदेशी—गान्धी जी के समाजवादी ढाँचे के बुनियादी उसूल थे. गान्धी जी अमली उसूलवादी थे. जो दूसरों को कहते थे उसे पहले खुद अपनी जिन्दगी में उतारते थे. इस नुक्ते नजर से यह किताब बड़े काम की है. हमारी सिफारिश है कि हर पढ़े लिखे हिन्दुस्तानी को यह किताब, समाजवाद का असली मोल आँकने के लिये, जरूर पढ़नी चाहिये.

—विश्वम्भरनाथ पांडे

کچھ کتابیں

گاندھی جی کے گیارہ ورت—ستیہ، پریم یا اہنسا، برہمچریہ، اپریگرہ (دولت پر نجی مالکانہ چھوڑنا) استیہ (ضرورت سے زیادہ کسی چیز کو لینے کو چوری سمجھنا) شریر شرم، اسواد، ابھے (نڈرتا)، سرو دھرم سمبھاؤ، اسپرشتاوارن اور سودیشی —گاندھی جی کے سماجوادی ڈھانچے کے بنیادی اصول تھے. گاندھی جی عملی اصول وادی تھے. جو دوسروں کو کہتے تھے اُسے پہلے خود اپنی زندگی میں اُتارتے تھے. اِس نقطہ نظر سے یہ کتاب بڑے کام کی ہے. ہماری سفارش ہے کہ ہر پڑھے لکھے ہندستانی کو یہ کتاب، سماج واد کا اصلی مول آنکنے کے لئے، ضرور پڑھنی چاہیئے.

—وشوبھرناتھ پانڈے.

700 PAGES,
22 ILLUSTRATIONS
2 COLOURED MAPS

"CHINA TODAY"

BY PANDIT SUNDARLAL

PRICE
Rs. 7 8 0

A vivid narration of the glorious and wonderful achievements of New China...A picture of China which is both convincing and authentic...the best book that has come out so far on New China in the English language ...the most objective in approach and comprehensive in treatment. —National Herald, Lucknow.

Highly informative...throws vivid light on conditions obtaining in that country...a book which deserves to be widely known —Leader, Allahabad.

Encolopaedic...characterized by acute observation of detail as well as by...instinctive grasp of the fundamental perspective...To read it is veritably like accompanying the Mission on its thrilling voyage of discovery in New China. —Blitz, Bombay

A mine of information which gives a picture of China as nothing else dose...the best guide to New. China...Those who would like to understand what is happeing in New China can do not better than to study it. —Bharat Jyoti, Bombay

The wealth of information It gives on China new and old...makes fascinating reading...is comprehensive and informative and must therefore interest all students of public affairs. —Indian Express, Madras

China Today is an eloquent tribute to his (Pandit Sundarlal's) shrewd understanding of men and matter... brings to light the mighty endeavour of the Chinese People to rebuild their great nation on firm new foundations for a tomorrow which is theirs. —Vigil, Delhi.

हमारी राय

ہماری رائے

नए चीन को मुबारकबाद !

1 अक्तूबर सन् 1955 को चीन में नए चीनी लोक राज (पीपुल्स रिपब्लिक आफ़ चाइना) की छठी साल-गिरह बड़ी धूम धाम से मनाई गई. दुनिया के सब स्वतंत्रता प्रेमी देशों ने चीन के शासकों और नेताओं को बधाई दी. भारत के राष्ट्रपति और प्रधान-मंत्री ने भी चीन के राष्ट्रपति और प्रधान-मंत्री को इस शुभ अवसर पर बधाई के संदेश भेजे. भारत-चीन मैत्री-संघ के प्रेसीडेन्ट ने दिल्ली से चीन-भारत मैत्री संघ के प्रेसीडेन्ट को पीकिंग में बधाई का तार भेजा और उन्हें विश्वास दिलाया कि भारत की जनता दुनिया में शान्ति क़ायम रखने और दुनिया के दूसरे देशों की जनता को आज़ाद और ख़ुशहाल करने की कोशिशों में चीनी जनता का हमेशा पूरा पूरा साथ देगी.

इन छै बरस के अन्दर नए चीन ने जीवन के हर मैदान में जो ज़बरदस्त तरक़्क़ी की है वह दुनिया भर पर उजागर हो चुकी है. यहां उसे दुहराने की ज़रूरत नहीं है. नए चीन ने दुनिया के लोगों को और उन लोगों को भी जिन्हें नए चीन के इरादों पर किसी तरह के शक थे यह साबित कर दिया कि नया चीन किसी से लड़ना नहीं चाहता. वह सब देशों और सब लोगों के साथ शान्ति और दोस्ती से रहना चाहता है. चीन और भारत के नेताओं ने मिलकर वह पांच ऊँचे सिद्धान्त दुनिया के सामने रक्खे जो आज पंचशील के नाम से मशहूर हैं, जिन्हें एक दूसरे के बाद दुनिया के सब देश अपनी अन्तर्राष्ट्री नीति के बुनियादी असूल मानते जा रहे हैं, और जिन्होंने बता दिया कि कम्युनिस्ट चीन उन सब देशों के साथ मित्रता से रहना चाहता है जो उसके साथ मित्रता से रहना चाहें. इसमें चीन की नज़रों में कम्युनिस्ट और ग़ैर कम्युनिस्ट मार्क्सिस्ट और ग़ैर मार्क्सिस्ट का कोई फ़र्क़ नहीं.

कोरिया में उन पच्छिमी मुल्कों की फ़ौजों ने जिनकी दूसरों पर हकूमत करने और उनके धन और शक्ति से बेजा फ़ायदा उठाने की नापाक लालसा अभी ख़तम नहीं हुई है

نئے چین کو مبارکباد !

1 اکتوبر سن 1955ع کو چین میں نئے چینی لوک راج (پیپلس ریپبلک آف چائنا) کی چھٹی سالگرہ بڑی دھوم دھام سے منائی گئی۔ دنیا کے سب سوتنترتا پریمی دیشوں نے چین کے شاسکوں اور نیتاؤں کو بدھائی دی۔ بھارت کے راشٹرپتی اور پردھان منتری نے بھی چین کے راشٹرپتی اور پردھان منتری کو اِس شبھ اوسر پر بدھائی کے سندیش بھیجے۔ بھارت چین میتری سنگھ کے پریسیڈنٹ نے دلی سے چین بھارت میتری سنگھ کے پریسیڈنٹ کو پیکنگ میں بدھائی کا تار بھیجا اور اُنھیں وشواس دلایا کہ بھارت کی جنتا دنیا میں شانتی قائم رکھنے اور دنیا کے دوسرے دیشوں کی جنتا کو آزاد اور خوشحال کرنے کی کوششوں میں چینی جنتا کا ہمیشہ پورا پورا ساتھ دے گی۔

اِن چھ برس کے اندر نئے چین نے جیون کے ہر میدان میں جو زبردست ترقی کی ہے وہ دنیا بھر پر اُجاگر ہوچکی ہے۔ یہاں اُسے دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ نئے چین نے دنیا کے لوگوں کو اور اُن لوگوں کو بھی جنھیں نئے چین کے اِرادوں پر کسی طرح کے شک تھے یہ ثابت کردیا کہ نیا چین کسی سے لڑنا نہیں چاہتا۔ وہ سب دیشوں اور سب لوگوں کے ساتھ شانتی اور دوستی سے رہنا چاہتا ہے۔ چین اور بھارت کے نیتاؤں نے مل کر وہ پانچ اُونچے سدھانت دنیا کے سامنے رکھے جو آج پنچ شیل کے نام سے مشہور ہیں، جنھیں ایک دوسرے کے بعد دنیا کے سب دیش اپنی انتر راشٹرنیتی کے بنیادی اُصول مانتے جارہے ہیں، اور جنھوں نے بتا دیا کہ کمیونسٹ چین اُن سب دیشوں کے ساتھ متر تا سے رہنا چاہتا ہے جو اُس کے ساتھ متر تا سے رہنا چاہیں۔ اُس میں چین کی نظروں میں کمیونسٹ اور غیر کمیونسٹ، مارکسسٹ اور غیر مارکسسٹ کا کوئی فرق نہیں۔

کوریا میں اُن پچھمی ملکوں کی فوجوں نے جن کی دوسروں پر حکومت کرنے اُن کے دھن اور شکتی سے بیجا فائدہ اُٹھانے کی ناپاک لالسا ابھی ختم نہیں ہوئی ہے

वहां के घरेलू झगड़े में जबरदस्ती दखल देकर कोरिया वालों को कोरिया वालों के लड़ा कर फ़ायदा उठाना चाहा. कोरिया के बहादुर सपूतों ने उनका डट कर मुकाबला किया. नए चीन ने उस समय तक दखल नहीं दिया जब तक कि लड़ाई चीन की सरहद तक नहीं पहुंच गई और नए चीन की भूमि पर बरसने वाले गोलों ने यह साबित नहीं कर दिया कि दूसरों की आज़ादी के दुशमनों की निगाहें केवल कोरिया पर ही नहीं चीन पर भी लगी हुई हैं. देखते देखते लड़ाई का पलड़ा पलटा. ठीक उस जीत के समय जब दुनिया के दूसरे शान्ति-प्रिय देशों ने, जिन में भारत खास था, चाहा कि कोरिया का मामला शान्ति के साथ तय हो जावे और चीन को इसकी आशा दिलाई तो चीन ने अपने हाथ लड़ाई से खेंच लिये. कोरिया की लड़ाई को बन्द करने में चीन का हिस्सा सबसे जबरदस्त, चीन के यश को बढ़ाने वाला और नए चीन की अमन पसन्दी का बहुत बड़ा सबूत है.

हिन्द चीन (इन्डो चाइना) की लड़ाई को बन्द कराने में चीन और भारत दोनों ने मिल कर जो हिस्सा लिया है वह इन दोनों देशों के लिये बड़े गौरव की चीज़ है.

ताईवान (फ़ारमूसा) चीन के शरीर का एक टुकड़ा है. किसी भी बाहर की क़ौम का वहां दखल देना और उसे अपना फ़ौजी अड्डा बनाए रखना अन्तर्राष्ट्री अन्याय है. ताईवान के उपद्रवियों को, जो ताईवान के रहने वाले नहीं हैं, चीनी महाद्वीप से हार कर और भाग कर ग़ैरों की किश्तों के साए में वहां पर पनाह लिये हुए हैं, क़ाबू में कर लेना नए चीन के लिये बाएं हाथ का खेल था और ताईवान और वहां की जनता को आज़ाद करना नए चीन का फ़र्ज़ भी है. फिर भी नए चीन ने ताईवान की लड़ाई से फ़िलहाल अपना हाथ खेंच लिया इसलिये ताकि दुनिया की जनता जंग की बरबादी से बची रहे, ताईवान का यह मामला भी सुलह सफ़ाई ही से तय हो सके और सब मुल्कों के बीच शान्ति और दोस्ती क़ायम रह सके.

दुनिया की अन्तर्राष्ट्री कानफ़्रेंसों में खास कर जनीवा में और बान्डुंग में नए चीन के नेताओं ने दुनिया भर पर यह उजागर कर दिया कि वह नया चीन जिसने केवल कुछ साल पहले दुनिया की सब से बड़ी साम्राजी ताक़तों से लोहा लेकर अपनी साठ करोड़ जनता को सच्ची आज़ादी दिलवाई है वही नया चीन शान्ति का सब से बड़ा हामी और मददगार और जंग का सब से बड़ा दुशमन भी है. एशिया का सब से शक्तिशाली देश और दुनिया के सब से अधिक शक्तिशाली देशों में से एक होते हुए भी वह दुनिया के सब देशों के साथ अमन और दोस्ती से रहना चाहता है. यही कारण है कि नए चीन और

وہاں کے گھریلو جھگڑے میں زبردستی دخل دے کر کوریا والوں کو کوریا والوں سے لڑا کر فائدہ اُٹھانا چاہا. کوریا کے بہادر سپوتوں نے اُن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا. نئے چین نے اُس سمے تک دخل نہیں دیا جب تک کہ لڑائی چین کی سرحد تک نہیں پہونچ گئی اور نئے چین کی بھومی پر برسنے والے گولوں نے یہ ثابت نہیں کردیا کہ دوسروں کی آزادی کے دشمنوں کی نگاہیں کیول کوریا پر ہی نہیں چین پر بھی لگی ہوئی ہیں. دیکھتے دیکھتے لڑائی کا پلڑا پلٹا. ٹھیک اُس جیت کے سمے جب دنیا کے دوسرے شانتی پریہ دیشوں نے، جن میں بھارت خاص تھا، چاہا کہ کوریا کا معاملہ شانتی کے ساتھ طے ہو جاوے اور چین کو اس کی آشا دلائی تو چین نے اپنے ہاتھ لڑائی سے کھینچ لئے. کوریا کی لڑائی کو بند کرنے میں چین کا حصہ سب سے زبردست، چین کے یش کو بڑھانے والا اور نئے چین کی اَمن پسندی کا بہت بڑا ثبوت ہے.

ہند چین (اِنڈو چائنا) کی لڑائی کو بند کرانے میں چین اور بھارت دونوں نے مل کر جو حصہ لیا ہے وہ اِن دونوں دیشوں کے لئے بڑے گورو کی چیز ہے.

تائیوان (فارموسا) چین کے شریر کا ایک ٹکڑا ہے. کسی بھی باہر کی قوم کا وہاں دخل دینا اور اُسے اپنا فوجی اڈا بنائے رکھنا انتررراشٹری انیایہ ہے. تائیوان کے اُپدرویوں کو، جو تائیوان کے رہنے والے نہیں ہیں، چینی مہادیپ سے ہار کر اور بھاگ کر غیروں کی کرچوں کے سایہ میں وہاں پر پناہ لئے ہوئے ہیں، باہر میں کر لینا نئے چین کے لئے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا اور تائیوان اور وہاں کی جنتا کو آزاد کرنا نئے چین کا فرض بھی ہے. پھر بھی نئے چین نے تائیوان کی لڑائی سے فی الحال اپنا ہاتھ کھینچ لیا اس لئے تاکہ دنیا کی جنتا جنگ کی بربادی سے بچی رہے، تائیوان کا یہ معاملہ بھی صلح صفائی ہی سے طے ہو سکے اور سب ملکوں کے بیچ شانتی اور دوستی قائم رہ سکے.

دنیا کی انتررراشٹری کانفرینسوں میں خاص کر جینوا میں اور بانڈنگ میں نئے چین کے نیتاؤں نے دنیا بھر پر یہ اُجاگر کر دیا کہ وہ نیا چین جس نے کیول کچھ سال پہلے دنیا کی سب سے بڑی سامراجی طاقتوں سے لوہا لے کر اپنی ساٹھ کروڑ جنتا کو سچی آزادی دلوائی ہے وہی نیا چین شانتی کا سب سے بڑا حامی اور مددگار اور جنگ کا سب سے بڑا دشمن بھی ہے. ایشیا کا سب سے شکتی شالی دیش اور دنیا کے سب سے ادھک شکتی شالی دیشوں میں سے ایک ہوتے ہوئے بھی وہ دنیا کے سب دیشوں کے ساتھ امن اور دوستی سے رہنا چاہتا ہے. یہی کارن ہے کہ نئے چین اور

उसके नेताओं का मान और उनके साथ प्रेम आज दुनिया भर में बढ़ता चला जा रहा है.

इस सबके साथ साथ नए चीन के नेताओं ने अपने देश के अन्दर के जीवन को इस थोड़े से समय में जिस तरह ऊपर उठाया है, जिस तरह देश की आर्थिक अवस्था को सुधारा है, करोड़ों जनता के सदाचार को ऊँचा किया है, सारे देश से बेकारी, भिखमंगी, चोरी, रिशवतखोरी और वीरानी को मिटाकर उसे एक हरा भरा बाग़ बना दिया है उसकी दूसरी मिसाल दुनिया के अभी तक के इतिहास में आसानी से नहीं मिल सकती.

एशिया और अफ़्रीक़ा के उन देशों के लिये जो अभी तक ग़ैरों से कुछ न कुछ दबे हुए और इनसानी तरक़्क़ी की दौड़ में पिछड़े हुए हैं नया चीन सब से बड़ा आदर्श और सब से बड़ा सहारा है. दुनिया की जनता को एक करने के लिये नया चीन आज सब से बड़ी शक्ति दिखाई देता है. कारण यह है कि नया चीन "जनता का चीन" है. दुनिया की जनता एक है. काली या गोरी, लाल या पीली जनता कहीं भी एक दूसरे से लड़ना नहीं चाहती. जनता में प्रेम है. जनता में ही जनार्दन हैं. जनता में अनन्त शक्ति छिपी हुई है. वह शक्ति अब तेज़ी के साथ जागती जा रही है और दुनिया को एक करती जा रही है. इन सब बातों में जो भाव, जो विचार और जो उमंगें चीनी जनता के अन्दर जाग चुकी हैं वही भारत की जनता के दिलों में हिलोरें मार रही हैं. यह दोनों पुराने देश सच्चे से सच्चे मानी में अध्यात्म प्रधान देश हैं. दोनों की पिछली अंधेरी सदियों की बहुत कुछ कालिख धुल चुकी है, बाक़ी धुलती जा रही है. दोनों पर इन्सानी समाज को उसके लक्ष्य तक पहुंचाने के लिये ज़बरदस्त ज़िम्मेवारी है. इसलिये हम "नया हिन्द" परिवार की तरफ़ से नए चीन की जनता को उनकी इस छठी सालगिरह के अवसर पर दिल से बधाई देते हैं. हमारी दिली इच्छा है कि चीन के लिये यह दिन हज़ारों साल तक बढ़ती हुई शान्ति और चमक दमक के साथ बार बार आता रहे. हमारी यह भी इच्छा है कि मानव समाज की सच्ची सेवा के लिये हिन्दुस्तान और चीन की दोस्ती हमेशा हमेशा के लिये क़ायम रहे !

1. 10. '55 —सुन्दरलाल

اس کے نیتاؤں کا مان اور اُن کے ساتھ پریم آج دنیا بھر میں بڑھتا چلا جا رہا ہے .

اِس سب کے ساتھ ساتھ نئے چین کے نیتاؤں نے اپنے دیش کے اندر کے جیون کو اس تھوڑے سے سمے میں جس طرح اُوپر اُٹھایا ہے، جس طرح دیش کی آرتھک اوستھا کو سدھارا ہے، کروڑوں جنتا کے سداچار کو اُونچا کیا ہے، سارے دیش سے بیکاری بھکمنگی، چوری اور ویرانی کو مٹا کر اُسے ایک ہرا بھرا باغ بنا دیا ہے اُس کی دوسری مثال دنیا کے ابھی تک کے اِتہاس میں آسانی سے نہیں مل سکتی .

ایشیا اور افریقہ کے اُن دیشوں کے لئے جو ابھی تک غیروں سے کچھ نہ کچھ دبے ہوئے اور انسانی ترقی کی دوڑ میں پچھڑے ہوئے ہیں نیا چین سب سے بڑا آدرش اور سب سے بڑا سہارا ہے . دنیا کی جنتا کو ایک کرنے کے لئے نیا چین آج سب سے بڑی شکتی دکھائی دیتا ہے . کارن یہ ہے کہ نیا چین "جنتا کا چین" ہے . دنیا کی جنتا ایک ہے . کالی یا گوری، لال یا پیلی جنتا کہیں بھی ایک دوسرے سے لڑنا نہیں چاہتی . جنتا میں پریم ہے . جنتا میں ہی جناردن ہیں . جنتا میں اَنَنت شکتی چھپی ہوئی ہے . وہ شکتی اب تیزی کے ساتھ جاگتی جا رہی ہے اور دنیا کو ایک کرتی جا رہی ہے . اِن سب باتوں میں جو بھاؤ، جو وچار اور جو اُمنگیں چینی جنتا کے اندر جاگ چکی ہیں وہی بھارت کی جنتا کے دلوں میں ہلورے مار رہی ہیں . یہ دونوں پرانے دیش سچے سے سچے معنی میں ادھیاتم پردھان دیش ہیں . دونوں کی پچھلی اندھیری صدیوں کی بہت کچھ کالکھ دھل چکی ہے، باقی دھلتی جا رہی ہے . دونوں پر اِنسانی سماج کو اُس کے لکش تک پہنچانے کے لئے زبردست ذمہ واری ہے . اِس لئے ہم "نیا ہند" پریوار کی طرف سے نئے چین کی جنتا کو اُن کی اِس چھٹی سالگرہ کے اوسر پر دل سے بدھائی دیتے ہیں . ہماری دلی اچھا ہے کہ چین کے لئے یہ دن ہزاروں سال تک بڑھتی ہوئی شان اور چمک دمک کے ساتھ بار بار آتا رہے . ہماری یہ بھی اِچھا ہے کہ مانو سماج کی سچی سیوا کے لئے ہندستان اور چین کی دوستی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے قائم رہے !

1.10 '55 —سندر لال

यह क्यों ?

देश में सरकार की तरफ़ से तपेदिक़ के 'टीके का काम' जिसे बी. सी. जी. का टीका कहा जाता है बराबर जारी है. ख़ास कर स्कूलों के अन्दर जगह जगह एक तरफ़ से सब बच्चों के यह टीके लगाये जा रहे हैं. देश के कुछ हितैषियों

یہ کیوں ؟

دیش میں سرکار کی طرف سے تپ دق کے 'ٹیکہ کا کام' جسے بی. سی. جی کا ٹیکہ کہا جاتا ہے، برابر جاری ہے . خاص کر اسکولوں کے اندر جگہ جگہ ایک طرف سے سب بچوں کے یہ ٹیکے لگائے جا رہے ہیں . دیش کے کچھ ہتیشیوں

ने इस टीके का विरोध किया. उनमें दो खास नाम श्री सी. राजागोपालाचारी और श्री विनोबा भावे के हैं. राजा जी के कई बयान और भाषण इस विषय पर समाचार पत्रों में छप चुके हैं. सरकारी अफ़सरों ने इस विरोध की कोई परवाह नहीं की. यहां तक कि कुछ सरकारी अफसरों और राजा जी के बीच थोड़ी बहुत बहसा बहसी भी हुई. देश के कई बड़े बड़े डाक्टरों ने राजा जी का समर्थन किया. राजा जी ने अपने एक बयान में कहा है कि सरकार ने किसी सरकुलर के जरिये देश के डाक्टरों, खास कर सरकारी नौकरों को, यह हिदायत की है कि वह देश के मामूली अखबारों के अन्दर इस विषय पर अपनी राय जाहिर न करें और अगर उन्हें कुछ कहना ही हो तो साइंसी ढंग से साइंसी पत्रिकाओं के अन्दर कहें. राजा जी का कहना है कि इस पर बहुत से डाक्टरों को डर हो गया कि अगर वह सरकार की पालिसी के खिलाफ बी० सी० जी० के टीके पर कोई राय जाहिर करेंगे तो उनका रजिस्ट्रेशन छिन सकता है. भारत सरकार की हैल्थ मिनिस्टर राजकुमारी अमृत कौर ने पार्लिमेंट के अन्दर कहा कि राजाजी का यह कहना कि डाक्टरों पर इस तरह का दबाव डाला गया है ग़लत है. हम इस बारे में केवल इतना ही कह सकते हैं कि सच कई तरह के होते हैं. अदालती या क़ानूनी सच एक अलग चीज़ है, सरकारी या राजकाजी सच दूसरी चीज़ है और मामूली जनता का सच तीसरी चीज़ है. राजा जी के चरित्र और उनकी निस्वार्थता से भी देश अच्छी तरह परिचित है. जो हो, इतने दिनों की बहसा बहसी के बाद भी सरकार का टीके लगाने का काम बेधड़क ज़ोरों के साथ जारी है, और राजा जी ज्यों के त्यों अपनी बात पर डटे हैं.

हाल में राजा जी ने अंग्रेजी में एक छोटी सी पुस्तिका प्रकाशित की है जिसमें उन्होंने दिखाया है कि वह बी० सी० जी० का विरोध क्यों करते हैं. इसमें उन्होंने यह भी लिखा है कि इस पुस्तिका के निकालने की उन्हें जरूरत क्यों पड़ी. हम इस बी० सी० जी० के मामले में राजा जी राय से पूरी तरह सहमत हैं. इसलिये हम अपना फ़र्ज़ समझकर राजा जी की पुस्तिका का हिन्दुस्तानी अनुवाद पाठकों की भेंट कर रहे हैं. हम चाहते हैं कि हमारे अधिक से अधिक देशवासी इसे पढ़कर या सुनकर लाभ उठावें.

14. 10. '55 —सुन्दरलाल

"दुनिया की माताओं की कांग्रेस"

"इतिहास की तरह कलचर या संस्कृति भी एक ऐसी चीज है जो लगातार फूलती फलती और बढ़ती रहती है और जिसका सम्बन्ध सारी दुनिया से है. कोई देश या कोई काल ऐसा नहीं है कि जहां खड़ा होकर कोई आदमी भी यह कह सके कि इसके आगे किसी चीज से मेरा कोई सम्बन्ध नहीं. कलचर के अलग अलग रूप आस पास की तब्दीलियों के साथ बदलते रहते हैं, और यह तब्दीलियां अधिकतर अलग अलग जातियों के मिलने से पैदा होती हैं. इसलिये कलचर हम सब की मिली जुली बपौती है जो हम सबकी मिली जुली कोशिश से पैदा होती है. कलचर के अलग अलग हिस्से मिलकर एक शरीर बनाते हैं, फिर यह शरीर खुद एक इकाई बन जाता है, और इस तरह की बहुत सी इकाइयां मिलकर लगातार अपने में दूसरे हिस्सों और दूसरी इकाइयों को मिलाती और समोती रहती है, यहां तक कि यह सिलसिला सारी धरती के ऊपर फैला हुआ दिखाई देता है. कलचर हम सबकी सबको देन है."

इसके बाद लेखक ने शुरू से अब तक की दुनिया की बड़ी बड़ी सभ्यताओं, उनके विकास और एक दूसरे के साथ उनके सम्बन्ध की चरचा की है.

भारत की चरचा करते हुए लेखक ने कहा है कि :—

"इस मामले में कोई देश प्रकृति (क़ुदरत) का इतना चहेता नहीं दिखाई देता जितना हिन्दुस्तान. अनगिनत जातियां, सभ्य और असभ्य, हमारी सरहद को पार कर इस देश में आती रहीं और यहां के समाजी ताने बाने में मिलकर एक होजाती रही हैं. हमारे समाजी ढांचे को उन सब से बल मिला है और उसकी शान और सुन्दरता बढ़ी है. तरह तरह के नमूने और तरह तरह की शकलें मिलकर

ہندستانی کلچر

[ایک آلوچنا]

حیدرآباد کی ایشیائی اددھین سمتی (Institute of Asian Studies) کے ڈائریکٹر، مشہور ودوان، شری بھگوت شرن اپادھیائے نے اپنا ایک چھپا ہوا انگریزی نبندھ ہمارے پاس بھیجا ہے، جس کا نام ہے 'بھارتیہ سنسکرتی کی پرگتی' (March of Indian Culture). نبندھ کی کچھ چیزیں لگ بھگ اُنھیں کے شبدوں میں ہم نیچے دیتے ہیں .

کلچر یا سنسکرتی کی پریبھاشا کرتے ہوئے لیکھک نے لکھا ہے کہ :—

اِتہاس کی طرح کلچر یا سنسکرتی بھی ایک ایسی چیز ہے جو لگاتار پھولتی پھلتی اور بڑھتی رہتی ہے اور جس کا سمبندھ ساری دنیا سے ہے . کوئی دیش یا کوئی کال ایسا نہیں ہے کہ جہاں کھڑا ہو کر کوئی آدمی بھی یہ کہہ سکے کہ اِس کے آگے کسی چیز سے میرا کوئی سمبندھ نہیں . کلچر کے الگ الگ روپ آس پاس کی تبدیلیوں کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں، اور یہ تبدیلیاں ادھکتر الگ الگ جاتیوں کے ملنے سے پیدا ہوتی ہیں . اِس لئے کلچر ہم سب کی ملی جلی بپوتی ہے جو ہم سب کی ملی جلی کوشش سے پیدا ہوتی ہے . کلچر کے الگ الگ حصے ملکر ایک شریر بناتے ہیں، پھر یہ شریر خود ایک اِکائی بن جاتا ہے، اور اِس طرح کی بہت سی اِکائیاں مکلر لگاتار اپنے میں دوسرے حصوں اور دوسری اِکائیوں کو ملاتی اور سموتی رہتی ہے، یہاں تک کہ یہ سلسلہ ساری دھرتی کے اُوپر پھیلا ہوا دکھائی دیتا ہے . کلچر ہم سب کی سب کو دین ہے ."

اِس کے بعد لیکھک نے شروع سے ابتک کی دنیا کی بڑی بڑی سبھیتاؤں، اُن کے وکاس اور ایک دوسرے کے ساتھ اُن کے سمبندھ کی چرچا کی ہے .

بھارت کی چرچا کرتے ہوئے لیکھک نے کہا ہے کہ :—

"اِس معاملے میں کوئی دیش پرکرتی (قدرت) کا اتنا چہیتا نہیں دکھائی دیتا جتنا ہندستان . انگنت جاتیاں، سبھیہ اور اسبھیہ، ہماری سرحد کو پار کر اِس دیش میں آتی رہیں اور یہاں کے سماجی تانے بانے میں ملکر ایک ہو جاتی رہی ہیں . ہمارے سماجی ڈھانچے کو اُن سب سے بل ملا ہے اور اُس کی شان اور سندرتا بڑھی ہے . طرح طرح کے نمونے اور طرح طرح کی شکلیں ملکر

इस देश की कलचर में सैकड़ों तरह के नए नए रंग और नई शान पैदा करते रहे हैं. हजारों बरस के अन्दर अनगिनत जातियों के मेल से आजकल की भारतीय संस्कृति बनी है."

लेखक का विचार है कि सन्धु नदी की पुरानी सभ्यता और दजला और फ़िरात नदियों के किनारे की प्राचीन सुमेरी सभ्यता दोनों में गहरा सम्बन्ध था.

जब जब कोई दो जातियां इस देश में मिलती थीं तो पहली टक्कर में लड़ाइयां और झगड़े होते थे. पर थोड़े ही दिनों में दोनों के मेल से एक नई और दोनों से अधिक सुन्दर चीज़ पैदा हो जाती थी, यहां तक कि दोनों के अलग अलग वजूद का निशान तक न रह जाता था.

आर्य लोगों ने अपने से पहले के बाशिन्दों को नफ़रत के साथ 'कृष्ण' (काले आदमी), 'अनास' (जिनकी नाक दबी हुई थी), 'अदेवयु' (ईश्वर को न मानने वाले), 'अयज्वन' (यज्ञ न करने वाले), 'शिश्न देव' (लिंग पूजने वाले), 'दास' (ग़ुलाम), 'दस्यु' (डाकू) जैसे नामों से पुकारा. उस समय के आर्य अधिकतर या तो उठाऊ चूल्हा रहते थे या छोटी छोटी बस्तियों में बसते थे. यहां के पुराने बाशिन्दे, जो द्रविड़ कहलाते थे, बड़े बड़े शहरों में रहते थे, जिनके चारों तरफ़ पक्की ईंटों की ऊँची दीवारें होती थीं. सदियों दोनों में लड़ाइयां होती रहीं. आख़िर दोनों मिलकर एक दूसरे के रंग में रंग गए.

दुनिया के इतिहास में अकसर कम सभ्य जातियों ने अधिक सभ्य जातियों को जीता है. लेकिन अन्त में कलचर के मामले में जीतने वाली जाति ने हारी हुई क़ौम के सामने जुवा डाल दिया. ईरान में आर्यों के अन्दर शूद्र जाति नहीं थी. अथर्व वेद लिखे जाने के समय तक इस देश में चारों बड़ी बड़ी जातें रूप ले चुकी थीं जिनमें शूद्र सबसे नीचे थे. द्रविड़ों और आर्यों के मिल जाने से शूद्रों की गिनती बहुत बढ़ गई. द्रविड़ों के देवता 'शिव' की पूजा सारे देश में होने लगी और धीरे धीरे लिंग के रूप में सब जगह चल पड़ी. योग और ध्यान, सांड और गाय की पूजा का भी इसी समय रिवाज हुआ. सांड ने नन्दी का रूप लिया. गाय के लिये विशेष आदर भी आर्यों ने इस देश के पुराने बाशिन्दों से सीखा. धीरे धीरे आर्यों के बहुत से नए नए शहर यहां आबाद हो गए जिनमें पुष्कलावती, तक्षशिला, हस्तिनापुर, इन्द्रप्रस्थ, काशी, अयोध्या और मिथिला अधिक मशहूर हैं.

स्वर्गीय श्री बाल गंगाधर तिलक ने बताया था कि ऋग्-वेद और अथर्वेद में बहुत से मंत्र ऐसे हैं जिनसे उस ज़माने की आर्य सभ्यता और सुमेरी सभ्यता के गहरे सम्बन्ध का पता चलता है. श्री भगवत शरण उपाध्याय का कहना

اِس دیش کی کلچر میں سیکڑوں طرح کے نئے نئے رنگ اور نئی شان پیدا کرتے رہے ہیں ۔ ہزاروں برس کے اندر انگنت جاتیوں کے میل سے آجکل کی بھارتیہ سنسکرتی بنی ہے ۔"

لیکھک کا وچار ہے کہ سندھو ندی کی پرانی سبھیتا اور دجلہ اور فراط ندیوں کے کنارے کی پراچین سومیری سبھیتا دونوں میں گہرا سمبندھ تھا ۔

جب جب کوئی دو جاتیاں اِس دیش میں ملتی تھیں تو پہلی ٹکر میں لڑائیاں اور جھگڑے ہوتے تھے ۔ پر تھوڑے ہی دنوں میں دونوں کے میل سے ایک نئی اور دونوں سے ادھک سندر چیز پیدا ہو جاتی تھی' یہانتک کہ دونوں کے الگ الگ وجود کا نشان تک نہ رہ جاتا تھا ۔

آریہ لوگوں نے اپنے سے پہلے کے باشندوں کو نفرت کے ساتھ 'کرشن' (کالے آدمی)' 'اناس' (جن کی ناک دبی ہوئی تھی)' 'اُدیویو' (ایشور کو نہ ماننے والے) 'ایجون' (یگیہ نہ کرنے والے)' 'ششن دیو' (لنگ پوجنے والے)' 'داس' (غلام)' 'دسیو' (ڈاکو) جیسے ناموں سے پکارا ۔ اُس سمئے کے آریہ ادھکتر یا تو اُٹھاؤ چولہا رکھتے تھے یا چھوٹی چھوٹی بستیوں میں بستے تھے ۔ یہاں کے پرانے باشندے' جو دروڑ کہلاتے تھے' بڑے بڑے شہروں میں رہتے تھے' جن کے چاروں طرف پکی اینٹوں کی اونچی دیواریں ہوتی تھیں ۔ صدیوں دونوں میں لڑائیاں ہوتی رہیں ۔ آخر دونوں ملکر ایک دوسرے کے رنگ میں رنگ گئے ۔

دنیا کے اِتہاس میں اکثر کم سبھیہ جاتیوں نے ادھک سبھیہ جاتیوں کو جیتا ہے ۔ لیکن انت میں کلچر کے معاملہ میں جیتنے والی جاتی نے ہاری ہوئی قوم کے سامنے جوا ڈال دیا ۔ ایران میں اریوں کے اندر شودر جاتی نہیں تھی ۔ اتھرو وید لکھے جانے کے سمئے تک اِس دیش میں چاروں بڑی بڑی جاتیں روپ لے چکی تھیں جن میں شودر سب سے نیچے تھے ۔ دروڑوں اور اریوں کے مل جانے سے شودروں کی گنتی بہت بڑھ گئی ۔ دروڑوں کے دیوتا 'شو' کی پوجا سارے دیش میں ہونے لگی اور دھیرے دھیرے لنگ کے روپ میں سب جگہ چل پڑی ۔ یوگ اور دھیان' سانڈ اور گائے کی پوجا کا بھی اس سمئے رواج ہوا ۔ سانڈ نے نندی کا روپ لیا ۔ گائے کے لئے وشیش آدر بھی اریوں نے اِس دیش کے پرانے باشندوں سے سیکھا ۔ دھیرے دھیرے اریوں کے بہت سے نئے نئے شہر یہاں آباد ہو گئے جن میں پشکلاوتی' تکشلا' ہستناپور' اِندر پرستھ' کاشی' ایودھیا اور میتھل ادھک مشہور ہیں ۔

سورگیہ شری بال گنگا دھر تلک نے بتایا تھا کہ رگوید میں اور اتھروید میں بہت سے منتر ایسے ہیں جن سے اُس زمانے کی آریہ سبھیتا اور سومیری سبھیتا کے گہرے سمبندھ کا پتا چلتا ہے ۔ شری بھگوت شرن اُپادھیائے کا کہنا

है कि अथर्ववेद के एक मंत्र में जो दो शब्द 'आलिगी' और और 'बिलगी' आते हैं वह सुमेरिया के दो मशहूर राजाओं 'एलुलू' और 'बेलुलू' के नाम हैं. लेखक का ख्याल है भारत की अनेक भाषाओं में जो 'अलाय बलाय' शब्द चलते हैं वह इन्हीं एलुलू और बेलुलू से बने हैं. अथर्ववेद के बहुत से जादू और मंत्र प्राचीन बैबीलोनिया (बाबुल) के साहित्य और वहां के रिवाज से लिये गए हैं.

भारत के ग्रन्थ 'शतपथ ब्राह्मण' में तूफान की कहानी हजरत नूह के उसी तूफान की कहानी है जो कहा जाता है ईसा से लगभग तीन हजार बरस पहले बाबुल में आया था. यह कहानी शतपथ ब्राह्मण के लिखे जाने से कम से कम एक हजार बरस पहले प्राचीन असुरिया में मौजूद थी. सुमेरी साहित्य में इस कहानी के साथ जियु-सि का नाम लिया जाता है, इंजील और क़ुरान में इसी के साथ हजरत नूह का नाम लिया जाता है और संस्कृत साहित्य में मनु का नाम लिया जाता है. संस्कृत साहित्य में लिखा है कि जब इतने बड़े तूफान के बाद मनु की किश्ती किसी पहाड़ पर जाकर लगी और मनु ने देखा कि उनकी किश्ती में तरह तरह के जानदारों के जोड़े बच गए हैं जिनसे सृष्टि आगे को चल सके तो उन्होंने भगवान का धन्यवाद दिया और यज्ञ करना चाहा, पर उन्होंने देखा कि यज्ञ कराने के लिये पुरोहित इस देश में नहीं थे, तब असुरिया यानी बाबुल देश से पुरोहित बुलाए गए जिन्हें शतपथ ब्राह्मण में 'असुर ब्राह्मण' कहा गया है. असुरिया के लोगों को उन दिनों असुर कहा जाता था.

इसके बाद भारत में ईरानियों का आना हुआ. ईरानी सम्राट दारा का सिन्ध और पच्छमी पंजाब तक राज था. यह राज सौ बरस से ऊपर तक रहा. चाणक्य और चन्द्रगुप्त मौर्य ने अपने दरबार में ईरानी तौर तरीक़े और ईरान के दरबारी रीति रिवाज जारी किये. ईरान के असर से ही भारत में वह खरोष्ठि लिपि चली जो फ़ारसी की तरह दाहने से बांए को लिखी जाती थी. सम्राट अशोक के बहुत से शिला लेख इसी खरोष्ठि में हैं और उनमें बहुत से ईरानी शब्द आते हैं. पहाड़ों, चट्टानों और ऊँचे ऊँचे खम्बों पर इस तरह के लेख या कतबे खोदने का रिवाज भी, जिसे सम्राट अशोक ने दुनिया में इतना अधिक चमकाया, भारत ने ईरान से और ईरान ने असुरिया से लिया.

उस जमाने के भारत की मूर्ति निर्माण कला पर ईरान और उसके आस पास के देशों का गहरा असर पड़ा. मिस्र के अन्दर ईसा से तीन हजार बरस पहले साँड की पूजा, बाबुल और असुरिया में साँड की पूजा और भारत में नन्दी की पूजा का एक दूसरे के साथ गहरा सम्बन्ध है. तक्षशिला और दूसरे स्थानों की बौद्ध मूर्तियों में ईरानी और यूनानी

ہے کہ اتھرو وید کے ایک منتر میں جو دو شبد 'آلیگی' 'بیلیگی' آتے ہیں وہ سومیریا کے دو مشہور راجاؤں 'ایلولو' اور 'بیلولو' کے نام ہیں۔ لیکھک کا خیال ہے بھارت کی انیک بھاشاؤں میں جو 'الائے بلائے' شبد چلتے ہیں وہ اِنہیں ایلولو اور بیلولو سے بنے ہیں۔ اتھروید کے بہت سے جادو اور منتر پراچین بیبیلونیا (بابل) کے ساہتیہ اور وہاں کے رواج سے لئے گئے ہیں۔

بھارت کے گرنتھ 'شت پتھ براہمن' میں طوفان کی کہانی حضرت نوح کے اُسی طوفان کی کہانی ہے جو کہا جاتا ہے عیسیٰ سے لگ بھگ تین ہزار برس پہلے بابل میں آیا تھا۔ یہ کہانی شت پتھ براہمن کے لکھے جانے سے کم سے کم ایک ہزار برس پہلے پراچین اسوریا میں موجود تھی۔ سومیری ساہتیہ میں اِس کہانی کے ساتھ زیو سدو کا نام لیا جاتا ہے' اِنجیل اور قرآن میں اِسی کے ساتھ حضرت نوح کا نام لیا جاتا ہے اور سنسکرت ساہتیہ میں منو کا نام لیا جاتا ہے۔ سنسکرت ساہتیہ میں لکھا ہے کہ جب اِتنے بڑے طوفان کے بعد منو کی کشتی کسی پہاڑ پر جا کر لگی اور منو نے دیکھا کہ اُن کی کشتی میں طرح طرح کے جانداروں کے جوڑے بچ گئے ہیں جن سے سرشٹی آگے کو چل سکے تو اُنہوں نے بھگوان کو دھنیہ باد دیا اور یگیہ کرنا چاہا۔ پر اُنہوں نے دیکھا کہ یگیہ کرانے کے لئے پروہت اِس دیش میں نہیں تھے' تب اسوریا یعنی بابل دیش سے پروہت بلائے گئے جنہیں شت پتھ براہمن میں 'اسور براہمن' کہا گیا ہے۔ اسوریا کے لوگوں کو اُن دنوں اسور کہا جاتا تھا۔

اِس کے بعد بھارت میں اِیرانیوں کا آنا ہوا۔ ایرانی سمراٹ دارا کا سندھ اور پچھمی پنجاب تک راج تھا۔ یہ راج سو برس سے اُوپر تک رہا۔ چانکیہ اور چندرگپت موریہ نے اپنے دربار میں ایرانی طور طریقے اور ایران کے درباری ریت رواج جاری کیئے۔ ایران کے اثر سے ہی بھارت میں وہ کھروشٹھی لپی چلی جو فارسی کی طرح داہنے سے بائیں کو لکھی جاتی تھی۔ سمراٹ اشوک کے بہت سے شلا لیکھ اِسی کھروشٹھی میں ہیں اور اُن میں بہت سے اِیرانی شبد آتے ہیں۔ پہاڑوں' چٹانوں اور اُونچے اُونچے کھمبوں پر اِس طرح کے لیکھ یا کتبے کھودنے کا رواج بھی' جسے سمراٹ اشوک نے دنیا میں اِتنا ادھک چمکایا' بھارت نے ایران سے اور ایران نے اسوریا سے لیا۔

اُس زمانے کے بھارت کی مورتی نرمان کلا پر ایران اور اُس کے آس پاس کے دیشوں کا گہرا اثر پڑا۔ مصر کے اندر عیسیٰ سے تین ہزار برس پہلے سانڈ کی پوجا' بابل اور اسوریا میں سانڈ کی پوجا اور بھارت میں نندی کی پوجا کا ایک دوسرے کے ساتھ گہرا سمبندھ ہے۔ تکشلا اور دوسرے استھانوں کی بودھ مورتیوں میں ایرانی اور یونانی

असर भारतीय रंग में रंगे हुए साफ़ दिखाई देते हैं. सांची जैसी जगहों के 'स्तूप' हमें मिस्र के 'पिरेमिड' और सुमेर के 'जिग्गुरत' की याद दिलाते हैं. तीनों का मृत्यु के साथ सम्बन्ध था.

ईसा की शुरू की सदियों में भारत के अन्दर शहर के शहर यूनानियों के आबाद थे. बहुत से दूसरे शहरों में यूनानियों के बड़े बड़े मोहल्ले थे. यूरप का दक्खिन पूरब का सारा हिस्सा, मिस्र का उत्तर का भाग और आक्सस और गंगा नदी तक सारा एशिया यूनानियों के क़ब्ज़े में था. पाटलीपुत्र (पटना) तक उनके हमले हुए. उस ज़माने की लिखी हुई गार्गी संहिता में इन यूनानियों को 'दुष्ट विक्रान्त यवनः' यानी बदमाश और बहादुर यवन कहा गया है. लिखा है कि इन लोगों के पाटलीपुत्र के एक हमले के बाद आस पास के तमाम इलाक़े से मर्द इतने अधिक मारे गए थे कि बाद में सारा काम काज औरतों को करना पड़ता था, कई कई औरतें मजबूर होकर एक मर्द से शादी करने लगी थीं और जब कभी इधर उधर अचानक कोई मर्द दिखाई दे जाता था तो औरतें उसे हैरान होकर देखती थीं. लेकिन इस क़त्लेआम के बाद भी जब यूनानी और हिन्दुस्तानी मिल गए तो दोनों दूध और चीनी की तरह एक हो गए और दोनों ने मिलकर भारतीय संस्कृति की रचना की.

उस ज़माने में भारत के अन्दर यूनानी ड्रामे खेले जाते थे. यूनानी साहित्य का भारत की भाषाओं में अनुवाद होता था, और लोग उन किताबों को ख़ूब शौक़ से पढ़ते थे. यूनानी भाषा का भी भारत की भाषाओं पर गहरा असर पड़ा. संस्कृत ड्रामों में 'यवनिका' शब्द यूनानी से लिया हुआ है. भारतीय ड्रामों पर यूनानी ड्रामों का असर है. उस ज़माने के भारतीय सिक्के ज़ाहिर करते हैं कि इस देश के बहुत से लोग उन दिनों यूनानी और खरोष्ठि दोनों भाषाओं को समझते थे.

भारत की ज्योतिष विद्या पर भी यूनानी ज्योतिष का बहुत बड़ा असर पड़ा. आज तक हिन्दुओं की जन्म पत्री में जो 'होराचक्र' बनता है उसमें 'होरा' वही है जो अंगरेज़ी शब्द 'हारोस्कोप' का हारो है और दोनों मिस्र के सूर्य देवता 'होरस' से लिये गए है. हिन्दू विवाह के लिये सबसे शुभ लग्न जिसमें कालिदास ने शिव और पार्वती की शादी कराई है 'जामित्र' है जो यूनानी 'ज़ियामेत्रान' से लिया गया है. गार्गी संहिता में लिखा है कि ज्योतिष विद्या का जन्म यवनों से ही हुआ और इसके लिये वह "पूज्य" हैं.

उससे पहले के हमारे सिक्के दूसरी शकल के होते थे. आजकल के सिक्कों की शकल हमने यूनानियों से ली. हिन्दी शब्द दाम, जिसके मानी मोल या क़ीमत है, यूनानी शब्द है.

اثر بھارتیہ رنگ میں رنگے ہوئے صاف دکھائی دیتے ہیں . سانچی جیسی جگہوں کے 'استوپ' ہمیں مصر کے 'پریمڈ' اور سومیر کے 'زگورت' کی یاد دلاتے ہیں . تینوں کا مرتیو کے ساتھ سمبندھ تھا .

عیسیٰ کی شروع کی صدیوں میں بھارت کے اندر شہر کے شہر یونانیوں کے آباد تھے . بہت سے دوسرے شہروں میں یونانیوں کے بڑے بڑے محلے تھے . یورپ کا دکھن پورب کا سارا حصہ' مصر کا اُتر کا بھاگ اور آکسس اور گنگا ندی تک سارا ایشیا یونانیوں کے قبضے میں تھا . پاٹلی پتر (پٹنہ) تک اُن کے حملے ہوئے . اُس زمانے کی لکھی ہوئی گارگی سنگھیتا میں اِن یونانیوں کو دشٹ وکرانت یونہ' یعنی بدمعاش اور بہادر یون کہا گیا ہے . لکھا ہے کہ اِن لوگوں کے پاٹلی پتر کے ایک حملے کے بعد اُس پاس کے تمام علاقے سے مرد اِتنے ادھک مارے گئے تھے کہ بعد میں سارا کام کاج عورتوں کو کرنا پڑتا تھا' کئی کئی عورتیں مجبور ہو کر ایک مرد سے شادی کرنے لگی تھیں اور جب کبھی اِدھر اُدھر اچانک کوئی مرد دکھائی دے جاتا تھا تو عورتیں اُسے حیران ہو کر دیکھتی تھیں . لیکن اِس قتل عام کے بعد جب یونانی اور ہندستانی مل گئے تو دونوں دودھ اور چینی کی طرح ایک ہو گئے اور دونوں نے ملکر بھارتیہ سنسکرتی کی رچنا کی .

اُس زمانے میں بھارت کے اندر یونانی ڈراما کھیلے جاتے تھے . یونانی ساہتیہ کا بھارت کی بھاشاؤں میں انوواد ہوتا تھا' اور لوگ اُن کتابوں کو خوب شوق سے پڑھتے تھے . یونانی بھاشا کا بھی بھارت کی بھاشاؤں پر گہرا اثر پڑا . سنسکرت ڈراموں میں 'یونیکا' شبد یونانی سے لیا ہوا ہے . بھارتیہ ڈراموں پر یونانی ڈراموں کا اثر ہے . اس زمانے کے بھارتیہ سکے ظاہر کرتے ہیں کہ اِس دیش کے بہت سے لوگ اُن دنوں یونانی اور کھروشٹھی دونوں بھاشاؤں کو سمجھتے تھے .

بھارت کی جیوتش ودیا پر بھی یونانی جیوتش کا بہت بڑا اثر پڑا . آج تک ہندوؤں کی جنم پتری میں جو 'ہورا چکر' بنتا ہے اُس میں 'ہورا' وہی ہے جو انگریزی شبد 'ہاروسکوپ' کا ہارو ہے اور دونوں مصر کے سوریہ دیوتا 'ہورس' سے لئے گئے ہیں . ہندو وواہ کے لئے سب سے شبھ لگن جس میں کالیداس نے شو اور پارورتی کی شادی کرائی ہے 'جامتر' ہے جو یونانی 'زیا میتران' سے لیا گیا ہے . گارگی سنگھیتا میں لکھا ہے کہ جیوتش ودیا کا جنم یونوں سے ہی ہوا اور اِس کے لئے وہ "پوجیہ" ہیں .

اُس سے پہلے کے ہمارے سکے دوسری شکل کے ہوتے تھے . آجکل کے سکوں کی شکل ہم نے یونانیوں سے لی . ہندی شبد دام' جس کے معنی مول یا قیمت ہے' یونانی شبد ہے .

महात्मा बुद्ध ने अपने चेलों को साफ शब्दों में मना किया था कि मेरी किसी तरह की मूर्ति हरगिज न बनाना. उसी का नतीजा था कि शुरू के बौद्ध धर्म में जिसे 'हीनयान' कहा जाता है बुद्ध की कोई मूर्ति न बनती थी, और जहां किसी चिन्ह की जरूरत पड़ती थी तो केवल छत्र या चक्र या बोधि वृक्ष की तसवीर बना दी जाती थी. लेकिन बुद्ध के मरने के कई सौ बरस बाद पहली सदी ईसवी में जब बौद्ध धर्म की महायान सम्प्रदाय क़ायम हुई तो बुद्ध की मूर्तियां भी जगह जगह बनने लगीं, यहां तक कि दुनिया में शायद जितनी बुद्ध की मूर्तियां बनी हैं उतनी आज तक किसी दूसरे की नहीं बनीं. शुरू से अब तक बुद्ध की इन मूर्तियों में और बौद्ध मन्दिरों में यूनानी असर साफ़ दिखाई देता है लेकिन वह सारा असर गहरे भारतीय रंग में रंगा हुआ है.

धीरे धीरे जीवन के हर मैदान में यूनानी और हिन्दुस्तानी मिलकर एक हो गए. सैकड़ों यूनानियों ने वैष्णव धर्म स्वीकार किया और लाखों ने बौद्ध धर्म अपनाया.

यूनानियों के बाद शाक जाति के लोगों ने बाहर से आकर भारत के बड़े बड़े हिस्सों पर राज किया, मालवा और महाराष्ट्र तक उनकी बसतियां और उनकी हुकूमत थी. उनके राजाओं और यहां के राजाओं में लड़ाइयां भी हुईं. धीरे धीरे वह सब भी भारत के जीवन में रल मिल गए. आजकल की संस्कृत भाषा और संस्कृत साहित्य को सबसे ज्यादा उन्नति विदेशी शक राजाओं ही ने दी. ज्योतिष ने भी उनके जमाने में बहुत बड़ी तरक़्क़ी की. ज्योतिष का मशहूर भारतीय विद्वान वराह मिहिर खुद शक जाति का था. उसका नाम ईरानी नाम था. यूनानी विज्ञान भी उन दिनों इस देश में खूब पढ़ा जाता था.

हमारी आजकल की राष्ट्रीय पोशाक अचकन और पाजामा शुरू में शक जाति के लोगों ने इस देश में जारी की, बाद में मुग़ल बादशाहों ने और अवध के नवाबों ने इसे और अधिक सुन्दर रूप दिया. कुरता और शलवार की चाल भी इस देश में शक लोगों से ही आई.

भारत में 'सूर्य' की जो सब से पुरानी मूर्ति मिलती है वह पहली सदी इस्वी की बनी हुई है. उसके शरीर पर यही विदेशी कुरता, विदेशी शलवार और विदेशी चोग़ा दिखाई देता है. पांव में ऊँचे एशियाई जूते हैं, सिर पर ईरानी टोपी और कमर से खंजर लटकता हुआ. किसी हिन्दुस्तानी देवता को उससे पहले इस तरह के कपड़े नहीं पहनाए जाते थे, न इस तरह की टोपी, न इस तरह के जूते.

वैदिक धर्म में भी सूर्य की पूजा का ज़िक्र आता है लेकिन शकों से पहले यहां सूर्य की मूर्ति नहीं बनती थी. सूर्य की जो मूर्तियां धोती पहने हुए और दुपट्टा डाले हुए मिलती

مہاتما بدھ نے اپنے چیلوں کو صاف شبدوں میں منع کیا تھا کہ میری کسی طرح کی مورتی ہرگز نہ بنانا۔ اُسی کا نتیجہ تھا کہ شروع کے بودھ دھرم میں جسے 'ہینیان' کہا جاتا ہے بدھ کی کوئی مورتی نہ بنتی تھی' اور جہاں کسی چیز کی ضرورت پڑتی تھی تو دول چھتر یا چکر یا بودھی ورکش کی تصویر بنا دی جاتی تھی۔ لیکن بدھ کے مرنے کے کئی سو برس بعد پہلی صدی عیسوی میں جب بودھ دھرم کی مہایان سمپردائے قایم ہوئی تو بدھ کی مورتیاں بھی جگہ جگہ بننے لگیں' یہاں تک کہ دنیا میں شاید جتنی بدھ کی مورتیاں بنی ہیں اُتنی آج تک کسی دوسرے کی نہیں بنیں۔ شروع سے اب تک بدھ کی اِن مورتیوں میں اور بودھ مندروں میں یونانی اثر صاف دکھائی دیتا ہے لیکن وہ سارا اثر گہرے بھارتیہ رنگ میں رنگا ہوا ہے۔

دھیرے دھیرے جیون کے ہر میدان میں یونانی اور ہندستانی ملکر ایک ہو گئے۔ سیکڑوں یونانیوں نے ویشنو دھرم سوئکار کیا اور لاکھوں نے بودھ دھرم اپنایا۔

یونانیوں کے بعد شک جاتی کے لوگوں نے باہر سے آکر بھارت کے بڑے بڑے حصوں پر راج کیا' مالوہ اور مہاراشٹر تک اُن کی بستیاں اور اُن کی حکومت تھی۔ اُن کے راجاؤں اور یہاں کے راجاؤں میں لڑائیں بھی ہوئیں۔ دھیرے دھیرے وہ سب بھی بھارت کے جیون میں رل مل گئے۔ آجکل کی سنسکرت بھاشا اور سنسکرت ساہتیہ کو سب سے زیادہ اُنتی ودیشی شک راجاؤں ہی نے دی۔ جیوتش نے بھی اُن کے زمانے میں بہت بڑی ترقی کی۔ جیوتش کا مشہور بھارتیہ ودوان ورہ مہر خود شک جاتی کا تھا۔ اُس کا نام ایرانی نام تھا۔ یونانی وگیان بھی اُن دنوں اِس دیش میں خوب پڑھا جاتا تھا۔

ہماری آجکل کی راشٹریہ پوشاک اچکن اور پاجامہ شروع میں شک جاتی کے لوگوں نے اِس دیش میں جاری کی' بعد میں مغل بادشاہوں نے اور اودھ کے نوابوں نے اِسے اور ادھک سندر روپ دیا۔ کرتہ اور شلوار کی چال بھی اِس دیش میں شک لوگوں سے ہی آئی۔

بھارت میں 'سوریہ' کی جو سب سے پرانی مورتی ملتی ہے وہ پہلی صدی عیسوی کی بنی ہوئی ہے۔ اُس کے شریر پر بھی ودیشی کرتہ' ودیشی شلوار اور ودیشی چوغہ دکھائی دیتا ہے۔ پاؤں میں اُونچے ایشیائی جوتے ہیں' سر پر ایرانی ٹوپی اور کمر سے خنجر لٹکا ہوا۔ کسی ہندستانی دیوتا کو اُس سے پہلے اِس طرح کے کپڑے نہیں پہنائے جاتے تھے' نہ اِس طرح کی ٹوپی' نہ اِس طرح کے جوتے۔

ویدک دھرم میں بھی سوریہ کی پوجا کا ذکر آتا ہے لیکن شکوں سے پہلے یہاں سوریہ کی مورتی نہیں بنتی تھی۔ سوریہ کی جو مورتیاں دھوتی پہنے ہوئے اور دوپٹہ ڈالے ہوئے ملتی

हैं वह सब बाद की हैं. जहां तक मालूम होता है सूर्य की मूर्ति बनाकर पूजने का रिवाज इस देश में शक जाति के लोगों से ही आया. हमारे पुराणों में यह कथा आती है कि मुलतान में जब सूर्य का पहला मन्दिर बनाया गया तो मूर्ति की स्थापना करने और उसकी पूजा शुरू करने की विधि यहां के किसी ब्राह्मण को नहीं आती थी. इसलिये इस काम के लिये बाहर से "शाक द्वीपी ब्राह्मण" बुलाए गए थे. आज तक भारत में शाक द्वीपी ब्राह्मण मौजूद हैं और उत्तर भारत में बहुत से दूसरे ब्राह्मण इन 'विदेशी' ब्राह्मणों का छुआ पानी नहीं पीते.

शक जाति के लोगों की बहुत बड़ी तादाद भारत के रहने वालों में मिल गई. आज भारत वासियों के खून में, उनके साहित्य में, उनकी कला और विज्ञान में, और उनकी कलचर में वह पूरी तरह समाई हुई है. उनके बहुत से राजा और सरदार जी 'शाही' और शाहानशाही' कहलाते थे भारत से निकलकर बहुत दिनों तक अफ़ग़ानिस्तान में राज करते रहे. सात पीढ़ियों तक वह उत्तर पच्छिमी सरहद पर जमकर बाहर के हमलों से भारत की रक्षा करते रहे. श्री भगवत शरण उपाध्याय का कहना है कि :—"निस्सदेह हमारी आन का झूठा घमंड कितना चमक उठता है जब हम यह देखते हैं कि जिस समय हमारे पूज्य राजा भोज उस अन्हिलवाड़ा के शहर को लूट रहे थे जिसका राजा मुसलमान हमलावरों से लड़ने दूर गया हुआ था, ठीक उस समय भारत के पच्छिमी फाटक के यह बहादुर सन्तरी, हिन्दूकुश की पहाड़ियों के निडर चौकीदार (शक राजा) अपनी जगह पर डटे हुए लगातार उत्तर पच्छिम के उन जबरदस्त शत्रुओं से लोहा लेते रहते थे जो भारत पर हमला करने के लिये इधर बढ़ते थे. अन्त में वह उस बाढ़ के सामने न ठहर सके और बेइज्जती की जिन्दगी बिताने की जगह उन्होंने आग में कूद कूद कर अपने को खतम कर दिया."

इस में सदेह नहीं इतिहास के बहुत से भूले हुए पन्ने हमारे लिये कफ़ी मनोरंजक और शिक्षाप्रद हो सकते हैं.

आज तक विदेशी कनिष्क का चलाया हुआ शाका संवत स्वदेशी विक्रमादित्य के नाम पर चले हुए विक्रम सम्वत के मुक़ाबले में भारत के अनेक भागों में खासकर जन्म पत्रियों और पंचांगों में अधिक पवित्र माना जाता है.

कनिष्क के राज में मध्य एशिया का बहुत सा हिस्सा, काशमीर, पंजाब और उत्तर प्रदेश का बहुत सा हिस्सा शामिल था. धर्म के मामले में वह हद दरजे का उदार, सब धर्मों को एक निगाह से देखने वाला और सब के साथ एक सा बर्ताव करने वाला था. बौद्ध धर्म की सेवा एक अशोक को छोड़कर किसी भारतीय राजा ने उससे अधिक नहीं की. चीन के साथ भी उसका गहरा सम्बन्ध था. पूरबी पंजाब में चीनियों की सबसे पहली आबादी 'चीन मुक्ति' उसी की

ہیں وہ سب بعد کی ہیں ۔ جہاں تک معلوم ہوتا ہے سوریہ کی مورتی بناکر پوجنے کا رواج اِس دیش میں شک جاتی کے لوگوں سے ہی آیا ۔ ہمارے پورانوں میں یہ کتھا آتی ہے کہ ملتان میں جب سوریہ کا پہلا مندر بنایا گیا تو مورتی کی استھاپنا کرنے اور اُس کی پوجا شروع کرنے کی ودھی یہاں کے کسی براہمن کو نہیں آتی تھی ۔ اِس لئے اِس کام کے لئے باہر سے "شک دویپی براہمن" بلائے گئے تھے ۔ آج تک بھارت میں شاک دویپی براہمن موجود ہیں اور اُتر بھارت میں بہت سے دوسرے براہمن اُن 'ودیشی' براہمنوں کا چھوا پانی نہیں پیتے ۔

شک جاتی کے لوگوں کی بہت بڑی تعداد بھارت کے رہنے والوں میں مل گئی ۔ آج بھارت واسیوں کے خون میں' اُن کے 'ساہتیہ میں' اُن کی کلا اور وگیان میں' اور اُن کی کلچر میں وہ پوری طرح سمائی ہوئی ہے ۔ اُن کے بہت سے راجا اور سردار جو 'شاہی' اور 'شہان شاہی' کہلاتے تھے بھارت سے نکل کر بہت دنوں تک افغانستان میں راج کرتے رہے ۔ سات پیڑھیوں تک وہ اُتر پچھمی سرحد پر جم کر باہر کے حملوں سے بھارت کی رکشا کرتے رہے ۔ شری بھگوت شرن اُپادھیائے کا کہنا ہے کہ :—' نسندیہ ہماری آن کا جھوٹا گھمنڈ کتنا چمک اُٹھتا ہے جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جس سمے ہمارے پوجیہ راجا بھوج اُس انہلواڑا کے شہر کو لوٹ رہے تھے جس کا راجا مسلمان حملہ آوروں سے لڑنے دور گیا ہوا تھا' ٹھیک اُس سمے بھارت کے پچھمی پھاٹک کے یہ بہادر سنتری' ہندوکش کی پہاڑیوں کے نڈر چوکیدار (شک راجا) اپنی جگہ پر ڈٹے ہوئے لگاتار اُتر پچھم کے اُن زبردست شترؤں سے لوہا لیتے رہتے تھے جو بھارت پر حملہ کرنے کے لئے اِدھر بڑھتے تھے ۔ انت میں وہ اِس باڑھ کے سامنے نہ ٹھہر سکے اور بےعزتی کی زندگی بتانے کی جگہ اُنہوں نے آگ میں کود کود کر اپنے کو ختم کردیا ۔"

اِس میں سندیہ نہیں اِتہاس کے بہت سے بھولے ہوئے پنے ہمارے لئے کافی منورنجک اور شکشاپرد ہوسکتے ہیں ۔

آج تک ودیشی کنشک کا چلایا ہوا شاکا سموت سودیشی وکرمادتیہ کے نام پر چلے ہوئے وکرم سموت کے مقابلہ میں بھارت کے انیک بھاگوں میں خاصکر جنم پتریوں اور پنچانگوں میں ادھک پوتر مانا جاتا ہے ۔

کنشک کے راج میں مدھیہ ایشیا کا بہت سا حصہ' کشمیر' پنجاب اور اُتر پردیش کا بہت سا حصہ شامل تھا ۔ دھرم کے معاملے میں وہ حد درجہ کا اُدار' سب دھرموں کو ایک نگاہ سے دیکھنے والا اور سب کے ساتھ ایکسا برتاؤ کرنے والا تھا ۔ بودھ دھرم کی سیوا ایک اشوک کو چھوڑ کر کسی بھارتیہ راجا نے اُس سے ادھک نہیں کی ۔ چین کے ساتھ بھی اُس کا گہرا سمبندھ تھا ۔ پوربی پنجاب میں چینیوں کی سب سے پہلی آبادی 'چین مکتی' اُسی کی

क़ायम की हुई थी. आबू और नाशपाती दोनों चीन से उसी के समय में आये. कनिष्क के ज़माने के हालात को पढ़ने से मालूम होता है कि भारत की कलचर का रूप देने में चीन का भी बहुत बड़ा हिस्सा है. चीनी सम्राट 'स्वर्ग के पुत्र' कहलाते थे. उसी चाल पर कनिष्क 'देव पुत्र' कहलाता था. कनिष्क के सिक्के जिन पर कई कई धर्मों के देवी देवताओं के चित्र होते थे साबित करते हैं कि धर्म के मामले में भी उस समय चीनियों की मशहूर उदारता और उनके सर्व धर्म सम्भाव का हम पर गहरा असर पड़ा. उस ज़माने की कला, चित्रकारी आदि में साफ़ अनेक देशों और अनेक धर्मों के रंग और उनकी छाप दिखाई देती है., बाद के गुप्ता युग की सारी कला उसी उदार युग की पैदावार है.

श्री भगवत् शरण का कहना है कि भारत के इतिहास में 'राष्ट्रीयता' की यानी भारत के एक राष्ट्र होने की सबसे पहली झलक हमें उस समय मिलती है जब कि विदेशी शक और कुशन बादशाहों ने जिन्हें शाही कहा जाता था सुबुक्तगीन और उसके बेटे महमूद के हमलों से भारत की रक्षा करने के लिये देश की सब शक्तियों को पहली बार मिलाने की कोशिश की. इतिहास में भारत की एकता हमें सबसे पहले उसी समय चमकती हुई दिखाई देती है.

गुप्ता युग भारत का सुनहरा युग माना जाता है. वास्तव में उस युग का सारा बड़प्पन इन ही बाहर के असरों की देन था.

हुण जाति के लोग जो सब से आख़ीर में भारत आए चीन की हूँग-नु जाति से सम्बन्ध रखते थे. यह वही हुण थे जिन्होंने रोमन साम्राज्य की कमर तोड़ी. यही लोग भारत के मैदानों में भी आकर बसे. चार हिन्दू जातों के अन्दर यह आसानी से न खप सके. वह इतने शक्तिशाली थे कि उन सब ने शूद्र बनकर रहना स्वीकार नहीं किया. इसलिये उन्हें क्षत्री मानना पड़ा. बहुत बड़े पैमाने पर आबू पहाड़ के ऊपर एक शुद्धि संस्कार हुआ. और पाँच राजपूत कुलों के नाम से जिन्हें 'अग्निकुल' कहा जाता है वे सब के सब हिन्दुओं में मिला लिये गए. कहा गया कि वे हवन कुण्ड में से पैदा हुए हैं. इस तरह यह सब सोलह आने क्षत्री हो गए. राजपूत स्त्रियों में 'जौहर' का रिवाज उन्हीं से पड़ा. 'जौहर' एक विदेशी शब्द है जिसका निकास एक इबरानी शब्द से है जिसके मानी आग और रोशनी हैं.

अहीर, गूजर, जाट और राजपूत हिन्दू समाज का एक ज़बरदस्त अंग होते हुए भी अपने सुन्दर सुडौल शरीरों और ख़ास स्वभाव के कारण आज भी इस देश में सब से अधिक अलग चमकते हैं. कहने को यह सब विदेशी हैं.

लेखक का कहना है कि इसके बाद भारत में वह लोग आए जिन्होंने आजकल की भारत की कलचर को रूप देने

قایم کی ہوئی تھی ۔ آرو اور ناشپاتی دونوں چین سے اُسی کے سمے میں آئے ۔ کنشک کے زمانے کے حالات کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بھارت کی کلچر کو روپ دینے میں چین کا بھی بہت بڑا حصہ ہے. چینی سمراٹ 'سورگ کے پتر' کہلاتے تھے. اُسی چال پر کنشک 'دیو پتر' کہلاتا تھا ۔ کنشک کے سکے جن پر کئی کئی دھرموں کے دیوی دیوتاؤں کے چتر ہوتے تھے ثابت کرتے ہیں کہ دھرم کے معاملے میں بھی اُس سمے چینیوں کی مشہور اُدارتا اور اُن کے سروددھرم سمبھاؤ کا ہم پر گہرا اثر پڑا ۔ اُس زمانے کی کلا' چترکاری آدی میں صاف انیک دیشوں اور انیک دھرموں کے رنگ اور اُن کی چھاپ دکھائی دیتی ہے ۔ بعد کے گپتا یگ کی ساری کلا اُسی اُدار یگ کی پیداوار ہے ۔

شری بھگوت شرن کا کہنا ہے کہ بھارت کے اِتہاس میں 'راشٹریتا' کی یعنی بھارت کے ایک راشٹر ہونے کی سب سے پہلی جھلک ہمیں اُس سمے ملتی ہے جب کہ ودیشی شک اور کشن بادشاہوں نے جنہیں شاہی کہا جاتا تھا سبکتگین اور اِس کے بیٹے محمود کے حملوں سے بھارت کی رکشا کرنے کے لئے دیش کی سب شکتیوں کو پہلی بار ملانے کی کوشش کی ۔ اِتہاس میں بھارت کی اِیکتا ہمیں سب سے پہلے اُسی سمے چمکتی ہوئی دکھائی دیتی ہے ۔

گپتا یگ بھارت کا سنہرا یگ مانا جاتا ہے ۔ واستو میں اُس یگ کا سارا بڑپن اِن ہی باہر کے اثروں کی دین تھا ۔

ہن جاتی کے لوگ جو سب سے آخیر میں بھارت آئے چین کی ہیونگ - نو جاتی سے سمبندھ رکھتے ہے ۔ یہ وہی ہن تھے جنہوں نے رومن سامراجیہ کی کمر توڑی ۔ یہی لوگ بھارت کے میدانوں میں بھی آکر بسے ۔ چار ہندو جاتوں کے اندر یہ آسانی سے نہ کھپ سکے ۔ وہ اِتنے شکتی شالی تھے کہ اُن سب نے شودر بن کر رہنا سویکار نہیں کیا ۔ اِس لئے اُنہیں چھتری ماننا پڑا ۔ بہت بڑے پیمانے پر آبو پہاڑ کے اُوپر ایک شدھی سنسکار ہوا ۔ اور پانچ راجپوت کلوں کے نام سے جنہیں 'اگنی کل' کہا جاتا ہے وے سب کے سب ہندوؤں میں مل گئے ۔ کہا گیا کہ وے ہون کنڈ میں سے پیدا ہوئے ہیں ۔ اِس طرح یہ سب سولہ آنے چھتری ہوگئے ۔ راجپوت اِستریوں میں 'جوہر' کا رواج اُنہیں سے پڑا ۔ 'جوہر' ایک ودیشی شبد ہے جس کا نکاس ایک عبرانی شبد سے ہے جس کے معنی آگ اور روشنی ہیں ۔

اہیر' گوجر' جاٹ اور راجپوت ہندو سماج کا ایک زبردست انگ ہوتے ہوئے بھی اپنے سندر' سڈول شریروں اور خاص سبھاؤ کے کارن آج بھی اِس دیش میں سب سے ادھک الگ چمکتے ہیں ۔ کہنے کو یہ سب ودیشی ہیں ۔

لیکھک کا کہنا ہے کہ اِس کے بعد بھارت میں وہ لوگ آئے جنہوں نے آجکل کی بھارت کی کلچر کو روپ دینے

में शायद सबसे अधिक हिस्सा लिया. सन् 712 ईसवी में मुहम्मद बिन क़ासिम के अधीन अरबों का हमला हुआ. लेखक के शब्द हैं :—"मानव सभ्यता को चमकाने और बढ़ाने में अरबों ने सब से अधिक समझदारी का हिस्सा लिया है. मुहम्मद साहब की मृत्यु के अस्सी बरस के अन्दर पूरब में सिन्धु नदी और आक्सस नदी से लेकर पश्चिम में स्पेन यानी अतलान्तिक महासागर के किनारे तक, और उत्तर में कैस्पियन समुद्र से लेकर दक्खिन में नील नदी तक का सारा इलाक़ा अरबों के अधीन था. इस सारे इलाक़े में उन्होंने सब जगह विद्या की खूब रक्षा की और उसको एक जगह से ले जाकर दूसरी जगह प्रचार किया. उन्होंने यूनानी फ़लसफ़े और यूनानी विज्ञान की रक्षा की और उन्हें सारे योरप में फैलाया. भारत से गणित और वैद्यक को ले जाकर उनकी मदद से उन्होंने योरप के ज्ञान को बढ़ाया. चीन से काग़ज़ और छापने की कला को ले जाकर उन्होंने दुनिया भर में फैलाया. विद्या और विज्ञान के इस तरह फैलने से बाद में जो जो चमत्कार देखने को मिले वह सब को मालूम हैं. यह सब आजकल की दुनिया को अरबों की देन है."

इसके बाद जो मुसलमान जातियां अलग-अलग देशों से भारत में आईं और बस गईं उन्होंने भी भारत की मिली जुली कलचर को रूप देने में बहुत बड़ा और गहरा हिस्सा लिया. फ़ारसी और अरबी दोनों जबानें इस देश में आकर एक बड़े दरजे तक भारत के रंग में रंग गईं. बहुत से बाहर से आने वाले मुसलमानों ने भारत की भाषाओं और बोलियों में लिखना और काव्य रचना करना शुरू किया. उत्तर में खड़ी बोली का एक नया रूप सामने आया जिसे उर्दू कहा जाता है. लालित्य और सौन्दर्य, फ़साहत और बलाग़त में खड़ी बोली का यह नया रूप पहले के रूप से कहीं बढ़ गया. हिन्दुओं और मुसलमानों दोनों ने मिलकर खड़ी बोली के इस नए रूप को चमकाया. उर्दू का इसलाम धर्म से कोई ख़ास सम्बन्ध नहीं, यह बोली भारत से बाहर किसी भी दूसरे देश में नहीं बोली जाती. यह सब भारत-वासियों की मिली जुली सम्पत्ति है. धीरे-धीरे हिन्दी गद्य साहित्य की रचना में भी इसने बहुत बड़ी मदद दी. इसलाम के साथ साथ मानव एकता की अपूर्व कल्पना ने इस देश में जन्म लिया. तसव्वुफ़ यानी सूफ़ी विचारों ने इस देश में एक नई समाजी क्रान्ति पैदा कर दी. कबीर, नानक और अनेक और सन्त महात्मा उसी क्रान्ति की पैदावार और उसके अलमबरदार थे.

तरह तरह की कला और कारीगरी में भी इस देश के अन्दर इसलाम के आने के साथ साथ एक नई जान पैदा हो गई. इमारतों के बनाने में मुग़ल कला उस समय तक की सबसे

میں شاید سب سے ادھک حصہ لیا. سن 712 عیسوی میں محمد بن قاسم کے ادھین عربوں کا حملہ ہوا. لیکھک کے شبد ہیں :- "مانو سبھیتا کو چمکانے اور بڑھانے میں عربوں نے سب سے ادھک سمجھداری کا حصہ لیا ہے." محمد صاحب کی مرتیو کے اسی برس کے اندر پورب میں سندھو ندی اور آکسس ندی سے لیکر پچھم میں اسپین یعنی اٹلانٹک مہاساگر کے کنارے تک، اور اتر میں کیسپین سمندر سے لیکر دکھن میں نیل ندی تک کا سارا علاقہ عربوں کے ادھین تھا. اس سارے علاقے میں انھوں نے سب جگہ ودیا کی خوب رکشا کی اور اس کو ایک جگہ سے لیجاکر دوسری جگہ پرچار کیا. انھوں نے یونانی فلسفے اور یونانی وگیان کی رکشا کی اور انھیں سارے یورپ میں پھیلایا. بھارت سے گنت اور ویدک کو لیجاکر ان کی مدد سے انھوں نے یورپ کے گیان کو بڑھایا. چین سے کاغذ اور چھاپنے کی کلا کو لیجاکر انھوں نے دنیا بھر میں پھیلایا. ودیا اور وگیان کے اس طرح پھیلنے سے بعد میں جو جو چمتکار دیکھنے کو ملے وہ سب کو معلوم ہیں. یہ سب آجکل کی دنیا کو عربوں کی دین ہے."

اس کے بعد جو مسلمان جاتیاں الگ الگ دیشوں سے بھارت میں آئیں اور بس گئیں انھوں نے بھی بھارت کی ملی جلی کلچر کو روپ دینے میں بہت بڑا اور گہرا حصہ لیا. فارسی اور عربی دونوں زبانیں اس دیش میں آکر ایک بڑے درجے تک بھارت کے رنگ میں رنگ گئیں. بہت سے باہر سے آنے والے مسلمانوں نے بھارت کی بھاشاؤں اور بولیوں میں لکھنا اور کاویہ رچنا کرنا شروع کیا. اتر میں کھڑی بولی کا ایک نیا روپ سامنے آیا جسے اردو کہا جاتا ہے. لالتیہ اور سوندریہ، فصاحت اور بلاغت میں کھڑی بولی کا یہ نیا روپ پہلے کے روپ سے کہیں بڑھ گیا. ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں نے ملکر کھڑی بولی کے اس نئے روپ کو چمکایا. اردو کا اسلام دھرم سے کوئی خاص سمبندھ نہیں، یہ بولی بھارت سے باہر کسی بھی دوسرے دیش میں نہیں بولی جاتی. یہ سب بھارت واسیوں کی ملی جلی سمپتی ہے. دھیرے دھیرے ہندی گدیہ ساہتیہ کی رچنا میں بھی اس نے بہت بڑی مدد دی. اسلام کے ساتھ ساتھ مانو ایکتا کی اپوروا کلپنا نے اس دیش میں جنم لیا. تصوف یعنی صوفی وچاروں نے اس دیش میں ایک نئی سماجی کرانتی پیدا کردی. کبیر، نانک اور انیک اور سنت مہاتما اسی کرانتی کی پیداوار اور اس کے علم بردار تھے.

طرح طرح کی کلا اور کاریگری میں بھی اس دیش کے اندر اسلام کے آنے کے ساتھ ساتھ ایک نئی جان پیدا ہوگئی. عمارتوں کے بنانے میں مغل کلا اس سمے تک کی سب سے

शानदार और सब से सुन्दर कला थी. नए ढंग की मीनारें और नए गुम्बद, मेहराबें, महल, क़िले और मसजिदें, सुन्दर मक़बरे, बाग़ और नई नई तरह के फल और फूल देश भर में दिखाई देने लगे. आगरे का ताज भारत के मस्तक पर झूमर की तरह चमकने लगा और दुनिया भर की सुन्दर से सुन्दर इमारतों में गिना जाने लगा. मुग़ल चित्र कला अपने पुराने नमूने ईरानी चित्र कला से सुन्दरता में कहीं बढ़ गई. संगीत में भी उस ज़माने की देन उतनी ही गहरी थी. नए रागों और नई नई लयों ने भारत के संगीत में चार चाँद लगा दिये.

श्री भगवत शरण उपाध्याय का कहना है कि सम्राट अकबर की धार्मिक उदारता को देखकर हमें सम्राट अशोक की फिर से याद आ जाती है. यह दूसरी बात है कि अपने दीने इलाही के अन्दर सब धर्मों की बुनियादी बातों को मिला देने की कोशिश में अकबर समय से शायद तीन सौ बरस पहले पैदा हो गया था. मुग़लों ने ही भारत की राष्ट्रीय पोशाक को रूप दिया. रोटी और तवा, केवल यह दोनों शब्द ही बाहर के नहीं हैं इनका उपयोग भी हमने आगन्तुक मुसलमानों से ही सीखा. आज रोटी शब्द चपाती के मानी में भी और साधारण भोजन के माने में भी भारत के कोने कोने में बोला जाता है.

श्री भगवत शरण के अनुसार योरप वालों या अंगरेज़ों की देन भी हिन्दुस्तानी कलचर की इतनी कम नहीं हैं. हमारी आजकल की राष्ट्रीयता की कल्पना, भारत के एक देश होने का विचार, राजकाजी आज़ादी का प्रेम. हमारा आज का समाजी जीवन, हमारे कल कारख़ाने, नया विज्ञान, हमारी पार्लिमेन्ट, हमारी राजकाजी संस्थाएं, हमारी शिक्षा, हमारा साहित्य इन सब के अन्दर योरप का असर हमें साफ़ चमकता हुआ दिखाई दे रहा है. योरप वालों की नीयत में कहीं कहीं जो कुछ बुराई रही हो, और बुराई काफ़ी थी, इसमें सन्देह नहीं कि योरप वालों ने ही हमारे बहुत से पुराने ख़ज़ानों को खोद कर हमारे सामने रक्खा. उन्होंने ही सम्राट अशोक के शिलालेखों से हमारी जानकारी कराई. सैकड़ों बुराइयों के होते हुए भी हिन्दुस्तानी कलचर को उनकी देन एक स्थाई देन है.

अन्त में श्री भगवत शरण उपाध्याय ने संसार की कलचर को भारत की देन की चरचा की है. उन्होंने दिखाया है कि भारत ने हमेशा खुले दिल से दूसरों से लिया है और खुले दिल से दूसरों को दिया है. उनकी राय में महात्मा बुद्ध के समय से लेकर महात्मा गांधी तक और आज तक दुनिया में शान्ति क़ायम करने के लिये भारत के प्रयत्न कुछ कम गर्व की चीज़ नहीं हैं. अभी दुनिया इतनी तेज़ी से बदल रही है कि उस पर आँखों का टिक सकना भी कठिन है.

شاندار اور سب سے سندر کلا تھی. نئے ڈھنگ کی مینارین اور نئے گمبد، محرابیں، محل، قلعے اور مسجدیں، سندر مقبرے، باغ اور نئی نئی طرح کے پھل اور پھول دیش بھر میں دکھائی دینے لگے. آگرے کا تاج بھارت کے مستک پر جھومر کی طرح چمکنے لگا اور دنیا بھر کی سندر سے سندر عمارتوں میں گنا جانے لگا. مغل چتر کلا اپنے پرانے نمونے ایرانی چتر کلا سے سندرتا میں کہیں بڑھ گئی. سنگیت میں بھی اُس زمانے کی دین اُتنی ہی گہری تھی. نئے راگوں اور نئی نئی لیوں نے بھارت کے سنگیت میں چار چاند لگا دیئے.

شری بھگوت شرن اُپادھیائے کا کہنا ہے کہ سمراٹ اکبر کی دھارمک اُدارتا کو دیکھکر ہمیں سمراٹ اشوک کی پھر سے یاد آ جاتی ہے. یہ دوسری بات ہے کہ اپنے دین الٰہی کے اندر سب دھرموں کی بنیادی باتوں کو ملا دینے کی کوشش میں اکبر سمے سے شاید تین سو برس پہلے پیدا ہوگیا تھا. مغلوں نے ہی بھارت کی راشٹریہ پوشاک کو روپ دیا. روٹی اور توا، کیول یہ دونوں شبد ہی باہر کے نہیں ہیں اُن کا اُپیوگ بھی ہم نے اُنھیں مسلمانوں سے ہی سیکھا. آج روٹی شبد چپاتی کے معنی میں بھی اور سادھارن بھوجن کے معنے میں بھی بھارت کے کونے کونے میں بولا جاتا ہے.

شری بھگوت شرن کے انوسار یورپ والوں یا انگریزوں کی دین بھی ہندستانی کلچر کو اِتنی کم نہیں ہیں. ہماری آجکل کی راشٹریتا کی کلپنا، بھارت کے ایک دیش ہونے کا وچار، راجکاجی آزادی کا پریم، ہمارا آج کا سماجی جیون، ہمارے کل کارخانے، نیا وگیان، ہماری پارلیمنٹ، ہماری راجکاجی سنستھائیں، ہماری شکشا، ہمارا ساہتیہ اِن سب کے اندر یورپ کا اثر ہمیں صاف چمکتا ہوا دکھائی دے رہا ہے. یورپ والوں کی نیت میں کہیں کہیں جو کچھ برائی رہی ہو، اور برائی کافی تھی، اس میں سندیہ نہیں کہ یورپ والوں نے ہی ہمارے بہت سے پرانے خزانوں کو کھود کر ہمارے سامنے رکھا. انھوں نے ہی سمراٹ اشوک کے شلالیکھوں سے ہماری جانکاری کرائی. سیکڑوں برائیوں کے ہوتے ہوئے بھی ہندستانی کلچر کو اُن کی دین ایک استھائی دین ہے.

انت میں شری بھگوت شرن اُپادھیائے نے سنسار کی کلچر کو بھارت کی دین کی چرچا کی ہے. اُنھوں نے دکھایا ہے کہ بھارت نے ہمیشہ کھلے دل سے دوسروں سے لیا ہے اور کھلے دل سے دوسروں کو دیا ہے. اُن کی رائے میں مہاتما بدھ کے سمے سے لیکر مہاتما گاندھی تک اور آج تک دنیا میں شانتی قایم کرنے کے لئے بھارت کے پریتن کچھ کم گرو کی چیز نہیں ہیں. ابھی دنیا اِتنی تیزی سے بدل رہی ہے کہ اُس پر آنکھوں کا ٹک سکنا بھی کٹھن ہے.

दुनिया इतनी छोटी हो गई है कि सारी दुनिया हथेली पर रखकर एक साथ देखी जा सकती है. "दुनिया के लिये यह एक शुभ लक्षण है कि अब हम सारी दुनिया को देख सकते हैं और अलग अलग टुकड़ियों से ऊपर उठकर सारे मानव समाज को अपना कह सकते हैं. पच्छिम ने बाहर की माही तरक्की में कमाल किया है. पूरब ने माद्दे को भी रूहानी रूप दिया है. अब जरूरत है कि यह दोनों मिलकर एक मानव शरीर को रूप दें. भारत अपने हृदय को विशाल करके इस नेक और जरूरी काम में दुनिया को बहुत बड़ी मदद दे सकता है." हम श्री भगवत शरण उपाध्याय को उनके उदार प्रयत्नों पर बधाई देते हैं और चाहते हैं कि वह इस से कहीं अधिक बड़े ग्रंथ के रूप में अपनी खोजों और उनके नतीजों को जल्द से जल्द देश के सामने रख सकें.

—सुन्दरलाल.

دنیا اِتنی چھوٹی ہوگئی ہے کہ ساری دنیا ہتھیلی پر رکھکر ایک ساتھ دیکھی جاسکتی ہے ۔ "دنیا کے لئے یہ ایک شبھ لکشن ہے کہ اب ہم ساری دنیا کو دیکھ سکتے ہیں اور الگ الگ ٹکڑیوں سے اُوپر اُٹھکر سارے مانو سماج کو اپنا کہہ سکتے ہیں ۔ پچھم نے باہر کی مادی ترقی میں کمال کیا ہے ۔ پورب نے مادے کو بھی روحانی روپ دیا ہے ۔ اب ضرورت ہے کہ یہ دونوں ملکر ایک مانو شریر کو روپ دیں ۔ بھارت اپنے ہردئے کو وشال کرکے اِس نیک اور ضروری کام میں دنیا کو بہت بڑی مدد دے سکتا ہے۔" ہم شری بھگوت شرن اُپادھیائے کو اُن کے اُدار پریتنوں پر بدھائی دیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ اِس سے کہیں ادھک بڑے گرنتھ کے روپ میں اپنی کھوجوں اور اُن کے نتیجوں کو جلد سے جلد دیش کے سامنے رکھ سکیں ۔

—سندر لال ۔

700 PAGES,
32 ILLUSTRATIONS
2 COLOURED MAPS

"CHINA TODAY"

BY PANDIT SUNDARLAL

PRICE
Rs. 7. 8. 0

A vivid narration of the glorious and wonderful achievements of New China...A picture of China which is both convincing and authentic...the best book that has come out so far on New China in the English language ...the most objective in approach and comprehensive in treatment. —National Herald, Lucknow.

Highly informative...throws vivid light on conditions obtaining in that country...a book which deserves to be widely known —Leader, Allahabad.

Encolopaedic...characterized by acute observation of detail as well as by...instinctive grasp of the fundamental perspective...To read it is veritably like accompanying the Mission on its thrilling voyage of discovery in New China. —Blitz, Bombay

A mine of information which gives a picture of China as nothing else dose...the best guide to New. China...Those who would like to understand what is happeing in New China can do not better than to study it. —Bharat Jyoti, Bombay

The wealth of information it gives on China new and old...makes fascinating reading...is comprehensive and informative and must therefore interest all students of public affairs. —Indian Express, Madras

China Today is an eloquent tribute to his (Pandit Sundarlal's) shrewd understanding of men and matter... bringt to the lighty mighty endeavour of the Chinese People to rebuild their great nation on firm new foundations for a tomorrow which is theirs. —Vigil, Delhi.

चीनी इलाज की कहानी

श्री ली ताओ

प्राचीन समय में अनेक बार दवाएं तैयार करने में, उन्हें बरतने में और जर्राही यानी चीर फाड़ की विद्या में चीन दुनिया को रास्ता दिखाता रहा है. लेकिन सामन्तशाही यानी खानदानी राजाओं और सरदारों का राज हमारे यहां इतने अधिक दिनों तक रहा कि उसके कारण जनता में बल न आ सका और हमारी प्राचीन वैद्यक विद्या का बढ़ना रुक गया. उसके बाद हमारे राजकाजी और कलचरी जीवन पर देशी और विदेशी सम्राजशाही का ज़ोर रहा जिससे हमारे देश के नई तालीम पाए हुए डाक्टरों ने देश की पुरानी वैद्यक विद्या की तरफ़ से बेपरवाही की.

फिर भी चीन की पुरानी वैद्यक विद्या बराबर जारी रही. उसके अनुसार इलाज करने वाले हकीम लाखों और करोड़ों जनता की सेवा करते रहे हैं और उन्हें अच्छा करते रहे हैं. सन् 1949 से, जब से हमारा मुल्क आज़ाद हुआ है, बहुत से उसूल जिन्हें हमारी पुरानी वैद्यक विद्या ने मान रखा था और उसके इलाज के तरीक़े साइंसी ढङ्ग से परखे जा चुके हैं और आजकल के उन्नत से उन्नत विचारों के अनुसार ठीक साबित हो चुके हैं. इस तरह हमारी पुरानी वैद्यक विद्या की महान उपयोगिता साबित हो चुकी है.

आजकल के चीन में पुराने ढङ्ग से इलाज करने वाले लोग और नए ढङ्ग से सीखे हुए डाक्टर दोनों मौजूद हैं. दोनों मिलकर काम करते हैं और दोनों एक दूसरे से सीखते हैं. पर चीनी वैद्यक विद्या और बाक़ी दुनिया के इलाज के तरीक़े इन दोनों के बीच सदियों से एक खाई पैदा हो गई है. इस खाई पर जिस दिन एक पुल बन जायगा तो हमें विश्वास है कि उससे चीनी जनता की तन्दुरुस्ती को और सारे मानव समाज की तन्दुरुस्ती दोनों को बड़ा लाभ होगा.

चीन की वैद्यक विद्या कितनी पुरानी है इसका अन्दाज़ा इस बात से लग सकता है कि चीन में ईसा से तेरह सौ बरस पहले के इस तरह के लेख हड्डियों पर मिले हैं जिनमें आदमी की बहुत सी बीमारियों का ज़िक्र और उनका बयान दिया हुआ है. इसके थोड़े दिनों बाद का एक ग्रंथ The Book of Rites (रिवाजों की किताब) मौजूद है जिसमें अलग अलग रोगों के लिये दवाओं, जर्राही, ताक़त की दवाओं, शक्ति देने वाले खानों और जानवरों

چینی علاج کی کہانی

شری لی تاؤ

پراچین سمے میں انیک بار دوائیں تیار کرنے میں، انہیں برتنے میں اور جراحی یعنی چیر پھاڑ کی ودیا میں چین دنیا کو راستہ دکھاتا رہا ہے۔ لیکن سامنت شاہی یعنی خاندانی راجاؤں اور سرداروں کا راج ہمارے یہاں اتنے ادھک دنوں تک رہا کہ اِس کارن جنتا میں بل نہ آسکا اور ہماری پراچین ویدیک ودیا کا بڑھنا رک گیا۔ اِس کے بعد ہمارے راجکاجی اور کلچری جیون پر دیشی اور ودیشی سامراج شاہی کا زور رہا جس سے ہمارے دیش کے نئے تعلیم پائے ہوئے ڈاکٹروں نے دیش کی پرانی ویدیک ودیا کی طرف سے بے پرواہی کی۔

پھر بھی چین کی پرانی ویدیک ودیا برابر جاری رہی۔ اِس کے انوسار علاج کرنے والے حکیم لاکھوں اور کروڑوں جنتا کی سیوا کرتے رہے ہیں اور انہیں اچھا کرتے رہے ہیں۔ سن 1949 سے، جب سے ہمارا ملک آزاد ہوا ہے، بہت سے اصول جنہیں ہماری پرانی ویدیک ودیا نے مان رکھا تھا اور اِس علاج کے طریقے سائنسی ڈھنگ سے پرکھے جا چکے ہیں اور آجکل کے اُنت سے اُنت وچاروں کے انوسار ٹھیک ثابت ہو چکے ہیں۔ اِس طرح ہماری پرانی ویدیک ودیا کی مہان اُپیوگتا ثابت ہو چکی ہے۔

آجکل کے چین میں پرانے ڈھنگ سے علاج کرنے والے لوگ اور نئے ڈھنگ سے سیکھے ہوئے ڈاکٹر دونوں موجود ہیں۔ دونوں ملکر کام کرتے ہیں اور دونوں ایک دوسرے سے سیکھتے ہیں۔ پر چینی ویدیک ودیا اور باقی دنیا کے علاج کے طریقے اِن دونوں کے بیچ صدیوں سے ایک کھائی پیدا ہو گئی ہے۔ اِس کھائی پر جس دن ایک پل بنجائیگا تو ہمیں وشواس ہے کہ اس سے چینی جنتا کی تندرستی کو اور سارے مانو سماج کی تندرستی دونوں کو بہت بڑا لابھ ہوگا۔

چین کی ویدیک ودیا کتنی پرانی ہے اِس کا اندازہ اِس بات سے لگ سکتا ہے کہ چین میں عیسیٰ سے تیرہ سو برس پہلے کے اِس طرح کے لیکھ ہڈیوں پر ملے ہیں جن میں آدمی کی بہت سی بیماریوں کا ذکر اور انکا بیان دیا ہوا ہے۔ اِس کے تھوڑے دنوں بعد کا ایک گرنتھ The Book of Rites (رواجوں کی کتاب) موجود ہے جس میں الگ الگ روگوں کے لئے دواؤں، جراحی، طاقت کی دواؤں، شکتی دینے والے کھانوں اور جانوروں

की बीमारियों के इलाज सबका बयान है. उसी जमाने की एक और किताब The Book of Odes (गीतों का संग्रह) है जिसमें सौ से ऊपर जड़ी बूटियों और दवाओं को बयान किया गया है.

उसके बाद चीन के अलग अलग हिस्सों में तिजारत बढ़ती गई और चीनी वैद्यक विद्या भी तिजारत के साथ साथ सारे देश में फैलती गई. उन दिनों चीनी वैद्य एक तरह की पत्थर की छुरी से फोड़ों को चीरते थे. उस छुरी को 'पीन शिह' कहते थे. रोगों के इलाज के लिये वह तरह तरह की जड़ी बूटियों को काम में लाते थे. दवाओं और चीर फाड़ के अलावा उन दिनों के इलाज के दो तरीक़े ख़ास तौर से बयान करने की चीज़ हैं. एक तरीक़े में लम्बी पतली धातु की सुइयों के ज़रिये उन सुइयों को जिस्म के अन्दर दाख़िल करके आदमी की सुस्त पड़ी हुई नसों को फिर से जगाया और ठीक किया जाता है. यह इलाज अलग अलग बीमारियों के लिये शरीर के अलग अलग हिस्सों पर किया जाता है. इसे अंगरेज़ी में ऐक्युपंकचर (Acupuncture) कहते हैं. दूसरा तरीक़ा है ख़ास तरह की बूटियों को जलाकर उनसे जिस्म के किसी ख़ास हिस्से को सेकना. इससे भी नसों में जान आजाती है पर खाल को नुक़सान नहीं पहुँचने पाता. इसे अंगरेज़ी में मौक्सीबशचन (Moxibustion) कहते हैं. यह दोनों तरीक़े ईसा से बारह सौ बरस पहले से चले आ रहे हैं. और आज तक चीन के सरकारी अस्पतालों तक में बहुत से रोगियों को अच्छा करने के लिये काम में लाए जाते हैं. रोगों के इलाज के लिये शरीर की मालिश भी उन दिनों तरह तरह से की जाती थी.

ईसा से पाँच सौ बरस पहले चीन में आम वैद्य अलग होते थे जो जनता का इलाज करते थे और दरबारी वैद्य अलग होते थे जो सम्राट और उनके घर वालों का इलाज करते थे. रोग का पता उन दिनों रोगी के साँस लेने के ढङ्ग से, उसके चेहरे के रंग से और उसकी आवाज़ से लगाया जाता था.

ईसा से पाँच सौ बरस पहले चीन के एक मशहूर हकीम पीन चु एह ने दुनिया में पहली बार नब्ज़ (नाड़ी) से रोग का पता लगाने का तरीक़ा ईजाद किया. दुनिया की वैद्यक विद्या में यह एक बहुत बड़ा इन्क़लाब था. नब्ज़ यानी नाड़ी से रोग के पता लगाने का तरीक़ा छठी सदी ईसवी में चीन से कोरिया और वहां से जापान पहुँचा. नवीं सदी ईसवी में यह तरीक़ा अरब पहुँचा. मशहूर मुसलिम हकीम बू अली अबू सैना ने दसवीं सदी ईसवी में वैद्यक के ऊपर अपनी मशहूर किताब लिखी जिसमें उसने नब्ज़ से रोगों का पता लगाने की चरचा की. बू अली की यह किताब अठारहवीं सदी ईसवी तक यूरप के सब हकीमों और

کی بیماریوں کے علاج سب کا بیان ہے ۔ اِسی زمانہ کی ایک اور کتاب The Book of Odes (گیتوں کا سنگرہ) ہے جس میں سو سے اوپر جڑی بوٹیوں اور دواؤں کو بیان کیا گیا ہے ۔

اِس کے بعد چین کے الگ الگ حصوں میں تجارت بڑھتی گئی اور چینی ویدک ودیا بھی تجارت کے ساتھ ساتھ سارے دیش میں پھیلتی گئی ۔ ان دنوں چینی وید ایک طرح کی پتھر کی چھری سے پھوڑوں کو چیرتے تھے ۔ اِس چھری کو "پین شیہ" کہتے تھے ۔ روگوں کے علاج کے لئے وہ طرح طرح کی جڑی بوٹیوں کو کام میں لاتے تھے ۔ دواؤں اور چیر پھاڑ کے علاوہ اِن دنوں کے علاج کے دو طریقے خاص طور پر بیان کرنے کی چیز ہیں ۔ ایک طریقے میں لمبی پتلی دھات کی سوئیوں کے ذریعہ اِن سوئیوں کو جسم کے اندر داخل کر کے آدمی کی سست پڑی ہوئی نسوں کو پھر سے جگایا اور ٹھیک کیا جاتا ہے ۔ یہ علاج الگ الگ بیماریوں کے لئے شریر کے الگ الگ حصوں پر کیا جاتا ہے ۔ اسے انگریزی میں ایکیوپنکچر (Acupuncture) کہتے ہیں ۔ دوسرا طریقہ ہے خاص طرح کی بوٹیوں کو جلا کر اِن سے جسم کے کسی خاص حصہ کو سیکنا ۔ اس سے بھی نسوں میں جان آجاتی ہے پر کھال کو نقصان نہیں پہونچنے پاتا ۔ اِسے انگریزی میں موکسی بشین (Moxibustion) کہتے ہیں ۔ یہ دونوں طریقے عیسوی سے بارہ سو برس پہلے سے چلے آرہے ہیں ۔ اور آج تک چین کے سرکاری اسپتالوں تک میں بہت سے روگیوں کو اچھا کرنے کے لئے کام میں لائے جاتے ہیں ۔ روگیوں کے علاج کے لئے شریر کی مالش بھی اِن دنوں طرح طرح سے کی جاتی تھی ۔

اِسی سے پانچ سو برس پہلے چین میں عام وید الگ ہوتے تھے جو جنتا کا علاج کرتے تھے اور درباری وید الگ ہوتے تھے جو سمراٹ اور اُن کے گھر والوں کا علاج کرتے تھے ۔ روگ کا پتا اِن دنوں روگی کے سانس لینے کے ڈھنگ سے، اِس کے چہرے کے رنگ سے اور اس کی آواز سے لگایا جاتا تھا ۔

عیسوی سے پانچ سو برس پہلے چین کے ایک مشہور حکیم پین چو ایچ نے دنیا میں پہلی بار نبض (ناڑی) سے روگ کا پتہ لگانے کا طریقہ ایجاد کیا ۔ دنیا کی ویدک ودیا میں یہ ایک بہت بڑا انقلاب تھا ۔ نبض یعنی ناڑی سے روگ کے پتا لگانے کا طریقہ چھٹی صدی عیسوی میں چین سے کوریا اور وہاں سے جاپان پہونچا ۔ نویں صدی عیسوی میں یہ طریقہ عرب پہونچا ۔ مشہور مسلم حکیم بوعلی ابو سینا نے دسویں صدی عیسوی میں ویدک کے اوپر اپنی مشہور کتاب لکھی جس میں اس نے نبض سے روگوں کا پتا لگانے کی چرچا کی ۔ بوعلی کی یہ کتاب اٹھارھویں صدی عیسوی تک یورپ کے سب حکیموں اور

डाक्टरों को पढ़ाई जाती थी और यूरपीय डाक्टरी की बुनियादी किताब मानी जाती थी. हिन्दुस्तान की वैद्यक की किताबों में तेरहवीं सदी ईसवी से पहले नब्ज देखने का ज़िक्र नहीं आता. इससे मालूम होता है कि हिन्दुस्तान ने भी नब्ज देखने का तरीक़ा चीन ही से लिया.

चीन की पुरानी किताबों में लिखा है कि उस ज़माने का एक चीनी राजकुमार बीमार पड़ा. वह बेहोश हो गया. दरबार के वैद्यों ने कह दिया कि राजकुमार मर चुका. पीन चु एह ने नब्ज देखकर पता लगाया कि राजकुमार अभी ज़िन्दा है. उसने इलाज किया और राजकुमार अच्छा हो गया.

पीन चु एह चीन की अलग अलग रियासतों में गया. उसने सब जगह के इलाज के तरीक़ों का अध्ययन किया और सब जगह अपने तरीक़े का प्रचार किया. उससे पहले चीन में कई जगह रोगों का इलाज जादू टोनों से किया जाता था. पीन चु एह ने इस तरह के अंध विश्वासों का कड़ा विरोध किया और साइंसी ढङ्ग से शरीर के अलग अलग अंगों और उनके कामों के अनुसार इलाज के तरीक़े पर किताबें लिखीं.

ईसा से दो ढाई सौ बरस पहले सारे चीन पर पहली बार एक राज क़ायम हुआ. चीनी वैद्यक विद्या ने अब और तेज़ी के साथ तरक़्क़ी करनी शुरू की. ईसा से छब्बीस बरस पहले ली चु-कुओ नाम के एक चीनी हकीम ने बहुत सी पुरानी चीनी किताबों को दुहराया. इनमें एक मशहूर किताब 'हु आंग ति नेईचिंग' बीसियों पीढ़ियों तक चीनी हकीमों का काम देती रही. इस किताब की एक ख़ास बात यह है कि आजकल के नए से नए डाक्टरी उसूल के अनुसार यह किताब रोग के पैदा हो जाने पर उसका इलाज करने की निसबत रोग के पैदा होने ही को रोकने पर अधिक ज़ोर देती है. इसके अनुसार आदमी का शरीर सारे विश्व का एक हिस्सा है और आदमी अगर बाहर की तब्दीलियों के अनुसार अपनी आदतों को भी बदलता रहे तो वह रोग से बचा रह सकता है. उसमें लिखा है कि बीमारी आ जाने के बाद उसका इलाज करना ऐसा ही है जैसा प्यास लगने पर कुआँ खोदना, या लड़ाई छिड़ जाने पर हथियार गढ़ना. बीमारियों का इलाज बीमार पड़ने से पहले होना चाहिये, और उसका तरीक़ा है ठीक जीवन बिताना, ठीक तरह का खाना खाना, ठीक तरह से काम और आराम करना, और अपने दिल और दिमाग़ दोनों को सदा शान्त रखना.

एक और पुरानी किताब 'शेन नुंग पेन त्साओ चिंग' है जो ईसा से लगभग एक सौ बरस पहले लिखी गई. उसमें तीन सौ से ऊपर दवाओं और उनके इस्तेमाल की चरचा

ڈاکٹروں کو پڑھائی جاتی تھی اور یورپی ڈاکٹری کی بنیادی کتاب مانی جاتی تھی ۔ ہندستان کی ویدک کی کتابوں میں تیرھویں صدی عیسوی سے پہلے نبض دیکھنے کا ذکر نہیں آتا. اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندستان نے بھی نبض دیکھنے کا طریقہ چین ہی سے لیا ۔

چین کی پرانی کتابوں میں لکھا ہے کہ اِس زمانے کا ایک چینی راج کمار بیمار پڑا ۔ وہ بیہوش ہو گیا ۔ دربار کے ویدیوں نے کہہ دیا کہ راجکمار مر چکا ۔ پین چو ایح نے نبض دیکھ کر پتہ لگایا کہ راج کمار ابھی زندہ ہے ۔ اُس نے علاج کیا اور راج کمار اچھا ہو گیا ۔

پین چو ایح چین کی الگ الگ ریاستوں میں گیا ۔ اُس نے سب جگہہ کے علاج کے طریقوں کا اددھین کیا اور سب جگہہ اپنے طریقہ کا پرچار کیا ۔ اِس سے پہلے چین میں کئی جگہہ روگوں کا علاج جادو ٹونوں سے کیا جاتا تھا ۔ پین چو ایح نے اِسی طرح کے اندھ وشواسوں کا کڑا وِرودھ کیا اور سائنسی ڈھنگ سے شریر کے الگ الگ انگوں اور اُن کے کاموں کے انوسار علاج کے طریقے پر کتابیں لکھیں ۔

عیسوی سے دو ڈھائی سو برس پہلے سارے چین پر پہلی بار ایک راج قائم ہوا ۔ چینی ویدک ودیا نے اب اور تیزی کے ساتھ ترقی کرنی شروع کی ۔ عیسوی سے چھبیس برس پہلے لی چو۔ کواؤ نام کے ایک چینی حکیم نے بہت سی پرانی چینی کتابوں کو دہرایا ۔ اِن میں ایک مشہور کتاب 'ہوانگ تی نیئی چنگ' بیسیوں پیڑھیوں تک چینی حکیموں کو کام دیتی رہی ۔ اِس کتاب کی ایک خاص بات یہ ہے کہ آجکل کے نئے سے نئے ڈاکٹری اصول کے انوسار یہ کتاب روگ کے پیدا ہو جانے پر اِس کا علاج کرنے کی نسبت روگ کے پیدا ہونے ہی کو روکنے پر ادھک زور دیتی ہے ۔ اِس کے انوسار آدمی کا شریر سارے وشو کا ایک حصہ ہے اور آدمی اگر باہر کی تبدیلیوں کے انوسار اپنی عادتوں کو بھی بدلتا رہے تو وہ روگ سے بچا رہ سکتا ہے. اِس میں لکھا ہے کہ بیماری آجانے کے بعد اس کا علاج کرنا ایسا ہی ہے جیسا پیاس لگنے پر کنواں کھودنا' یا لڑائی چھڑ جانے پر ہتھیار گڑھنا ۔ بیماریوں کا علاج بیمار پڑنے سے پہلے ہونا چاہئے' اور اس کا طریقہ ہے ٹھیک جیون بتانا' ٹھیک طرح کا کھانا کھانا' ٹھیک طرح سے کام اور آرام کرنا' اور اپنے دل اور دماغ دونوں کو سدا شانت رکھنا ۔

ایک اور پرانی کتاب 'شین ننگ پین تساؤ چنگ' ہے ۔ جو عیسوی سے ایک بھگ ایکسو برس پہلے لکھی گئی ۔ اُس میں تین سو سے اوپر دواؤں اور اُن کے استعمال کی چرچا

की गई है. दुनिया में यह पहली किताब है जिसमें खाल की बीमारियों के लिये पारे और गंधक का इस्तेमाल बताया गया है. इन बीमारियों के लिये यह इलाज अरब और हिन्दुस्तान में इसके एक हजार बरस बाद चला और यूरप में सोलहवीं सदी ईसवी से जारी हुआ.

दूसरी सदी ईसवी में चाँग चुंग-चिंग नाम के एक हकीम ने तरह तरह के बुखारों पर एक किताब लिखी जिसका नाम 'शाँग हान लुन' है. उसी ने वैद्यक विद्या के बुनियादी उसूलों पर एक और किताब लिखी जिसका नाम 'चिंग कुए याओ लुएह' है. इन दोनों किताबों से चीन की वैद्यक विद्या में बहुत बड़ी तरक्की हुई. इनमें तरह तरह के बुखारों और दूसरी बीमारियों के लिये अलग अलग नुसखे दिये हुए हैं. इसमें बुखार के इलाज के लिये, दस्त लाने के लिये, पेशाब लाने के लिये, क़ै कराने के लिये, ठंडक पैदा करने के लिये, गरमी लाने के लिये, हाज़मा ठीक करने के लिये और दस्तों को रोकने के लिये लगभग अस्सी इस तरह के नुसखे दिये हुए हैं जो आज तक चीनी डाक्टरों को बहुत बड़ा काम देते हैं और उनके इलाज के तरीक़ों की बुनियाद कहे जा सकते हैं. 'शाँग हान लुन' का प्रचार कोरिया और जापान में भी खूब हुआ और उसके द्वारा वहां के लोगों की तन्दुरुस्ती का बहुत बड़ा फ़ायदा पहुँचा.

जर्राही यानी चीर फाड़ की विद्या ने भी प्राचीन चीन में काफी तरक्क़ी की थी. ईसा की शुरू की सदी का एक मशहूर हकीम 'हुआ तो' दवा के ज़रिये यह प्रबन्ध करके कि रोगी को पीड़ा अनुभव न होने पावे, पेट के बड़े बड़े आपरेशन (Major abdominal operations) कर लेता था. अतड़िया के कीड़ा का इलाज करने के लिये वह क़ै की दवाएं देता था और ज़खमों का तरह तरह का इलाज वह पानी से करता था. आदमी के तन्दुरुस्त रहने के लिये उसने एक नई तरह की कसरत ईजाद की थी जिसमें पाँच तरह के जानवरों की चालें शामिल थीं—चीता, बारहसिंगा, रीछ, बन्दर और चिड़िया. इस कसरत के ज़रिये वह पुरानी पुरानी बीमारियों को अच्छा कर लेता था.

चीन के दुर्भाग्य से उस ज़माने के एक अन्यायी शासक ने हुआ-तो को पकड़ कर फांसी पर लटका दिया जिसके बाद उसकी लिखी हुई बहुत सी किताबें सदा के लिये नष्ट हो गईं.

इसके बाद की सदियों में बौद्ध धर्म के चीन पहुँचने के बाद प्राचीन ताओ धर्म के लोगों ने बहुत सी पुरानी चीनी वैद्यक किताबों का फिर से सम्पादन किया. बौद्ध धर्म के लोगों ने भारत की बहुत सी वैद्यक किताबों का चीनी में अनुवाद किया. जीवक और सुश्रुत की मशहूर संस्कृत किताबों का उसी समय चीनी में अनुवाद हुआ. इस तरह भारत की वैद्यक विद्या और चीनी वैद्यक विद्या दोनों चीन में मिल

کی گئی ہے ۔ دنیا میں یہ پہلی کتاب ہے جس میں کھال کی بیماریوں کے لئے پارے اور گندھک کا استعمال بتایا گیا ہے ۔ ان بیماریوں کے لئے یہ علاج عرب اور ہندستان میں اس کے ایک ہزار برس بعد چلا اور یورپ میں سولھویں صدی عیسوی سے جاری ہوا ۔

دوسری صدی عیسوی میں چانگ چونگ چنگ نام کے ایک حکیم نے طرح طرح کے بخاروں پر ایک کتاب لکھی جس کا نام 'شانگ ہان لن' ہے ۔ اُسی نے ویدیک ودیا کے بنیادی اُصولوں پر ایک اور کتاب لکھی جس کا نام چنگ کوئے یاؤ لو ایہ' ہے ۔ ان دونوں کتابوں سے چین کی ویدیک ودیا میں بہت بڑی ترقی ہوئی ۔ ان میں طرح طرح کے بخاروں اور دوسری بیماریوں کے لئے الگ الگ نسخے دیئے ہوئے ہیں ۔ اس میں بخار کے علاج کے لئے' دست لانے کے لئے' پیشاب لانے کے لئے' قے کرانے کے لئے' ٹھنڈک پیدا کرنے کے لئے' گرمی لانے کے لئے' ہاضمہ ٹھیک کرنے کے لئے اور دستوں کو روکنے کے لئے لگ بھگ اسی اس طرح کے نسخے دیئے ہوئے ہیں جو آج تک چینی ڈاکٹروں کو بہت بڑا کام دیتے ہیں اور ان کے علاج کے طریقوں کی بنیاد کہے جا سکتے ہیں ۔ 'شانگ ہان لن' کا پرچار کوریا اور جاپان میں بھی خوب ہوا اور اس کے دوارا وہاں کے لوگوں کی تندرستی کو بہت بڑا فایدہ پہونچا ۔

جراحی یعنی چیر پھاڑ کی ودیا نے بھی پراچین چین میں کافی ترقی کی تھی ۔ عیسوی کی شروع کی صدی کا ایک مشہور حکیم 'ہوا تو' دواؤں کے ذریعہ یہ پربندھ کرکے کہ روگی کو پیڑا انوبھو نہ ہونے پاوے' پیٹ کے بڑے بڑے آپریشن (Major abdominal operations) کر لیتا تھا ۔ انتڑیوں کے کیڑوں کا علاج کرنے کے لئے وہ قے کی دوائیں دیتا تھا اور زخموں کا طرح طرح کا علاج وہ پانی سے کرتا تھا ۔ آدمی کے تندرست رہنے کے لئے اس نے ایک نئی طرح کی کسرت ایجاد کی تھی جس میں پانچ طرح کی جانوروں کی چالیں شامل تھیں—چیتا' بارہ سنگا' ریچھ' بندر اور چڑیا ۔ اس کسرت کے ذریعہ وہ پرانی پرانی بیماریوں کو اچھا کر لیتا تھا ۔

چین کے دربھاگیہ سے اُس زمانے کے ایک انیائی شاسک نے ہوا تو کو پکڑ کر پھانسی پر لٹکا دیا جس کے بعد اُس کی لکھی ہوئی بہت سی کتابیں سدا کے لئے نشٹ ہوگئیں ۔

اس کے بعد کی صدیوں میں بودھ دھرم کے چین پہونچنے کے بعد پراچین تاؤ دھرم کے لوگوں نے بہت سی پرانی چینی ویدیک اور کتابوں کا پھر سے سمپادن کیا ۔ بودھ دھرم کے لوگوں نے بھارت کی بہت سی ویدیک کتابوں کا چینی میں انواد کیا ۔ جیوک اور سو شروت کی مشہور سنسکرت کتابوں کا اُسی سمے چینی میں انواد ہوا ۔ اس طرح بھارت کی ویدیک ودیا اور چینی ویدیک ودیا دونوں چین میں مل

गई. इसका एक नतीजा यह हुआ कि ईसा से सौ बरस पहले की लिखी हुई चीनी किताब 'शेन नुंग पेन त्सा ओ चिंग' को पाँच सौ ईसवी के लगभग जब दुहराया गया तो तीन सौ दवाओं की जगह अब उसमें छै सौ से ऊपर दवाएं दर्ज हो गईं.

सातवीं सदी ईसवी से नवीं सदी ईसवी तक यूरप में अभी अन्धकार युग (Dark ages) का ज़माना था. भारत उन दिनों बहुत सी छोटी छोटी रियासतों में बँटा हुआ था. उस समय वैद्यक विद्या की निगाह से चीन दुनिया का केन्द्र था. अरब, कोरिया, जापान और दूसरे देशों से बड़े बड़े विद्वान वैद्यक पढ़ने के लिये चीन आते थे और चीनी हकीम तालीम देने के लिये बाहर के देशों में बुलाए जाते थे. उससे पहले जापान में रोगों का इलाज जादू टोनों से ही होता था. चीनी वैद्यक विद्या ने वहाँ पहुँच कर लोगों को इन अंध विश्वासों से आज़ाद किया और इलाज का ठीक तरीक़ा बताया. इस नए तरीक़े का जापान में बड़ा आदर हुआ.

दुनिया भर में वैद्यक का सब से पहला विद्यालय (First Medical School) सातवीं सदी ईसवी के शुरू में चीन में क़ायम हुआ. इस का नाम 'वैद्यों का शाही विद्यालय' था. इटली का 'सालेरनों मेडिकल स्कूल' इसके दो सौ बरस बाद क़ायम हुआ, जो यूरप का सब से पहला मेडिकल स्कूल था. इस चीनी वैद्यक विद्यालय के क़ायम होने से पहले चीन के हकीम अपने अपने शागिरदों को साथ रखकर ही वैद्यक सिखाया करते थे.

चीन के इस शाही विद्यालय में वैद्यक के चार महकमे थे जिन में लगभग साढ़े तीन सौ विद्यार्थी शिक्षा पाते थे. इन चार महकमों में दवाओं के अलावा वह चीर फाड़, कान, नाक, मुँह और दाँत के रोगों का इलाज, और दवाएं बनाना आदि सब सिखाया जाता था. सरकार की मंज़ूर की हुई किताबें पढ़ाई जाती थीं और विद्यार्थियों को तीन साल से लेकर सात साल तक तालीम दी जाती थी.

चीन में रोगियों के लिये सब से पहला अस्पताल पाँच सौ दस ईसवी में क़ायम हुआ. कारन यह था कि उन दिनों चीन के शन्सी प्रान्त में कोई एक बीमारी फैल गई थी. इसके बाद की सदियों में और अधिक अस्पताल खुलते गए. धीरे धीरे राज की तरफ़ से ग़रीबों के लिये बहुत से अस्पताल खुल गए. कोढ़ियों के लिये भी चीन में कई अस्पताल खुले.

'शेन नुंग पेन त्साओ चिंग' नाम की किताब का अब एक और नया एडिशन निकाला गया जिसमें आठ सौ चवालीस तरह की दवाओं का ज़िक्र है. ग्यारहवीं सदी ईसवी में एक नया सरकारी महकमा क़ायम हुआ जिसने बड़े बड़े वैद्यों की मदद से सब पुरानी वैद्यक की किताबों

گئیں ۔ اِس کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ عیسوی سے سو برس پہلے کی لکھی ہوئی 'چینی' کتاب 'شین ننگ پین تساؤ چنگ' کو پانچسو عیسوی کے لگ بھگ جب دوہرایا گیا تو تین سو دواؤں کی جگہہ اب اُس میں چھ سو سے اُوپر دوائیں درج ہو گئیں ۔

ساتویں صدی عیسوی سے نویں صدی عیسوی تک یورپ میں ابھی اندھکار یگ (Dark ages) کا زمانہ تھا ۔ بھارت اُن دنوں بہت سی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹا ہوا تھا ۔ اُس سمے ویدک ودیا کی نگاہ سے چین دنیا کا کیندر تھا ۔ عرب' کوریا' جاپان اور دوسرے دیشوں سے بڑے بڑے ودوان ویدک پڑھنے کے لئے چین آتے تھے اور چینی حکیم تعلیم دینے کے لئے باہر کے دیشوں میں بلائے جاتے تھے ۔ اُس سے پہلے جاپان میں روگوں' کا علاج جادو ٹونوں سے ہی ہوتا تھا ۔ چینی ویدک ودیا نے وہاں پہونچکر لوگوں کو اِن اندھ وشواسوں سے آزاد کیا اور علاج کا ٹھیک طریقہ بتایا ۔ اِس نئے طریقہ کا جاپان میں بڑا آدر ہوا ۔

دنیا بھر میں ویدک کا سب سے پہلا ودیالیہ (First Medical School) ساتویں صدی عیسوی کے شروع میں چین میں قایم ہوا ۔ اِس کا نام 'ویدیکوں کا شاہی ودیالیہ' تھا ۔ اِٹلی کا 'سالیرنو میڈیکل اسکول' اِس کے دو سو برس بعد قایم ہوا' جو یورپ کا سب سے پہلا میڈیکل اسکول تھا ۔ اس چینی ویدک ودیالیہ کے قایم ہونے سے پہلے کے چین کے حکیم اپنے اپنے شاگردوں کو ساتھ رکھکر ہی ویدک سکھایا کرتے تھے ۔

چین کے اِس شاہی ودیالیہ میں ویدک کے چار محکمے تھے جن میں لگ بھگ ساڑھے تین سو ودیارتھی شکشا پاتے تھے ۔ اِن چار محکموں میں دواؤں کے علاوہ وہ چیر پھاڑ' کان' ناک' منھ اور دانت کے روگوں کا علاج' اور دوائیں بنانا آدی سب سکھایا جاتا تھا ۔ سرکار کی منظور کی ہوئی کتابیں پڑھائی جاتی تھیں اور ودیارتھیوں کو تین سال سے لیکر سات سال تک تعلیم دی جاتی تھی ۔

چین میں روگیوں کے لئے سب سے پہلا اسپتال پانچسو دس عیسوی میں قایم ہوا. کارن یہ تھا کہ اُن دنوں چین کے شانسی پرانت میں کوئی ایک بیماری پھیل گئی تھی ۔ اِس کے بعد کی صدیوں میں اور اَدھک اسپتال کھلتے گئے ۔ دھیرے دھیرے راج کی طرف سے غریبوں کے لئے بہت سے اسپتال کھل گئے ۔ کوڑھیوں کے لئے بھی چین میں کئی اسپتال کھلے ۔

'شین ننگ پین تساؤ چنگ' نام کی کتاب کا اب ایک اور نیا ایڈیشن نکالا گیا جس میں آٹھ سو چوالیس طرح کی دواؤں کا ذکر ہے ۔ گیارھویں صدی عیسوی میں ایک نیا سرکاری محکمہ قایم ہوا جس نے بڑے بڑے ویدیوں کی مدد سے سب پرانی ویدک کی کتابوں

को दुहराया. इसी समय चीन में छापने की कला ईजाद हुई जिसकी बदौलत चीन का वैद्यक साहित्य देश भर में खूब फैल गया.

दसवीं सदी ईसवी से चौदहवीं सदी ईसवी तक चीन, अरब और पूरबी यूरप के देशों में आना जाना बहुत बढ़ा. इन सब देशों में तिजारत भी खूब होने लगी. चीनी वैद्यक विद्या उन दिनों ही यूरप पहुँची. इस आने जाने के कारण चीनी वैद्यक विद्या में भी काफी तरक्की हुई. अदरक, (चाइना रूट), कैसिया (Cassia), रुबाब (Rhubarb) चीन से दूसरे देशों को पहुँचे. चीनी वैद्यक विद्या के इस समय लगभग तेरह अलग अलग विभाग बन गए, जिनमें दवाओं का विभाग, चीर फाड़, स्त्रियों की बीमारियाँ, आँख, मुँह और गले की बीमारियाँ, बच्चों की बीमारियाँ, नसों को सुइयों से ठीक करना आदि आदि अलग अलग विभाग समझे जाने लगे. नसों की बीमारियों (नर्वस डिजीजेज) को सुइयों से ठीक करने का तरीक़ा जिसे acupuncture कहते हैं चीन का पुराना तरीक़ा है जो आज तक चीनी अस्पतालों में खूब काम में लाया जाता है. पन्द्रहवीं सदी के शुरू में चीन के बने हुए जहाज़ चीन से दक्खिन के देशों और यूरप तक खूब आते जाते थे और चीनी दवाएँ उन दिनों यूरप में खूब बिकती और इस्तेमाल की जाती थीं.

सोलहवीं सदी में चीनी हकीमों का ध्यान चेचक की बीमारी को रोकने की तरफ़ गया. पचास से ऊपर किताबें इस विषय पर लिखी गईं. एक खास महकमा इसी बीमारी के लिये क़ायम हुआ. उसी सदी में चीनी हकीमों ने चेचक का एक तरह का टीका ईजाद किया. चेचक के दानों में से मवाद निकाल कर उसे सुखा लिया जाता था और फिर उसे या तो फुंकनी के ज़रिये आदमी के नथनों में पहुँचा दिया जाता था या रुई पर रखकर नथनों के ऊपर रख दिया जाता था, ताकि साँस के साथ अन्दर चला जावे. जिन लोगों के साथ यह किया जाता था वह फिर चेचक के हमले से बच जाते थे. यानी आजकल के चेचक के टीके की तरह यह भी तन्दुरुस्त आदमी को चेचक के हमले से बचाए रखने का एक तरीक़ा था. सतरहवीं और अठारहवीं सदियों में यह तरीक़ा सारे चीन में फैल गया. सतरहवीं सदी में रूस से कुछ हकीमों ने चीन आकर इस तरीक़े को सीखा. रूस से इसका रिवाज टरकी में फैला. सन् 1717 में अंग्रेजों ने इसे तुरकों से सीखा. इसके अस्सी बरस बाद यूरप में जेनर ने गाय की चेचक के मवाद से टीका लगाने का वह तरीक़ा निकाला जो आज तक जारी है. इस तरह आजकल के चेचक का टीका पुराने चीनी तरीक़े से ही निकला है और उसका एक सुधरा हुआ रूप है. दोनों का उसूल एक है.

सन् 1578 ईसवी में मशहूर चीनी हकीम ली शिह-चेन

کو دوہرایا ۔ اِسی سمے چین میں چھاپنے کی کلا ایجاد ہوئی جس کی بدولت چین کا ویدک ساہتیہ دیش بھر میں خوب پھیل گیا ۔

دسویں صدی عیسوی سے چودھویں صدی عیسوی تک چین، عرب اور پوربی یورپ کے دیشوں میں آنا جانا بہت بڑھا۔ اِن سب دیشوں میں تجارت بھی خوب ہونے لگی ۔ چینی ویدک ودیا اُن دنوں ہی یورپ پہونچی ۔ اِس آنے جانے کے کارن چینی ویدک ودیا میں بھی کافی ترقی ہوئی ۔ ادرک، (چائنا روٹ)، کیسیا (Cassia)، روباب (Rhubarb) چین سے دوسرے دیشوں کو پہونچے ۔ چینی ویدک ودیا کے اس سمے لگ بھگ تیرہ الگ الگ وبھاگ بن گئے، جن میں دواؤں کا وبھاگ، چیر پھاڑ، اِستریوں کی بیماریاں، آنکھ، منھ اور گلے کی بیماریاں، نسوں کو سوئیوں سے ٹھیک کرنا آدی آدی الگ الگ وبھاگ سمجھے جانے لگے ۔ نسوں کی بیماریوں (نروس ڈیزیزز) کو سوئیوں سے ٹھیک کرنے کا طریقہ جسے acupuncture کہتے ہیں چین کا پرانا طریقہ ہے جو آج تک چینی اسپتالوں میں خوب کام میں لایا جاتا ہے ۔ پندرھویں صدی کے شروع میں چین کے بنے ہوئے جہاز چین سے دکھن کے دیشوں اور یورپ تک خوب آتے جاتے تھے اور چینی دوائیں اُن دنوں یورپ میں خوب بکتی اور استعمال کی جاتی تھیں ۔

سولھویں صدی میں چینی حکیموں کا دھیان چیچک کی بیماری کو روکنے کی طرف گیا ۔ پچاس سے اُوپر کتابیں اِس وشے پر لکھی گئیں ۔ ایک خاص محکمہ اِس بیماری کے لئے قایم ہوا ۔ اُسی صدی میں چینی حکیموں نے چیچک کا ایک طرح کا ٹیکہ ایجاد کیا ۔ چیچک کے دانوں میں سے مواد نکالکر اُسے سکھا لیا جاتا تھا اور پھر اُسے یا تو پھکنی کے ذریعے آدمی کے نتھنوں میں پہونچا دیا جاتا تھا یا روئی پر رکھکر نتھنوں کے اُوپر رکھ دیا جاتا تھا، تاکہ سانس کے ساتھ اندر چلا جاوے ۔ جن لوگوں کے ساتھ یہ کیا جاتا تھا وہ پھر چیچک کے حملے سے بچ جاتے تھے ۔ یعنی آجکل کے چیچک کے ٹیکے کی طرح یہ بھی تندرست آدمی کو چیچک کے حملے سے بچائے رکھنے کا ایک طریقہ تھا ۔ سترھویں اور اٹھارھویں صدیوں میں یہ طریقہ سارے چین میں پھیل گیا ۔ سترھویں صدی میں روس سے کچھ حکیموں نے چین آکر اِس طریقے کو سیکھا ۔ روس سے اِس کا رواج ترکی میں پھیلا ۔ سن 1717 میں انگریزوں نے اِسے ترکوں سے سیکھا ۔ اِس کے اسی برس بعد یورپ میں جینر نے گائے کی چیچک کے مواد سے ٹیکے لگانے کا وہ طریقہ نکالا جو آج تک جاری ہے ۔ اِس طرح آجکل کے چیچک کا ٹیکہ پرانے چینی طریقے سے ہی نکلا ہے اور اُس کا ایک سدھارا ہوا روپ ہے ۔ دونوں کا اصول ایک ہے ۔

سن 1578 عیسوی میں مشہور چینی حکیم لی شہ چین

ने 27 बरस की लगातार खोज के बाद चीनी दवाओं पर "पेन त्साओ कॉंग मु" नाम की किताब लिखी. यह किताब न केवल चीनी वैद्यक विद्या की दवाओं की सब से बड़ी किताब है, बल्कि आजकल की यूरोपीय डाक्टरी में भी इसने बहुत बड़ा हिस्सा लिया है. इसमें 1892 दवाओं का जिक्र है और उनके लगभग दस हजार नुसखे दर्ज हैं. इन 1892 दवाओं में से 1094 वनस्पति से बनती हैं. इनकी सोलह क़िस्में हैं और सोलह की फिर साठ क़िस्में हैं. किताब में इन सब वनस्पतियों के चित्र भी दिये हुए हैं. इस तरह वनस्पति विज्ञान यानी बाटनी के पढ़ने में इस किताब से बड़ी मदद मिलती है. इस चीनी किताब का अनुवाद लातीनी, फ्रांसीसी, रूसी, अंग्रेजी, जरमन और जापानी छै भाषाओं में हो चुका है.

सतरहवीं सदी के आखीर में चीन में मान्चु खानदान का राज शुरू हुआ. मानचु सम्राटों ने विदेशियों के असर से बचने के लिये बाहर के देशों से तिजारत और आना जाना बन्द कर दिया. यह वहम यहाँ तक बढ़ा कि जब चीन के कुछ ज्योतिषियों ने यूरप की ज्योतिष विद्या में खोज करना चाहा तो उन्हें फाँसी पर लटका दिया गया या देश निकाला दे दिया गया. एक यूरोपियन ईसाई पादरी ने शरीर विच्छेद विद्या यानी ऐनेटामी पर एक फ्रांसीसी किताब का चीनी में तर्जुमा किया तो उस किताब का चलन चीन में क़ानूनन बन्द कर दिया गया. चीनी वैद्यक विद्या की भी उन्नति रुक गई. केवल पुरानी चीजों पर बहसें रह गईं. लगभग ढाई सौ बरस के मानचु शासन में चीन आगे बढ़ने के बजाय हर तरह केवल पीछे ही को हटता रहा.

यूरप के साम्राजवादी पूँजीपतियों ने जबरदस्ती चीन के दरवाजे अपने लिये खुलवाए. सन् 1840 में चीन की मशहूर 'अफ़ीम जंग' के बाद ईस्ट इंडिया कम्पनी ने चीन के दो शहरों—मकाओ और कैन्टन—में अपने अस्पताल खोले. पर उस समय यूरप की डाक्टरी किसी तरह भी चीनी डाक्टरी या चीनी वैद्यक विद्या से बढ़ी हुई नहीं थी.

सन् 1846 में यूरप की सरजरी के अन्दर ईथर का इस्तेमाल पहली बार शुरू हुआ. 1867 में यूरप में चीर फाड़ के साथ कुछ नई दवाएँ इस्तेमाल होने लगीं जिनसे ज़ख़्म सड़ने न पावे. इसके बाद यूरप की वैद्यक विद्या ने ख़ास तरक़्क़ी करनी शुरू की. चीनियों के दिलों में भी यूरप के चीर फाड़ के तरीक़ों की क़दर बढ़ी. लेकिन चूँकि यूरप की यह डाक्टरी 'अफ़ीम जंग' के ज़ालिम हमलावरों के साथ साथ आई थी इसलिये चीनियों के दिलों में उसकी तरफ़ से शक बराबर बना रहा.

डाक्टर सुनयात सेन की अगुवाई में सन् 1911 में मानचु शासन का अन्त हो गया. सन् 1912 में चीनी

نے 27 برس کی لگاتار کھوج کے بعد چینی دواؤں پر "پین تساؤ کانگ مو" نام کی کتاب لکھی . یہ کتاب نہ کیول چینی ویدک ودیا کی دواؤں کی سب سے بڑی کتاب ہے' بلکہ آجکل کی یوروپیہ ڈاکٹری میں بھی اس نے بہت بڑا حصہ لیا ہے. اِس میں 1892 دواؤں کا ذکر ہے اور اُن کے لگ بھگ دس ہزار نسخے درج ہیں . اِن 1892 دواؤں میں سے 1094 بنسپتی سے بنتی ہیں . اِن کی سولہ قسمیں ہیں اور سولہ کی پھر ساٹھ قسمیں ہیں . کتاب میں اِن سب بنسپتیوں کے چتر بھی دیئے ہوئے ہیں . اس طرح ونسپتی وگیان یعنی باٹنی کے پڑھنے میں اِس کتاب سے بڑی مدد ملتی ہے . اِس چینی کتاب کا انوواد لاطینی' فرانسیسی' روسی' انگریزی' جرمن اور جاپانی چھ بھاشاؤں میں ہوچکا ہے .

سترھویں صدی کے آخیر میں چین میں مانچو خاندان کا راج شروع ہوا . مانچو سمراٹوں نے ودیشیوں کے اثر سے بچنے کے لئے باہر کے دیشوں سے تجارت اور آنا جانا بند کردیا . یہ وہم یہاں تک بڑھا کہ جب چین کے کچھ جوتشیوں نے یورپ کی جیوتش ودیا میں کھوج کرنا چاہا تو اُنھیں پھانسی پر لٹکا دیا گیا یا دیش نکالا دے دیا گیا . ایک یوروپین عیسائی پادری نے شریر وبچھید ودیا یعنی اینائامی پر ایک فرانسیسی کتاب کا چینی میں ترجمہ کیا تو اُس کتاب کا چلن چین میں قانوناً بند کردیا گیا . چینی ویدک ودیا کی بھی اُنتی رک گئی . کیول پرانی چیزوں پر بحثیں رہ گئیں . لگ بھگ ڈھائی سو برس کے مانچو شاسن میں چین آگے بڑھنے کے بجائے ہر طرح کیول پیچھے ہی کو ہٹتا رہا .

یورپ کے سامراجوادی پونجی پتیوں نے زبردستی چین کے دروازے اپنے لئے کھلوائے . سن 1840 میں چین کی مشہور 'افیم جنگ' کے بعد ایسٹ اِنڈیا کمپنی نے چین کے دو شہروں —مکاؤ اور کینٹن—میں اپنے اسپتال کھولے. پر اُس سمے یورپ کی ڈاکٹری کسی طرح بھی چینی ڈاکٹری یا چینی ویدک ودیا سے بڑھی ہوئی نہیں تھی .

سن 1846 میں یورپ کی سرجری کے اندر ایتھر کا استعمال پہلی بار شروع ہوا . 1867 میں یورپ میں چیر پھاڑ کے ساتھ کچھ نئی دوائیں استعمال ہونے لگیں جن سے زخم سڑ نے نہ پائے . اِس کے بعد یورپ کی ویدک ودیا نے خاص ترقی کرنی شروع کی . چینیوں کے دلوں میں بھی یورپ کے چیر پھاڑ کے طریقوں کی قدر بڑھی . لیکن چونکہ یورپ کی یہ ڈاکٹری 'افیم جنگ' کے ظالم حملہ آوروں کے ساتھ ساتھ آئی تھی اِس لئے چینیوں کے دلوں میں اُس کی طرف سے شک برابر بنا رہا .

ڈاکٹر سن یات سین کی اگوائی میں سن 1911 میں مانچو شاسن کا انت ہوگیا . سن 1912 میں چینی

सरदार यू आन शिह-काई ने क्रान्तिकारियों के साथ दगा करके देश को यूरप के साम्राजवादियों का और अधिक गुलाम बना दिया. सरकारी लोगों में पुरानी चीनी वैद्यक विद्या और साइंसी और पिछड़ी हुई समझी जाने लगी. नए सरकारी स्कूल क़ायम हुए जिनमें केवल यूरप की डाक्टरी पढ़ाई जाती थी. इस के बाद च्यांग काई शेक का ज़माना आया. सन् 1929 में च्याँग काई शेक ने पुराने चीनी तरीक़े से इलाज करना तक ग़ैर क़ानूनी ऐलान कर दिया. चीनी हकीमों के लिये अब कोई जगह न रह गई. लोगों ने इस पर ज़बरदस्त एतराज़ किया. जनता की उत्तेजना से और जनता के साथ मिलकर तीन सौ चीनी हकीमों ने कोमिनटाँग की राजधानी नानकिंग में एक बहुत बड़ा प्रदर्शन किया. कोमिनटाँग को कुछ झुकना पड़ा लेकिन फिर भी वह चीनी वैद्यक विद्या के रास्ते में रुकावटें ही डालते रहे, उन्होंने उसे पनपने न दिया, और यूरोपीय ढंग के डाक्टरों और पुराने ढंग के चीनी हकीमों को एक दूसरे से लड़ाते रहे.

सन् 1949 में नई जनता की सरकार क़ायम हुई. उसने उसी समय से यूरोपीय डाक्टरी और चीनी वैद्यक के बीच की खाई को पाटना शुरू किया. सन् 1950 में चीन की पहली राष्ट्रीय स्वास्थ्य कानफ़रेन्स हुई. उसने यह बुनियादी उसूल तय किया कि दोनों तरह के इलाज के तरीक़ों से पूरा पूरा फ़ायदा उठाया जावे और इलाज के उन तरीक़ों पर सब से ज्यादा ज़ोर दिया जावे जो ग़रीबों, मज़दूरों, किसानों और सिपाहियों का भला कर सकें, और जिनमें रोग के पैदा हो जाने पर इलाज करने की निस्बत रोगों के पैदा न होने पर ज्यादा ज़ोर दिया जावे.

पिछले साल यानी सन् 1954 में चीन के सबसे बड़े समाचार पत्र "पीपुल्स डेली" (जन दैनिक) ने पुरानी चीनी वैद्यक विद्या की तरफ़ सरकार के रुख़ को बिलकुल साफ़ कर दिया. उसने कहा कि चीनी वैद्यक के पीछे हज़ारों साल का तजरबा है, इस सारे अरसे में उसने जनता के स्वास्थ्य को ठीक करने और ठीक रखने में बहुत बड़ी मदद दी है. साथ ही उसमें क़ुदरती तौर पर कुछ कमियाँ भी हैं जिन की वजह से वह और अधिक नहीं बढ़ सकी. सरकार चाहती है कि जो चीनी लोग यूरप की डाक्टरी में तालीम पाए हुए हैं वह पुराने ढंग के चीनी वैद्यों और हकीमों के साथ मिलकर काम करें ताकि पुराने तरीक़े की कमियाँ पूरी हो सकें, उसे साइंसी ढङ्ग से चलाया जा सके और आजकल की चीनी डाक्टरी विद्या का वह एक आवश्यक और ख़ास अंग बन जावे.

इसी आधार पर सरकार ने सब जन-स्वास्थ्य महकमों को अमली हिदायतें भेज दी हैं. नई आज़ादी के बाद चीन के स्वास्थ्य मंत्रालय में पुराने चीनी इलाज के तरीक़े का

سردار یو آن شہ کائی نے کرانتیکاریوں کے ساتھ دغا کرکے دیش کو یورپ کے سامراج وادیوں کا اور ادھک غلام بنا دیا۔ سرکاری لوگوں میں پرانی چینی ویدک ودیا غیر سائنسی اور پچھڑی ہوئی سمجھی جانے لگی۔ نئے سرکاری اِسکول قایم ہوئے جن میں کیول یورپ کی ڈاکٹری پڑھائی جاتی تھی۔ اِس کے بعد چیانگ کائی شیک کا زمانہ آیا۔ سن 1929 میں چیانگ کائی شیک نے پرانے چینی طریقے سے علاج کرنا تک غیر قانونی اعلان کردیا۔ چینی حکیموں کے لئے اب کوئی جگہ نہ رہ گئی۔ لوگوں نے اِس پر زبردست اعتراض کیا۔ جنتا کی اُتیجنا سے اور جنتا کے ساتھ ملکر تین سو چینی حکیموں نے کومن ٹانگ کی راجدھانی نانکنگ میں ایک بہت بڑا پردرشن کیا۔ کومن ٹانگ کو کچھ جھکنا پڑا لیکن پھر بھی وہ چینی ویدک ودیا کے راستے میں رکاوٹیں ہی ڈالتے رہے، اُنھوں نے اُسے پنپنے نہ دیا، اور یوروپیہ ڈھنگ کے ڈاکٹروں اور پرانے ڈھنگ کے چینی حکیموں کو ایک دوسرے سے لڑاتے رہے۔

سن 1949 میں نئی جنتا کی سرکار قایم ہوئی۔ اُس نے اُسی سمے سے یوروپیہ ڈاکٹری اور چینی ویدک کے بیچ کی کھائی کو پاٹنا شروع کیا۔ سن 1950 میں چین کی پہلی راشٹریہ سواستھیہ کانفرنس ہوئی۔ اُس نے یہ بنیادی اُصول طے کیا کہ دونوں طرح کے علاج کے طریقوں سے پورا پورا فایدہ اُٹھایا جاوے اور علاج کے اُن طریقوں پر سب سے زیادہ زور دیا جاوے جو غریبوں، مزدوروں، کسانوں اور سپاہیوں کا بھلا کرسکیں، اور جن میں روگ کے پیدا ہو جانے پر علاج کرنے کی نسبت روگوں کے پیدا نہ ہونے پر زیادہ زور دیا جاوے۔

پچھلے سال یعنی سن 1954 میں چین کے سب سے بڑے سماچار پتر "پیپلس ڈیلی" (جن دینک) نے پرانی چینی ویدک ودیا کی طرف سرکار کے رخ کو بالکل صاف کردیا۔ اُس نے کہا کہ چینی ویدک کے پیچھے ہزاروں سال کا تجربہ ہے، اِس سارے عرصے میں اُس نے جنتا کے سواستھیہ کو ٹھیک کرنے اور ٹھیک رکھنے میں بہت بڑی مدد دی ہے۔ ساتھ ہی اُس میں قدرتی طور پر کچھ کمیاں بھی ہیں جن کی وجہ سے وہ اور ادھک نہیں بڑھ سکی۔ سرکار چاہتی ہے کہ جو چینی لوگ یورپ کی ڈاکٹری میں تعلیم پائے ہوئے ہیں وہ پرانے ڈھنگ کے چینی ویدیوں اور حکیموں کے ساتھ ملکر کام کریں تاکہ پرانے طریقے کی کمیاں پوری دور ہوسکیں، اُسے سائنسی ڈھنگ سے چلایا جاسکے اور آجکل کی چینی ڈاکٹری ودیا کا وہ ایک آوشیک اور خاص انگ بن جاوے۔

اِسی آدھار پر سرکار نے سب جن سواستھیہ محکموں کو عملی ہدایتیں بھیج دی ہیں۔ نئی آزادی کے بعد چین کے سواستھیہ منترالئے میں پرانے چینی علاج کے طریقے کا

एक अलग महकमा क़ायम हुआ. इस महकमे को अब बहुत बढ़ा दिया गया है. पेकिंग में एक राष्ट्रीय अकादमी क़ायम हुई है जिसका काम ही पुरानी वैद्यक विद्या में पूरी पूरी खोज करना है. शंघाई, नानकिंग, पेकिंग और दूसरे शहरों में सरकारी अस्पताल खोल दिये गए हैं जिनमें पुरानी वैद्यक विद्या के तरीक़े से ही रोगियों का इलाज किया जाता है, और पुराने ढंग से बारीक सुइयों के ज़रिये नसों की बीमारियों (Nervous diseases) का इलाज किया जाता है. पेकिंग में एक संस्था क़ायम की गई है जिसमें नसों के इलाज के इस पुराने तरीक़े (acupuncture) और जड़ी बूटियों से दाग़ कर दर्दों को दूर करने के पुराने तरीक़े (Moxibustion) दोनों पर तजरबे करके नए से नए डाक्टरी तरीक़ों से इनका मुक़ाबला करके, इस बात को दिखाते हुए कि बीमारी और तन्दुरुस्ती का नसों के साथ कितना गहरा सम्बन्ध है, इन दोनों पुराने तरीक़ों को नए साइंसी ढंग पर चलाया जा रहा है. नसों की बीमारियों के इलाज में, पेट यानी हाज़मे की बीमारियों के इलाज में और हाथों पैरों की बीमारियों के इलाज में इन पुराने तरीक़ों से बहुत अच्छे अच्छे नतीजे पैदा किये जाते हैं.

चीन में यूरोपीय डाक्टरी के भी अस्पताल मौजूद हैं. इनमें बहुत से अस्पतालों ने अपने अलग महकमे खोल दिये हैं जिनमें पुराने ढंग से ही रोगियों का इलाज होता है. इन अस्पतालों के अधिकारी पुराने ढंग के चीनी डाक्टरों को अपने यहाँ रखते हैं और सब चीज़ों में उनसे सलाहें करते हैं. थोड़े ही दिनों में चीन के बहुत से मेडिकल कालिजों में पुरानी वैद्यक की किताबें और उनके इलाज के तरीक़े भी विद्यार्थियों को पढ़ाए और सिखाए जायेंगे. पुरानी चीनी वैद्यक की किताबें फिर से छापी जा रही हैं और हमारे नए ढंग के डाक्टर उन किताबों को ध्यान के साथ पढ़ रहे हैं. चीन में दवाएँ तैयार करने की जो सबसे बड़ी सोसाइटी है The Chinese Pharmaceutical Society वह अगले पाँच बरस के अन्दर कई सौ पुरानी चीनी दवाओं पर तजरबे करके उन्हें ठीक ठीक तैयार करने की योजना बना रही है. चीन में डाक्टरों की सब से बड़ी ऐसोसिएशन 'चाइनीज़ मेडिकल एसोसिएशन' है. पहले उसके मेम्बर केवल यूरोपियन ढंग के डाक्टर ही हो सकते थे. अब इस एसोसिएशन ने देश भर में अपनी सब शाखों को हिदायत भेज दी है कि पुराने ढंग के तजरबेकार चीनी हकीमों को भी उसी तरह से ऐसोसिएशन का मेम्बर बनाया जाय जिस तरह नए ढंग के डाक्टरों को.

दोनों तरह के डाक्टर चीन में मिलकर काम कर रहे हैं. दोनों तरीक़ों में खोज जारी है. मक़सद यह है कि देश में जो आम इलाज के तरीक़े आगे का चलें उनमें पुराना चीनी

ایک الگ محکمہ قایم ہوا. اِس محکمے کو اب بہت بڑھا دیا گیا ہے. پیکنگ میں ایک راشٹریہ اکادمی قایم ہوئی ہے جس کا کام ہی پرانی ویدک ودیا میں پوری پوری کھوج کرنا ہے. شنگھائی، نانکنگ، اور دوسرے شہروں میں سرکاری اسپتال کھول دیئے گئے ہیں جن میں پرانی ویدک ودیا کے طریقے سے ہی روگیوں کا علاج کیا جاتا ہے، اور پرانے ڈھنگ سے باریک سوئیوں کے ذریعے نسوں کی بیماریوں (Nervous. diseases) کا علاج کیا جاتا ہے. پیکنگ میں ایک سنستھا قایم کی گئی ہے جس میں نسوں کے علاج کے اِس پرانے طریقے (acupuncture) اور جڑی بوٹیوں سے داغ کر دردوں کو دور کرنے کے پرانے طریقے (Moxibustion) دونوں پر تجربے کرکے نئے سے نئے ڈاکٹری طریقوں سے اِن کا مقابلہ کرکے، اِس بات کو دکھاتے ہوئے کہ بیماری اور تندرستی کا نسوں کے ساتھ کتنا گہرا سمبندھ ہے، اِن دونوں پرانے طریقوں کو نئے سائنسی ڈھنگ پر چلایا جا رہا ہے. نسوں کی بیماریوں کے علاج میں، پیٹ یعنی ہاضمے کی بیماریوں کے علاج میں اور ہاتھوں پیروں کی بیماریوں کے علاج میں اِن پرانے طریقوں سے بہت اچھے اچھے نتیجے پیدا کئے جاتے ہیں.

چین میں یوروپیہ ڈاکٹری کے بھی اسپتال موجود ہیں. اِن میں سے بہت سے اسپتالوں نے اپنے الگ محکمے کھول دیئے ہیں جن میں پرانے ڈھنگ سے ہی روگیوں کا علاج ہوتا ہے. اِن اسپتالوں کے ادھیکاری پرانے ڈھنگ کے چینی ڈاکٹروں کو اپنے یہاں رکھتے ہیں اور سب چیزوں میں اُن سے صلاحیں کرتے ہیں. تھوڑے ہی دنوں میں چین کے بہت سے میڈیکل کالجوں میں پرانی ویدک کی کتابیں اور اُن کے علاج کے طریقے بھی ودیارتھیوں کو پڑھائے اور سکھائے جائینگے. پرانی چینی ویدک کی کتابیں پھر سے چھاپی جا رہی ہیں اور ہمارے نئے ڈھنگ کے ڈاکٹر اُن کتابوں کو دھیان کے ساتھ پڑھ رہے ہیں. چین میں دوائیں تیار کرنے کی جو سب سے بڑی سوسائٹی ہے The Chinese Pharmceutical Society، اگلے پانچ برس کے اندر کئی سو پرانی چینی دواؤں پر تجربے کرکے اُنہیں ٹھیک ٹھیک تیار کرنے کی یوجنا بنا رہی ہے. چین میں ڈاکٹروں کی سب سے بڑی ایسوسئیشن 'چائنیز میڈیکل ایسوسئیشن' ہے. پہلے اُس کے ممبر کیول یوروپین ڈھنگ کے ڈاکٹر ہی ہوسکتے تھے. اب اِس ایسوسئیشن نے دیش بھر میں اپنی سب شاخوں کو ہدایت بھیج دی ہیں کہ پرانے ڈھنگ کے تجربہ کار چینی حکیموں کو بھی اُسی طرح سے ایسوسئیشن کا ممبر بنایا جائے جس طرح نئے ڈھنگ کے ڈاکٹروں کو.

دونوں طرح کے ڈاکٹر چین میں ملکر کام کر رہے ہیں. دونوں طریقوں میں کھوج جاری ہے. مقصد یہ ہے کہ دیش میں جو عام علاج کے طریقے آگے کو چلیں اُن میں پرانی چینی

वैद्यक की सारी विरासत को खपा लिया जावे. इस काम में अभी बरसों लगेंगे, लेकिन जब यह पूरा हो जायगा तो चीन के लोगों की तन्दुरुस्ती को इस से बहुत बड़ा फ़ायदा पहुंचेगा और दुनिया भर का वैद्यक विज्ञान इस से और अधिक मालामाल होगा.

("चाइना रीकन्सट्रक्ट्स" से)

गांधी और कबीर

श्री अम्बाशंकर नागर एम. ए.

इन दोनों महापुरुषों का जीवन एक दूसरे से इतना ज्यादा मिलता-जुलता है कि एक के बारे में विचार करते वक्त दूसरे का ख़याल आये बिना नहीं रहता. दोनों ने अपने ज़माने की माँग को महसूस किया था. दोनों ने वक्त और हालात की ज़रूरतों को समझा था और दोनों ही आम जनता की मुश्किलों को रफ़ा करने में जीवन भर लगे रहे. इतना ही नहीं, इन दोनों महापुरुषों ने आगे बढ़कर अँधेरे में भटकते हुए लोगों को उस समय सहारा दिया था जिस समय उन्हें इस इमदाद की बड़ी ज़रूरत थी.

दोनों हिन्दू-मुसलिम एकता के समर्थक

कबीर और गाँधी दोनों ही कुचले और सताये वर्ग के पैग़म्बर थे. दोनों ऊँच-नीच और जाति-पांति के भेद को फ़िज़ूल मानते थे. दोनों ने पुरानी रूढ़ियों और अंधविश्वासों के ख़िलाफ़ आवाज़ उठाई थी. धर्म और मज़हब, मंदिर और मस्जिद, ईश्वर और अल्लाह के नाम पर लड़ने वाले हिन्दू और मुसलमानों में एकता क़ायम करने के लिए तो ये दोनों ही महात्मा जीवन भर लगे रहे.

कबीर अगर कहते थे—

"भाईरे, दुइ जगदीस कहाँ ते आया।
अल्लाह राम करीमा केसो हरि हजरत नाम धराया॥

तो गाँधी भी प्रार्थना में 'ईश्वर अल्लाह तेरा नाम' कह कर सबको उसी एकता का पाठ पढ़ाते थे.

ویدک کی ساری وراثت کو کھپا لیا جاوے۔ اس کام میں ابھی برسوں لگیں گے۔ لیکن جب یہ پورا ہوجائیگا تو چین کے لوگوں کی تندرستی کو اِس سے بہت بڑا فایدہ پہونچیگا اور دنیا بھر کا ویدک وگیان اِس سے اور ادھک مالا مال ہوگا۔

("چائنا ریکنسٹرکٹس" سے)

گاندھی اور کبیر

شری امبا شنکر ناگر ایم. اے۔

اِن دونوں مہاپرشوں کا جیون ایک دوسرے سے اِتنا زیادہ ملتا جلتا ہے کہ ایک کے بارے میں وچار کرتے وقت دوسرے کا خیال آئے بنا نہیں رہتا۔ دونوں نے اپنے زمانے کی مانگ کو محسوس کیا تھا، دونوں نے وقت اور حالات کی ضرورتوں کو سمجھا تھا اور دونوں ہی عام جنتا کی مشکلوں کو رفع کرنے میں جیون بھر لگے رہے۔ اِتنا ہی نہیں، اُن دونوں مہا پرشوں نے آگے بڑھکر اندھیرے میں بھٹکتے ہوئے لوگوں کو اُس سمئے سہارا دیا تھا جس سمئے اُنہیں اِس امداد کی بڑی ضرورت تھی۔

دونوں ہندو مسلم ایکتا کے سمرتھک

کبیر اور گاندھی دونوں ہی کچلے اور ستائے ورگ کے پیغمبر تھے۔ اُونچ نیچ اور جاتی پانتی کے بھید کو فضول مانتے تھے۔ دونوں نے پرانی روڑھیوں اور اندھ وشواسوں کے خلاف آواز اٹھائی تھی۔ دھرم اور مذہب، مندر اور مسجد، ایشور اور اللہ کے نام پر لڑنے والے ہندو اور مسلمانوں میں ایکتا قایم کرنے کے لئے تو یہ دونوں ہی مہاتما جیون بھر لگے رہے۔

کبیر اگر کہتے تھے—

بھائی رے، دونی جگدیس کہاں تے آیا،
اللہ رام کریما کیسو، ہری حضرت نام دھرایا۔"

تو گاندھی بھی پرارتھنا میں 'ایشور اللہ تیرا نام' کہہ کر سب کو اُسی ایکتا کا پاٹھ پڑھاتے تھے۔

दोनों अछूतों के मसीहा

कबीर ने अगर—

"जात पांत पूछै नहीं कोई।
हरि को भजै सा हरि का होई॥

कह कर सबको भक्ति का अधिकारी माना था तो गाँधी ने युग युग से दलित अछूतों को सामाजिक कार्यों में शरीक होने का और मंदिरों में प्रवेश करने का अधिकारी क़रार दिया था. गाँधी अछूतों के मसीहा थे. अछूत उद्धार के जिस नेक काम को कबीर ने शुरू किया था गांधी ने अपने प्राणों की बाजी लगाकर उसे पूरा कर दिखाया.

दोनों की 'करनी' और 'कथनी' में समानता

ये दोनों ही महात्मा सत्य और ज्ञान के पुजारी थे. असत्य और अज्ञान को मिटाना ही जैसे इनके जीवन का मक़सद था. दोनों ही आचार और विचार की शुद्धि को व्यक्ति और समाज के लिए ज़रूरी मानते थे. सबसे बड़ी बात तो यह है कि इन दोनों महापुरुषों की 'करनी' और 'कथनी' में ज़रा सा भी भेद नहीं था. जैसा ख़ुद करते थे वैसा ही वे दूसरों को करने के लिए कहते थे. 'करनी' के बिना 'कथनी' बिलकुल बेकार है; इस सचाई को समझ कर ही इन महापुरुषों ने अपने काम में हाथ डाला था. यही वजह है कि इनकी ज़बान में वह तासीर पैदा हुई कि जिसकी वजह से न केवल इस देश की बल्कि एक युग की काया पलट हो गई. जो काम कबीर की वाणी ने सोलहवीं सदी में किया था वही काम इस बीसवीं सदी में महात्मा गांधी की ज़बान ने किया. इस तरह अगर हम चाहें तो गाँधी को बीसवीं सदी का कबीर भी कह सकते हैं.

दोनों अहिंसा के पुजारी

कबीर और गांधी दोनों अहिंसा के उसूल को मानते थे. जानवरों को मारकर उनका मांस खाने को वे अप्राकृतिक कहते थे. कबीर ने गोश्त-ख़ोरों को इस तरह फटकारा है—

"बकरी पाती खात है,
तिसकी काढ़ी खाल।
जे नर बकरी खात है,
तिनका कौन हवाल?"

"बकरी पत्ते खाती है, इस पर तो हम उसकी खाल खींच लेते हैं, जो आदमी बकरी को खाते हैं उनकी क्या दशा होगी? ज़रा कल्पना तो कीजिये!"

दोनों ने श्रम का महत्त्व बढ़ाया

इन दोनों महात्माओं ने श्रम के महत्व को समझा था. कबीर अगर रात दिन सूत का ताना बुनते रहते थे तो गांधी जी भी सदा चरखे और तकली को लेकर सूत कातने में लगे रहते थे. गांधी ने अपने जीवन में जो बड़े काम किए

دونوں اچھوتوں کے مسیحا

کبیر نے اگر—

"جات پانت پوچھے نہیں کوئی
ہری کو بھجے سو ہری کا ہوئی"

کہہ کر سب کو بھگتی کا ادھیکاری مانا تھا تو گاندھی نے یک یک سے دلت اچھوتوں کو سماجک کاریوں میں شریک ہونے کا اور مندروں میں پرویش کرنے کا ادھیکاری قرار دیا تھا۔ گاندھی اچھوتوں کے مسیحا تھے۔ اچھوت اُدھار کے جس نیک کام کو کبیر نے شروع کیا تھا گاندھی نے اپنے پرانوں کی بازی لگا کر اُسے پورا کر دکھایا۔

دونوں کی 'کرنی' اور 'کتھنی' میں سمانتا

یہ دونوں ہی مہاتما ستیہ اور گیان کے پجاری تھے۔ اِستیہ اور اگیان کو مٹانا ہی جیسے اُن کے جیون کا مقصد تھا۔ دونوں ہی آچار اور وچار کی شدھی کو ویکتی اور سماج کے لئے ضروری مانتے تھے۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ اِن دونوں مہا پرشوں کی 'کرنی' اور 'کتھنی' میں ذرا سا بھی بھید نہیں تھا۔ جیسا خود کرتے تھے ویسا ہی وے دوسروں کو کرنے کے لئے کہتے تھے۔ 'کرنی' کے بنا 'کتھنی' بالکل بیکار ہے؛ اِس سچائی کو سمجھ کر ہی اِن مہاپرشوں اپنے کام میں ہاتھ ڈالا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اِن کی زبان میں وہ تاثیر پیدا ہوئی کہ جس کی وجہ سے نہ کیول اِس دیش کی بلکہ ایک یک ی کایا پلٹ ہو گئی۔ جو کام کبیر کی بانی نے سولھویں صدی میں کیا تھا وہی کام اِس بیسویں صدی میں مہاتما گاندھی کی زبان نے کیا۔ اِس طرح اگر ہم چاہیں تو گاندھی کو بیسویں صدی کا کبیر بھی کہہ سکتے ہیں۔

دونوں اہنسا کے پجاری

کبیر اور گاندھی دونوں اہنسا کے اصول کو مانتے تھے۔ جانوروں کو مار کر اُن کا مانس کھانے کو وے اپراکرتک کہتے تھے۔ کبیر نے گوشت خوروں کو اِس طرح پھٹکارا ہے—

"بکری پاتی کھاتی ہے،
تس کی کاڑھی کھال۔
جے نر بکری کھات ہے
تن کا کون حوال؟"

"بکری پتے کھاتی ہے، اِس پر تو ہم اُس کی کھال کھینچ لیتے ہیں۔ جو آدمی بکری کو کھاتے ہیں اُن کی کیا دشا ہوگی؟ ذرا کلپنا تو کیجئے!"

دونوں نے شرم کا مہتو بڑھایا

اِن دونوں مہاتماؤں نے شرم کے مہتو کو سمجھا تھا۔ کبیر اگر رات دن سوت کا تانا بنتے رہتے تھے تو گاندھی جی بھی سدا چرخے اور تکلی کو لیکر سوت کاتنے میں لگے رہتے تھے۔ گاندھی نے اپنے جیون میں جو بڑے کام کئے

हैं उनमें से एक यह भी है कि इन्होंने उपेक्षित श्रम की फिर से प्रतिष्ठा की अंग्रेजी सभ्यता की चकाचौंध से लोगों की आँखें चकरा गई थीं दिमाग में बाबूगीरी की ऐसी बू भर गई थी कि लोग हाथ से काम करने में अपनी तौहीन समझते थे. ऐसे समय में गांधी जी झाड़ू लेकर खुद भंगी का काम करने लगे. जो काम सबसे नीचा समझा जाता था उसी से उन्होंने शुरूआत की. पेशों में जुलाहे का पेशा बुरा माना जाता था उसे भी गांधी जी ने ऐसी इज्जत बख्शी कि चरखा कातना आज सब इज्जत का काम समझते हैं.

भाषा की समस्या पर दोनों एक मत

कहाँ तक कहूँ, मैं तो हर काम में इन दोनों को एक पाता हूँ. हर मसले पर इनके विचार इतने मिलते-जुलते नजर आते हैं कि ताज्जुब हुए बिना नहीं रहता. आजकल भाषा का सवाल एक अहम सवाल बना हुआ है. पर इस सवाल पर भी इन दोनों पीर-मुर्शिदों की एक ही राय थी. कबीर कहा करते थे—

"संस्किरत जलकूप कबीरा,
भाषा बहता नीर."

गांधी जी भी सरल और चलती भाषा के हिमायती थे. वे कहा करते थे कि भाषा तो विचार का वाहन है. हमें भाषा पर ध्यान देने से ज्यादा भाव या विचार पर ध्यान देना चाहिये.

जीवन ही नहीं मृत्यु में भी समानता

न केवल जीवन में बल्कि इन दोनों महात्माओं की मृत्यु में भी मुझे तो एक अजीबो गरीब क़िस्म की समानता दिखाई देती है.

कबीर मगहर में जाकर मरे यह साबित करने के लिए कि हिन्दुओं का ख्याल ग़लत है कि काशी में मरने से आदमी स्वर्ग में और मगहर में मरने से नर्क में जाता है. वे हिन्दू मुसलमानों के अंधविश्वासों को मिटाकर उनमें बुनियादी एकता क़ायम करना चाहते थे.

कबीर की मृत्यु की कहानी भी बड़ी दिलचस्प है. वे मगहर में जाकर मरे. उनकी लाश को लेकर हिन्दू मुसलमान लड़ने लगे. हिन्दू उनके शव को जलाना चाहते थे और मुसलमान गाड़ना. लड़ाई की नौबत आ गई, तलवारें तन गईं. पर जब किसी समझदार ने क़फन को उठाकर देखा तो वहाँ सिर्फ़ एक फूलों का ढेर ! दोनों ने फूलों को आधा आधा बाँट लिया. हिन्दुओं ने काशी में उन्हें हिन्दू विधि से जलाया, मुसलमानों ने मगहर में गाड़ा.

मैं तो यह कहूँगा कि कबीर ने न केवल जीते जी बल्कि मर कर भी हिन्दू मुसलमानों को एकता के सूत्र में बांधा.

ہیں اُنمیں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُنھوں نے اُپیکشت شرم کی پھر سے پرتشٹھا کی. انگریزی سبھیتا کی چکاچوندھ سے لوگوں کی آنکھیں چکرا گئی تھیں. دماغ میں بابوگیری کی ایک ایسی بو بھر گئی تھی کہ لوگ ہاتھ سے کام کرنے میں اپنی توہین سمجھتے تھے . ایسے سمے میں گاندھی جی جھاڑو لیکر خود بھنگی کا کام کرنے لگے . جو کام سب سے نیچا سمجھا جاتا تھا اُسی سے اُنھوں نے شروعات کی . پیشوں میں جلاہے کا پیشہ برا مانا جاتا تھا اُسے بھی گاندھی جی نے ایسی عزت بخشی کہ چرخہ کاتنا آج سب عزت کا کام سمجھتے ہیں .

بھاشا کی سمسیا پر بھی دونوں ایک مت

کہاں تک کہوں، میں تو ہر کام میں اِن دونوں کو ایک پاتا ہوں . ہر مسلے پر اِن کے وچار اِتنے ملتے جلتے نظر آتے ہیں کہ تعجب ہوئے بنا نہیں رہتا . آجکل بھاشا کا سوال ایک اہم سوال بنا ہوا ہے . پر اِس سوال پر بھی اِن دونوں پیر مرشدوں کی ایک ہی رائے تھی . کبیر کہا کرتے تھے—

"سنسکرت جل کوپ کبیرا،
بھاشا بہتا نیر."

گاندھی جی بھی سرل اور چلتی بھاشا کے حمایتی تھے. وے کہا کرتے تھے کہ بھاشا تو وچار کا واہن ہے . ہمیں بھاشا پر دھیان دینے سے زیادہ بھاؤ یا وچار پر دھیان دینا چاہئے .

جیون میں ہی نہیں مرتیو میں بھی سمانتا

نہ کیول جیون میں بلکہ اِن دونوں مہاتماؤں کی مرتیو میں بھی مجھے تو ایک عجیب و غریب قسم کی سمانتا دکھائی دیتی ہے .

کبیر مگہر میں جاکر مرے، یہ ثابت کرنے کے لئے کہ ہندوؤں کا یہ خیال غلط ہے کہ کاشی میں مرنے سے آدمی سورگ میں اور مگہر میں مرنے سے نرک میں جاتا ہے . وے ہندو مسلمانوں کے اندھ وشواسوں کو مٹاکر اُنمیں بنیادی ایکتا قایم کرنا چاہتے تھے .

کبیر کی مرتیو کی کہانی بھی بڑی دلچسپ ہے . وے مگہر میں جاکر مرے . اُن کی لاش کو لیکر ہندو مسلمان لڑنے لگے . ہندو اُن کے شو کو جلانا چاہتے تھے اور مسلمان گاڑنا . لڑائی کی نوبت آگئی، تلواریں تن گئیں . پر جب کسی سمجھدار نے کفن کو اُٹھاکر دیکھا تو وہاں صرف ایک پھولوں کا ڈھیر ! دونوں نے پھولوں کو آدھا آدھا بانٹ لیا . ہندوؤں نے کاشی میں اُنھیں ہندو ودھی سے جلایا، مسلمانوں نے مگہر میں گاڑا .

میں تو یہ کہونگا کہ کبیر نے نہ کیول جیتے جی بلکہ مرکر بھی ہندو مسلمانوں کو ایکتا کے سوتر میں باندھا .

जो काम उनके जीवन ने न किया वह उनकी मृत्यु ने कर दिखाया. आज कबीर पंथ के मानने वाले हिन्दू और मुसलमान दोनों हैं. और दोनों जीवन के बुनियादी उसूलों में एक हैं.

गांधी जी ने भी इसी हिन्दू-मुसलिम एकता की खातिर प्राण दिये. अपनी जीवन की आखरी सांस तक वे इन दोनों जातियों में एकता क़ायम करने के लिए कोशिश करते रहे. जीवन की ही तरह गांधी जी की मृत्यु भी महान थी. वे उस समय मरे जब वे प्रार्थना कर रहे थे, राम नाम ले रहे थे और लोगों को जीने का सही तरीक़ा सिखा रहे थे.

गांधी जी की मृत्यु भी कबीर की मृत्यु की तरह समाज के लिए बड़ी प्रभावशाली साबित हुई. अपने बापू को अपने हाथों से मारकर हिन्दुओं का कलेजा ठंडा हुआ. शर्म से हिन्दुओं का सर अपने आप झुक गया. ऐसा न हुआ होता तो पता नहीं उस समय उस जोश-जुनून में लोग और क्या-क्या करते !

स्वतन्त्रता की यात्रा की चौथी पीढ़ी

श्री मगनभाई देसाई

दक्षिण अफ्रिका से 1915 में गांधी जी भारत आये. युरोपीय जंग उस समय शुरू हो चुका था. भारत आने के बाद उन्होंने जो काम अपने हाथ में लिये उनमें एक खास काम रंगरूटों की भरती का था. उसके साथ ही साथ 1917 से दूसरे काम भी शुरू हुए—चंपारण और खेड़ा का सत्याग्रह अहमदाबाद की मजदूर हड़ताल, विरमगाम की नाकाबंदी इत्यादि सत्याग्रह के प्रयोग थे. और उसके साथ साथ स्वतन्त्र्य यात्रा की नई, हमारी गिनती के मुताबिक़ चौथी, पीढ़ी शुरू हुई.

इस चौथी पीढ़ी को 1915 या 1920 से गिना जाय तो उसे तब से लेकर 1948 तक माना जा सकता है. मतलब यह कि वह पूरी तीस साल की पीढ़ी है कि जिसके दरमियान एक नई पीढ़ी भी पैदा हो सकती है और हुई भी है. फिर भी उस पीढ़ी ने अपनी बुजुर्ग पीढ़ी के मातहत रहकर ही काम किया है, वह अपना खुद का असर डाल सके उतनी

جو کام اُن کے جیون نے نہ کیا وہ اُن کی مرتیو نے کر دکھایا. آج کبیر پنتھ کے ماننے والے ہندو اور مسلمان دونوں ہیں. اور دونوں جیون کے بنیادی اُصولوں میں ایک ہیں .

گاندھی جی نے بھی اِسی ہندو مسلم ایکتا کی خاطر اپنے پران دیئے . اپنے جیون کی آخری سانس تک وے اِن دونوں جاتیوں میں ایکتا قایم کرنے کے لئے کوشش کرتے رہے . جیون کی ہی طرح گاندھی جی کی مرتیو بھی مہان تھی . وے اُس سمے مرے جب وے پرارتھنا کر رہے تھے' رام نام لے رہے تھے اور لوگوں کو جینے کا صحیح طریقہ سکھا رہے تھے .

گاندھی جی کی مرتیو بھی کبیر کی مرتیو کی طرح سماج کے لئے بڑی پربھاؤشالی ثابت ہوئی . اپنے باپو کو اپنے ہاتھوں سے مارکر ہندوؤں کا کلیجہ ٹھنڈا ہوا . شرم سے ہندوؤں کا سر اپنے آپ جھک گیا . ایسا نہ ہوا ہوتا تو پتہ نہیں اس سمے جوش جنون میں لوگ اور کیا کیا کرتے !

سوتنترتا کی یاترا کی چوتھی پیڑھی

شری مگن بھائی دیسائی

دکشن افریقہ سے 1915 میں گاندھی جی بھارت آئے . یوروپیہ جنگ اُس سمے شروع ہوچکا تھا . بھارت آنے کے بعد اُنہوں نے جو کام اپنے ہاتھ میں لئے اُن میں ایک خاص کام رنگروٹوں کی بھرتی کا تھا . اس کے ساتھ ہی ساتھ 1917 سے دوسرے کام بھی شروع ہوئے—چمپارن اور کھیڑا کا ستیاگرہ' احمدآباد کی مزدور ہڑتال' ورم گام کی ناکہبندی اتیادی ستیاگرہ کے پریوگ تھے . اور اُس کے ساتھ ساتھ سوتنترتیہ یاترا کی نئی' ہماری گنتی کے مطابق چوتھی' پیڑھی شروع ہوئی .

اِس چوتھی پیڑھی کو 1915 یا 1920 سے گنا جائے تو اُسے تب سے لیکر 1948 تک مانا جاسکتا ہے . مطلب یہ کہ وہ پوری تیس سال کی پیڑھی ہے کہ جس کے درمیان ایک نئی پیڑھی بھی پیدا ہوسکتی ہے اور ہوئی بھی ہے . پھر بھی اُس پیڑھی نے اپنی بزرگ پیڑھی کے ماتحت رہ کر ہی کام کیا ہے' وہ اپنا خود کا اثر ڈال سکے اُتنی

शक्तिशाली या अपने अलग आदर्श रखने वाली नहीं थी. इस तरह यह एक सिलसिलेवार युग होने से उसे गांधी युग भी कह सकते हैं.

इस युग का इतिहास हमारे देश का एक शानदार और बुलन्द इतिहास है. उसका सही मोल भविष्य के इतिहासकार आँक सकेंगे. उसका असर सारी दुनिया के इतिहास प्रवाह पर भी हो रहा है; इसमें वह हक़ीक़त विश्व-इतिहास में भी एक नया बाब शुरू करने वाली साबित हुई है. उसकी वजह से न सिर्फ़ विदेशियों की ग़ुलामी का अन्त होकर भारत का अपना स्वतंत्र इतिहास फिर से शुरू हुआ है, बल्कि उस घटना से,विश्व-इतिहास में उन्नीसवीं सदी में जो साम्राज्य-युग और यंत्रोद्योगवाद शुरू हुए, उसमें भी भारी फेरफार और महान क्रान्ति के बीज उसने बोये हैं.

इस क्रान्ति से अब दुनिया में नये सवाल और नया पृष्ठ शुरू होता है, जिसकी पहली कड़ी भारत की स्वतंत्रता है. गांधी युग की पीढ़ी ने ऐसी महान घटना को देखा, उसमें हिस्सा लिया और उसे पैदा करने में यह पीढ़ी ख़ास सबब बनी. स्वतंत्र यात्रा के विचार के पीढ़ीनामे को मुख़्तसिर में एक बार याद करके उस की इस चौथी पीढ़ी के ख़ास ख़ास मुद्दों को हम देखेंगे.

हमने इस प्रकार पीढ़ियों की चर्चा की है :—

पहली पीढ़ी—राजा राममोहन राय.

दूसरी पीढ़ी—सन् 1857 और उसके बाद की तरक़्क़ी का ज़माना.

तीसरी पीढ़ी—ज़ाब्तगी से राष्ट्र सेवा का युग. उसके दो प्रवाह—जहाल और मवाल.

इसके बाद आने वाली चौथी पीढ़ी—राष्ट्र की सब शक्तियों को मिलाकर इकट्ठा करने का युग.

[2]

इस समय के दरमियान देश की आज़ादी के नुक़्ते नज़र से देखते हुए उसे हासिल करने के लिए जो कोशिशें शुरू हुईं, उनके अगर मोटे तौर पर हिस्से किये जायँ, तो वे दो थे ऐसा बताया जा सकता है—

(1) जनता का ज्ञान, उसकी समझ, सुधार और विकास इत्यादि शक्तियों के ज़रिये आगे बढ़ने का तरीक़ा जो राजा राममोहन राय से शुरू हुआ, ऐसा कहा जा सकता है.

आगे चलकर यह तरीक़ा बंधारणीय पद्धति इत्यादि नाम से पहचाना गया, जो आगे चलकर गांधी युग में शांत सत्याग्रह तक विकसित हुआ.

(2) हथियारों और बाहर की राज्यद्वारी मदद से लड़कर काम आगे चलाने की कोशिश.

شکتی شالی یا اپنے الگ آدرش رکھنے والی نہیں تھی ۔ اِس طرح یہ ایک سلسلےوار یگ ہونے سے اُسے ہم گاندھی یگ بھی کہہ سکتے ہیں ۔

اِس یگ کا اِتہاس ہمارے دیش کا ایک شاندار اور بہت بلند اِتہاس ہے ۔ اُس کا صحیح مول بھوشیہ کے اِتہاسکار آنک سکینگے ۔ اس کا اثر ساری دنیا کے اِتہاس پرواہ پر بھی ہو رہا ہے؛ اِس سے وہ حقیقت وشو اِتہاس میں بھی ایک نیا باب شروع کرنے والی ثابت ہوئی ہے ۔ اُس کی وجہ سے نہ صرف ودیشیوں کی غلامی کا انت ہوکر بھارت کا اپنا سوتنتر اِتہاس پھر سے شروع ہوا ہے، بلکہ اُس گھٹنا سے، وشو اِتہاس میں اُنیسویں صدی میں جو سامراجیہ یگ اور یَنتروودیوگواد شروع ہوئے، اُس میں بھی بھاری پھیر پھار اور مہان کرانتی کے بیج اُس نے بوئے ہیں ۔

اِس کرانتی سے اب دنیا میں نئے سوال اور نیا پرشٹھ شروع ہوتا ہے، جس کی پہلی کڑی بھارت کی سوتنترتا ہے ۔ گاندھی یگ کی پیڑھی نے ایسی مہان گھٹنا کو دیکھا، اُس میں حصہ لیا اور اُسے پیدا کرنے میں یہ پیڑھی خاص سبب بنی ۔ سوتنتریہ یاترا کے وچار کے پیڑھی نامے کو مختصر میں ایک بار یاد کرکے اُس کی اِس چوتھی پیڑھی کے خاص خاص مدوں کو ہم دیکھینگے ۔

ہم نے اِس پرکار پیڑھیوں کی چرچا کی ہے :—

پہلی پیڑھی—راجا رام موہن رائے ۔

دوسری پیڑھی—سن 1857 اور اس کے بعد کی ترقی کا زمانہ ۔

تیسری پیڑھی—ضابطگی سے راشٹر سیوا کا یگ ۔ اُس کے دو پرواہ—جہال اور موال ۔

اس کے بعد ۔ آنے والی ۔ چوتھی ۔ پیڑھی—راشٹر کی سب شکتیوں کو ملاکر اکٹھا کرنے کا یگ ۔

[2]

اس سمے کے درمیان دیش کی آزادی کے نقطہ نظر سے دیکھتے ہوئے اُسے حاصل کرنے کے لئے جو کوششیں شروع ہوئیں، ان کے اگر موٹے طور پر حصے کئے جائیں، تو وے دو تھے، ایسا بتایا جاسکتا ہے—

(1)—جنتا کا گیان، اُس کی سمجھ، سدھار اور وکاس اتیادی شکتیوں کے ذریعے آگے بڑھنے کا طریقہ، جو راجا رام موہن رائے سے شروع ہوا، ایسا کہا جاسکتا ہے ۔

آگے چلکر یہ طریقہ بندھارنیہ پدھتی اتیادی نام سے پہچانا گیا، جو آگے چلکر گاندھی یگ میں شانت ستیاگرہ تک وکسِت ہوا ۔

(2)—ہتھیاروں اور باہر کی راجیہدواری مدد سے لڑکر کام آگے چلانے کی کوشش ۔

यह तरीक़ा ई० सन् 1757 से 1857 तक के सौ साल में बरता गया है. 1857 के बाद, शस्त्रबन्दी के होते हुए भी, वह एक या दूसरे ढंग से चलता रहा है और उसका प्रवाह 1947 तक चलता दिखाई देता है.

पहला तरीक़ा नया है और दूसरा तरीक़ा इतना पुराना है, जितना मानव-समाज का इतिहास. पहले तरीक़े की रीति-रस्में अर्वाचीन हैं, हमने उन्हें अंग्रेज़ों के इतिहास और उनके साहित्य में से तथा भारत में उनके राज्य-तंत्र के अनुभव में से सीखा और उसे उपयोग में लाकर ग्रहण करते गये. इन पद्धतियों को वंशपरंपरागत पद्धतियाँ कहें या लोक-शाही की पद्धतियाँ; उनके अलग अलग रूप या भिन्न-भिन्न प्रकार बताते हैं. इसका कारण यह है कि उसमें जनता की शक्ति, विद्रोह, हथियारबन्दी या राज कारण के दाँव पेचों के रास्ते से नहीं, बल्कि उसकी समझ, शक्ति तथा सत्कारिता और मेल जोल इत्यादि गुणों के ज़रिये काम देती है. गांधी जी ने इसमें उसके कलगी स्वरूप सत्याग्रह का नवीन शस्त्र जोड़ दिया.

आज़ादी की मंज़िल की क़िस्में और तरक़्क़ी विकास संबंधी इस विचार का मुख्तसिर में इस तरह आलेखन किया जा सकता है—



یہ طریقہ عیسوی سن 1757 سے 1857 تک کے سو سال میں برتا گیا ہے . 1857 کے بعد، شستر بندی کے ہوتے ہوئے بھی، وہ ایک یا دوسرے ڈھنگ سے چلتا رہا ہے اور اُس کا پرواہ 1947 تک چلتا دکھائی دیتا ہے .

پہلا طریقہ نیا ہے اور دوسرا طریقہ اِتنا پرانا ہے، جتنا مانو سماج کا اِتہاس . پہلے طریقے کی ریتی رسمیں اروا چین ہیں، ہم نے اِنہیں انگریزوں کے اِتہاس اور اُن کے ساہتیہ میں سے تتھا بھارت میں اُن کے راجیہ تنتر کے انوبھو میں سے سیکھا، اور اُسے اُپیوگ میں لاکر گرہن کرتے گئے . اِن پدھتیوں کو بندھارنیہ پدھتیاں کہیں یا لوک شاہی کی پدھتیاں؛ اُن کے الگ الگ روپ یا بھن بھن پرکار بتاتے ہیں . اِس کا کارن یہ ہے کہ اُس میں جنتا کی شکتی، ودروہ، ہتھیار بندی یا راج کارن کے داؤں پیچوں کے راستے سے نہیں، بلکہ اُس کی سمجھ، شکتی تتھا ستکاریتا اور میل جول اتیادی گنوں کے ذریعے کام دیتی ہے . گاندھی جی نے اِس میں اُس کے کلغی سوروپ ستیاگرہ کا نوین شستر جوڑ دیا .

آزادی کی منزل کی قسمیں اور ترقی وکاس سمبندھی اِس وچار کا مختصر میں اِس طرح آلیکھن کیا جاسکتا ہے—



पाठक देखेंगे कि वंशवृक्ष में गाँधी युग के अन्दर जहाल और मवाल पक्ष के दो अलग अलग धाराओं का संगम बताया है, मतलब यह कि गाँधी जी लोकमान्य पीढ़ी और रानाडे-गोखले पीढ़ी के इकट्ठा पीढ़ीधर थे. गांधी जी ने अपनी सियासी पहचान 'गोखले मेरे सियासी गुरू हैं;" इस प्रकार दी है. इन दो पक्षों में अगर कोई बुनियादी भेद है तो वह यह कि, गोखले शाखा की ऐसी मान्यता थी कि हिन्द और इंगलेन्ड का संयोग ईश्वरदत्त शुभ वस्तु है; जबकि तिलक-शाखा की मान्यता थी कि भारत एक स्वतन्त्र राष्ट्र है और उसका स्वराज्य स्वतन्त्र ही हो सकता है. गांधी जी 1915 में जब भारत आये तब पहले मत के थे, फिर भी वे गोखले शाखा की राजकीय रीति-रस्मों के अतिरिक्त सत्याग्रह की पद्धति में भी श्रद्धा रखते थे, और उस शस्त्र का सफल प्रयोग करने के बाद ही भारत आये थे. उनके व्यक्तित्व और उनकी प्रतिभा का यह अंश उन्हें गोखले-राज्य कारण में शामिल होकर, उनके भारत सेवक समाज के द्वारा कार्य करने में बाधा रूप हुआ. दूसरी ओर, इस चीज के कारण तिलक-राज्यकारण-शाखा को, उसमें अपने जहाल राजकारण से कुछ नवीनता का अनुभव जरूर हुआ, लेकिन उसकी उग्रता के कारण उसमें उन्होंने सहधार्मिकता और समानता का अनुभव किया. इस प्रकार गांधी युग के प्रारम्भ में, गांधी जी में जहाल और मवाल दोनों दृष्टियों का संगम देखने को मिलता है.

इतना ही नहीं, दोनों पक्षों की कार्य-प्रणालियाँ उनके युग में एकत्र होकर एक अखंड कार्य प्रणाली के रूप में जन्म लेती हैं. इस पद्धति के लिए जिस प्रकार की रहनुमाई चाहिये वैसा ही गांधी जी की जीवन प्रतिभा पूरा करती है.

इससे क़ौम के अन्दर एक दृष्टि, एक कोशिश, तथा एक नीति-नेतृत्व वग़ैरह एक नये ही ढङ्ग से अपने आप पैदा होते गये. स्वराज्य प्राप्ति अब सारी जनता का पुरुषार्थ बनता है, उसके अंग उपांगों की गहराई तक जाकर वह अपना असर डालने लगता है. ऐसा ही कहना चाहिए कि शस्त्रास्त्र के परंपरागत हिंसा मार्ग को छोड़कर, प्रजा, शांति-अहिंसा मार्ग के नये प्रयोग की पूर्ण रूप से आज़माइश करने के लिए कमर कसती है। जग के व्यापक राज कारण पर गांधी युग का जो कुछ भी असर हुआ वह इसी कारण से हो सका है. गांधी जी का वर्णन करते हुए श्री गोखले ने कहा था कि इस व्यक्ति में भारतीय संस्कृति अपने आला दर्जे तक पहुंची है. गांधी जी के गुरु ने 1916 से भी पहले उनका जो वर्णन किया था उसे गांधी जी पूर्ण रूप से सिद्ध कर दिखाते हैं. न केवल राजनीति में बल्कि भारत की

پاٹھک دیکھینگے کہ ونش ورکش میں گاندھی یگ کے اندر جہال اور موال پکش کے دو الگ الگ دھاراؤں کا سنگم بتایا ہے. مطلب یہ کہ گاندھی جی لوکمانیہ پیڑھی اور راناڈے گوکھلے پیڑھی کے اِکٹھا پیڑھی‌دھر تھے. گاندھی جی نے اپنی سیاسی پہچان' 'گوکھلے میرے سیاسی گرو ہیں' اِس پرکار دی ہے. ان دو پکشوں میں اگر کوئی بنیادی بھید ہے تو وہ یہ کہ گوکھلے شاکھا کی ایسی مانیتا تھی کہ ہند اور انگلینڈ کا سنیوگ ایشورِدت شبھ وستو ہے؛ جبکہ تلک شاکھا کی مانیتا تھی کہ بھارت ایک سوتنتریہ راشٹر ہے اور اُس کا سوراجیہ سوتنتر ہی ہو سکتا ہے. گاندھی جی 1915 میں جب بھارت آئے تب پہلے مت کے تھے' پھر بھی وے گوکھلے شاکھا کی راجکیہ ریتی رسموں کے اتیرکت ستیا گرہ کی پدھتی میں بھی شردھا رکھتے تھے' اور اُس شستر کا سپھل پریوگ کرنے کے بعد ہی بھارت آئے تھے. اُن کے ویکتتو اور اُن کی پرتیبھا کا یہ انش اُنھیں گوکھلے راج کارن میں شامل ہو کر' اُن کے بھارت سیوک سماج کے دوارا کام کرنے میں باندھا روپ ہوا. دوسری اور' اِس چیز کے کارن تلک راجیہ کارن شاکھا کو' اُسمیں اپنے جہال راج کارن سے کچھ نوینتا کا انوبھو ضرور ہوا' لیکن اُس کی اُوگرتا کے کارن اُس میں انہوں نے سہ‌دھارمکتا اور سمانتا کا انوبھو کیا. اِس پرکار گاندھی یگ کے پرارمبھ میں' گاندھی جی میں جہال اور موال دونوں درشٹیوں کا سنگم دیکھنے کو ملتا ہے.

اِتنا ہی نہیں' دونوں پکشوں کی کاریہ پرنالیاں اُن کے یگ میں ایکتر ہو کر اکھنڈ کاریہ پرنالی کے روپ میں جنم لیتی ہیں. اِس پدھتی کے لئے جس پرکار کی رہنمائی چاہیئے ویسا ہی گاندھی جی کی جیون پرتیبھا پورا کرتی ہے.

اِس سے قوم کے اندر ایک درشٹی' ایک کوشش' تتھا ایک نیتی نیترتو وغیرہ ایک نئے ہی ڈھنگ سے اپنے آپ پیدا ہوتے گئے. سوراجیہ پراپتی اب ساری جنتا کا پروشارتھ بنتا ہے؛ اُس کے انگ اُپانگوں کی گہرائی تک جا کر وہ اپنا اثر ڈالنے لگتا ہے' ایسا ہی کہنا چاہیئے کہ شاستر استر کے پرمپراگت ہنسا مارگ کو چھوڑ کر' پرجا' شانتی اہنسا مارگ کے نئے پریوگ کی پورن روپ سے آزمائش کرنے کے لئے کمر کستی ہے. جگ کے ویاپک راج کارن پر گاندھی یگ کا جو کچھ بھی اثر ہوا وہ اِسی کارن سے ہو سکا ہے. گاندھی جی کا ورنن کرتے ہوئے شری گوکھلے نے کہا تھا کہ اِس ویکتی میں بھارتیہ سنسکرتی اپنے عالی درجہ تک پہونچی ہے. گاندھی جی کے گرو نے 1915 سے بھی پہلے اُن کا جو ورنن کیا تھا اُسے گاندھی جی پورن روپ سے سدھ کر دکھاتے ہیں. نہ کیول راج نیتی میں بلکہ بھارت کی

स्वतन्त्रता की यात्रा की चौथी पीढ़ी

जनता के समस्त जीवन में नया प्रकाश, नई दृष्टि, नया अर्थ, नयी सार्थकता और नया सिरजन इस युग में प्रकट होता है. हिन्द की आजादी जनता की सर्वतोमुखी शक्ति संग्रह के बल पर हासिल हो सकी है, और ऐसा होने से हिन्द के इतिहास ने अपना रुख पलटा है।

ऊपर के वंशवृक्ष में पाठक देखेंगे कि परंपरागत हिंसा-मार्ग की धारा भी 1857 से लेकर कई शक्लों में वक्त के मुताबिक तबदील होकर 1945 तक चालू रही है. इस धारा की भी पीढ़ियाँ और दृष्टियाँ रही हैं. स्वतंत्र यात्रा के इतिहास में उसका भी एक अलग प्रकरण है. उस पद्धति को अन्त में यश प्राप्त नहीं हुआ, बाक़ी उसमें भी त्याग और बलिदान पूर्वक अपने आपका अर्पण करने वाले और स्वतंत्र ज्योत को जलता रखने वाले देशभक्त अवश्य थे.

त्रासवाद और तोड़-फोड़ की प्रवृत्ति की भी इसके साथ गिनती की है क्योंकि उनका प्रकार हिंसाबल की परंपरागत विचार पद्धति का था.

अनुवादक—कनुभाई नानालाल पटेल

मेरे मत से कम्युनिज्म कोई बुरी चीज हो ऐसी बात नहीं है. बुरी चीज़ यह है कि वह हिंसा से लादा जाता है. मुझे कम्युनिज्म से डर बिलकुल नहीं लगता, क्योंकि हिन्दुस्तान की हज़ारों बरसों की कलचर हिंसा विरोधी है और गांधी जी ने हमारे देश को अहिंसा की ताक़त दी है. मुझे यक़ीन है कि हिन्दुस्तान उसी की बदौलत बचने वाला है. मुझे यह भी विश्वास है कि अमरीका जैसा देश डर को छोड़ कर अगर अहिंसा की ताक़त को आज़मा कर देखेगा, तो वह सारी दुनिया को निडर करेगा और खुद भी निडर बनेगा.

—विनोबा

سوتنترتا کی یاترا کی چوتھی پیڑھی

جنتا کے سمست جیون میں نیا پرکاش، نئی درشٹی، نیا ارتھ، نئی سارتھکتا اور نیا سرجن اِس یگ میں پرگٹ ہوتا ہے۔ ہند کی آزادی جنتا کی سرووتومکھی شکتی سنگرہ کے بل پر حاصل ہو سکی ہے، اور ایسا ہونے سے ہند کے اتہاس نے اپنا رخ پلٹا ہے۔

اُوپر کے ونش ورکش میں پاٹھک دیکھینگے کہ پرمپراگت ہنسا مارگ کی دھارا بھی 1857 سے لیکر کئی شکلوں میں وقت کے مطابق تبدیل ہو کر 1945 تک چالو رہی ہے۔ اِس دھارا کی بھی پیڑھیاں اور درشٹیاں رہی ہیں۔ سوتنتر یاترا کے اِتہاس میں اُس کا بھی ایک الگ پرکرن ہے۔ اُس پدھتی کو انت میں یش پراپت نہیں ہوا، باقی اِس میں بھی تیاگ اور بلیدان پوروک اپنے آپ کو ارپن کرنے والے اور سوتنتر جیوت کو جلتا رکھنے والے دیش بھکت اوشیہ تھے۔

تراس واد اور توڑ پھوڑ کی پرورتی کی بھی اُس کے ساتھ گنتی کی ہے کیونکہ اُن کا پرکار ہنسا بل کی پرمپراگت وچار پدھتی کا تھا۔

انوادک— کنو بھائی نانا لال پٹیل

میرے مت سے کمیونزم کوئی بری چیز ہو ایسی بات نہیں ہے۔ بری چیز یہ ہے کہ وہ ہنسا سے لادا جاتا ہے۔ مجھے کمیونزم سے ڈر بالکل نہیں لگتا، کیونکہ ہندستان کی ہزاروں برسوں کی کلچر ہنسا ورودھی ہے اور گاندھی جی نے ہمارے دیش کو اہنسا کی طاقت دی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہندستان اُسی کی بدولت بچنے والا ہے۔ مجھے یہ بھی وشواش ہے کہ امریکہ جیسا دیش ڈر کو چھوڑ کر اگر اہنسا کی طاقت کو آزما کر دیکھیگا، تو وہ ساری دنیا کو نڈر کریگا اور خود بھی نڈر بنیگا۔

—ونوبا

मुहम्मद साहब के कुछ उपदेश

मुहम्मद साहब ने कहा:—"न क़बरों पर बैठो और न उनकी तरफ़ मुंह करके दुआ मांगो."

—अबु मरसद अलग़नवी, मुसलिम.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"ऐ अल्लाह ! मेरी क़ब्र को बुत बना कर कोई उसे न पूजे; अल्लाह का ज़बरदस्त क्रोध उन पर नाज़िल होता है जो अपने पैग़म्बरों की क़बरों को पूजते हैं !"

—अताबिन यसार, मालिक.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"दो भूखे भेड़िये अगर भेड़ों के किसी गल्ले में छोड़ दिये जावें तो वह भेड़ों को इतना बरबाद नहीं कर सकते जितना धन और बड़प्पन का लोभ आदमी के दीन को बरबाद कर देता है."

—काब बिन मालिक, तिरमिज़ी: दारिमी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"कोई ज़ालिम जन्नत में दाख़िल नहीं होगा."

—उक़बह बिन आमिर, अबुदाऊद: अहमद: दारिमी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"सब से बड़ा जेहाद वह आदमी करता है जो एक ज़ालिम हाकिम के सामने भी सच्ची बात कहता है."

—अबु सईद, तिरमिज़ी: अबुदाऊद: इब्ने माजह; तारिक़ बिन शिहाब, नसाई: अहमद.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"जैसे तुम होगे वैसे ही वह हो जायेंगे जो तुम्हारे ऊपर हाकिम बनाए जायेंगे."

—यहिया बिन हाशिम ने यूनुस बिन अबु इसहाक़ से और उसने अपने बाप से सुना, बेहक़ी.

محمد صاحب کے کچھ اُپدیش

محمد صاحب نے کہا:—"نہ قبروں پر بیٹھو اور نہ اُن کی طرف منہہ کر کے دعا مانگو ."

—اَبو مرثد الغنوی، مسلم .

محمد صاحب نے کہا:—"اے اللہ ! میری قبر کو بت بنا کر کوئی اُسے نہ پوجے ؛ اللہ کا زبردست کروہ اُن پر نازل ہوتا ہے جو اپنے پیغمبروں کی قبروں کو پوجتے ہیں !"

—عطاء بن یسار، مالک .

محمد صاحب نے کہا:—"دو بھوکے بھیڑیئے اگر بھیڑوں کے کسی گلے میں چھوڑ دیئے جاویں تو وہ بھیڑوں کو اِتنا برباد نہیں کر سکتے جتنا دھن اور بڑپن کا لوبھ آدمی کے دین کو برباد کر دیتا ہے ."

—کعب بن مالک، ترمزی: داریمی .

محمد صاحب نے کہا:—"کوئی ظالم جنت میں داخل نہیں ہوگا ."

—عقبہ بن عامر، ابوداؤد: احمد: داریمی .

محمد صاحب نے کہا:—"سب سے بڑا جہاد وہ آدمی کرتا ہے ظالم حاکم کے سامنے بھی سچی بات کہتا ہے ."

—ابو سعید، ترمذی: ابوداؤد: ابن ماجہ؛ طارق بن شہاب، نسائی: احمد .

محمد صاحب نے کہا:—"جیسے تم ہوگے ویسے ہی وہ ہو جائینگے جو تمہارے اُوپر حاکم بنائے جائینگے ."

—یحییٰ بن ہاشم نے یونس بن ابو اسحاق سے اور اُس نے اپنے باپ سے سنا، بیہقی .

एक औरत ने पैग़म्बर से आकर कहा:—"मेरा पेट सचमुच इस मेरे बेटे का घर बना रहा है; मेरी छाती इसकी महक थी जिससे यह अपनी भूख प्यास बुझाता था; मेरी गोद वह जगह थी जहां इसे आश्रय मिलता था; और अब इसके बाप ने मुझे तलाक़ दे दिया है और इसे भी मुझसे ले लेना चाहता है." पैग़म्बर ने कहा:—"तुम्हें इस लड़के को रखने का ज्यादा हक़ है, जब तक कि तुम दूसरी शादी न करो."

—अमरू बिन शुएब, अबुदाऊद.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"रात को मेहमान की सेवा और ख़ातिरदारी करना हर मुसलमान का फ़र्ज़ है, चाहे कोई भी उसके सेहन में आकर उतरे."

मैंने पूछा:—"ऐ अल्लाह के रसूल ! एक आदमी है जो जब मैं सफ़र में होता हूँ तो मेरे साथ मेहमान के हक़ को नहीं निबाहता; तो क्या जब वह सफ़र में हो तो मैं उसे अपना मेहमान मानूँ और उसके साथ अपने फ़र्ज़ को पूरा करूँ ?"

पैग़म्बर ने जवाब दिया.—"हां, उसका स्वागत करो और उसकी ख़ातिरदारी करो."

—औफ़ बिन मालिक, तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा :—"सचमुच आदमी के जिस्म के अन्दर गोश्त का एक टुकड़ा है जिसे दिल कहते हैं : जब वह ठीक रहता है तो सारा जिस्म ठीक रहता है, और जब वह ख़राब होता है तो सारा जिस्म ख़राब होता है."

—नोमान बिन बशीर, बुख़ारी: मुसलिम:
अबूदाऊद: तिरमिज़ी: नसाई.

मुहम्मद साहब ने कहा :—काम, क्रोध, लोभ, मोह के बाद दोज़ख़ की आग है, और कष्टों के बाद जन्नत है."

—अबुहुरैरा. बुख़ारी: मुसलिम.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"मुनाफ़िक़ यानी ढोंगी आदमी की तीन पहचानें हैं, वह रोज़े रखता है और नमाज़ पढ़ता है और समझता है कि मैं मुसलमान हूँ, पर जब बोलता है तो झूट बोलता है, जब वादा करता है तो उसे पूरा नहीं करता, और जब उसपर एतबार किया जाता है तो दग़ा देता है."

—अबु हुरैरा, मुसलिम.

ایک عورت نے پیغمبر سے آکر کہا:—"میرا پیٹ سچ مچ اِس میرے بیٹے کا گھر بنا رہا ہے؛ میری چھاتی اِس کی مشک تھی جس سے یہ اپنی بھوک پیاس بجھاتا تھا؛ میری گود وہ جگہ تھی جہاں اِسے آشرئے ملتا تھا؛ اور اب اُس کے باپ نے مجھے طلاق دے دیا ہے اور اِسے بھی مجھ سے لے لینا چاہتا ہے." پیغمبر نے کہا:—"تمھیں اِس لڑکے کو رکھنے کا زیادہ حق ہے، جب تک کہ تم دوسری شادی نہ کرو."

—امرو بن 'شعیب' ابوداؤد.

محمد صاحب نے کہا:—"رات کو مہمان کی سیوا اور خاطر داری کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے، چاہے کوئی بھی اُس کے صحن میں آکر اُترے."

میں نے پوچھا:—"اے اللہ کے رسول ! ایک آدمی ہے جو جب میں سفر میں ہوتا ہوں تو میرے ساتھ مہمان کے حق کو نہیں نباہتا؛ تو کیا جب وہ سفر میں ہو تو میں اُسے اپنا مہمان مانوں اور اُس کے ساتھ اپنے فرض کو پورا کروں؟"

پیغمبر نے جواب دیا—"ہاں، اُس کا سواگت کرو اور اُس کی خاطرداری کرو."

—عوف بن مالک، ترمذی.

محمد صاحب نے کہا :—"سچ مچ آدمی کے جسم کے اندر گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جسے دل کہتے ہیں : جب وہ ٹھیک رہتا ہے تو سارا جسم ٹھیک رہتا ہے، اور جب وہ خراب ہوتا ہے تو سارا جسم خراب ہوتا ہے."

—نومان بن بشیر، بخاری : مسلم :
ابوداؤد : ترمذی : نسائی.

محمد صاحب نے کہا :—"کام، کرودھ، لوبھ، موہ کے بعد دوزخ کی آگ ہے، اور کشٹوں کے بعد جنت ہے."

—ابوہریرہ، بخاری : مسلم.

محمد صاحب نے کہا :—"منافق یعنی ڈھونگی آدمی کی تین پہچانیں ہیں، وہ روزے رکھتا ہے اور نماز پڑھتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں مسلمان ہوں، پر جب بولتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، جب وعدہ کرتا ہے تو اُسے پورا نہیں کرتا، اور جب اُس پر اعتبار کیا جاتا ہے تو دغا دیتا ہے."

—ابوہریرہ، مسلم.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"एक दिन आएगा जब ऐसे लोग पैदा होंगे जो दीन के नाम पर दुनिया को धोका देंगे, लोगों के सामने वह नम्रता से भेड़ बने रहेंगे, उनकी ज़बान चीनी से भी अधिक मीठी होगी पर उनके दिल भेड़ियों के से दिल होंगे. अल्लाह कहता है:—'क्या वह ध्यान न देंगे? और मुझ पर झूटी तोहमत लगाएंगे? मैं अपनी क़सम खाकर कहता हूँ मैं उन ही में से ऐसे लोग पैदा कर दूँगा जो उनके लिये आफ़त हो जायंगे और उनमें जो सबसे अधिक बने हुए होंगे वह घबरा जायंगे'."

—अबु हुरैरा, तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"सचमुच आदम की औलाद में शैतान का भी ज़ोर है और फ़रिश्ते का भी ज़ोर है, शैतान का ज़ोर आदमी को बदी की तरफ़ और सच को झूट बताने की तरफ़ ले जाता है, और फ़रिश्ते का ज़ोर उसे नेकी की तरफ़ और सच को सच मानने की तरफ़ ले जाता है; इसलिये जो कोई जितना अपने अन्दर फ़रिश्ते का ज़ोर अनुभव करे उसे जानना चाहिये कि यह अल्लाह की तरफ़ से है, इसके लिये उसे अल्लाह का शुक्रगुज़ार होना चाहिये; और जो कोई जितना अपने अन्दर शैतान का ज़ोर अनुभव करे उसे चाहिये कि शैतान से बचने के लिये अल्लाह की पनाह ले."

—इब्ने मसऊद, तिरमिज़ी.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"जो कोई किसी आदमी की किसी कमज़ोरी को देख लेता है और उसे दूसरों से छिपाता है वह उस आदमी की तरह है जो किसी ज़िन्दा गड़ी हुई लड़की को निकालकर फिर से पाल लेता है."

—उक़बा बिन आमिर, अबुदाऊद.

मुहम्मद साहब ने कहा:—"जो आदमी चीज़ों के ख़रीदने या बेचने में या अपने क़र्ज़दारों से क़र्ज़ वसूल करने में नरमी से काम लेता है अल्लाह उस पर रहम करेगा."

—जाबिर, बुख़ारी.

अनुवादक—श्री मुजीब रिज़वी.

محمد صاحب نے کہا:—"ایک دن آئیگا جب ایسے لوگ پیدا ہونگے جو دین کے نام پر دنیا کو دھوکا دینگے، لوگوں کے سامنے وہ نمرتا سے بھیڑ بنے رہینگے، اُن کی زبان چینی سے بھی ادھک میٹھی ہوگی پر اُن کے دل بھیڑیوں کے سے دل ہونگے. اللہ کہتا ہے:—'کیا وہ دھیان نہ دینگے؟ اور مجھ پر جھوٹی تہمت لگائینگے؟ میں اپنی قسم کھاکر کہتا ہوں میں اُن ہی میں سے ایسے لوگ پیدا کردونگا جو اُن کے لئے آفت ہوجائینگے اور اُن میں جو سب سے ادھک بنے ہوئے ہونگے وہ گھبرا جائینگے."

—ابو ہریرہ، ترمذی.

محمد صاحب نے کہا:—"سچ مچ آدم کی اولاد میں شیطان کا بھی زور ہے اور فرشتے کا بھی زور ہے، شیطان کا زور آدمی کو بدی کی طرف اور سچ کو جھوٹ بتانے کی طرف لے جاتا ہے، اور فرشتے کا زور اُسے نیکی کی طرف اور سچ کو سچ ماننے کی طرف لے جاتا ہے؛ اِس لئے جو کوئی جتنا اپنے اندر فرشتے کا زور انوبھو کرے اُسے جاننا چاہئے کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے، اِس کے لئے اُسے اللہ کا شکرگذار ہونا چاہئے؛ اور جو کوئی جتنا اپنے اندر شیطان کا زور انوبھو کرے اُسے چاہئے کہ شیطان سے بچنے کے لئے اللہ کی پناہ لے."

—ابن مسعود، ترمذی.

محمد صاحب نے کہا:—"جو کوئی کسی آدمی کی کسی کمزوری کو دیکھ لیتا ہے اور اُسے دوسروں سے چھپاتا ہے وہ اُس آدمی کی طرح ہے جو کسی زندہ گڑی ہوئی لڑکی کو نکالکر پھر سے پال لیتا ہے."

—عقبہ بن عامر، ابوداؤد.

محمد صاحب نے کہا:—"جو آدمی چیزوں کے خریدنے یا بیچنے میں یا اپنے قرضداروں سے قرضہ وصول کرنے میں نرمی سے کام لیتا ہے اللہ اُس پر رحم کرےگا."

—جابر، بخاری.

انوادک—شری مجیب رضوی.

दुनिया भर की माओं के नाम

श्रीमती चेन कुआंग-यू

[जोलाई सन् 1955 में सुइजरलैंड के शहर लासेन में 'दुनिया भर की माओं की पहली कांगरेस' हुई थी. उसमें दूर दूर के छयासठ देशों से बारह सौ माएं आकर जमा हुई थीं. चीन और हिन्दुस्तान की कुछ माओं ने भी उसमें हिस्सा लिया था. यह लेख एक ऐसी चीनी मां का लिखा हुआ है जो किसी कारण उस कांग्रेस में नहीं पहुँच सकी—एडिटर.]

❀ ❀ ❀

जिस समय सब देशों की माओं के नुमाइन्दे लासेन में जमा हो रहे थे मैं पेकिंग के पाँचवें म्युनिसिपल अस्पताल के जच्चाखाने (मैटरनिटी वार्ड) में पड़ी हुई थी. मेरे बच्चा होने वाला था. अस्पताल का वह वार्ड मुझे बहुत ही प्यारा लगता था, ठंडी और शान्त जगह, सफ़ेद बिस्तरे, सफ़ेद दीवारें और सफ़ेद वरदियां पहने हुए नरसें. थोड़ी थोड़ी देर के बाद कोई नर्स दवाओं का तास हाथ में लिये टप टप करती हुई किसी एक जच्चाघर की तरफ़ जाती हुई मालूम होती थी, जिस से पता लग जाता था कि किसी कमरे में एक और नई जान पैदा होने वाली है. बड़ी-बड़ी खिड़कियों के बाहर सुन्दर दरख़्तों की हरी कोमल शाखें हवा में लहरा रही थीं. कभी कभी झींगुर की आवाज़ सुनाई दे जाती थी.

2 जोलाई को मेरे बच्चा पैदा हुआ. यह मेरा चौथा बच्चा था. जब मैंने उसका छोटा सा गुलाबी चेहरा, काले बाल और गुदगुदे छोटे छोटे हाथ देखे तो मैंने अपने गर्भवती रहने के दिनों की सारी तकलीफ़ें और बच्चा पैदा होने के समय के सब दर्द भूल गई. मैंने अपनी आँख फिरा कर वार्ड की दूसरी औरतों की तरफ़ देखा. कई के अभी अभी उनका पहला बच्चा पैदा हुआ था. और कई के पहले भी कई कई बच्चे हो चुके थे. वह भी मेरी तरफ़ देख के मुसकराने लगीं. जाहिर है वे सब उतनी ही ख़ुश थीं जितनी मैं. और ख़ुश क्यों न होतीं? बच्चे ही माओं की उम्मीदें होते हैं. बच्चे मानव समाज के फूल होते हैं.

अपने बिस्तरे में पड़ी हुई मैं बहुत कुछ सोचती रही. सब से अधिक मुझे यह विचार आता था कि पहले के मुक़ाबले में माओं के साथ चीन में अब कितना अधिक अच्छा सलूक होता है. पुराने चीन में औरत होना कोई मज़ाक़

دنیا بھر کی ماؤں کے نام

شریمتی چین کوآنگ-یو

[جولائی سن 1955 میں سوئیزرلینڈ کے شہر لاسین میں 'دنیا بھر کی ماؤں کی پہلی کانگریس' ہوئی تھی . اُس میں دور دور کے چھیاسٹھ دیشوں سے بارہ سو ماؤں آکر جمع ہوئی تھیں . چین اور ہندستان کی کچھ ماؤں نے بھی اُس میں حصہ لیا تھا . یہ لیکھ ایک ایسی چینی ماں کا لکھا ہوا ہے جو کسی کارن اُس کانگریس میں نہیں پہونچ سکی—ایڈیٹر .]

❀ ❀ ❀

جس سمے سب دیشوں کی ماؤں کے نمائندے لاسین میں جمع رہے تھے میں پیکنگ کے پانچویں مونسپل اسپتال کے زچہ خانے (میٹرنٹی وارڈ) میں پڑی ہوئی تھی . میرے بچہ ہونے والا تھا . اسپتال کا وہ وارڈ مجھے بہت ہی پیارا لگتا تھا' ٹھنڈی اور شانت جگہ' سفید بستریے' سفید دیواریں اور سفید وردیاں پہنے ہوئے نرسیں. تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد کوئی نرس دواؤں کا تاس ہاتھ میں لئے ٹپ ٹپ کرتی ہوئی کسی ایک زچہ گھر کی طرف جاتی ہوئی معلوم ہوتی تھی' جس سے پتہ لگ جاتا تھا کہ کسی کمرے میں ایک اور نئی جان پیدا ہونے والی ہے . بڑی بڑی کھڑکیوں کے باہر سندر درختوں کی ہری کومل شاخیں ہوا میں لہرا رہی تھیں . کبھی کبھی جھینگر کی آواز سنائی دے جاتی تھی .

2 جولائی کو میرے بچہ پیدا ہوا . یہ میرا چوتھا بچہ تھا . جب میں نے اُس کا چھوٹا سا گلابی چہرہ' کالے بال اور گدگدے چھوٹے چھوٹے ہاتھ دیکھے تو میں اپنے گربھوتی رہنے کے دنوں کی ساری تکلیفیں اور بچہ پیدا ہونے کے سمے کے سب درد بھول گئی. میں نے اپنی آنکھ پھرا کر وارڈ کی دوسری عورتوں کی طرف دیکھا . کئی کے ابھی ابھی اُن کا پہلا بچہ پیدا ہوا تھا . اور کئی کے پہلے بھی کئی کئی بچے ہو چکے تھے . وہ بھی میری طرف دیکھ کے مسکرانے لگیں . ظاہر ہے وے سب اُتنی ہی خوش تھیں جتنی میں . اور خوش کیوں نہ ہوتیں ؟ بچے ہی ماؤں کی اُمیدیں ہوتے ہیں . بچے مانو سماج کے پھول ہوتے ہیں .

اپنے بستریے میں پڑی ہوئی میں بہت کچھ سوچتی رہی . سب سے ادھک مجھے یہ وچار آتا تھا کہ پہلے کے مقابلے میں ماؤں کے ساتھ چین میں اب کتنا ادھک اچھا سلوک ہوتا ہے . پرانے چین میں عورت ہونا کوئی مذاق

नहीं था. एक गीत में यह शब्द आते हैं :—

पुराना चीन गड्ढा था,
अथाह, भयंकर और मनहूस,
आम जनता उस गड्ढे में कुचली जाती थी,
पर सब से अधिक दुर्गत औरतों की होती थी.

बात बिलकुल सच्ची है. उन दिनों मां बाप अपनी लड़कियों को एक ऐसे नाम से पुकारा करते थे जिसके मानी हैं "वह माल जिस पर घाटा ही घाटा हो." बहुत सी माएं अगर उनके लड़की होती थी तो पैदा होते ही उसे पानी में डुबो कर मार डालती थीं. लड़कियाँ जब बड़ी हो जाती थीं तो बिलकुल माल असबाब की तरह बेची और खरीदी जाती थी. आम तौर पर बचपन में ही उनकी सगाई कर दी जाती थीं. कभी कभी ऐसा भी होता था कि जिस लड़के के साथ किसी लड़की की सगाई कर दी जाती थी वह लड़का अगर शादी से पहले मर जाता था तो उस लड़की की शादी लकड़ी की एक ऐसी पट्टी के साथ कर दी जाती थी जिस पर उस लड़के का नाम लिखा होता था. समझा जाता था कि इस तरह लड़की की "शादी" लड़के की रूह के साथ हो गई. जो लड़कियां छोटी उमर में विधवा हो जाती थीं उन्हें उस ज़माने के रिवाज के अनुसार दूसरी शादी करने की हिम्मत न हो सकती थी. सब से बुरी बात यह थी कि जो माएं चाहती थीं कि उनके बच्चे हों उन्हें डराया जाता था, क्योंकि हर नए बच्चे का मतलब यह था कि एक और नए मुँह को खाना देना पड़ेगा. जो माएं यह चाहती थीं कि उनके बच्चों को भले दिन देखने को मिलें उनकी आशाओं के रास्ते में एक हज़ार एक मुसीबतें थीं. भूक, सरदी, बीमारी और मौत तक सदा बच्चों के सामने नाचती रहती थीं. मां का जीवन उन दिनों दुख और चिन्ताओं से भरा रहता था.

इसके बाद इतिहास ने नया पन्ना पलटा. सन् 1949 में चीन के अन्दर जनता के राज ने जनम लिया. हम औरतों को, जिन्हें उससे पहले कुचला जाता था और ग़ुलाम बनाकर रखा जाता था, अब समाज के अन्दर गर्व के साथ उचित स्थान मिला. तब से लेकर औरतों को राजकाजी, माली, समाजी और गृहस्थी के जीवन में मरदों के साथ साथ बराबर के अधिकार मिलने लगे. सरकार ने औरतों और बच्चों की खास तरह से रक्षा करनी शुरू की. नए चीन के विधान में औरतों के अधिकार ऐसे शब्दों में लिखे हुए हैं जिनके कोई दो अर्थ नहीं लगाए जा सकते.

औरतों को सब तरह की नौकरियां मिलने लगीं. सब धंधे और सब कारबार उनके लिये खोल दिये गए. समाचार पत्रों में आए दिन तरह तरह की "पहली औरतों" की चरचा होने लगी, जैसे—पहली ट्रैक्टर चलाने वाली औरत, पहली इंजिन चलाने वाली औरत, पहली हवाई जहाज़ चलाने

نہیں تھا۔ ایک گیت میں یہ شبد آتے ہیں:—

پرانا چین ایک گڈھا تھا،
اتھاہ بھیانکر اور منحوس،
عام جنتا اُس گڈھے میں کچلی جاتی تھی،
پرسب سے ادھک درگت عورتوں کی ہوتی تھی۔

بات بالکل سچی ہے۔ اُن دنوں ماں باپ اپنی لڑکیوں کو ایک ایسے نام سے پکارا کرتے تھے جس کے معنی ہیں "وہ مال جس پر گھاٹا ہی گھاٹا ہو۔" بہت سی مائیں اگر اُن کے لڑکی ہوتی تھی تو پیدا ہوتے ہی اُسے پانی میں ڈبو کر مار ڈالتی تھیں۔ لڑکیاں جب بڑی ہوجاتی تھیں تو بالکل مال اسباب کی طرح بیچی اور خریدی جاتی تھیں۔ عام طور پر بچپن میں ہی اُن کی سگائی کردی جاتی تھی۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ جس لڑکے کے ساتھ کسی لڑکی کی سگائی کر دی جاتی تھی وہ لڑکا اگر شادی سے پہلے مر جاتا تھا تو اُس لڑکی کی شادی لکڑی کی ایک ایسی پٹی کے ساتھ کر دی جاتی تھی جس پر اُس لڑکے کا نام لکھا ہوتا تھا۔ سمجھا جاتا تھا کہ اِس طرح لڑکی کی "شادی" لڑکے کی روح کے ساتھ ہو گئی۔ جو لڑکیاں چھوٹی عمر میں ودھوا ہو جاتی تھیں اُنھیں اُس زمانے کے رواج کے انوسار دوسری شادی کرنے کی ہمت نہ ہو سکتی تھی۔ سب سے بری بات یہ تھی کہ جو مائیں چاہتی تھیں کہ اُن کے بچے ہوں اُنھیں ڈرایا جاتا تھا، کیونکہ ہر نئے بچے کا مطلب یہ تھا کہ ایک اور نئے منھ کو کھانا دینا پڑیگا۔ جو مائیں یہ چاہتی تھیں کہ اُن کے بچوں کو بھلے دن دیکھنے کو ملیں اُن کی آشاؤں کے راستے میں ایک ہزار ایک مصیبتیں تھیں۔ بھوک، سردی، بیماری اور موت تک سدا بچوں کے سامنے ناچتی رہتی تھیں۔ ماں کا جیون اُن دنوں دکھ اور چنتاؤں سے بھرا رہتا تھا۔

اِس کے بعد اِتہاس نے نیا پنّا پلٹا۔ سن 1949 میں چین کے اندر جنتا کے راج نے جنم لیا۔ ہم عورتوں کو، جنھیں اُس سے پہلے کچلا جاتا تھا اور غلام بنا کر رکھا جاتا تھا، اب سماج کے اندر گرو کے ساتھ اُچت استھان ملا۔ تب سے لیکر عورتوں کو راجکاجی، مالی، سماجی اور گرھستی کے جیون میں مردوں کے ساتھ ساتھ برابر کے ادھیکار ملنے لگے۔ سرکار نے عورتوں اور بچوں کی خاص طرح سے رکشا کرنی شروع کی۔ نئے چین کے ودھان میں عورتوں کے ادھیکار ایسے شبدوں میں لکھے ہوئے ہیں جن کے کوئی دو ارتھ نہیں لگائے جا سکتے۔

عورتوں کو سب طرح کی نوکریاں ملنے لگیں۔ سب دھندے اور سب کاربار اُن کے لئے کھول دیئے گئے۔ سماچار پتروں میں آئے دن طرح طرح کی "پہلی عورتوں" کی چرچا ہونے لگی، جیسے—پہلی ٹریکٹر چلانے والی عورت، پہلی انجن چلانے والی عورت، پہلی ہوائی جہاز چلانے

वाली औरत, वग़ैरा वग़ैरा. आज औरतें कारख़ानों की डाइरेक्टर हैं, औरतें सरकारी वज़ीर हैं. आज यह सब बातें बिलकुल मामूली हो गई हैं.

चीनी सरकार जनता की सरकार है. इस जनता की सरकार ने औरतों और बच्चों के लिये बड़ी बड़ी अजीब बातें कर डाली हैं. मैं पेकिंग के नम्बर 4 म्युनिसिपल गर्ल्स मिडिल स्कूल में पढ़ाती हूँ. सन् 1949 से पहले भी मैं वहां पढ़ाती थी. पर उन दिनों मेरी नौकरी हर समय ख़तरे में रहती थी. यह डर रहता था कि जहां किसी पढ़ाने वाली औरत के एक और बच्चा हुआ तुरन्त वह नौकरी से अलग कर दी गई. अब नौकरी के मामले में मैं बिलकुल निश्चिन्त हूँ. दूसरी पढ़ाने वाली स्त्रियों की तरह मुझे बच्चा पैदा होने के समय 56 दिन की छुट्टी पूरी तनख़ाह पर मिलती है. अस्पताल में मुझे एक पैसा भी ख़र्च नहीं करना पड़ता. राज की तरफ़ से मुझे मुफ़्त दवा और अच्छे से अच्छा इलाज मिलता है. अभी जो मेरे बच्चा हुआ है वह लड़की है. मेरी इस लड़की का लड़कपन उसकी मां के लड़कपन के मुक़ाबले में कहीं अधिक सुख से बीतेगा. नई सरकार की बदौलत अब लड़कों और लड़कियों सब के लिये हज़ारों नरसरी हैं, किन्डर गारटन हैं, प्राइमरी और सेकन्डरी स्कूल हैं और कालिज हैं. सारी तालीम या तो बिलकुल मुफ़्त है और या नाम को थोड़ी सी फ़ीस ली जाती है. इन सब संस्थाओं को सरकार से बड़ी बड़ी ग्रान्टें मिलती हैं. मेरी लड़की को हर तरह की तालीम ठीक ठीक मिल सकेगी. अपनी तबीयत और अपने रुजहान के अनुसार वह जिस धंधे या जिस कारबार को चाहेगी अपना सकेगी. सारांश यह कि अपने देश और अपने समाज के लिये एक उपयोगी स्त्री बनने का उसे पूरा पूरा अवसर मिलेगा.

मैं ख़ूब जानती हूँ कि दुनिया में अभी तक मुट्ठी भर आदमी इस तरह के हैं जो अपनी जेबें भरने के लिये दुनिया की जनता को एक दूसरे से लड़ाना और एक दूसरे से कटवा देना चाहते हैं. यह मुट्ठीभर लोग डर और घबराहट की हवा पैदा कर रहे हैं और एक नई बड़ी जंग खड़ी कर देने की फ़िक्र में हैं. बंकों में अपनी जमा बढ़ाने के लिये और उद्योगी कल कारख़ानों में अपने हिस्सों की क़ीमत बढ़ा देने के लिये यह लोग जान बूझकर इस तरह की साज़िशें कर रहे हैं जिनसे लाखों आदमी मजबूर होकर उनकी तोपों का चारा बन जावें और दुनिया की औरतों से उनके पति और उनके बच्चे छिन जावें.

मैं जिस समय बैठी हुई यह लिख रही हूँ मेरे सामने दो दिन का एक पुराना अख़बार पड़ा हुआ है. उसमें लिखा है कि संयुक्त राज अमरीका में 15 जून से 17 जून तक हाइड्रोजिन बम के हमले का एक प्रदर्शन किया गया. यह

والی عورت، وغیرہ وغیرہ۔ آج عورتیں کارخانوں کی ڈائریکٹر ہیں، عورتیں سرکاری وزیر ہیں۔ آج یہ سب باتیں بالکل معمولی ہو گئی ہیں۔

چینی سرکار جنتا کی سرکار ہے۔ اِس جنتا کی سرکار نے عورتوں اور بچوں کے لئے بڑی بڑی عجیب باتیں کر ڈالی ہیں۔ میں پیکنگ کے نمبر 4 میونسپل گرلس مڈل اسکول میں پڑھاتی ہوں۔ سن 1949 سے پہلے بھی میں وہاں پڑھاتی تھی۔ پر اُن دنوں میری نوکری ہر سمے خطرے میں رہتی تھی۔ یہ ڈر رہتا تھا کہ جہاں کسی پڑھانے والی عورت کے ایک اور بچہ پیدا ہوا فوراً وہ نوکری سے الگ کردی گئی۔ اب نوکری کے معاملے میں میں بالکل نشچنت ہوں۔ دوسری پڑھانے والی اِستریوں کی طرح مجھے بچہ پیدا ہونے کے سمے 56 دن کی چھٹی پوری تنخواہ پر ملتی ہے۔ اسپتال میں مجھے ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کرنا پڑتا۔ راج کی طرف سے مجھے مفت دوا اور اچھے سے اچھا علاج ملتا ہے۔ ابھی جو میرے بچہ ہوا ہے وہ لڑکی ہے۔ میری اِس لڑکی کا لڑکپن اُس کی ماں کے لڑکپن کے مقابلہ میں کہیں ادھک سکھ سے بیتیگا۔ نئی سرکار کی بدولت اب لڑکوں اور لڑکیوں سب کے لئے ہزاروں نرسری ہیں، کنڈرگارٹن ہیں، پرائمری اور سیکنڈری اسکول ہیں اور کالج ہیں۔ ساری تعلیم یا تو بالکل مفت ہے اور یا نام کو تھوڑی سی فیس لی جاتی ہے۔ اِن سب سنستھاؤں کو سرکار سے بڑی بڑی گرانٹیں ملتی ہیں۔ میری لڑکی کو ہر طرح کی تعلیم ٹھیک ٹھیک مل سکے گی۔ اپنی طبیعت اور اپنے رجحان کے انوسار وہ جس دھندے یا جس کاروبار کو چاہیگی اپنا سکیگی۔ سارانش یہ کہ اپنے دیش اور اپنے سماج کے لئے ایک اُپیوگی استری بننے کا اُسے پورا پورا اوسر ملیگا۔

میں خوب جانتی ہوں کہ دنیا میں ابھی تک مٹھی بھر آدمی اِس طرح کے ہیں جو اپنی جیبیں بھرنے کے لئے دنیا کی جنتا کو ایک دوسرے سے لڑانا اور ایک دوسرے سے کٹوا دینا چاہتے ہیں۔ یہ مٹھی بھر لوگ ڈر اور گھبراہٹ کی ہوا پیدا کر رہے ہیں اور ایک نئی بڑی جنگ کھڑی کردینے کی فکر میں ہیں۔ بینکوں میں اپنی جمع بڑھانے کے لئے اور اُدیوگی کل کارخانوں میں اپنے حصوں کی قیمت بڑھا دینے کے لئے یہ لوگ جان بوجھکر اِس طرح کی سازشیں کر رہے ہیں جن سے لاکھوں آدمی مجبور ہوکر ان کی توپوں کا چارا بن جاویں اور دنیا کی عورتوں سے اُن کے پتی اور اُن کے بچے چھن جاویں۔

میں جس سمے بیٹھی ہوئی یہ لکھ رہی ہوں میرے سامنے دو دن کا ایک پرانا اخبار پڑا ہوا ہے۔ اُس میں لکھا ہے کہ سنجکت راج امریکہ میں 15 جون سے 17 جون تک ہائڈروجن بم کے حملے کا ایک پردرشن کیا گیا۔ یہ

एक बहुत बड़ा प्रदर्शन था जिसके घेरे में वाशिंगटन और न्युयार्क को मिलाकर 50 से ऊपर शहर आगए थे. यूनाइटेड प्रेस नाम की खबर देने वाली एजेन्सी ने इसकी बाबत लिखा है कि इस तरह का इतना बड़ा प्रदर्शन कभी नहीं हुआ था और "यह एक भयंकर पूरी पूरी नक़ल थी जो बिलकुल असल के मुताबिक़ थी."

यह सब क्यों हो रहा है ? क्या कोई अमरीका के ऊपर हाइड्रोजिन बम फेंकने जा रहा है ? नहीं, हरगिज़ नहीं ! अमरीका के कल कारखानों के बड़े बड़े अरबपति और खरबपति सरमायादार और वहां के फ़ौजी जनरल ही एटम बम और हाइड्रोजिन बम पर इतने अधिक लट्टू हैं. वे ही इस तरह की "नक़लें" कराते हैं और उनसे आजकल की ठंडी जंग को गरमा गरम जंग में बदल देना चाहते हैं. जो देश अमन और जनता के हित की तरफ़ है वह शुरू से यह कह रहे हैं कि एटमी हथियारों पर बंदिश लगा दी जावे और आम हथियार भी कम किये जावें. सब माएं अमन चाहती हैं. हम चाहते हैं कि हमारे बच्चे अपने बिस्तरों में शान्ति से सोवें. हमने कभी दूसरों को धमकियां नहीं दीं, और न हम दूसरों की धमकियों से डरते हैं.

मेरी दूसरी बेटी पेई पेई ने जब किसी को यह कहते सुना कि कुछ लोग ऐसे भी हैं जो शान्ति पसन्द नहीं करते और जंग छेड़ देना चाहते हैं तो उसने घबराकर मेरी तरफ़ देखा और पूछा:—"क्या उन लोगों के सारे बदन पर जानवरों की तरह बाल हैं ? क्या उनके बड़े बड़े दांत और तेज़ पंजे हैं ?"

हम हंस पड़े. पर सच्ची बात यह है कि यह बात इतनी हंसी की नहीं है. मेरी वह बच्ची अपने छोटे से दिमाग़ से यह समझती है कि हर आदमी में कुछ शान और आन होना ज़रूरी है. सचमुच जो लोग आदमियों के ख़ून से डालर ढालना चाहते हैं वह आदमी नहीं हैं. वह आदमियों के रूप में दरिन्दे हैं.

मेरे सब से बड़े बेटे का नाम कांग कांग है. वह अब दो बरस से स्कूल जा रहा है और समझता है कि मैं कुछ जानता हूँ. उसने कहा कि:—"अगर वह लोग दरिन्दे हैं तो उन्हें ज़ंजीरों से बाँधकर रखना होगा. हम यह नहीं देख सकते कि वह लोगों को खा जाएं." उसका कहना भी ठीक है. हमें ऐसा करना ही पड़ेगा.

हम मानव जाति की माएं हैं. माएं सदा शान्ति चाहती हैं और जंग का विरोध करती हैं. माएं दुनिया भर में बच्चों को पालने पोसने में लिगी रहती हैं. वह नहीं चाहतीं कि उनके बेटे बेटियां जंग में मिट जांय. वह यह नहीं चाहतीं कि उनके बेटे दूसरी माओं के बेटों को काटें, न वह यह चाहती हैं कि दूसरी माओं के बेटे उनके बेटों को काटें. जो जान पैदा करती हैं उन्हीं का काम जान की रक्षा करना भी है.

ایک بہت بڑا پردرشن تھا جس کے گھیرے میں واشنگٹن اور نیویارک کو ملاکر 50 سے اوپر شہر آگئے تھے ۔ یونائیٹڈ پریس نام کی خبر دینے والی ایجنسی نے اس کی بابت لکھا ہے کہ اِس طرح کا اِتنا بڑا پردرشن کبھی نہیں ہوا تھا اور "یہ ایک بھیانکر پوری پوری نقل تھی جو بالکل اصل کے مطابق تھی ۔"

یہ سب کیوں ہو رہا ہے ؟ کیا کوئی امریکہ کے اُوپر ہائڈروجن بم پھینکنے جا رہا ہے ؟ نہیں، ہرگز نہیں ! امریکہ کے کل کارخانوں کے بڑے بڑے ارب پتی اور کھرب پتی سرمایہدار اور وہاں کے فوجی جنرل ہی ایٹم بم اور ہائڈروجن بم پر اِتنے اُدھک لٹو ہیں ۔ وے ہی اِس طرح کی "نقلیں" کراتے ہیں اور اُن سے آجکل کی ٹھنڈی جنگ کو گرما گرم جنگ میں بدل دینا چاہتے ہیں ۔ جو دیش امن اور جنتا کے ہت کی طرف ہیں وہ شروع سے یہ کہہ رہے ہیں کہ ایٹمی ہتھیاروں پر بندھی لگادی جاوے اور عام ہتھیار بھی کم کئے جاویں۔ سب مائیں امن چاہتی ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے اپنے بستروں میں شانتی سے سوئیں ۔ ہم نے کبھی دوسروں کو دھمکیاں نہیں دیں، اور نہ ہم دوسروں کی دھمکیوں سے ڈرتے ہیں ۔

میری دوسری بیٹی پیئی پیئی نے جب کسی کو یہ کہتے سنا کہ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو شانتی پسند نہیں کرتے اور جنگ چھیڑ دینا چاہتے ہیں تو اُس نے گھبرا کر میری طرف دیکھا اور پوچھا :—"کیا اُن لوگوں کے سارے بدن پر جانوروں کی طرح بال ہیں ؟ کیا اُن کے بڑے بڑے دانت اور تیز پنجے ہیں ؟"

ہم ہنس پڑے۔ پر سچی بات یہ ہے کہ یہ بات اِتنی ہنسی کی نہیں ہے۔ میری وہ بچی اپنے چھوٹے سے دماغ سے یہ سمجھتی ہے کہ ہر آدمی میں کچھ شان اور آن ہونا ضروری ہے۔ سچ مچ جو لوگ آدمیوں کے خون سے ڈالر ڈھالنا چاہتے ہیں وہ آدمی نہیں ہیں ۔ وہ آدمیوں کے روپ میں درندے ہیں ۔

میرے سب سے بڑے بیٹے کا نام کانگ کانگ ہے ۔ وہ اب دو برس سے اسکول جا رہا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں کچھ جانتا ہوں ۔ اُس نے کہا کہ :—"اگر وہ لوگ درندے ہیں تو اُنہیں زنجیروں سے باندھکر رکھنا ہوگا ۔ ہم یہ نہیں دیکھ سکتے کہ وہ لوگوں کو کھا جائیں ۔" اُس کا کہنا بھی ٹھیک ہے ۔ ہمیں ایسا کرنا ہی پڑیگا ۔

ہم مانو جاتی کی مائیں ہیں ۔ مائیں سدا شانتی چاہتی ہیں اور جنگ کا وِرودھ کرتی ہیں ۔ مائیں دنیا بھر میں بچوں کو پالنے پوسنے میں لگی رہتی ہیں ۔ وہ نہیں چاہتیں کہ اُن کے بیٹے بیٹیاں جنگ میں مٹ جائیں ۔ وہ نہیں چاہتیں کہ ان کے بیٹے دوسری ماؤں کے بیٹوں کو کاٹیں، نہ وہ یہ چاہتی ہیں کہ دوسری ماؤں کے بیٹے اُن کے بیٹوں کو کاٹیں ۔ جو جان پیدا کرتی ہیں اُنہیں کا کام جان کی رکشا کرنا بھی ہے ۔

दुनिया भर की माएं यह कभी नहीं भूल सकतीं कि दूसरे महायुद्ध में चार करोड़ से ऊपर आदमी मरे थे जिनमें बहुत से उनके अपने पति और पुत्र थे. हम माइदानेक, बेलसेन और आसवीशिन के उन जेल कैम्पों को कभी नहीं भूलेंगे जिनमें लाखों युद्ध के क़ैदी रखे जाते थे. लिडाइस शहर के क़त्लेआम को हम कभी नहीं भूलेंगे, न हम हीरोशिमा और नागासाकी पर ऐटम बम बरसाए जाने को कभी भूलेंगे, न हम हाल में जंग के कारण कोरिया और वीतनाम की बरबादी को भूल सकते हैं. चीन की माओं को जंग का काफ़ी भयंकर तजरबा है.

यह सब चीज़ें हमारे दिमाग़ों में अभी ताज़ा हैं. ऐसी हालत में दूसरे महायुद्ध के ख़तम होने के दस बरस के अन्दर हमें ऐसा लगता है कि एक नए महायुद्ध का ख़तरा हमारे और हमारे बच्चों के सामने है.

यही कारण था कि जब मैंने अस्पताल में पड़े पड़े वायरलेस से यह ख़बर सुनी कि दुनिया भर की माओं की पहली कांगरेस होने जा रही है तो जोश और ख़ुशी से मेरे रोंगटे खड़े हो गए. इसके बाद जब मैं घर वापिस गई तो मैंने अख़बारों में वह एलान पढ़ा जो उस कांगरेस ने शाया किया था. उस एलान में यह माँग की गई थी कि सब ऐटमी हथियारों का इस्तेमाल बन्द कर दिया जावे और इस तरह के सब हथियारों को नष्ट कर दिया जावे, ऐटमी शक्ति को शान्ति के रचनात्मक कामों में लगाया जावे, सब देशों में हथियारों और फ़ौजों को कम किया जावे, और जो रुपया इस तरह से बचे उसे समाज सेवा के कामों में और बच्चों की भलाई के कामों में लगाया जावे. दुनिया भर की माओं ने संयुक्त राष्ट्र संघ से और चार बड़ी सरकारों की कान-फ़रेन्स से यही अपील की है.

मेरा हाल का बच्चा यानी मेरी चौथी लड़की अभी अभी जाग गई है. मुझे उसे दूध पिलाना है. मैं और मेरे पति उसके बिस्तरे की तरफ़ जा रहे हैं. वह अपनी छोटी छोटी प्यारी आँखें खोलकर हमें देख रही है. पास की मेज़ पर से सफ़ेद चमेली के फूलों की भीनी भीनी महक आ रही है. सुनहरी मछलियां ख़ुशी ख़ुशी पास के तालाब में तैर रही हैं. हमारा दो बरस का बच्चा येन येन सहन में इधर उधर खेल रहा है और ख़ुशी से चिल्ला रहा है. हर चीज़ जीवन और आनन्द से भरी हुई मालूम होती है.

मैं चाहती हूँ कि दुनिया भर के बच्चे फूलों की सुगंध का आनन्द लें और बारूद की दुर्गंध से बचे रहें. मैं चाहती हूँ कि हमारे सब के बच्चे जीवन के सुख को अनुभव करें, जंग की लानत को नहीं. मैं एक मामूली चीनी औरत हूँ. मैं चार बच्चों की मां हूँ. मैं दुनिया भर की माओं को सलाम करना चाहती हूँ और एलान करती हूँ कि लासेन की

دنیا بھر کی ماؤں یہ کبھی نہیں بھول سکتیں کہ دوسرے مہایدھ میں چار کروڑ سے اُوپر آدمی مرے تھے جن میں بہت سے اُن کے اپنے پتی اور پتر تھے۔ ہم مائیدانیک، بیلسین اور آسویشن کے اُن جیل کیمپوں کو کبھی نہیں بھولیں گے جن میں لاکھوں یدھ کے قیدی رکھے جاتے تھے۔ لیڈائس شہر کے قتل عام کو ہم کبھی نہیں بھولینگے، نہ ہم ہیروشما اور ناگا ساکی پر ایٹم بم برسائے جانے کو کبھی بھولینگے، نہ ہم حال میں جنگ کے کارن کوریا اور ویتنام کی بربادی کو بھول سکتے ہیں۔ چین کی ماؤں کو جنگ کا کافی بھیانکر تجربہ ہے۔

یہ سب چیزیں ہمارے دماغوں میں ابھی تازہ ہیں۔ ایسی حالت میں دوسرے مہایدھ کے ختم ہونے کے دس برس کے اندر ہمیں ایسا لگتا ہے کہ ایک نئے مہایدھ کا خطرہ ہمارے اور ہمارے بچوں کے سامنے ہے۔

یہی کارن تھا کہ جب میں نے اسپتال میں پڑے پڑے وائرلیس سے یہ خبر سنی کہ دنیا بھر کی ماؤں کی پہلی کانگریس ہونے جا رہی ہے تو جوش اور خوشی سے میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ اس کے بعد جب میں گھر واپس گئی تو میں نے اخباروں میں وہ اعلان پڑھا جو اُس کانگریس نے شائع کیا تھا۔ اُس اعلان میں یہ مانگ کی گئی تھی کہ سب ایٹمی ہتھیاروں کا استعمال بند کردیا جاوے اور اِس طرح کے سب ہتھیاروں کو نشٹ کردیا جاوے، ایٹمی شکتی کو شانتی کے رچناتمک کاموں میں لگایا جاوے، سب دیشوں میں ہتھیاروں اور فوجوں کو کم کیا جاوے، اور جو روپیہ اِس طرح سے بچے اُسے سماج سیوا کے کاموں میں اور بچوں کی بھلائی کے کاموں میں لگایا جاوے۔ دنیا بھر کی ماؤں نے سنجکت راشٹر سنگھ سے اور چار بڑی سرکاروں کی کانفرنس سے یہی اپیل کی ہے۔

میرا حال کا بچہ یعنی میری چوتھی لڑکی ابھی ابھی جاگ گئی ہے۔ مجھے اُسے دودھ پلانا ہے۔ میں اور میرے پتی اُس کے بستر کی طرف جا رہے ہیں۔ وہ اپنی چھوٹی چھوٹی پیاری آنکھیں کھولکر ہمیں دیکھ رہی ہے۔ پاس کی میز پر سے سفید چمیلی کے پھولوں کی بھینی بھینی مہک آرہی ہے۔ سنہری مچھلیاں خوشی خوشی پاس کے تالاب میں تیر رہی ہیں۔ ہمارا دو برس کا بچہ یین یین صحن میں اِدھر اُدھر کھیل رہا ہے اور خوشی سے چلا رہا ہے۔ ہر چیز جیون اور آنند سے بھری ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

میں چاہتی ہوں کہ دنیا بھر کے بچے پھولوں کی سگندھ کا آنند لیں اور بارود کی درگندھ سے بچے رہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ ہمارے سب کے بچے جیون کے سکھ کو انوبھو کریں، جنگ کی لعنت کو نہیں۔ میں ایک معمولی چینی عورت ہوں۔ میں چار بچوں کی ماں ہوں۔ میں دنیا بھر کی ماؤں کو سلام کرنا چاہتی ہوں اور اعلان کرتی ہوں کہ لسین کی

माओं की कॉंगरेस ने जो एलान निकाला है उससे मैं पूरी तरह सहमत हूँ. मेरी अपनी छोटी सी कोशिशों से बहुत कुछ नहीं हो सकता, पर यदि सब देशों की माएं उठ खड़ी हों और इस काम में लग जावें तो मुझे विश्वास है कि हम जंग के खूनी हाथ को रोक सकते हैं, और इस बात का पक्का प्रबन्ध कर सकते हैं कि हमारे बच्चों का भविष्य शान्ति और सुख से भरा हुआ हो.

यदि हम सब मिलकर खड़े हो जावें तो कोई हमें जीत नहीं सकता.

("पीपुल्स चाइना" से)

ماؤں کی کانگریس نے جو اعلان نکالا ہے اُس سے میں پوری طرح سہمت ہوں . میری اپنی چھوٹی سی کوششوں سے بہت کچھ نہیں ہوسکتا' پر یدی سب دیشوں کی ماتیں اُٹھ کھڑی ہوں اور اِس کام میں لگ جاویں تو مجھے وشواس ہے کہ ہم جنگ کے خونی ہاتھ کو روک سکتے ہیں' اور اِس بات کا پکا پربندھ کرسکتے ہیں کہ ہمارے بچوں کا بھوشیہ شانتی اور سکھ سے بھرا ہوا ہو .

یدی ہم سب ملکر کھڑے ہوجاویں تو کوئی ہمیں جیت نہیں سکتا .

("پیپلس چائنا" سے)

क़ौमों क़ौमों के बीच दोस्ती

श्री निकिता ख़ुश्चेव

[24 नवम्बर सन् 1955 की शाम को बम्बई में हिन्द-सोवियत कलचरल सोसाइटी की तरफ़ से श्री बुलगानिन और श्री ख़ुश्चेव की स्वागत सभा में श्री निकिता ख़ुश्चेव का भाषण.]

❀ ❀ ❀

दोस्तो,

हम सब दोस्त हैं, क्योंकि यह जलसा एक ऐसी सोसाइटी की तरफ़ से है जिसका मक़सद ही भारत और सोवियत यूनियन में दोस्ती को बढ़ाना और मज़बूत करना है.

अपने दोस्त निकोलाई बुलगानिन की तरह मैं भी इस सोसाइटी के प्रेसीडेन्ट डाक्टर बालीगा को धन्यवाद देता हूँ. मैं बम्बई के गवर्नर श्री महताब को भी धन्यवाद देता हूँ क्योंकि वह इस सोसाइटी के काम में मदद देते हैं और उन्होंने कृपा करके हमें आपके इस अद्भुत शहर में आने की दावत दी है.

मैं आपकी रियासत के चीफ़ मिनिस्टर श्री देसाई का भी शुक्रिया अदा करता हूँ. मैं आप सब को जो हम से मिलने के लिये यहां आए हैं धन्यवाद देता हूँ.

قوموں قوموں کے بیچ دوستی

شری نکیتا خرشچیو

[24 نومبر سن 1955 کی شام کو بمبئی میں ہند سوویت کلچرل سوسائٹی کی طرف سے شری بلگانن اور شری خرشچیو کی سواگت سبھا میں نکیتا خرشچیو کا بھاشن .]

❀ ❀ ❀

دوستو'

ہم سب دوست ہیں' کیونکہ یہ جلسہ ایک ایسی سوسائٹی کی طرف سے ہے جس کا مقصد ہی بھارت اور سوویت یونین میں دوستی کو بڑھانا اور مضبوط کرنا ہے .

اپنے دوست نکولائی بلگانن کی طرح میں بھی اِس سوسائٹی کے پریسیڈینٹ ڈاکٹر بالیگا کو دھنیہ واد دیتا ہوں . میں بمبئی کے گورنر شری مہتاب کو بھی دھنیہ واد دیتا ہوں کیونکہ وہ اس سوسائٹی کے کام میں مدد دیتے ہیں اور اُنہوں نے کرپا کر کے ہمیں آپ کے اِس ادبھت شہر میں آنے کی دعوت دی ہے .

میں آپ کی ریاست کے چیف منسٹر شری دیسائی کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں . میں آپ سب کو جو ہم سے ملنے کے لیئے یہاں آئے ہیں دھنیہ واد دیتا ہوں .

कभी कभी जब आदमी बोलने लगता है तो भावुकता की वजह से वह अपने भाषण को ठीक ठीक रूप नहीं दे पाता.

ऐसा लगता है कि इस समय मेरे लिये सबसे मुनासिब मज़मून क़ौमों क़ौमों के बीच की दोस्ती है.

दोस्तियां कई तरह की होती हैं. एक दोस्ती वह होती है कि जिस में लोग एक दूसरे से घुल मिलकर सचमुच दोस्तों की तरह रहते हैं. लेकिन एक तरह की "दोस्ती" वह भी होती है जिसमें लोग एक दूसरे के पास पास पड़ोसियों की तरह रहते हैं लेकिन एक दूसरे का अपने यहां आने की दावत नहीं देते. यही हालत देशों और राज्यों की है. कुछ लोग अगरचे एक ही धरती पर रहते हैं फिर भी उनमें सच्ची दोस्ती नहीं होती. ऐसी सूरत में आप पसन्द करें या न करें आप को किसी न किसी तरह एक दूसरे से निबाहना ही पड़ता है.

हमारा महान नेता लैनिन इस तरह के निबाहने को "को-एग्ज़िस्टेन्स" यानी "साथ-साथ रहना" कहा करता था.

यह साथ साथ रहने की बात बहुत ही मज़े की है. दुनिया में कुछ लोग ऐसे हैं जो पूछते हैं कि क्या इस तरह साथ साथ रहना मुमकिन है? मुझे लगता है कि यह सवाल ही नहीं उठता, क्यों इस तरह के देश अमल में साथ साथ रह ही रहे हैं. फिर भी लोग यह सवाल उठाते रहते हैं. मैं आपसे कहना चाहता हूँ कि बच्चा पैदा हो या न हो यह बात मां बाप के हाथों में ज़रूर है लेकिन यह बात उनके हाथों में नहीं है कि बच्चा किस दिन और किस घड़ी पैदा हो या बच्चा वैसा ही हो जैसा वह चाहते हैं.

इतिहास की प्रगति को रोक सकना कैसे मुमकिन हो सकता है, और नई नई समाजी व्यवस्थाओं की पैदायश को भी कौन रोक सकता है? जिस तरह सूरज रोज़ सुबह निकलता है उसी तरह पुराने समाजी ढाँचों की जगह नए और अधिक प्रगतिशील ढाँचों का पैदा होते रहना भी ज़रूरी है.

ठीक इसी नियम के अनुसार हमारे सोवियत राज का जन्म हुआ. दुनिया में अपने हाथ पाँव से काम करने वालों का यह पहला राज था. यह मज़दूरों और किसानों का राज है. जब यह नया राज पैदा हुआ तो और सब देशों और राजों ने घंटे बजाकर उसका स्वागत नहीं किया.

रूस के अन्दर पुरानी ज़ारशाही का ढाँचा बिलकुल खोखला हो चुका था और सड़ चुका था. इसलिये हमारा अक्तूबर (1917) का इनक़लाब लगभग बिना खून बहे ही सफल हो गया. लेकिन बाद में हमसे यह कहा गया, शब्दों में नहीं और सरकारी तौर पर नहीं, लेकिन कामों के ज़रिये कहा गया कि इस सोवियत राज के पैदा होने की

کبھی کبھی جب آدمی بولنے لگتا ہے تو بھاوکتا کی وجہہ سے اپنے بھاشن کو ٹھیک ٹھیک روپ نہیں دے پاتا .

ایسا لگتا ہے کہ اِس سمیے میرے لئے سب سے مناسب مضمون قوموں قوموں کے بیچ کی دوستی ہے .

دوستیاں کئی طرح کی ہوتی ہیں . ایک دوستی وہ ہوتی ہے کہ جس میں لوگ ایک دوسرے سے گھل ملکر سچ مچ دوستوں کی طرح رہتے ہیں . لیکن ایک طرح کی "دوستی" وہ بھی ہوتی ہے جس میں لوگ ایک دوسرے کے پاس پاس پڑوسیوں کی طرح رہتے ہیں لیکن ایک دوسرے کو اپنے یہاں آنے کی دعوت نہیں دیتے . یہی حالت دیشوں اور راجیوں کی ہے . کچھ لوگ اگرچہ ایک ہی دھرتی پر رہتے ہیں پھر بھی اُن میں سچی دوستی نہیں ہوتی . ایسی صورت میں آپ پسند کریں یا نہ کریں آپ کو کسی نہ کسی طرح ایک دوسرے سے نباہنا ہی پڑتا ہے .

ہمارا مہان نیتا لینن اِس طرح کے نباہنے کو "کو-ایگزسٹینس" یعنی "ساتھ ساتھ رہنا" کہا کرتا تھا .

یہ ساتھ ساتھ رہنے کی بات بہت ہی مزے کی ہے . دنیا میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو پوچھتے ہیں کہ کیا اِس طرح ساتھ ساتھ رہنا ممکن ہے ؟ مجھے لگتا ہے کہ یہ سوال ہی نہیں اُٹھتا، کیونکہ اِس طرح کے دیش عمل میں ساتھ ساتھ رہ ہی رہے ہیں . پھر بھی لوگ یہ سوال اُٹھاتے رہتے ہیں . میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں کہ بچہ پیدا ہو یا نہ ہو یہ بات ماں باپ کے ہاتھوں میں ضرور ہے لیکن یہ بات اُن کے ہاتھوں میں نہیں ہے کہ بچہ کس دن اور کس گھڑی پیدا ہو یا بچہ ویسا ہی ہو جیسا وہ چاہتے ہیں .

اِتہاس کی پرگتی کو روک سکنا کیسے ممکن ہو سکتا ہے، اور نئی نئی سماجی ویوستھاؤں کی پیدایش کو بھی کون روک سکتا ہے ؟ جس طرح سورج روز صبح نکلتا ہے اُسی طرح پرانے سماجی ڈھانچوں کی جگہہ نئے اور ادھک پرگتی شیل ڈھانچوں کا پیدا ہوتے رہنا بھی ضروری ہے .

ٹھیک اِسی نیم کے انوسار ہمارے سوویت راج کا جنم ہوا . دنیا میں اپنے ہاتھ پاؤں سے کام کرنے والوں کا یہ پہلا راج تھا . یہ مزدوروں اور کسانوں کا راج ہے . جب یہ نیا راج پیدا ہوا تو اور سب دیشوں اور راجوں نے گھنٹے بجاکر اُس کا سواگت نہیں کیا .

روس کے اندر پرانی زار شاہی کا ڈھانچہ بالکل کھوکھلا ہو چکا تھا اور سڑ چکا تھا . اِس لئے ہمارا اکتوبر (1917) کا اِنقلاب لگ بھگ بنا خون بہے ہی سپھل ہو گیا . لیکن بعد میں ہم سے یہ کہا گیا شبدوں میں نہیں اور سرکاری طور پر نہیں لیکن کاموں کے ذریعہ کہا گیا کہ اِس سوویت راج کے پیدا ہونے کی

क्या जरूरत थी ? मजदूरों और किसानों को हकूमत अपने हाथ में लेने का क्या हक़ था ?

लोगों ने यह सिर्फ़ कहा ही नहीं उन्होंने नए पैदा हुए सोवियत राज के खिलाफ़ अपनी फ़ौजें मैदान में उतार दीं. फ्रांसीसियों ने जबरदस्ती अपनी फ़ौजें हमारे ओडेसा के बन्दरगाह पर उतारीं. अंगरेज़ी फ़ौजें आर्क एल्जल्स्क पर आ धमकीं. अमरीकी फ़ौजें व्लैडीवास्टक में पहुँच गईं. इन सब के पीछे पीछे जापानी फ़ौजें भी हमारे खिलाफ़ पहुंच गईं. इस सब से नतीजा क्या निकला यह सारी दुनिया को अच्छी तरह मालूम है. सोवियत रूस के लोगों ने इन सब हमलावर फ़ौजों को इसी तरह खदेड़ कर अपने मुल्क से बाहर निकाल दिया जिस तरह एक अच्छी सुघड़ औरत अपने घर से कूड़े कचरे को झाड़ बुहार कर बाहर फेंक देती है. लेकिन कुछ देशों को इससे भी सन्तोष नहीं हुआ. वह अपने तजरबे को दुहराना चाहते थे और इसके लिये उन्होंने दूसरा महायुद्ध खड़ा कर दिया. इन लोगों ने सोवियत रूस के खिलाफ़ हिटलरी जरमनी की अनगिनत हथियारबन्द फ़ौजों को भिड़ा दिया.

सारी दुनिया अच्छी तरह जानती है कि इसका भी नतीजा क्या हुआ. सोवियत यूनियन ने फिर एक बार अपने दुश्मनों पर विजय प्राप्त की. उस जंग से कवल इतना ही नहीं हुआ कि सोवियत यूनियन कमज़ोर नहीं हुई बल्कि उसकी शक्ति और बढ़ गई. उस जंग से जो घाव हमारे लगे थे आज सोवियत यूनियन के लोगों की कोशिशों से वह सब घाव भर चुके हैं और अच्छे हो गए हैं. युद्ध के कारण हमारा जो कारबार बरबाद हो गया था उसे सोवियत के लोगों ने फिर से ठीक कर लिया है. यहां तक कि हमने कामयाबी के साथ जंग के बाद की अपनी पहली पंचवर्षी योजना पूरी कर ली है और हम दूसरी पंचवर्षी योजना पूरी कर रहे हैं. हमारा देश तेजी से बढ़ रहा है और शान के साथ फलता फूलता जा रहा है.

मुझे अक्तूबर के इनक़लाब के शुरू के दिन याद हैं. मुझे अपने यहां की घरेलू जंग की भी याद है. उस समय केवल एक लैनिन देश के भविष्य को साफ़ साफ़ देख सकता था. लैनिन को ही इसका अन्दाज़ा था कि नया पैदा हुआ सोवियत राज थोड़े दिनों में कितना शक्तिशाली हो जायगा.

जो लोग यहां इस जलसे में मौजूद हैं उनमें बहुत बड़ी तादाद दिमाग़ी काम करने वालों की है. इस सम्बन्ध में मैं आपको अपना उस समय का एक तजरबा बताना चाहता हूँ. उस ज़माने के रूस के दिमाग़ी काम करने वालों में उस इनक़लाब को किस निगाह से देखा गया. बहुत से दिमाग़ी काम करने वालों ने उसका स्वागत किया और वह ईमानदारी के साथ नए सोवियत राज की सेवा में लग गए. लेकिन कुछ

کیا ضرورت تھی ؟ مزدوروں اور کسانوں کو حکومت اپنے ہاتھ میں لینے کا کیا حق تھا ؟

لوگوں نے یہ صرف کہا ہی نہیں اُنہوں نے نئے پیدا ہوئے سوویت راج کے خلاف اپنی فوجیں میدان میں اُتار دیں۔ فرانسیسیوں نے زبردستی اپنی فوجیں ہمارے اوڈیسہ کے بندرگاہ پر اُتاریں۔ انگریزی فوجیں آرک ایلجلکس پر آدھمکیں۔ امریکی فوجیں ولیڈیواسٹک میں پہونچ گئیں۔ اِن سب کے پیچھے پیچھے جاپانی فوجیں بھی ہمارے خلاف پہونچ گئیں۔ اِس سب سے نتیجہ کیا نکلا یہ ساری دنیا کو اچھی طرح معلوم ہے۔ سوویت روس کے لوگوں نے اِن سب حملہ آور فوجوں کو اِسی طرح کھدیڑ کے اپنے ملک سے باہر نکال دیا جس طرح ایک اچھی سگھڑ عورت اپنے گھر سے کوڑے کچرے کو جھاڑ بوہار کر باہر پھینک دیتی ہے۔ لیکن کچھ دیشوں کو اِس سے بھی سنتوش نہیں ہوا۔ وہ اپنے تجربے کو دوہرانا چاہتے تھے اور اِس کے لئے اُنہوں نے دوسرا مہایدھ کھڑا کردیا۔ اِن لوگوں نے سوویت روس کے خلاف ہٹلری جرمنی کی اَنگنت ہتھیار بند فوجوں کو بھڑا دیا۔

ساری دنیا اچھی طرح جانتی ہے کہ اِس کا بھی نتیجہ کیا ہوا۔ سوویت یونین نے پھر ایک بار اپنے دشمنوں پر وجئے پراپت کی۔ اِس جنگ سے کیول اِتنا ہی نہیں ہوا کہ سوویت یونین کمزور نہیں ہوئی بلکہ اِس کی شکتی اور بڑھ گئی۔ اُس جنگ سے جو گھاؤ ہمارے لگے تھے آج سوویت یونین کے لوگوں کی کوششوں سے وہ سب گھاؤ بھر چکے ہیں اور اچھے ہو گئے ہیں۔ یدھ کے کارن ہمارا جو کاربار برباد ہوگیا تھا اُسے سوویت کے لوگوں نے پھر سے ٹھیک کر لیا ہے۔ یہاں تک کہ ہم نے کامیابی کے ساتھ جنگ کے بعد کی اپنی پہلی پنچ ورشی یوجنا پوری کر لی ہے اور ہم دوسری پنچ ورشی یوجنا پوری کر رہے ہیں۔ ہمارا دیش تیزی سے بڑھ رہا ہے اور شان کے ساتھ پھلتا پھولتا جا رہا ہے۔

مجھے اکتوبر کے انقلاب کے شروع کے دن یاد ہیں۔ مجھے اپنے یہاں کی گھریلو جنگ کی بھی یاد ہے۔ اُس سمئے کیول ایک لینن دیش کے بھوشیہ کو صاف صاف دیکھ سکتا تھا۔ لینن کو ہی اِس کا اندازہ تھا کہ نیا پیدا ہوا سوویت راج تھوڑے دنوں میں کتنا شکتی شالی ہو جائیگا۔

جو لوگ یہاں اِس جلسے میں موجود ہیں اُن میں بہت بڑی تعداد دماغی کام کرنے والوں کی ہے۔ اِس سمبندھ میں آپ کو اپنا اُس سمئے کا ایک تجربہ بتانا چاہتا ہوں۔ اُس زمانے کے روس کے دماغی کام کرنے والوں میں اُس اِنقلاب کو کس نگاہ سے دیکھا گیا۔ بہت سے دماغی کام کرنے والوں نے اُس کا سواگت کیا اور وہ ایمانداری کے ساتھ نئے سوویت راج کی سیوا میں لگ گئے۔ لیکن کچھ

दिमाग़ी काम करने वालों को तरह तरह की दलीलें सूझने लगीं. वह सोचने लगे कि न जाने क्या होने जा रहा है? लैनिन ने और कम्युनिस्टों ने देश के शासन का काम मज़दूरों और किसानों के हाथों में दे दिया है. मज़दूर अनपढ़ हैं. किसान उनसे भी अधिक अनपढ़ हैं. यह लोग देश के नेता बन गए हैं! अब रूसी कलचर का क्या होगा? रूसी आर्ट की क़दर कौन करेगा? वह रूसी बैले (नाच) जो सारी दुनिया में मशहूर थे वह अब सदा के लिये ख़तम हो जायंगे! रूसी ओपेरा (ड्रामा) की वह कला जो इनक़लाब से पहले इतनी ज़बरदस्त तरक़्क़ी कर चुकी थी अब मिट जायगी! इसी तरह दूसरी तरह के आर्ट, कला और हुनर भी अब मिट जावेंगे! क्योंकि उनकी सच्ची क़दर करने वाला अब कोई न रहेगा!

लेकिन इतने दिनों के इतिहास ने इन सब शकों को झूठा साबित कर दिया है. नई सोवियत कलचर पुरानी रूसी कलचर के मुक़ाबले में इतनी ऊँची पहुँच चुकी है कि दोनों में कोई तुलना नहीं रही.

आप में से बहुत से इसी साल सोवियत यूनियन जा चुके हैं. आपने अपनी आंखों से देखा है कि सोवियत यूनियन के अन्दर आर्ट और कला की जितनी क़दर आज होती है उतनी इनक़लाब से पहले के रूस में नहीं होती थी. सोवियत कला ने पहले कभी भी इतनी तरक़्क़ी नहीं की थी. मज़दूरों और किसानों ने अपने अन्दर से अच्छे से अच्छे होनहार लोगों को चुनकर यूनीवर्सिटियों और इसी तरह की दूसरी संस्थाओं में भेजा. जो मज़दूर और किसान अपने काम में लगे रहे उनमें भी कलचर ने बहुत उन्नति की. हमें इसका अभिमान है. हमारे दुशमन इसे पसन्द करें या न करें सोवियत यूनियन ज़िन्दा है और केवल ज़िन्दा ही नहीं है, बढ़ रही है और उन्नति कर रही है. हमारा कारबार और हमारी माली हालत बहुत मज़बूत है, कलचर बढ़ रही है. लोगों की ख़ुशहाली भी बढ़ती चली जा रही है.

यह सब ऐसी हालत में हो रहा है जबकि इस तरह की शक्तियां मौजूद हैं जिन्हें हम से दुशमनी है, जिन्होंने अभी तक हमारे देश का गला घोंट कर उसे ख़तम कर देने का विचार छोड़ा नहीं है. हमें मजबूर होकर अपने देश की रक्षा के लिये अपनी बहुत सी शक्ति और अपना बहुत सा धन सामान ख़र्च करना पड़ रहा है. जितना धन और सामान हम हथियारों पर ख़र्च कर रहे हैं उस सब को अगर हम शान्ति के कामों में लगा सकते तो हमारे देश के लोगों की ख़ुशहाली इससे भी कहीं अधिक बढ़ जाती, जिसका अन्दाज़ा कर सकना भी कठिन है.

हमारे दुशमन इस बात को समझते हैं. यही कारण है कि कुछ विदेशी राज-नीतिज्ञ अब हथियारबन्दी की सच्ची

دماغی کام کرنے والوں کو طرح طرح کی دلیلیں سوجھنے لگیں۔ وہ سوچنے لگے کہ نہ جانے کیا ہونے جا رہا ہے؟ لینن نے اور کمیونسٹوں نے دیش کے شاسن کا کام مزدوروں اور کسانوں کے ہاتھوں میں دے دیا ہے۔ مزدور انپڑھ ہیں۔ کسان اُن سے بھی ادھک انپڑھ ہیں۔ یہ لوگ دیش کے نیتا بن گئے ہیں! اب روسی کلچر کا کیا ہوگا؟ روسی آرٹ کی قدر کون کریگا؟ وہ روسی بیلے (ناچ) جو ساری دنیا میں مشہور تھے وہ اب سدا کے لئے ختم ہو جائینگے۔ روسی اُپیرا (ڈراما) کی وہ کلا جو انقلاب سے پہلے اِتنی زبردست ترقی کر چکی تھی اب مٹ جائیگی! اِسی طرح دوسری طرح کے آرٹ، کلا اور ہنر بھی اب مٹ جاوینگے! کیونکہ اُن کی سچی قدر کرنے والا اب کوئی نہ رہیگا!

لیکن اِتنے دنوں کے اِتہاس نے اِن سب شکوں کو جھوٹا ثابت کر دیا ہے۔ نئی سوویت کلچر پرانی روسی کلچر کے مقابلے میں اِتنی اونچی پہونچ چکی ہے کہ دونوں میں کوئی تلنا نہیں رہی۔

آپ میں سے بہت سے اِسی سال سوویت یونین جا چکے ہیں۔ آپنے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ سوویت یونین کے اندر آرٹ اور کلا کی جتنی قدر آج ہوتی ہے اُتنی انقلاب سے پہلے کے روس میں نہیں ہوتی تھی۔ سوویت کلا نے پہلے کبھی بھی اِتنی ترقی نہیں کی تھی۔ مزدوروں اور کسانوں نے اپنے اندر سے اچھے سے اچھے ہونہار لوگوں کو چن کر یونیورسٹیوں اور اِسی طرح کی دوسری سنستھاؤں میں بھیجا۔ جو مزدور اور کسان اپنے کام میں لگے رہے اُن میں بھی کلچر نے بہت اُنتی کی۔ ہمیں اِس کا ابھیمان ہے۔ ہمارے دشمن اِسے پسند کریں یا نہ کریں سوویت یونین زندہ ہے اور کیول زندہ ہی نہیں ہے، بڑھ رہی ہے اور اُنتی کر رہی ہے۔ ہمارا کاربار اور ہماری مالی حالت بہت مضبوط ہے، کلچر بڑھ رہی ہے۔ لوگوں کی خوشحالی بھی بڑھتی چلی جا رہی ہے۔

یہ سب ایسی حالت میں ہو رہا ہے جب کہ اِس طرح کی شکتیاں موجود ہیں جنہیں ہم سے دشمنی ہے، جنہوں نے ابھی تک ہمارے دیش کا گلا گھونٹ کر اُسے ختم کردینے کا وچار چھوڑا نہیں ہے۔ ہمیں مجبور ہو کر اپنے دیش کی رکشا کے لئے اپنی بہت سی شکتی اور اپنا بہت سا دھن سامان خرچ کرنا پڑ رہا ہے۔ جتنا دھن اور سامان ہم ہتھیاروں پر خرچ کر رہے ہیں اُس سب کو اگر ہم شانتی کے کاموں میں لگا سکتے تو ہمارے دیش کے لوگوں کی خوشحالی اِس سے بھی کہیں ادھک بڑھ جاتی، جس کا اندازہ کر سکنا بھی کٹھن ہے۔

ہمارے دشمن اِس بات کو سمجھتے ہیں۔ یہی کارن ہے کہ کچھ ودیشی راج نیتکیہ اب ہتھیار بندی کی سچی

बात करने से डरते हैं. वह देशों के बीच के तनाव को मिटाना नहीं चाहते. उन्हें डर है कि रूस का जो धन और जो शक्ति इस समय फ़ौजी रक्षा के कामों में खर्च हो रही है उसे फिर हम बचा कर देश की शान्तिमय रचना के कामों में लगा सकेंगे.

बावजूद इस सबके हमें पूरा विश्वास है कि आजकल की हालतों में भी पूँजीपति व्यवस्था (कैपिटेलिस्ट सिस्टम) और समाजवादी व्यवस्था (सोशलिस्ट सिस्टम) दोनों अगर शान्ति के साथ जियें और दूसरों को जीने दें और मिलकर चलें तो आखीर में हम जीतेंगे. समाजवाद जीतेगा.

एक बार क्रेमलिन (मास्को) के एक जलसे में मैंने यही बात साफ़ साफ़ कह दी. इस पर पूँजीपति देशों के अखबार वालों ने दुनिया भर में यह ऐलान कर दिया कि ख्रुश्चेव ने सारा भेद खोल दिया और बालशेविकों ने अपनी राजकाजी योजनाओं को छोड़ा नहीं है. नहीं, मैंने कोई भेद नहीं खोला था और न मैंने कोई भूल की थी. मैंने वही बात कही थी जो हम मानते हैं. अपना राजकाजी काम हमने न कभी छोड़ा था और न हम कभी छोड़ेंगे. यह वह रास्ता है जो महान लैनिन ने हमें दिखाया है. अपना राजकाजी प्रोग्राम हमने कभी नहीं छोड़ा, और न हम छोड़ेंगे.

